


سوانح عمری

حاجی مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سی۔ ایم۔ جی

مصنفہ

عالیجناب شمس العلماء خان بہادر مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب رئیس دہلی و
سابق پروفیسر میور سنٹرل کالج و فیلو الہ آباد یونیورسٹی دام برکاتہ

باہتمام سید محمد طاہر رضا



سنہ ۱۳۲۷ھ م سنہ ۱۹۰۹ء

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188068
UNIVERSAL
LIBRARY

۹۱۵

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

سوانح عمری

حاجی مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سی۔ ایم۔ جی

مصنفہ

عالیجناب شمس العلما، خان بہادر مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب رئیس دہلی و

سابق پروفیسر میور سنٹرل کالج و فیلو الہ آباد یونیورسٹی دام برکاتہ

باہتمام سید محمد طاہر رضا

مطبع نور الانوار الہ آباد در زمین پیشکدہ ھوتی

سنہ ۱۳۲۷ھ مطابق سنہ ۱۹۰۹ء

فہرست مضامین حصہ اول

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	شجرہ۔	۰
۲	دیباچہ	۱
	باب اول	
۳	خاندانی حالات	۳
	باب دوم	
۴	ولادت۔ طفولیت۔ تربیت اولیہ	۱۶
	علوم طبعی و سوانح تصنیفات	
	باب سوم	
۵	انسانی ہمدردی و سلوک۔	۲۸
	باب چہارم	
۶	ملازمت و وکالت اور سرکار	۳۳
	عین رسوخ۔	
	باب پنجم	
۷	قومی تنظیم اور رفاہ عام کے کام	۵۶
	تجویز اور صلح کل مسلک۔	
	باب ششم	
۸	دلبستگی ریاستوں کی قدردانی	۷۰
	باب ہفتم	
۹	سیاحت یورپ	۸۶
	باب ہشتم	
۱۰	سیاحت مصر	۱۳۹
	باب نہم	
۱۱	واقعات زمانہ قیام شملہ و دہلی	۱۷۱
	باب دہم	
۱۲	حج و زیارات	۱۸۵
	باب یازدہم	

نمبر	مضمون	صفحہ
۱۳	ذاتی خصوصیات تعلیم اولاد	۲۰۳
	باب دوازدہم	
۱۴	استعداد فقہی وقانونی	۲۱۳
	باب سیزدہم	
۱۵	مختلف واقعات۔	۲۲۶
	باب چہاردہم	
۱۶	انجام بخیر۔	۲۳۵



HAJI MOULVI MOHAMMED SAMEE-ULLAH,
KHAN BAHADUR, C.M.G.

شجرہ

۱ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہ

۲ حضرت محمد حنیفہؒ

۳ حضرت عبدالمنان

۴ حضرت بطل غازیؒ

۵ عبدالفتاح غازیؒ

۶ حضرت ملک آصف غازی

۷ ملک احمد شاہ غازی

۸ شاہ عمر غازی

۹ شاہ ابراہیم غازی

۱۰ شاہ خلیل غازیؒ

۱۱ شاہ عبدالمنان ثانی غازی

۱۲ محمد شاہ غازی

۱۳ شاہ یعقوب غازی

۱۴ شاہ اسحٰق غازی

۱۵ شاہ طیب غازی

۱۶ محمد اسمٰعیل خان

۱۷ محمد فضل خان غازی

۱۸ محمد جان خان

۱۹ محمد امین خان

۲۰ محمد احسان خان غازیؒ

۲۱ محمد عبداللہ خان

۲۲ حاجی محمد عمر خان

۲۳ محمد رحمٰن خان

۲۴ حاجی محمد رحیم خان

۲۵ محمد عبداللہ خان

۲۶ محمد عابداللہ خان

۲۷ محمد رحمٰن خان ثانی

۲۸ محمد رحمت خان

۲۹ محمد حامد خان

۳۰ محمد امان خان

۳۱ محمد جان خان ثانی

۳۲ محمد احمد خان عرف حاجی شیخ احمد

۳۳ محمد عزیز اللہ خان عرف میاں محمد خان

۳۴ حاجی محمد سمیع اللہ خان سی ایم جی

۳۵ محمد حمید اللہ خان افضل العلماء نواب سر بلند جنگ

۳۵ محمد مجید اللہ خان بیرسٹر ایٹ لا



یہہ ہمارا ضروری فرض ہی کہ حاجی مولوی محمد اسمٰعیل خان صاحب ایم۔ جی مرحوم کی
گران بہا سوانح عمری کو آئینہ بناکے اُن کامونکو دکھائین جنکی زمانہ حال مین مسلمانونکو
اپنی ترقی۔ بہبودی۔ آسودگی و تونگری و آسایش و آرام کیلیے اشد ضرورت ہی۔ مولوی صاحب کا
مسلمانون پر یہہ بڑا احسان ہی کہ اپنی بزرگ زندگی مین اُنھون نے اُن نیک کامونکو
کرکے دکھایا ہی کہ جنکی پیروی کرنیسے مسلمانون کا دنیا اور عقبی مین بھلا ہوگا۔ کل ہندوستان مین
ایک مسلمان بھی نہین کہ جسکے نام کے اول مولوی اور حاجی اور آخر مین سی۔ ایم
جی لکھا جاتا ہو۔ حاجی اور مولوی کو تو سب مسلمان سمجھتے ہین کہ وہ کس شخص کے
نام کے ساتھ منسوب کیے جاتے ہین۔ مگر سی۔ ایم۔ جی کو شائد لوگ کم سمجھتے ہین کہ یہہ
حاجی کا ہم قافیہ کیا معنی رکھتا ہی۔ اسکا حال یہہ ہے کہ وہ ممالک یورپ مین اعلی درجہ

خطاب ہے جو بادشاہ کی طرف سے اُن کارپردازان سلطنت کو
دیا جاتا ہے جو اپنی مملکت سے باہر کسی ملک مین جاکر بادشاہ اور اپنے ملک کی بزرگ
خدمات بجالاتے ہین۔ سرکار نے مولوی صاحب کو مصر کی پولیٹکل خدمات کے
صلہ مین یہہ خطاب مرحمت کیا تھا۔ پس جو شخص فقط ان خطابات پر نظر کریگا وہ سمجھ
لیگا کہ آپکی ذات نیک صفات مین دین و دنیا کی دونو خوبیان جمع تھین۔ وہ
دین کے راہ سے بھی بڑے بڑے کام قرآن اور حدیث کو اپنے پیش نظر
رکھکر کرسکتے تھے۔ اور دنیا (پولیٹکل) کے اداکرنیمین احکام خدا کی پوری اطاعت و نیز قوم
کے فائدہ کا لحاظ رکھتے تھے کہ وہ اپنے قدیمی مذہب مین بدعتین ایجاد کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب اوّل

خاندانی حالات

آپ کے خاندان کا جو نسب نامہ اس کتاب کیساتھ منسلک ہی اُس سے ظاہر ہوتا ہی کہ آپکا سلسلہ نسب حضرت علی کرم اللہ وجہ خلیفہ چہارم سے چونتیسوین پشت مین ہی۔ آپکے ایک مورث حضرت بطل غازی رحمۃ اللہ علیہ دوسری صدی ہجری مطابق نوین صدی عیسوی مین مسلمان علما اور دونکے ساتھ حق سبحانہ تعالیٰ کے فرمان قُلْ سِیْرُوْا فِی الْاَرْضِ کی متابعت مین سرزمین عرب کو چھوڑکر ہندوستان تشریف لائے اور شہر ملتان مین سکونت پذیر ہوے تھے۔

آپکا عربی نام و نسب

(نوٹ۔ سید جلال الدین مرخ بخاری رحمۃ اللہ علیہ حضرت شیخ بہاء الدین ذکریا ملتانی رح کے

سید جلال الدین بخاری رح سے تعلق خاندانی

خلفائے کرام سے ایک جلیل القدر خلیفہ تھے آپکا نسب نامۂ مبارک نوین پشت مین حضرت امام محمد نقی علیہ السلام سے ملتا ہی حضرت موصوف پہلے پہل بخارا سے بھکر تشریف لائے پھر وہان سے ملتان کو رونق بخشی۔ یہان شیخ بہاء الدین ذکریا کی خدمت مین باریاب ہوئے اور عرصۂ دراز تک اُنکی خدمت مین رہ کے فیوض ظاہری و باطنی سے بہرہ مند و مالا مال ہوئے۔ حضرت شیخ سے خرقۂ خلافت پایا اور اُن ہی کے ارشاد و ایما سے اوچ کی بود و باش اختیار کی۔

حضرت سید جلال الدین بخاری کے پانچ فرزند تھے پہلے سید علی۔ دوسرے سید جعفر بادشاہ بخارا کے نواسے۔ ان دونومین سے سید جعفر نے بخارا کی سکونت پسند کی اور بخارا جاکے نازیست پھر کبھی ہندوستان نہین پلٹے تیسرے سید احمد کبیر بی بی فاطمہ بنت سید بدرالدین بھکری کے بطن مبارک سے تھے چوتھے سید صدرالدین پانچوین سید بہاء الدین جو محمد معصوم کے لقب سے مشہور تھے۔

جب سید جلال الدین رح نے بخارا سے سیر و سیاحت کیلیے سفر اختیار کیا تو سب سے پہلے نجف اشرف مین حاضر ہوئے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مزار پُر انوار کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ اسکے بعد مدینۂ منورہ مین حاضر ہوکے حضرت سرور کائنات علیہ الثنا و التحیات کے روضۂ اقدس کی عتبہ بوسی کا شرف حاصل کیا پھر وہان سے مکۂ معظمہ (زادہا اللہ تشرفا و تعظیما) گئے اور فریضۂ حج ادا کیا۔ ان جہات کے حصول سے فارغ ہوکر دنیا کے اور اور مقامات کی سیر و سیاحت مین مشغول ہوئے

اور جب سیر و سیاحت سے فرصت اور سیری ہوئی تو پھر ملتان آئے۔ اثنار سفر مین ہزارہا مخلوق کی ہدایت و رہنمائی کی اور اُسے راہ راست دکھائی۔

حضرت کی ولادت باسعادت ۵۹۵ھ مین ہوئی اور ۶۹۰ھ مین وفات پائی۔ آپکا سن شریف پچانوے سال کا تھا۔ تاریخ ولادت "آفتاب جلال والاجاہ" اور تاریخ وفات "آفتاب اہل یقین" ہے۔ بمقام اوچ آپ نے انتقال فرمایا اور وہین آپکا مزار پُر انوار بنا۔)

جب حضرت ممدوح نے ملتان کا سفر کیا تو خاندان علوی کے بزرگ حضرت شاہ طیب غازی نے جو آپکے ہم جد تھے باہمی اتحاد و ارتباط و ارادتمندی کو ترقی دی۔

حاجی شیخ احمد کا استغنا اور علم و فضل۔

یون تو یہہ کل خاندان زہد و ورع اور تقوی مین درجۂ خاص رکھتا تھا اور ارد گرد کے مقامات کے باشندونکو اس تمام خاندان سے عقیدت و ارادتمندی حاصل تھی لیکن بارہوین صدی ہجری مین اس خاندان کے ایک رکن رکین شیخ احمد صاحب علوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے تمام خاندان کے لوگون مین اپنے علم و فضل کی وجہ سے ممتاز تھے۔ آپکی طبیعت مین استغنا اس درجہ تھا کہ دنیا کے مال و متاع کی کبھی آپکو پروانہ ہوتی تھی۔ چنانچہ حج بیت اللہ کو چلتے وقت آپنے اپنی تمام ملک و املاک اور اثاث البیت اپنے خاندان کے دوسرے اراکین کو دے ڈالا۔

حاجی شیخ احمد کی دہلی مین سکونت

جب دولت حج سے متمتع ہو کر آپ تخمیناً ۱۱۸۳ھ ۱۷۶۹ء مین واپس تشریف لائے اور سفر وطن کی منزلونمین آپکی ایک منزل دہلی مین ہوئی تو اسوقت

شاہ عالم دہلی کے تخت پر جلوس فرماتے اور مولانا فخرالدین رحمۃ اللہ علیہ شیخ الاسلام کے منصب پر سرفراز تھے۔ آپکے علم و فضل اور زہد و تقوے کے باعث مولانا فخرالدین نے شاہ عالم کے ایما سے آپکو دہلی مین ٹھیرالیا اور آپنے بھی خدائے عزوجل کے فرمان اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کی تعمیل کے خیال سے بادشاہ وقت کے کہنے کو نہین ٹالا۔

شیخ احمد صاحب کو جاگیرات کا ملنا

شاہ عالم نے اضلاع رہتک اور میرٹھ مین گزراوقات کے لیے معقول محاصل کی اُنھین جاگیرین عطا کین۔

شیخ احمد صاحب کے بعض معاصر

دہلی کو صرف مملکت ہند کے پایہ تخت ہونے ہی کی عزت نہین حاصل تھی بلکہ وہ دنیا مین مسلمانون کا دارالعلم بھی مشہور تھا اور اسلامی علم و فضل کے مرکز بننے کا بھی اُسے فخر حاصل تھا۔ صدہا بزرگ دہلی کی خاک پاک سے یکے بعد دیگرے اُٹھے تھے جنمین سے بعض بزرگان دین مثل شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ مولانا فخرالدین صاحب اور شاہ عبدالعزیز صاحب حضرت خواجہ میر درد حضرت مظہر جان جانان۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی۔ حضرت شاہ غلام علی صاحب خلیفہ مظہر جان جانان رحمۃ اللہ علیہ۔ حاجی شیخ احمد صاحب علوی کے ہمعصر تھے۔

وعظ اور اُنکا اثر

چونکہ حاجی صاحب ایک جید عالم تھے اور حدیث و تفسیر پر آپ کو عبور حاصل تھا اسلیے مدرسۂ ارادت مندخان اور نیز دوسرے موزون و مناسب مقامات پر آپ وعظ فرمایا کرتے تھے۔ وعظ مین ہزارہا سامعین ذوق و شوق و ارادتمندی سے

شریک ہوتے تھے۔ زبان مین اللہ تعالیٰ نے ایسی تاثیر عطا فرمائی تھی کہ پند و نصیحت کی باتین سُنکر کفار دائرۂ اسلام مین داخل ہوئے بغیر نہین رہتے تھے۔

دہلی مین اس خاندان کے قیام کی ابتدا

چونکہ حاجی صاحب حضرت علی کرم اللہ وجہ خلیفۂ چہارم کی اولاد مین سے تھے اور زہد و تقوی اس پایہ کا تھا کہ اُنھون نے نقاب پوشی اختیار کرلی تھی جس کے اسرار سے اہل تصوف ہی خوب واقف ہین۔ اسلیے دہلی کے شریف اور نجیب خاندانون نے آپ سے رشتے ناتے بڑے فخر کے ساتھ کیے۔ چنانچہ قاضی القضاۃ دہلی کے خاندان مین خواجہ نعمت اللہ خان کی صاحبزادی سے آپکا عقد ہوا۔ جس سے دہلی مین آپ کے خاندان کے قائم ہونیکی بنیاد پڑی۔

آپ کا انتقال بمقام دہلی ہوا۔ آپکا اور آپکی اہلیہ کا مزار قدم شریف کے قریب حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے جوار مین ہی۔ اسوقت تک یعنی ۱۹۰۹ء مین جو مسجد درگاہ مین موجود ہی اُسکی مغربی دیوار سے تخمیناً ۱۰ گز کے فاصلہ پر آپ کا مزار ہی جسپر آپکے نام کا کتبہ لگا ہوا ہی۔ درگاہ کی جیسی خراب و خستہ حالت اسوقت ہے ایسی اُسوقت نہ تھی بلکہ اُس زمانہ مین قدم شریف اور خانقاہ کا درمیانی حصہ فقرا اور درویشونکے حجرون سے معمور تھا۔

اس خاندان کی وقعت اور اُسکا رسوخ

یہہ خاندان صرف سلطنت مغلیہ ہی کے دور مین ذی وقعت و مرتبت اور رسوخ یافتہ نہین رہا ہے بلکہ انگریزی عملداری ہونے پر بھی اس خاندان کی وہی عظمت و عزت قائم رہی۔ اور وہی رسوخ و اثر بحال رہا۔

حاجی صاحب کی اولاد کا سرکار انگریزی کی خدمات پر پہنچنا۔

گورنمنٹ انگریزی کے تسلط کے بعد حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تین فرزندون مین سے ایک فرزند مولوی برکت اللہ خانصاحب جن کا ۲۲ ربیع الاول ۱۲۵۳ھ کو انتقال ہوا ریواڑی مین صدر امین تھی۔ دوسرے مفتی خلیل اللہ خانصاحب جن کا یکم جمادی الاول ۱۲۵۳ھ کو انتقال ہوا دہلی مین مفتی تھے اور تیسرے صاحبزادے حافظ منشی محمد عزیز اللہ خانصاحب جو مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب کے والد بزرگوار تھے ممالک محفوظہ کی نامور پولیٹکل ایجنٹ جنرل اختر لونی Genl. Achterlony اور کپتان جارج برچ Capt. George Burch کے ہندوستانی نائب تھی جو اُس زمانہ مین میر منشی کہے جاتے تھے اور اسی وجہ سے منشی مشہور ہو گئے۔ آپ عرصہ تک ریاست ناہن مین پولیٹکل ایجنٹ بھی رہے۔ آپ نے اپنی مفوضہ خدمتونکو جس بے لوثی کے ساتھ انجام دیا اُسکا اظہار ذیل کی تحریر سے ہوتا ہی جو راجگان متعلقہ کی وکلاء اور دیگر وابستگان نے بطور وثیقہ لکھکر دی تھی۔

صداقت نامہ

مایانکہ تمامی وکلاء سرکار ہر چہار راجہ و دیگر برادران صغار و کبار علاقہ ملک محفوظہ حاضر کچہری کرنال ایم۔

چون از روزیکہ خانصاحب منشی محمد عزیز اللہ خانصاحب مملو بعنایت بندگان حضور خداوند نعمت جارج برچ بہادر دام اقبالہ سرفراز و مامور کار پردازی ملک محفوظہ گردیدہ نہایت نہضت فرمائی حضور ممدوح بولایت خاص خود از وضیع و شریف مایان ہر گونہ بے لوث طمع و رشوت و نذرانہ وغیرہ بودہ طریقہ حسن اخلاق و حفظ مراتب ہر یک از مایان

علی قدر منزلت سرکار موکلانم بکمال کشادہ پیشانی و مہربانی مرعی و مبذول داشتہ ازیں
مشکور داشتند و نیز لغایت عرصہ اجلاس معدلت اساس حضور ممدوح غیر از امر
یک روپیہ مذرانہ رسم ضیافت روز اول کہ بوقت ورود ڈیرہ در مساکن و اماکن خاص
ہر کدام راجہ و برادران اکابر علی قدر حال استعداد خود باکہ معمول قدیم بودہ است باجازت
آقائے نامدار خویش لغایت آخر ۱۸۲۰ء کہ موقوفی و ممانعت قطعی این امر نہ بودہ است
ملوث و منتفع نگردیدہ اند۔ و از روزیکہ من ابتدائے ۱۸۲۱ء احکام انسداد ممانعت این امر
یک روپیہ مذر رسم و ضیافت مرجات مرقوم الصدر بمقام ورود شہر دہلی ایراد یافتہ
بنا بر قطعاً باخذ آنہم × × × احتیاط دست کش و مختر زگر دیدہ اند از آنجا کہ ہر یک از ایشان
نسبت دیگری بنظر تہذیب و اخلاق منشی صاحب ممدوح زیادہ از حد شاکر و رضامند است
لہذا از خود بے تکلیف درخواست منشی صاحب معظم الیہ قطعہ قرطاس ہذا جہت تطہیر و
تنویر بہر اوقات حال و استقبال شان از قبیلہ تحریر مہر عقاید خود ہا نوشتہ دادیم کہ پیش
صاحبان عادل منصف بلا حجت سند موثق باشد۔

مرقوم تاریخ ہشتم ذی حجہ ۱۲۳۶ھ مطابق ششم ماہ ستمبر ۱۸۲۱ء

نلونت سنگہ وکیل سرکار پٹیالہ غلام حسن الزمان وکیل سرکار نابہ مہر وکیل سرکار جیند
ملک شیر خان ولد زبردست خان وکیل سرکار کیتھل امام بخش وکیل سرکار دیگر مہر
بدستخط خاص سردیال وکیل احمد علیخانصاحب کوٹلہ والہ مکاکیوان تھانیسر وکیل مذکور
جنرل اختر لونی کو حافظ منشی محمد عزیز اللہ خانصاحب پر بیحد اعتبار تھا اور انھین بہت

عزیز رکھتے اور اُنکی بڑی قدر کرتے تھے - ذیل مین وہ چٹھیان درج کی جاتی ہین جو جنرل
اخترلونی نے گورنر جنرل وقت کو آپکی تعریف مین لکھی تھین - اور اُنکے جواب مین
جو چٹھی گورنر جنرل کے سکریٹری نے بھیجی تھی اور بہت سے کاغذات اور صداقت نامے
تھے جو غدر ۱۸۵۷ء مین تلف ہو گئے -

Extract of a letter from General David Ochterlony Bt. K C B to Mr. J. Adam, Acting Secretary to Government. Dated the 25th January 1817.

I can not however transmit these letters and proceedings without soliciting the permission of his Lordship, to bestow on Ezeezoollah Khan some trifling present as a mark of the approbation to which I hope he will be thought entitled by the discovery and disclosure of the intention at concealment of so large a portion

of the revenues and by his prudence in calming the commotion which the folly of the Rani was calculated to excite.

ترجمہ چٹھی جنرل اختر لونی بہادر کے سی: بی موسومہ مسٹر آڈم قائم مقام سکرٹری گورنمنٹ مورخہ ۲۵ جنوری ۱۸۱۷ء

"مین یہہ مراسلات اور کارروائی حضور گورنر جنرل بہادر سے اس امر کی استدعا کیے بغیر پیشکش خدمت نہین کر سکتا کہ عزیز اللہ خان کو اظہار خوشنودی کی طور پر کچھ نہ کچھ انعام مرحمت فرمانیکی اجازت صادر فرمائی جائے کیونکہ اُنھون نے مالگزاریکی اُس کثیر رقم کا پتہ لگایا ہے جسکو رانی نے قصداً چھپایا تھا اور اُس شور و شر کو دبایا ہے جسکے مشتعل ہونیکا رانی کی حماقت سے اندیشہ تھا"

Extract of a letter from Mr. Adam Secretary Dated 15th February 1817.

His Lordship in Council is pleased to approve of your suggestion with regard to bestowing some presents of inconsiderable

value on Uzeez Oollah and you are accordingly authorized to exercise your own discretion in that respect reporting to me the amount of the expenses incurred which will be passed to your account.

True Extract.

(Signed) Political Agent.

ترجمہ چٹھی مسٹر آڈم سکرٹری گورنر جنرل موسومہ جنرل اختر لونی۔

مورخہ ۱۵ فبروری ۱۸۱۷ء

"حضور گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل آپکی یہہ تحریک منظور فرماتے ہین کہ عزیز اللہ خان کو کچھ نہ کچھ انعام عطا کیا جائے۔ اور اس بارہ مین آپکو اختیار عطا فرماتے ہین کہ آپ اپنی صوابدید سے کام لین۔ عطائے انعام کے متعلق جو اخراجات عائد ہون اُنسے اطلاع دی جائے تاکہ وہ آپ کے حساب مین شریک کر لئے جائین"

علاوہ اسکے ۱۸۲۳ء مین بھی آپکی سفارش عمدہ الفاظ مین کی گئی تھی جیسا کہ مندرجہ ذیل چٹھی سے ظاہر ہوگا۔

ترجمہ چٹھی مسٹر ولیم + + جھلم پنجاب موسومہ مسٹر ایف۔ سی۔ اسمتھ۔ مقام میرٹھ

مورخہ ۱۳ نومبر ۱۸۲۳ء

"مجھے ایک منشی کے متعلق سفارش موصول ہوئی ہی جو سابق مین کپتان برچ پولیٹکل ایجنٹ کرنال کے یہان ملازم تھے۔ اب جبکہ مین نے یہہ سُنا کہ آپ مُرارین ہین تو یہہ دوستی کے خلاف سمجھا گیا کہ شخص مذکورۂ بالا کا ذکر آپ سے نہ کیا جائی جنکا نام عزیز اللہ خان ہی۔ اگر آپ کو ایسے شخص کی ضرورت ہی تو غالباً یہہ آپکے بہت کارآمد ہونگے کیونکہ جنکے یہہ پہلے ماتحت تھے اُنسے اِنھون نے غیر معمولی تعریفی سند حاصل کی ہی۔ علاوہ براین اُنکی سفارش مجھسے ایک ایسے شخص نے کی ہی جنکی رائے پر مجھکو بہت وثوق اور اعتماد ہی"

ریاست الور مین قیام

حافظ صاحب کو بیکاری پسند نہ تھی بعد ختم ملازمت سرکاری تھوڑی دنون تک غالباً ۱۸۴۵ء کی قریب زمانہ مین راجہ صاحب الور کے خاص مشیرون مین بھی شریک رہی اور تقریباً ۱۸۴۹ء مین وہ الور سے بھی چلے آئے۔ بوجہ منشی صاحب کے پولیٹکل تجربہ کے اس زمانہ مین سرکار انگلیشیہ اور ریاست الور کے تعلقات نہایت اچھے رہے۔ اس عرصہ مین اکثر عہدہ دارانِ ریاست کے حسابات جانچے گئے تھے تو اُنمین غلطیان پائی گئین اور ریاست نے سب سے رقم بطور ڈنڈ یا جرمانہ وصول کی تھی لیکن منشی صاحب کے متعلق جتنے کارخانے تھے اُنکے حسابات نہایت صحیح پائے گئے اور اُنکو بہت عزت کے ساتھ ہر مطالبے سے ریاست نے مستثنی کیا۔

عزیز اللہ خانصاحب کا انتقال۔

حافظ صاحب کا انتقال ۱۸ ربیع الثانی ۱۲۷۰ھ م ۸ جنوری ۱۸۵۴ء کو دہلی مین ہوا جہان اُنھون نے اپنی اخیر عمر عبادت الہی و تلاوت قرآن شریف مین بسر کی۔ چنانچہ مجھے اپنے بچپن کی زمانہ کا خیال ہی کہ اُنکو قرآن شریف کا اسقدر شوق تھا کہ اُنھون نے اپنے قدیم داروغہ کریم بخش کے لڑکے کو خود قرآن شریف حفظ کروایا تھا اور جب اُنکی نصیحت پر عمل کرکے میرے دوست سمیع اللہ خان نے تھوڑیسے عرصہ مین چند پارے قرآن شریف کے یاد کرلیے تو منشی صاحب بے حد خوش ہوے تھے کہ وہ بآسانی حافظ ہوجائینگے۔

عزیز اللہ خان صاحب کا مزار

منشی صاحب کا مزار دہلی دروازہ کے باہر مہندیون مین شاہ عبدالعزیز صاحب شکر بار کے مزار کے قریب ہی جہان سے تھوڑے ہی فاصلہ پر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب اور حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی کے مزارات ہین۔

دہلی مین آپ کا مکان۔

دہلی مین آپ کا مکان اُس محلہ مین تھا جہان اب قلعۂ معلی کے سامنے پریڈ کا میدان ہے حضرت شاہ کلیم اللہ جہان آبادی کا مزار بھی وہین ایک گچ اور چونہ کے چبوترہ پر ہے جس پر نہ چھت ہی اور نہ سائبان۔ صرف لکڑی کا ایک سبز کٹہرا اُس مزار کو محیط ہی۔ اس چبوترہ کا عرض شرقاً وغرباً ۱۳ قدم اور طول شمالاً وجنوباً ۲۲ قدم ہے۔ بالین مزار یہہ قطعہ کندہ ہی۔

فضل و کمال خویش بود — مرہم قلب ریش بود
سال وصالش بگفتہ ہاتف — قطب زمانہ خویش بود

چونکہ اُس مکان کی تعمیر بزرگونکی توجہ سے ہوئی تھی اُسکے استحکام کی یہہ حالت تھی کہ زمانۂ غدر مین بہت سے مکانات توپونکے گولونکی زد سے مسمار ہوگئے لیکن یہہ اپنی حالت پر قائم رہا جس جگہہ گولہ پڑتا تھا دھنس کے رہ جاتا تھا اور عمارت کو نہین گراتا تھا۔

غدر فرو ہونیکے بعد خاندان کے لوگونکو اُس مکان مین رہنے کی اجازت بذریعہ چٹھی ذیل دی گئی تھی لیکن ۱۸۵۸ء مین پریڈ کیلیے میدان نکالنے کی غرض سے اس موقع کے تمام مکان منہدم کردیے گئے اور اُس مکان کے منہدم ہونے پر جو بڑی حویلی کے نام سے مشہور تھا اُنکے خاندان کے لوگ دہلی دروازہ کیطرف اپنے دوسرے مکانات مین منتقل ہوآئے۔

اجازتی چٹھی

نمبر ۴۰۴ نقل چٹھی اجازتی کاغذ قیمتی ۸ر

شجاعت نشان کوتوال شہر دہلی کے لبا فیت رہو۔

عرضی محمد علیم اللہ خان برادر عمزاد نواب امین اللہ کی بدرخواست اجازت آباد ہونے متعلقان مفصلۂ ذیل ذات اپنی کے مکان شہر مین اور عطا ہونے ٹکٹ نو آبادی کے ملاحظہ ہوئی۔ اسلیے تمکو لکھا جاتا ہے کہ سائل کو اپنے مکان مین مع مردم مصرحۂ ذیل کے آباد ہونے دو۔

مرد	زن	اطفال	کل
۵	۱۰	۵	۲۰

باب دوم

ولادت ۔ طفولیت ۔ تربیت اور عام تعلیم وشوق تصنیفات

منشی حافظ محمد عزیز اللہ خانصاحب کے دو بیٹے تھے بڑے محمد علیم اللہ خان عرف میان احمد جان اور دوسرے محمد سمیع اللہ خان عرف میان محمود جان جو ۱۸۳۴ء مین پیدا ہوئے تھے اُنکا تاریخی نام آغا مرزا (۱۲۵۰ھ) نکلا تھا۔ منشی صاحب کو اپنے بیٹونکی دماغی اور جسمانی تعلیم کا خیال ایسا تھا کہ اُس زمانہ کے شرفا کو کمتر ہوتا تھا اُنکی یہہ دلی تمنا تھی کہ میرے لڑکونکی تعلیم ایسی ہو کہ نیک ۔ عاقل ۔ عالم ہون اور اسکے ساتھ ہی توانا و تنومند و شہسوار بھی ہون۔

طباعی و ذہانت

چھوٹے بیٹے محمود جان اوائل عمر سے ایسے طباع ۔ ذکی اور ذہین تھے کہ اُنکی تعلیم مین منشی صاحب حسب تمنائے دلی کامیاب ہوے۔

تعلیم قرآن شریف

دستور کے موافق بسم اللہ خوانی کے بعد اُنکے واسطے قرآن مجید پڑھانیکے لیے استاد نوکر رکھا گیا ۔ چونکہ اُن مین ایسی خداداد ذہانت تھی کہ دوسرون مین کمتر ہوا کرتی ہے اُنھون نے آٹھ نو برس کی عمر مین سارا قرآن شریف ناظرہ پڑھ لیا آواز اچھی تھی قرآن خوب یاد تھا اسلیے وہ قرآن شریف کو نہایت خوش الحانی سے پڑھتے تھے۔

فارسی و خطاطی کی تعلیم

جب قرآن ختم ہو چکا تو مولوی محمد حسین صاحب فارسی کی تعلیم کیلیے مقرر ہوئے۔

خوشخطی کی مشق

خط کی اصلاح جب تک تختی پر لکھتے رہے اپنے عمزاد بھائی عظیم اللہ خان سے لیتے تھے جب وصلی پر لکھنے لگے تو میان امیر پنجہ کش خوشنویس دہلی سے جو ہندوستان مین بے مثل خوشنویس تھے لینی شروع کی۔ ہاتھ مین خوشنویسی کی صلاحیت تھی تھوڑے دنون مین خوشخط ہو گئے اور اپنے ہم عمرون سے خوشنویسی مین سبقت لے گئے۔

عربی تعلیم

جب فارسی زبان مین اچھی طرح عبارت وخط کا لکھنا پڑھنا آگیا تو عربی موافق سلسلۂ نظامیہ کے پڑھنی شروع کی۔ لائق مولوی کو نوکر رکھ کر ابتدائی صرف ونحو کی کتابین بہت جلد ختم کر دین۔

مولوی سید محمد اور مولوی مملوک علی سے تلمذ۔

عربی پڑھانے کیلیے ذی استعداد معلم ایسے کم ملتے تھے جو معلمی کی نوکری کرین اسلیے اُنھون نے مولوی سید محمد صاحب مدرس دوم اور مولوی مملوک علی صاحب مدرس اول عربی دہلی کالج سے اُنکے مکانون پر جاکر پڑھنا شروع کیا جو اُنکے مکان سے فاصلہ پر تھے۔ دہلی کالج مین گرمیونکے موسم مین درس کا وقت صبح کے چھ بجے سے گیارہ بجے تک ہوتا تھا اسلیے وہ اسوقت مین تو اُن مولویون سے پڑھ نہین سکتے تھے دوپہر کے بعد اُنکے پڑھنے کا وقت ایک یا دو بجے ہوتا تھا۔

علمی شوق

شوق کا یہہ عالم تھا کہ وہ گرمی کے موسم مین باوجود گھر پر سواری ہونے کے پڑھنے کیلیے اکثر پیدل جاتے تھے۔ مولوی سید محمد صاحب سے اُنھون نے کافیہ

اور شرح ملّا اور مختصر معانی کا درس لیا۔ اور مولوی مملوک علی صاحب سے منطق فقہ اور اصول فقہ کی کتابین پڑھین۔

مفتی محمد صدرالدین خان سے تلمذ

جب ان متوسط کتابونکی تحصیل سے فراغت ہوئی تو معقول کی انتہائی کتابین مفتی محمد صدرالدین خانصاحب صدرالصدور دہلی سے پڑھین۔ اسطرح سلسلۂ نظامیہ کی کتابون کی تحصیل سے فراغت حاصل کی۔

عادت مطالعہ

کبھی رات کے مطالعہ کے بغیر اُستاد سے سبق نہین پڑھا۔ مطالعہ ایسا زبردست تھا کہ اسکے بعد استاد سے کچھ تھوڑی سی باتین سبق پڑھنے کے وقت پوچھنی پڑتی تھین کبھی کبھی وہ ایسی باریک باتین اُستادون سے پوچھ بیٹھتے تھے کہ اُستاد دنگ ہوجاتے تھے۔

آپکی شاگردی پر استادونکو فخر

آپکی شاگردی پر سب استادونکو خاصکر مفتی صدرالدین خانصاحب کو فخر تھا جو کل ہندوستان مین ایک بے مثل عالم متبحر تھے۔ وہ یہہ کہا کرتے تھے کہ میرے بعد میرا جانشین میرا یہہ شاگرد ہوگا۔

حصول علم کی ایک نادر مثال

غرض سارے شہر مین صرف اِن ہی کی ایک مثال تھی کہ کوئی دہلی کا آسودہ حال شریف زادہ تحصیل علم مین ایسی شوق سے محنت کرے جیسی کہ غریب پردیسی طلبہ دہلی مین لیا کرتے تھے۔

علم و فضل کی شہرت

اُنکی علم و فضل کی شہرت سترہ اٹھارہ ہی برس کے سن مین دور دور ہوگئی متوسط درجہ کی کتابین پڑھنے کے لیے اُنکے پاس طلبہ آنے لگے جنکو وہ بڑے

شوق سے پڑھاتے تھے۔

عمدہ طرز تعلیم

اُنکی طرز تعلیم ایسی اعلیٰ درجہ کی تھی جس سے یہہ ثابت ہوتا تھا کہ کسی عربی کی ٹریننگ کالج مین اُنھون نے وہ سیکھی ہے۔ اُنکا کوئی ہم عمر طالب علم شہر بھر مین ایسا نہ تھا کہ اُنکی ہمسری و برابری کرتا۔

موزونی طبع

اُنکی طبیعت بھی بہت موزون تھی۔ کبھی کبھی شعر کہہ لیا کرتے تھے مگر اسطرف زیادہ توجہ نہین کی۔

جسمانی تعلیم

وہ جب اپنے والد ماجد کے ساتھ الور چلے گئے تھے تو وہان اُنھون نے ایک عمدہ چابک سوار کو نوکر رکھ کے گھوڑے کی سواری سیکھی اور تھوڑے عرصہ مین شہسوار ہو گئے تھے۔ شریر سے شریر گھوڑے پر وہ سوار ہو سکتے تھے گھوڑے کی پیٹھ پر اُن کی پٹری خوب جمتی تھی۔ چنانچہ ایک کاٹھیا واری سبزہ گھوڑا ایسا شریر ہو گیا تھا کہ کسی کو اپنے اوپر سوار نہین ہونے دیتا تھا مگر یہہ اُسپر بلا خوف سوار ہوتے تھے اور جسطرح چاہتے تھے چلاتے تھے۔

جسمانی ورزشونکو یعنی ڈنڈ مگدر وغیرہ کو اُنھون نے اپنے گھر مین سیکھا تھا۔ طرح طرح سے مگدر ہلاتے تھے۔ ایک دفعہ نال اُٹھانے مین پانون کے انگوٹھے مین ایسی چوٹ آئی تھی کہ مدت مین اچھی ہوئی۔ حُسن صورت تو خداداد تھا۔ ورزشون نے اُسکو اور بھی چمکا دیا تھا۔ لیکن اُنھون نے کبھی کشتی نہین سیکھی۔ نہ کبھی اکھاڑے مین جاکے کسی کا شاگرد ہونا پسند کیا نہ گھر پر اکھاڑا بنایا۔

اُنکو کبھی لہو ولعب کی طرف لڑکپن مین بھی رغبت نہین ہوئی۔ وہ کوئی ایسا کھیل جو شرفا مین معیوب سمجھا جاتا ہی جیسے چڈھی۔ چڈھول۔ گیڑیان۔ کبڈی پتھر پھوڑا وغیرہ نہین کھیلے۔ البتہ شطرنج۔ چوسر گنجفہ کھیلنے کا شوق تھا۔ بلکہ شطرنج تو اُنکی ایسی بڑھی ہوئی تھی کہ شہر مین دو چار ہی شطرنج باز ایسے تھے جو اُنسے کھیل سکتے تھے۔ بٹیر۔ تلکل۔ کنکوے لڑائے مگر جانور کبھی نہین لڑائے۔ مرغبازی کبوتربازی۔ بٹیربازی وغیرہ کبھی نہین کی۔ لال۔ پدڑی بلبل وغیرہ کا مطلق شوق نہین کیا۔

میلون سے نفرت

میلون کے سیر وتماشہ کا مطلق شوق نہ تھا۔ دہلی مین جو بڑے بڑے میلے مثلاً پھول والونکی سیر۔ سترھوین۔ ہولی۔ دیوالی۔ دسہرے کے ہوتے ہین اُن مین شاذ ایک مرتبہ بھی اپنے لڑکپن مین نہین گئے۔ ہان محرم مین تعزیونکی دیکھنے کو جاتے اور عشرہ کے روز اجمیری دروازہ کے مدرسہ مین بیٹھکر تعزیون کا کربلائے شاہ مردان کو جانا دیکھتے تھے۔

غیر مشروع کاموں سے نفرت

کم عمری ہی سے اُنھین غیر مشروع کامون سے قلبی نفرت تھی ناچ رنگ کی محفلونکی بات عزیز واقربا کی شادیون مین بھی نہین شریک ہوتے تھے۔ سماع کو حرام جانتے تھے۔ مگر اخیر زمانہ مین اُسکو صوفیہ طریق سے حلال خیال کرنے لگے تھے۔

تہذیب

مولویصاحب ہمیشہ ہر اعلیٰ وادنیٰ سے نہایت شائستگی واخلاق سے ملتے تھے ترشروئی وبدمزاجی کا نام نہ تھا۔ کبھی کوئی فحش وسقیم لفظ اُنکی زبان سے نوکرون

چاکرون کی نسبت بھی نہین سُنا گیا۔

نوکرونکساتھ عمدہ برتاؤ

کبھی اپنے نوکرونکو بُرا نہین کہا نہ بلا وجہ کبھی کسی کو موقوف کیا طبیعت مین خلق اور حلم تھا۔ بہت کم کبھی کسی پر غصہ آیا ہوگا۔

جھوٹ۔ مکر و ریا سے حذر

جھوٹ بولنا وہ جانتے ہی نہ تھے کہ کیا چیز ہے۔ مکر و فریب سے دلی نفرت تھی۔ ریا کی باتون کے پاس تک نہین جاتے تھے۔

اسراف سے احتیاط

وہ کبھی روپیہ پیسہ کو فضول باتونمین خرچ کرنا پسند نہین کرتے تھے مگر واجبی اور قومی ضرورتون کے موقعون پر فراخ حوصلگی سے صرف کرنے مین دریغ بھی نہین کرتے تھے۔

حفظ اوقات

وقت کی بڑی قدر کرتے تھے تحصیل علم کا اسقدر شوق تھا کہ کسی سے ایسا ربط ضبط نہین بڑھایا کہ بے نتیجہ ملاقاتون مین وقت ضایع ہو۔

سنجیدگی

وہ کسی سے کھلی اور ہنسی کی باتین نہین کرتے تھے اُسکو بُرا جانتے تھے شوخی و مذاق کرنا نہین آتا تھا۔

روزہ و نماز کی پابندی

نماز کے ایسے پابند تھے کہ جب سے وہ فرض ہوئی تھی کبھی قضا نہین کی۔ نہ کبھی گرمی کے روزے قضا ہوئے۔

سادگی

بننے سنورنے کا مطلق شوق نہ تھا۔ سیدھا سادہ لباس پہنتے تھے اسمین کچھ تکلف نہین کرتے تھے۔

آثار ارجمندی

غرض کہ اس نوعمری مین سارے آثار ایسے نمودار تھے جنسے معلوم ہوتا تھا

کہ یہہ آگے چل کر ہندوستانکے بڑے نامور آدمیون مین سے ایک ہونگے۔

پابندی شرع

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ شیو دھیان سنگھ مہاراجہ بہادر الوری حافظ عزیز اللہ خانصاحب سے فرمایا کہ کیا وجہ ہے کہ مین آپکے بڑے فرزند کو تو سب جلسونمین دیکھتا ہون لیکن چھوٹے فرزند کو رقص وسرود کے جلسونمین نہین دیکھتا۔ آپ اُنکو بھی حکم دیجیے کہ آیا کرین۔ حافظ صاحب نے عرض کیا کہ اگرچہ وہ بچہ کم عمر ہی۔ مگر اُسے شرع شریف کی پابندی کا بہت خیال ہی۔ اسلیے حاضر نہین ہوتا۔ مہاراجہ صاحب بہادر نے فرمایا کہ آنے تو دیجیے۔ یہان کی کیفیت دیکھکر سب بھول جائیگا۔ حافظ صاحب نے بتعمیل حکم اُنکو شب کے خاص دربار مین حاضر ہونے کا حکم دیا۔ چونکہ والد کا حکم تھا اُنھون نے اُسکی تعمیل کی۔ لیکن کانون مین روئی رکھکر اوپر سے عمامہ باندھ لیا۔ اور جب ناچ شروع ہوا تو آنکھین بند کرلین۔ چند بار دیکھنے کے بعد مہاراجہ صاحب بہادر پر کچھ ایسا قدرتی اثر ہوا کہ اُنھون نے اس کم عمر بچہ کی بہت محبت کیساتھ حاضری معاف فرمادی اور ارشاد فرمایا کہ اچھا حافظ صاحب آپ اپنے اس بچہ کو جیسا اُس کا دل چاہتا ہے ویسا کرنے دیجیے۔

قانونی تعلیم

چونکہ آپ کے خاندان مین علوم مشرقیہ کے ساتھ ساتھ قانونی تعلیم کا بھی چرچا تھا اور آپ کے دو چچا عدالت کی دو بڑی خدمتون پر ممتاز تھے اور آپ کے نانا مون مغل جان صاحب دہلی کے ایک نامی گرامی وکیل تھے (جنسے آپکو اس قدر محبت تھی کہ اُنکے انتقال کے بعد آپ ہر جمعرات کو اُنکی قبر پر جاکر فاتحہ پڑھ کے خوب

رویا کرتے تھے) اسلیے آپ کے دلمین بھی قانون یاد کرنیکا خیال پیدا ہوا خیال پیدا ہونیکی دیر تھی کہ تھوڑے ہی عرصہ مین آپ نے قانون پر پورا عبور حاصل کرلیا اُسی زمانہ مین قانون یاد کرنیکے شوق مین آپ دہلی سے چند روز کے لیے بجنور چلے گئے تھے جہان سید احمد خان صاحب منصف تھے۔ قرابت تو پہلے ہی سے تھی لیکن اُسوقت سے خاصکران دونومین بہت محبت ہوگئی۔ عدالتی کتب خانے اور کاغذات کی مدد سے قلیل عرصہ مین مولوی صاحب نے ایک ایسا مجموعۂ قوانین تیار کرلیا جسکو پڑھکر نہ صرف اُنھون نے فائدہ اُٹھایا بلکہ اُنسے مجموعۂ مذکور کی نقلین لے لے کر بہت سے امیدواران امتحان کامیاب ہوتے رہے۔

امتحان وکالت و منصفی مین کامیابی

نومبر ۱۸۵۶ء مین امتحان وکالت و منصفی مین جو زیر نگرانی مسٹر مارگن جج دہلی منعقد ہوا تھا شریک ہوکر آپ نے نہایت تعریف کے ساتھ کامیابی حاصل کی اور سب امیدواروں مین اول رہے جیسا کہ گزٹ سرکاری ۱۸۵۶ء سے معلوم ہوتا ہے۔

سند وکالت کی نقل حسب ذیل ہے:۔

سند وکالت

"ہم بذریعۂ ہذا تصدیق کرتے ہین کہ محمد سمیع اللہ خان عرف محمود جان کا امتحان اُس سالانہ امتحان کے موقع پر لیا گیا جو دہلی مین ماہ نومبر ۱۸۵۶ء مین ہوا تھا اور ہم بلحاظ اُنکی اس قابلیت کے جو اُنکو دیسی زبانون اور قوانین و قواعد مین حاصل ہے جو عدالتہائے دیوانی کی رہبری و ہدایت کے لیے وضع اور نافذ کیے گئے ہین اُنکو بحیثیت وکالت صدر عدالت یا عدالت ضلع یا عدالت صدر امین مین کام کرنیکے

قابل سمجھتے ہین۔

شرح دستخط آر۔ بی۔ مارگن

الیف۔ ٹیا۔ پرنسپل دہلی کالج صدرالدین صدرالصدور

نام امیدوار	ولدیت	عمر	سکونت
محمد سمیع اللہ خان عرف محمود جان	عزیزاللہ خان	۲۵ سال	دہلی

آپکی کامیابی پر مفتی صدرالدین خان کی خوشی اور ایک موثر ریمارک۔

مفتی صدرالدین خان صاحب اپنے شاگرد رشید کی اس کامیابی سے بے انتہا خوش ہوئے۔ اُنھین مبارکباد دی۔ مگر اسکے ساتھ ہی آبدیدہ ہوکر فرمانے لگے کہ "افسوس اب تم قانونی مشاغل مین مصروف ہونیکے باعث علوم قدیمہ کی شمع کو روشن نہ رکھ سکوگے اور تمھارے استادونکا نام زندہ نہ رہ سکیگا جنھون نے اسی غرض سے جہانتک اُنسے ممکن تھا تمھین حلیۂ علم وادب سے مزین کیا تھا"

شوق تالیف وتصنیف

مولوی صاحب کا خود گھر پر اپنا چھاپہ خانہ تھا۔ اُنکو یہہ شوق تھا کہ کتب درسیہ مین جو اعلیٰ درجہ کی اُدق کتابین ہین اُنپر عربی زبان مین خود مختصر اًحسب ضرورت حواشی لکھکر طبع کرائین تاکہ طلبہ کو مطالب کے سمجھنے مین آسانی ہو۔ چنانچہ اُنھون نے مختصر معانی کے متن تلخیص پر حاشیہ لکھکر طبع کرایا اور فلسفہ کی کتابون پر بھی

حاشیے لکھے تھے مگر وہ ابھی چھپنے نہ پائے تھے کہ غدر ہوگیا اور اُنکے تمام مسودے برباد ہوگئے۔ فارسی مین ایک مشہور قصہ ممتاز کا تھا اُسکا بامحاورہ اُردو مین ترجمہ کیا تھا وہ ترجمہ بھی غدر مین ضایع ہوگیا۔ مولوی صاحب نے اپنے چچازاد بھائیون کے دو بیٹون کے لیے جو تحصیلداری کا امتحان دینا چاہتے تھے مال کی قانونی کتابون کا خلاصہ لکھا تھا جو امیدواران تحصیلداری کے لیے نہایت مفید و کارآمد تھا وہ بھی غدر مین غارت ہوگیا غرضکہ اگر اُنکی تصنیفات چھپتین تو بڑی ضخیم ہوتین اور اُنسے طلبہ مستفید ہوتے مگر افسوس ہی کہ اُنکا علمی ذخیرہ غدر کی وجہ سے برباد ہوگیا

مولوی صاحب کا پہلا عقد

ایام غدر سے چند سال قبل آپکی شادی نواب اختیارالدولہ خواجہ علی احمد خان احرار می کی بڑی صاحبزادی کیساتھ نہایت دھوم دھام اور بڑے تزک و احتشام سے مگر بالکل شرعی پابندی کیساتھ ہوئی۔ مجھے خوب یاد ہی کہ براتی ہاتھیون پر سوار ہوکے گئے تھے تمام مائدین دہلی دعوت مین شریک تھے اور مفتی صدرالدین خان نے اپنے شاگرد رشید کا عقد پڑھا تھا۔ ان بیوی سے تین خوبصورت بچے تولد ہوئے تھے۔ زمانۂ غدر کی مصیبتون کو یہہ نازپرورد برداشت نہ کرسکے اور جیسے اور ہزارہا اشخاص بیمار ہوکر راہی ملکِ عدم ہوئے آپکی دونو لڑکیان اور ایک لڑکا مع اپنی والدہ کے بزمانۂ قیام قریب درگاہ حضرت نظام الدین اولیا چند روز مین پے در پے جان بحق تسلیم ہوگئے۔ مین نے ان صدمات کا جیسا اثر مولوی صاحب پر دیکھا ایسا کم کسی پر دیکھا ہی۔ ایک عرصہ تک اُنکی زندگی خطرہ مین رہی اور کسیطرح سے

دوسری طرف خیال متوجہ نہین ہوتا تھا بالآخر مولوی صاحب کی والدہ ماجدہ نے
جو نہایت عاقل و فرزانہ تھین بہت کچھ وقتاً فوقتاً فہمایش کی اور چند سال کی کوشش مین
دوسرا عقد اس طریق پر کامیابی حاصل کی کہ مرحومہ کی ہمشیرہ سے جو صورت و سیرت کے لحاظ سے
اپنی ہمشیرہ کی یادگار تھین مولوی صاحب کا ۳۰ ربیع الثانی ۱۲۷۸ھ مین عقد کردیا مولوی صاحب کے
مزاج مین استقلال کے ساتھ محبت و رفاقت کرنیکا بمثل مادہ تھا جسکو اُن کے
دشمن بھی تعریف کے ساتھ مانتے تھے۔ اُنکا دوسرا عقد بھی اسی اصول پر ہوا اور
خدا تعالی نے دونو کی زندگی کو ایسا خوش کیا کہ دہلی مین ضرب المثل تھا۔ ایسی
محبت میان بیوی مین بہت کم ہوتی ہے کہ جو ایک کی رائے اور مرضی تھی وہی دوسرے
کی تھی۔ اگر ایک لباس بیوی نے پہنا اور خاوند نے کہہ دیا کہ اچھا نہین ہے تو وہ
لباس آئینہ مین دیکھکر خود بی بی کو بھی بُرا معلوم ہونے لگا غرضکہ یہ دونون میان بیوی

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی تا کس نگوید بعد ازین من دیگرم تو دیگری

کے مصداق اور ایک جان دو قالب تھے۔

اس دوسرے عقد کے وقت نہ دہلی کی پہلی سی حالت تھی نہ قدیم اہل دہلی رہے
تھے۔ کابین نامہ جسکی اصل میری نظرون سے گزری ہے اُسپر منجملہ حاضرین جلسہ
عقد کے صاحب عالم میرزا ہدایت اللہ افسر اعرف میرزا الہی بخش بہادر کی دستخط
موجود ہین۔ چنانچہ اُنکے جانشین حال صاحب عالم مرزا ثریا جاہ بہادر سی۔
آئی۔ ای نے مجھے یاد دلایا کہ وہ خود بھی اپنے والد ماجد کے ہمراہ محفل عقد مین

گئے تھے اور دولھا کے قریب بیٹھکر دولھا کو بغور دیکھا تھا کیونکہ صاحب عالم خاص مجالس کو اپنی شرکت سے فخر بخشا کرتے تھے۔ شاہزادونکی عادت نہ تھی کہ سوائے اپنے ہم رتبہ وہم درجہ لوگون کے کہین اور جائین مگر صاحب عالم ممدوح کو مولویصاحب سے خاص محبت ہوگئی تھی۔

مولویصاحب کے بزرگون اور مولویصاحب کی بیوی کے بزرگونکے جو تعلقات خاندان شاہی سے تھے اُنکو یہہ دونو ہمیشہ ملحوظ رکھتے تھے اور اُنھین تعلقات کی وجہ سے غدر کے بعد مولوی صاحب نے اپنے کانپور کی منصفی کے زمانہ مین اکثر شاہزادونکی مثل صابر شاہ بہادر وغیرہ کے جو کانپور مین تھے سرکار انگلیشیہ کے افسر مسٹر شیرر سے عرض معروض کرکے امداد کروائی پچاس پچاس روپیہ تاحیات اُنکی پنشن مقرر ہوگئی اور اُنھین تکالیف معاش سے نجات ملی۔ لکھنؤ۔ بنارس۔ اور خاص دہلی مین جو معزز شاہزادے آباد ہین وہ سب مولوی صاحب سے اپنے خانگی وسرکاری امور مین اکثر مشورہ کرتے اور فائدہ اُٹھاتے رہے اور مولوی صاحب نے اُنکی خدمت کرنیمین کبھی دریغ نہین کیا۔

مولوی صاحب کا عام مسلک تھا کہ وہ اپنے خاندان کے قدیم ملنے والونسے اپنے استادونکی آل واولاد سے۔ اپنے شاگردون اور اُنکی اولاد سے اپنے محسنون اور اُنکے خاندان کے لوگون سے اپنے وابستگان اور اُنکے متعلقین سے غرض ہر ایک کے ساتھ قدیم وضع کی پابندی اور عجیب ہمدردی کا

برتاؤ کرتے تھے۔ ہر شخص کو یہہ خیال ہوتا تھا کہ جو محبت مولویصاحب کو مجھسے ہی اس سے زیادہ دوسرے سے ہونی ناممکن ہی۔ اپنی اولاد کو بھی اُنھون نے یہی نصیحت فرمائی کہ جس جس سے جس جسطرح مین ملنا تھا اُس سے تم بھی ویسے ہی میل جول رکھنا۔ جدید دوستونکا تمکو اختیار ہی۔

باب سوم

انسانی عام ہمدردی اور سلوک

زمانۂ غدر مین احسان۔

جنکو ۱۸۵۷ء کے غدر کے واقعات اپنی آنکھون سے دیکھنے یا بطور روایات صحیح سُننے کا اتفاق ہوا ہوگا وہ اسکے باور کرنیمین ذرا تامل نہ کرینگے کہ تاریخ ہند مین غدر کے پُر آشوب زمانہ سے بڑھکر بے اطمینانی وخوف وہراس کا کوئی اور زمانہ نہین گزرا۔ یہہ وہ زمانہ تھا کہ ہر متنفس اپنی مصیبتونمین گرفتار اور اپنی عزت وآبرو اور جان ومال کے تحفظ کی غرض سے مضطرب الحال نظر آتا تھا۔ ہندوستان کی دوسرے شہرونسے بڑھ کے دہلی مین غدر کی آگ مشتعل تھی اور سب جگہ سے زیادہ یہین ہل چل پڑی ہوئی تھی۔ سب کے چھکے چھوٹے ہوئے تھے اور کوئی کسی کا پُرسان حال نہ تھا۔ سرزمین دہلی حشر کا میدان بنی ہوئی تھی۔ انسانی ہمدردی وخدا ترسی کے امتحان کا موقع اسوقت سے بڑھ کے اور کب ہوسکتا تھا زمانہ نے ایسے نازک وقت پر اُن بہت سے لوگون کا امتحان لیا جو دوستی مین ثابت قدم رہنے اور وضعداری

نبھانے کے مدعی تھے لیکن محک امتحان پر بہت کم کھرے نکلے۔

یہ بات یہان فخر کے ساتھ بیان کرنیکے قابل ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب اُن چند مبارک اور واجب التعظیم لوگونمین سے تھے جو غدر جیسے پُرآشوب اور صعب زمانہ مین انسانی ہمدردی وخداترسی کے امتحان مین پوری اُتری تھے۔ جو احسان لوگون پر مولوی صاحب نے ایام غدر مین فرمائے تھے اُنھون نے اُسوقت اس بات کی پیشینگوئی کردی تھی کہ آیندہ چل کر یہہ محسن قوم ہون گے اور قومی فلاح وبہبود کے متعلق انکے کارنامے احسانمندی وشکرگزاری کیساتھ یاد رکھے جائینگے۔

غدر کے کارنامے

اسموقع پر بخوف طوالت مولویصاحب مغفر کے وہ کل کارنامے جو غدر کے زمانہ سے تعلق رکھتے ہین بیان نہین کیے جاسکتے۔ مثلاً صرف چند واقعات کے اظہار پر اکتفا کیا جاتا ہی۔

شورش غدر کے زمانہ مین دہلی کے بعض شریفون پر چھوٹی چھوٹی رقمونکا جرمانہ ہوا اور اسی کے ساتھ یہ بھی حکم سُنایا گیا کہ اگر جرمانہ نہ ادا کیا جائیگا تو اُسکے بدلے اتنی اتنی مدت کی قید بھگتنی پڑے گی۔ وہ شرفا بیچارے اُسوقت جرمانہ ادا کرنیکی استطاعت نہین رکھتے تھے اور قرض بھی اُس زمانہ مین نہین ملتا تھا قریب تھا کہ وہ پابجولان کرکے قیدخانہ بھیجدیے جائین کہ مولوی صاحب کی حمیت کو جوش آیا اور خداترسی کا جو مادہ خداوندتعالےٰ نے اُنمین ودیعت

کیا تھا اُس نے اُنکو ان بیکسونکی اعانت پر آمادہ کیا۔ مولویصاحب نے اُن سب لوگونکی طرفسے جن جن سے اُنھین تعارف وشناسائی تھی اپنی پاس سے زرجرمانہ ادا کرکے اُنکو زندان خانہ کی مصیبتین جھیلنے سے بچالیا۔

مفتی صدرالدینخانصاحب آپ کے استاد گردش روزگار سے ایام غدر مین حوالات ہوگئے آپ نے اُنکی ہر طرحسے خدمت کرکے حق شاگردی ادا کیا۔ اُنکی رہائی مین جان لڑادی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ مفتی صاحب کو مسٹر ہاڈسن نے سرٹیفکیٹ عطا کیا تھا کہ وہ باغی نہین ہین مفتی صاحب کو اپنی رہائی کیلیے اس سرٹیفکیٹ کی نقل ایک حاکم کے پاس بھیجنے کی ضرورت ہوئی اُنھون نے حوالات کی سقہ سے جو وہان آتا جاتا تھا دوات منگائی اور اپنے جسم کے کرتہ سے ایک ٹکڑا پھاڑ کے اُسپر انگریزی مین اُس سرٹیفکیٹ کی بجنسہ نقل کی اور وہ نقل مولویصاحب کے پاس بھیجدی۔ مولویصاحب اُسکو کاغذ پر صاف کراکے حاکم موصوف کے پاس لے گئے حاکم نے اُسے دیکھتے ہی مفتی صاحب کی رہائی کی سفارش کی اور وہ رہا کردیے گئے اور پھر اُسی کی بناء پر اُنکی جائداد بھی ضبطی سے واگزاشت ہوگئی۔ مفتی صاحب کی بیوہ کو جائداد سے حصہ وغیرہ دلوانے مین بھی بے انتہا کوشش کی۔

دہلی کے طبقۂ امرا مین سے ایک نواب زادہ کو پھانسی ہوجانے مین کوئی کسر نہین رہگئی تھی سید احمد خانصاحب اور مولوی صاحب نے کوشش کرکے اُنکی جان بچائی۔ مگر سید صاحب میرٹھ مین تھے اور مولویصاحب دہلی مین۔

ایک ہندو وکیل جو مولوی صاحب کے ملنے والونمین سی تھے وہ شاہزادگانِ دہلی کی رفاقت کے شبہ کی بنا پر حوالات بھیجدیے گئے۔ جبتک وہ حوالات مین رہے مولوی صاحب اپنے پاس سے اُنکے کھانے پینے کی مدد کرکے حق دوستی ادا کرتے رہے اور آپکی کوشش نے اُنکو بچالیا۔ وکیل مذکور کو جسقدر روپے کی ضرورت ہوتی تھی وہ حوالات سے اپنا آدمی بھیجکر مولوی صاحب سی منگالیا کرتے تھے اور مولوی صاحب خندہ پیشانی کیساتھ وکیل صاحب کی استدعا بموجب اپنے پاس سے روپے بھیجدیتے تھے۔

جب دہلی کے ایک حصہ پر سرکار انگریزی کا تسلط ہوگیا اور باقی شہر پر گولہ باری شروع کیگئی تو مولوی صاحب کو اپنا مکان موقوعہ کوچہ بلاقی بیگم متصل قلعہ معلی چھوڑنا پڑا اسلیے کہ وہ ان گولونکی زد پر واقع تھا۔

اگرچہ غدر کے پُرآشوب زمانہ مین سواری کا دستیاب ہونا کوئی آسان کام نہ تھا مگر آپ نے بمشکل تمام بڑے کرایون پر رتھین حاصل کین ایک مین اپنی زنانہ کو سوار کرایا اور ایک رتھ لیکر آپ سید احمد خانصاحب کے مکان پر گئے اُسمین اُنکی بیوی اور تینون بچونکو (جنمین سید حامد اور سید محمود بھی تھے جو بعد مین سپرنٹنڈنٹ پولیس اور الہ آباد ہائیکورٹ کے جج ہوئے) بہزار مشکل سوار کرایا لیکن سید صاحبکی والدہ اور اُنکی خالہ نے گھر نہ چھوڑا۔ سید صاحب کے مامون وحیدالدین خان اور اُنکے مامون زاد بھائی ہاشم علیخان سپاہیون کے ہاتھون ماری گئے

غرضکہ ان تھونکو لیکر آپ پا پیادہ نظام الدین اولیا گئے۔ اس واقعہ کا تفصیلی ذکر سر سید کی لائف مین نہین کیا گیا۔

مولویصاحب کے اس برتاؤ سے سید احمد خانصاحب کے دل پر اُنکی محبت کا گہرا اثر ہوا جس سے بمقابلہ دوسرے عزیزون کے سید احمد خانصاحب کا آپ سے زیادہ اتحاد ہوگیا اور ربط ضبط بڑھتا گیا۔

شہر دہلی پر انگریزونکے مسلط ہونیکے وقت کوئی مسلمان دہلی مین نہین آنے پاتا تھا۔ مولوی صاحب باوجود اس روک ٹوک اور ممانعت کے جارج لارنس George Lawrence رزیڈنٹ راجپوتانہ کی وہ چٹھی دہلی کے دروازہ پر دکھاکر اندرون شہر اپنے مکان پر آئے جو اُنکے عمزاد بھائی نواب امین اللہ خان عرف امو جان نے اُنکے پاس بھیجدی تھی۔

ایک روز کا ذکر ہے کہ کہین راستہ مین مسٹر مٹکاف (Metcalf) اُنکو مل گئے اور اُنسے دہلی کے اندر آنیکے متعلق باز پرس کی آپنے اُس چٹھی کا ذکر کیا جسکے ذریعہ سے آپ دہلی مین آئے تھے مٹکاف صاحب نے کہا کہ اچھا مین اسوقت کوتوالی جا رہا ہون تم وہان حاضر ہو۔ مسٹر مٹکاف کا اس زمانہ مین کسیکو کوتوالی بُلانا گویا پیام اجل تھا۔ لیکن بہت ثابت قدمی کے ساتھ مولویصاحب مکان سے وہ چٹھی لیکر مٹکاف صاحب کے پاس کوتوالی تشریف لے گئے اور وہ چٹھی اُنھین دکھائی۔ مٹکاف صاحب چٹھی مذکورہ پڑھ کے مولویصاحب سے

بہربانی پیش آئے اور پھر کچھ تعرض نہین کیا۔

مذکورۂ بالا چٹھی کے باعث مولوی صاحب مع خاندان نواب منشی امو جا نصاحب کے ۵ فبروردی ۱۸۵۸ء کو پھر دہلی مین آباد ہوئے۔

غدر جیسے پُر آشوب زمانہ مین جسطرح مولویصاحب انسانی ہمدردی وخدا ترسی کے امتحان مین پورے اُترے اُسیطرح سرکار انگریزی کے ساتھ آپکی وفاداری و خیرخواہی بھی بے داغ وبے عیب رہی۔

ذوالقربی سے حسن سلوک

غدر کے بعد جب پریڈگراونڈ کے لیے آپ کا آبائی مکان سرکار مین لیا گیا اور اُسکا معاوضہ دیا گیا تو آپ نے باوجود اِسکے کہ آپکے والد اس مکان کو اس خیال سے کہ کہین ایسا نہو آبائی مکان بہنونکے حصہ طلب کرنیکے باعث ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے آپ کے اور آپکے بھائی کے نام بیع کرچکے تھے آپ نے بلا تامل اپنی بہنون کو اس مکان کے معاوضہ کی رقم بموجب حصص شرعی تقسیم کردی۔ اِسکے علاوہ تمام عمر اپنے بھائی اور بہنون اور اُنکی اولاد اور متعلقین اور قدیم ملازمونکے ساتھ طرح طرح سے سلوک کرتے رہے۔

باب چہارم

ملازمت ووکالت اور سرکار مین رسوخ

عہدۂ منصفی پر تقرر

آپ ۱۸۵۸ء مین بوجہ اپنی لیاقت اور عالی خاندانی کے ابتداہی سے

منصفی کے عہدہ پر مامور ہوئے جس روبکار کے ذریعہ سے آپکا تقرر کانپور کی منصفی پر ہوا تھا اُسکا ترجمہ ذیل مین درج کیا جاتا ہی۔ کئی سال آپ کانپور اور بعدہٗ علیگڈھ مین بھی منصف کی حیثیت سے رہے۔

روبکا تقرر

مراسلہ محکمہ صدر دیوانی عدالت ممالک مغربی وشمالی مورخہ ۷ اگست ۱۸۵۸ء

نشان ۹۳۵

منجانب آر۔ جی۔ مارگن R. G. Mangan (جج)

بخدمت جے۔ ایچ۔ بیٹن اسکوائر J. H. Batten (جج کانپور)

بسلسلۂ مراسلہ نشان ۹۱ مورخہ ۴ اگست ۱۸۵۸ء انگارش ہی کہ سمیع اللہ خان ندیا کو اول ڈویژن منصفی شہر کانپور پر الیسری پرشاد کی جگہ جو کہ خدمت سے علیحدہ کردیے گئے مہربانی فرماکے عدالت نے مقرر کیا ہی۔ یہ تقرر محرم کی تسطیلات کے بعد نافذ ہوگا۔ دہلی کے ڈپٹی کمشنر سے درخواست کی گئی ہی کہ وہ مولوی محمد سمیع اللہ خان کو اُنکے تقرر کی اطلاع کردین اور اُنسے خواہش ظاہر کیگئی ہے کہ وہ وقت مقررہ پر حاضر ہوجائین۔

شرح دستخط ایچ۔ ڈبلو۔ ڈیش وڈ H. W. Dashwood (رجسٹرار)

بے روئی اور نصفت پسندی

آپکا وہ جوہر قابلیت و ذہانت جسنے زمانۂ طالب علمی مین آپ کو اپنے ہم درس اور معاصرین مین ممتاز بنا دیا تھا یہان بھی چمکے بغیر نہ رہا چنانچہ آپ نے اس خدمت کے فرائض ایسی منصف مزاجی و لیاقت اور تعریف کے ساتھ انجام دیے

کہ آپ کے بالادست حکام کو بہ طیب خاطر آپکی لیاقتون اور قابلیتون کا اعتراف کرنا پڑا اور رعایا کے دلپر بھی آپ کے انصاف کا سکہ بیٹھ گیا۔ چنانچہ بیان کیا جاتا ہی کہ آپ کے زمانۂ منصفی کانپور مین ایک شاعر نے جسکا مقدمہ آپ کے اجلاس پر تھا آپ کی نسبت حسب ذیل قطعہ موزون کیا تھا۔

مدعی کرتا ہی مجھ پر روز اک دعوی جدید — عجب اُسکو ہی بلاشک اپنے مال وجاہ کا
گر نہ ہوتا محکمہ مین اُسکے مین ماخوذ جرم — وصف لکھتا منصفِ عادل سمیع اللہ کا

مسٹر ڈومرگ Mr. J. Dumergue جو اُس زمانہ مین ڈسٹرکٹ جج تھے اُنھون نے آپکی نسبت لکھا تھا کہ "یہہ نہایت ذہین ہندوستانی ہین"۔

اُسی زمانہ مین ۱۹ فبروری ۱۸۶۰ء کو کانپور کے مشہور مجسٹریٹ مسٹر شیرر Mr. Sherer نے آپکی نسبت ان الفاظ مین اپنی رائے ظاہر کی تھی کہ "مین نے اُنکو ہمیشہ نہایت ہی ذہین پایا اور مجھے یقین ہی کہ آفیشل حیثیت سے یہہ بہت وقیع ہین"۔

مسٹر فین Mr. Fane جج نے آپکی کارگزاری پر ریویو کرتے ہوئے لکھا تھا کہ "اُنھون نے مقدمات کے جلد فیصل کرنے اور دیانت داری سے فیصلے صادر کرنیمین اپنے بالادست حکام کو بھی خوش رکھا اور فریقین مقدمہ کو بھی موقع ناراضی کا نہین دیا"۔

مسٹر فرانسیس بائیل پیرسن Mr. Francis Boyle Pearson

اور مسٹر جی۔ ایچ بیٹن Mr. G. H. Batten جو آپکے عہد منصفی مین حکام ضلع مین سے تھے اور سن بعد ہائیکورٹ کی جج پر ممتاز تھے آپکی لیاقت وقابلیت کی قدردانی کے باعث اخیر زمانہ تک آپکے بے حد مداح اور دوست رہے۔

مسٹر پیرسن کی رائے

مسٹر پیرسن Mr. Pearson نے آپکی نسبت ۶ فبروری ۱۸۶۱ء کو اپنی سرکاری رپورٹ مین مندرجۂ ذیل رائے ظاہر کی تھی۔

"یہہ میری رائے مین اعلیٰ قابلیت کے ایک ہونہار افسر ہین"

مسٹر بیٹن کی رائے۔ پیشۂ وکالت وترک ملازمت

مسٹر بیٹن نے تحریر کیا تھا کہ "یہہ ہوشیار منصف اور ایک عمدہ جج ہین"۔

چار سال کے قریب عہدۂ منصفی پر کارفرما رہنے کے بعد آپکو وکالت کرنے کا شوق ہوا اور آپنے وکالت شروع کی۔ ۱۸۶۲ء سے ۱۸۷۴ء تک تخمیناً گیارہ سال کے قریب نہایت شہرت اور نیکنامی کیساتھ آگرہ اور الہ آباد کی صدر دیوانی وصدر نظامت وہائیکورٹ مین فرائض وکالت انجام دیے۔ آگرہ مین آپنے فرائض وکالت انجام دینے کی غرض سے غالباً ۱۸۶۳ء سے ۱۸۶۹ء تک قیام فرمایا اس چھ سات برس کے عرصہ مین آپ نے وکالت مین ایسی کامیابی حاصل کی کہ اضلاع مغربی کے اکثر لوگ اپنے معرکہ کے مقدمات مین آپکو وکیل کرتے تھے آپکا قیام مہاراجہ بھرت پور کی کوٹھی واقع گلاب خانہ مین تھا۔ بڑے باوقعت اور ذی رسوخ لوگون مین شمار ہوتے تھے۔ بمقام آگرہ جو دربار منعقد ہوتے تھے اُنمین آپکو شریک ہونیکا فخر حاصل ہوتا رہا اور نیز آگرہ کی نمایش مین بھی شرکت کا

موقع ملا۔ مہاراجہ الور جو بتقریب دربار آگرہ تشریف لائے تھے وہ بوجہ قدیم تعلقات آپ سے ملکر نہایت محظوظ ہوئے تھے اور سنا ہی کہ یہہ خواہش بھی ظاہر فرمائی تھی کہ مثل اپنے بزرگونکے وہ بھی ریاست کی ملازمت حاصل کرین۔

قیام آگرہ کے زمانہ کے مزید واقعات کا مختصراً ذکر اس موقع پر خالی از دلچسپی نہ ہوگا جن حضرات کو ان واقعات سے تعلق رہا ہی اُنکی یاد تازہ ہوجائیگی۔

سنہ ۱۸۶۱-۶۲ء مین مولویصاحب کی والدہ ماجدہ مع اپنے تمامی متعلقین و ملازمین کے دہلی سے حج بیت اللہ کو تشریف لیگئی تھین وہان دوسال کے قیام کے بعد اُنھون نے ارض مقدسہ مدینہ مین انتقال فرمایا اور اپنی تمنا کے موافق جنۃ البقیع مین مدفون ہوئین۔ بعد اُنکے انتقال کے جتنے ہمراہی تھے وہ سب ہندوستان واپس آتے وقت راستہ مین بمقام آگرہ چندروز مقیم ہونیکے بعد پھر دہلی چلے گئے۔

۱۷ مارچ سنہ ۱۸۶۴ء کو آپکے بڑے فرزند مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب (نواب سر بلند جنگ بہادر) تولد ہوئے۔ اُنکے عہد طفولیت کا کچھ حصہ آگرہ ہی مین گذرا وہین بسم اللہ خوانی کی رسم ادا ہوئی اور مولوی مصاحب علیصاحب ساکن قصبۂ سہار ضلع متھرا سے کلام مجید کی تعلیم متعلق کیگئی۔ انکو کلام مجید کی تعلیم مین کمال حاصل تھا جو بچہ کلام مجید پڑھنے کیلیے اُنکے سپرد کیا جاتا تھا اولاً اُسکی

ذہانت اور حافظہ کا وہ اندازہ کرتے تھے۔ اور اندازہ کے بعد بتعین مدت ختم قرآن شریف کا ٹھیکہ لے لیتے تھے۔ مدت کی مقدار کم سے کم تین مہینے اور زیادہ سے زیادہ چھ مہینے ہوتی تھی اور حق المحنت کی قرارداد ایکسو بتیس روپیہ تھی مدت معینہ مین قرآن شریف ختم کرا دیتے تھے اور ایک سو بتیس روپیہ حق المحنت مین کمی نہ کرتے تھے۔ زیادہ دینا لڑکونکے والدین کی استطاعت و توفیق پر موقوف ہوتا تھا۔ اور یہہ اُنمین ایک خاص وصف تھا۔

آگرہ مین چونکہ اُسوقت ہائیکورٹ قائم تھا اسلیے اکثر لوگونکی آمد و رفت وہان رہتی تھی۔ اور کوئی دن خالی نہ جاتا تھا کہ مولویصاحب کے ہان مغز مہمان مقیم نہ ہوتے ہون۔

جنوری ۱۸۶۵ء م شعبان ۱۲۸۱ھ مین مولوی صاحب کے قدیم دوست مولوی حاجی حکیم عبدالعلیم نصراللہ خانصاحب حیدرآباد جاتے ہوئے آگرہ مین بھی مولویصاحب سے ملنے کی غرض سے آئے تھے۔ چند روز مہمان رہ کے اور قدیم محبتون کا لطف حاصل کرکے روانہ حیدرآباد ہوگئے۔ جہان بعد قطع منازل بائیسوین رمضان کو پہنچ کے اپنے دوست مولوی مؤیدالدین خانصاحب معتمد مدارالمہام (جو مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب کے بنی عم تھے) کے یہان فروکش ہوئے اور پھر تھوڑے عرصہ کے بعد مولوی مؤیدالدین خانصاحب کی سعی اور نیز دوسرے وسائل سے بالآخر نظامت فوجداری کے عہدۂ جلیلہ پر مامور

ہو گئے تھے[1]

نومبر ۱۸۶۶ء مین مولوی سید احمد خانصاحب بتقریب دربار لارڈ لارنس آگرہ آئے اور اُنکے دونو صاحبزادے سید حامد و سید محمود بھی اُن کے ساتھ مولوی صاحب سے ملنے کیلیے آگرہ آیا کرتے تھے۔

مولوی صاحب کی وجہ سے بہت سے اعزہ و احباب مثلاً سید احمد خانصاحب کے بھتیجے سید محمد احمد خان جو آگے چل کے سب ججی کے درجۂ رفیعہ پر فائز ہوئے خواجہ محمد یوسف صاحب نامی وکیل علیگڈھ (خان بہادر) ڈپٹی محمد صدیق صاحب فرزند حاجی محمد ممتاز علیخان صاحب رئیس میرٹھ واٹاوہ حکیم غلام دستگیر خانصاحب۔ سید شیر محمد خانصاحب۔ رحمۃ اللہ خانصاحب اور بہت سے دوسرے لوگ آگرہ مین رہتے تھے جنمین سے بعض مختلف امتحانات مین کامیاب ہوئے اور بعض ملازم ہو گئے۔

آگرہ سے الہ آباد ہائیکورٹ منتقل ہوا۔ مولوی صاحب بھی ۱۸۶۹ء مین آگرہ سے الہ آباد تشریف لے گئے اور مئی ۱۸۷۳ء تک آپنے فرائض وکالت انجام دیے۔ وہان آپکا مکان اناج کی منڈی مین تھا۔ اور مثل مغربی اضلاع کے مشرقی اضلاع کے باشندے بھی اپنے بڑے۔ اہم اور پیچیدہ مقدمات مین اکثر

---

[1] ان واقعات کا ذکر مولوی نصر اللہ خانصاحب نے اپنی کتاب "تاریخ دکن" کے صفحات ۷ و ۳۲ و ۳۹ مین تفصیل کیساتھ کیا ہے۔

آپکو وکیل کرنے لگے۔

اخبار پایونیر مشتہرہ ۱۸ سپٹمبر ۱۹۰۷ء نے جو آپکے مختصر حالات شایع کیے ہین اُسکے ضمن مین اُسنے آپکے زمانۂ وکالت کے متعلق لکھا ہو کہ "آپکی شریفانہ صورت۔ سحر بیانی۔ قادرکلامی اور آپکی محنت وجفاکشی کی وجہ سے جج آپ کے بیان کو پوری توجہ سے سُنتے تھے اور موکلونکو بھی آپکی ذات پر پورا اعتماد اور بھروسہ رہتا تھا"۔

مثل آگرہ کے الہ آباد مین بھی اکثر اشخاص نے آپکی قانونی معلومات سے استفادہ کیا۔ چنانچہ سید محمد میر وکیل میرٹھ اور ناظر حسن وکیل سہارنپور۔ خواجہ محمد اسمعیل وکیل علیگڈھ وغیرہ۔ نے آپ ہی سے قانون یاد کرکے کامیابی حاصل کی تھی۔

۱۸۷۰ء مین سید احمد خانصاحب بنارس مین عدالت خفیفہ کی ججی پر ممتاز تھے مولوی سید مہدیعلیخان (نواب محسن الملک بہادر) مرزاپور مین تحصیلدار تھے اور پھر ڈپٹی کلکٹری پر اُنھون نے ترقی پائی تھی۔ اسی زمانہ مین بمقام بنارس مدرسۃ العلوم کے قیام کے متعلق تجاویز سوچنے کے لیے کمیٹیان منعقد ہوتی تھین جنمین شریک ہونے کے لیے مولوی صاحب الہ آباد سے اور مولوی مہدیعلیخانصاحب مرزاپور سے بنارس جایا کرتے تھے۔

اکتوبر ۱۸۷۲ء مین سید محمود صاحب فارغ التحصیل ہونیکے بعد ولایت سے

واپس آئے اور الہ آباد مین بیرسٹری کا کام شروع کیا۔ مولویصاحب نے پیشۂ وکالت کے رموز سے اُنکو آگاہ کیا اور سب ججی کے عہدہ پر مقرر ہونیکے وقت اپنے تمام مقدمات اُنکے تفویض کر گئے۔

جلسۂ ہنسی

۱۸۷۲-۷۳ء مین حضور شہزادۂ ویلز بہادر کی صحت یابی کا تہنیتی جلسہ خسرو باغ مین منعقد ہوا جسکے انتظام مین مولوی صاحب نے خاص حصہ لیا تھا۔ اور اس جلسہ مین غلام امام صاحب شہید اور دیگر شعرائے الہ آباد نے قصائد پڑھے تھے۔

میل جول

غرضکہ آگرہ کی طرح الہ آباد مین بھی آپکی وجہ سے خوب رونق رہتی تھی۔ اکثر احباب ڈھاکہ۔ کلکتہ۔ عظیم آباد پٹنہ۔ بھاگلپور وغیرہ مقامات سے ملنے جلنے کیلیے ہمیشہ آتے جاتے اور باہمد گر لطف صحبت اُٹھاتے رہتے تھے۔

مولویصاحب کے دفتر وکالت کے منشیون مین ایک بزرگ حاجی شاہ سید محمد سجاد صاحب تھے جنھون نے کئی حج کیے تھے اور جنکو خانقاہ ابوالعلائی داناپور پٹنہ کی سجادگی کا فخر حاصل تھا اور بنگال و بہار مین جنکے ہزارہا معتقدین تھے باوجود تعلق ماتحتی مولوی صاحب اُنکی بہت عزت کرتے تھے یہ آپکے ہمراہ آگرہ سے تھے اور اُسوقت تک آپکی رفاقت مین رہے جبکہ آپ سب ججی کی خدمت پر مامور ہوئے۔ اُنکے فرزند شاہ محمد اکبر صاحب حال سجادۂ خانقاہ ابوالعلائی بھی اُنکے ساتھ مولویصاحب کے پاس اکثر رہتے تھے۔

ترک وکالت و حصول ریاست

۱۸۷۳ء مین آپ نے اپنے بعض یوروپین دوستون خصوصاً آنریبل جسٹس

ایف۔ بی پیرسن B. Pearson جج کے مشورہ سے وکالت چھوڑکر سرکاری ملازمت کی جانب توجہ کی اور یہ پہلے شخص تھے کہ طبقۂ وکلا مین سے درجۂ اول مین صدرالصدوری (سب ججی) کے عہدہ پر ممتاز کیے گئے۔

آپکی تقرری پر حکام ہائیکورٹ وغیرہ خواص کی پسندیدگی

وکالت کے زمانہ مین چونکہ حکام ہائیکورٹ کے دلون پر آپکی قانونی لیاقت ومعلومات کا سکہ بیٹھ چکا تھا اسلیے جسوقت ۱۸۷۳ء مین عہدۂ صدرالصدوری پر آپکے تقرر کا اعلان کیا گیا تو ہائیکورٹ کے ججون نے آپکی لیاقت وقابلیت کی تعریف کی اور باشندگان الہ آباد نے بیحد اظہار مسرت کیا۔

الہ آباد سے رخصت

مولوی صاحب کو رخصت کرنیکے لیے وکلاء ہائیکورٹ وروسا الہ آباد نے رخصتی جلسہ کیا اور مشایعت کا یہ پُرلطف طریقہ اختیار کیا گیا کہ مولویصاحب کے مکان سے اسٹیشن تک سب لوگ پاپیادہ آئے۔ چونکہ اس زمانہ مین تقریباً شب کے ۸ بجے بچھان کی طرف ریل روانہ ہوتی تھی لوگونکے ملازمین روشنی اور لالٹینین لیے ہوئے تھے انکی روشنی کا عجیب لطف آرہا تھا۔ تمام احباب اپنے جوش محبت سے ریل کی روانگی تک اسٹیشن پر ٹھہرے رہے۔ اگرچہ مولوی صاحب کی جدائی کا افسوس تھا لیکن سب انکو مبارکباد دیکر ریل مین سوار کرا رہے تھے۔ الہ آباد اسٹیشن پر ہمیشہ حکام عالیشان کے استقبال والوداع کیواسطے مجمعے رہتے ہین لیکن یہ الوداعی مجمع ایک خاص امتیاز رکھتا تھا اسطرح احباب کا جوش محبت اس اسٹیشن پر کم دیکھنے مین آیا ہوگا۔

جابجا ادائی تہنیت۔

راستہ مین بھی مثل کانپور اور اٹاوہ کے مولوی صاحب کو مبارکباد دینے کی غرض سے اُنکے دوست اسٹیشنون پر تشریف لائے اور رات یا دن کی [illegible] ہونیکا اُنکو خیال بھی نہ ہوا۔

علیگڈھ مین استقبال

علیگڈھ کے استقبال کا حال تو ہر شخص خود ہی سمجھ سکتا ہی کہ کسقدر پُر رونق ہوگا مولوی صاحب کے قدیم عنایت فرما راجہ جے کشن داس صاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر (سی۔ ایس۔ آئی) بھی اُسوقت علیگڈھ ہی مین مامور تھے۔

معافی فیس

یہان یہہ بات بالخصوص قابل ذکر ہے کہ مولویصاحب نے اپنی اُن موکلونکو جن پر فیسین باقی رہ گئی تھین اطلاع دیدی تھی کہ تاریخ معینہ تک اپنی ذمکی رقمین ادا کردین۔ اسپر بعض نے الہ آباد کی روانگی سے پہلے رقمین بھیجدین لیکن چند پچھان کے اضلاع کے رہنے والے اپنی کم سمجھی سے بلحاظ کفایت رقمین علیگڈھ مین لیکر مبارکباد دینے آئے۔ مولویصاحب نے اپنی سیر چشمی سے ان سب لانیوالون کا شکریہ ادا کرکے ایک ایک ہزار بلکہ اس سے بھی زیادہ کی رقمین معاف کردین جنکو لانیوالے واپس لیگئے۔ نیز عہدۂ مفوضہ کا چارج لینے کے بعد بھی جن لوگون نے اطراف وجوانب سے بقایا فیس کی رقمین ادا کرنی چاہین مولویصاحب نے اُن سب کو منع کردیا۔

مولویصاحب کے محرر سے سُنا گیا تھا کہ یون تو زمانہ وکالت کے باقیماندہ محنتانون وشکرانونکی مقدار لاکھ سے اونچی اور ڈیڑھ لاکھ کے اندر تھی لیکن تخمیناً

ساٹھ ہزار روپے تو ایسے تھے جو موکلین لیکر حاضر ہوئے تھے یا بالکل دینے پر آمادہ تھے مگر مولویصاحب نے محض اس خیال سے کہ وکالت ترک کردی ہے یہ رقم خطیر معاف فرمادی

دیانت داری کا خیال

مولویصاحب فرمایا کرتے تھے کہ ملازم سرکار کو جیسا ظاہر مین متدین ہونا ضرور ہے ویسا ہی اندرونی اور خانگی طور پر بھی اُسکا طرز عمل درست رہنا چاہیے تاکہ لوگونکو اُسکے تدین پر شبہ کی گنجایش نرہے اور حتی الامکان اُسے کوئی ایسا فعل نہ کرنا چاہیے جس پر کسی کو اعتراض کرنیکا موقع ملے - اسی سیرچشمی تقوے اور احتیاط کیوجہ سے عامۂ خلائق کے دل مولوی صاحب کی طرف مائل ہوتے تھے بلکہ ایسے گرویدہ ہوجاتے تھے کہ بیان نہین ہوسکتا -

مقامات کارروائی اور وہاں کے حاسد و نکتہ چین آپ کے ساتھ عقیدت

آپ صدر الصدور کی حیثیت سے علیگڈھ - الہ آباد - مرادآباد اور فتح گڈھ مین کارفرما رہے اور تمام مقامات پر آپکو ہر دلعزیزی کی عزت حاصل رہی جہان آپ کی عہدہ کی وجہ سے لوگ آپکی قدر و منزلت کرتے تھے وہان آپکی حُسن اخلاق و شریفانہ برتاؤ کے باعث آپسے دلی محبت و خلوص بھی رکھتے تھے - چنانچہ جب آپکی ایک مقام سے دوسرے مقام کو تبدیلی ہوتی تھی تو اُسوقت اُس مقام کے لوگ جہانسے آپ بدل کر جاتے تھے نہایت غمگین و افسردہ خاطر ہوتے تھے اور جہان پر آپ آتے تھے وہانکے لوگ مارے خوشی کے پھولے نہ سماتے تھے - مثلاً مرادآباد کے جلسۂ وداعی اور علیگڈھ کے جلسۂ خیر مقدم کا ذکر علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ یکم اکتوبر ۱۸۸۱ء کے ایک مراسلہ سے

اختصار کیساتھ ذیل مین کیا جاتا ہی:-

"۲۲ سپٹمبر ۱۸۸۱ء

کل مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب بہادر سب جج نے اپنی عدالتین اخیر اجلاس فرمایا- دو بجے دوپہر کے کل ممبران بار بہ حیثیت مجموعی اجلاس مین آئے اور اہل عملہ اور اہل مقدمہ کا مجمع عظیم تھا جو اس عالم مولوی کے اخیر دیدار کے لیے جمع ہوئے تھے جنھون نے اس عرصہ مین کہ وہ ہم مین رہی یکسان انصاف بلا فرق رنگ ذات یا ملت کے کیا تھا اور جنھون نے اپنے فرائض کو نہایت خردمندی اور علم و لیاقت سے انجام دیا- مگر افسوس یہ جلسہ مثل سبھی مفارقت کے جلسونکے نہایت غمگین تھا جسوقت تک یہ جلسہ ہوتا رہا تمام وکلا آبدیدہ تھے اور خود مولوی صاحب کا دل بہت بھرا ہوا تھا- ایک بزرگ وکیل واقعی پھوٹ پھوٹکے رو رہے تھے"

اس جلسہ مین وکلاء کی جانب سے بذریعہ تقریر مولویصاحب کی مفارقت پر اظہار افسوس کیا گیا- اور مولوی صاحب نے اُنکا شکریہ ادا کیا اور قابل قدر نصیحتین کین- اسکے علاوہ ایک جلسہ ۲۳ سپٹمبر کی صبح کو مرادآباد مین باہتمام حاجی مولوی سید امداد علیخانصاحب ڈپٹی کلکٹر منعقد ہوا جسمین بہت سی یورپین و ہندوستانی رئیس وکیل اور عہدہ دار شریک تھے اس جلسہ مین حاجی مولوی امداد علیخانصاحب نے ایک پُرزور اسپیچ دی تھی- اس جلسہ کا حال انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ یکم اکتوبر ۱۸۸۱ء مین طبع ہوا ہے

۲۳ ستمبر کی شام کو علیگڈھ پہنچے اور وہانکی سب جی کا جائزہ لینے کے بعد ۲۰ نومبر ۱۸۸۱ء کو علیگڈھ اور بلند شہر کے رئیسون نے علیگڈھ انسٹیٹیوٹ ہال مین آپکی خیر مقدم کی تقریب مین دعوت کا جلسہ منعقد کیا۔ اس جلسہ مین حاجی محمد اسمعیل خانصاحب اور حاجی محمد مصطفی خانصاحب نے تقریرین کین جنمین مولویصاحب کے علی گڈھ منتقل ہونے پر اظہار مسرت کیا گیا۔ اِن تقریرون کے جواب مین مولویصاحب نے حاضرین جلسہ کی عنایتون اور مہربانیون کا شکریہ ادا کیا۔

سر آکلنڈ کالون سے رابطہ اتحاد

جب آپ مراد آباد مین صدر الصدور تھے اُسی زمانہ مین مسٹر کالون جو بعدمین سر آکلنڈ کالون اور لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی ہوئے ضلع بجنور کے مجسٹریٹ تھے سرکاری طور پر وہان دونون مین تعلقات شروع ہوئے جو بڑھتے بڑھتے ذاتی اعتماد۔ بھروسہ اور گہری دوستی کی حد تک پہنچ گئے یہ تعلقات نہ صرف مسٹر کالون ہی کی ذات تک محدود تھی بلکہ اُنکے تمام خاندان سے مثل آنریبل مسٹر بیرٹ کالون۔ مسٹر ایلیٹ کالون۔ سر والٹر کالون وغیرہ سے بھی دوستانہ تعلقات قائم تھے۔

یورپین عہدہ دارون پر سرسید کی قابلیت کا اثر

سرکاری کام کی حیثیت سے جن یوروپین عہدہ دارون سے آپکو سابقہ پڑا یا واسطہ رہا تھا اُنکے دلون کو آپنے اپنی ذاتی قابلیت کی وجہ سے مسخر کر لیا تھا اور اپنے دوسرے ہم رتبہ عہدہ دارونسے بڑھکر آپ نے اپنی قابلیت و کاردانی کی اُنسے داد لی۔ چنانچہ ایک موقع پر ہائیکورٹ الہ آباد نے ایک مراسلہ مین

لوکل گورنمنٹ کے حضور مین آپکی تعریف بدین الفاظ کی تھی کہ "ہائیکورٹ کی رائے مین مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب ممالک مغربی وشمالی کے نہایت قابل ولائق جوڈیشل افسرونمین سے ہین" آپ نے صدرالصدوری کے فرائض اسطرح پر انجام دیئے کہ آپ ایک معتبر جج اور عمدہ قانون دان تسلیم کیے جانیکے علاوہ زود فہم اور جلد فیصلہ صادر کرنیوالے بھی مانے گئے۔

پایونیر کی رائے۔

اخبار پایونیر مورخہ ۲۸ ستمبر ۱۹۰۷ء لکھتا ہے کہ "آپ کا تمام مدت تک بطور ایک اعلیٰ سب آرڈینیٹ جج کے مشہور رہیگا اور جس خوبی سے وہ اپنی عدالت کے مقدمات نبٹاتے رہتے تھے وہ بھی مدتون یاد رہیگی"۔

جب آپ مصر سے خاص کام انجام دیکر جسکا ذکر آگے کیا جائیگا واپس تشریف لائے تو آپکو سر الفرڈ لائل کی لفٹنٹ گورنری کے عہد مین سب ججی کے عہدہ سے ڈسٹرکٹ ججی اور پھر سشن ججی پر ترقی دیگئی اور دونو عہدہائے جلیلہ کے اہم فرائض آپ نے یکے بعد دیگرے ضلع رائے بریلی مین تقریباً آٹھ سال یعنے پنشن لینے تک نہایت تعریف کے ساتھ انجام دیے۔

آپکے اس تقرر پر دیسی اور یوروپین دوستون نے اظہار مسرت وطمانیت کیا لارڈ رپن نے بھی ولایت سے اس تقرر پر اظہار مسرت فرمایا چنانچہ اُن کی چٹھی ذیل مین درج کیجاتی ہے:-

۳ نومبر ۱۸۹۲ء

محب من!

لارڈ ریپن بہادر نے مجھے یہ ہدایت فرمائی ہے کہ آپکو لکھا جائے اور اظہار شکریہ کیا جائے بجواب آپکی چٹھی مورخہ ۳۰ اگسٹ کے۔ اور یہ بھی تحریر کیا جاوے کہ وہ اس بات کے سُننے سے بہت خوش ہین کہ آپ سشن جج مقرر ہوے حضور ممدوح آپکی مہربانی آمیز مبارکباد کے بہت ممنون ہین۔

مین ہون آپکا دوست صادق

جے۔ ایس کوئین لین

کلکتہ کے اخبار انڈین یونین نے محض بربنا تعصب آپ کے تقرر جی پر جونکتہ چینی کی تھی اسکا مدلل اور پُرزور جواب ایک یوروپین نے لکھکر اُسے ساکت کر دیا تھا۔ اس مضمون کا ترجمہ علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۱۱ اپریل ۱۸۸۵ء مین شایع ہوا تھا۔

کتب قانونی سمجھنے کے لایق آپکو کافی انگریزی آتی تھی تاہم یہ کہا جاسکتا ہی کہ ممالک مغربی وشمالی واودھ مین آپ ہی پہلے شخص تھے جو ولایت مین یا انگریزی تعلیم پائے بغیر اس عہدہ پر مامور کیے گئے تھے۔

علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۵ اپریل ۱۸۸۵ء مین مولوی صاحب کی سب ججی سے رائے بریلی کی ڈسٹرکٹ ججی پر روانہ ہونیکا حال تفصیل سے

لکھا گیا ہی جسکے دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہی کہ آپ نے ۱۸ر اپریل ۱۸۸۵ء کو سب ججی علیگڈھ کا جائزہ رائے الیسری پرشاد کے حوالہ کیا۔ دوسرے روز علیگڈھ کی ہندو مسلمان وکلاء کی جانب سے مولوی صاحب کو الوداعی دعوت دیگئی جسمین نہایت گرمجوشی کیساتھ جام صحت پیے گئے اور وکلا نے خوب خوب تقریرین کین۔ پھر ۲۱ اپریل کو انسٹیٹیوٹ ہال مین ضلع علی گڈھ اور بلند شہر کے روسا کی جانب سے آپ کو ڈنر دیا گیا جسمین تقریباً ۳۰ یوروپین اور ہندوستانی جنٹلمین شریک تھے ۲۲ر اپریل ۱۸۸۵ء کو مولویصاحب علیگڈھ سے لکھنو روانہ ہوئے۔ اسٹیشن پر آپ کی مشایعت کیلیے بہت سے عہدہ دار و معززین موجود تھے۔

تمغہ خطاب کا ملنا۔

جب آپ لکھنؤ مین تشریف فرما ہوئے تو ۲۸ر اپریل ۱۸۸۵ء کو نواب لفٹنٹ گورنر بہادر نے ایک خاص جلسہ مین آپ کو سی۔ ایم۔ جی کا تمغہ عطا فرمایا۔ اس جلسہ مین جوڈیشل کمشنر اور صاحب کمشنر انگریزی اور ہندوستانی خاص خاص عہدہ دار نیز وکلا اور اودھ کے تعلقدار شریک تھے۔ مولویصاحب موصوف نے ایک فصیح معنی خیز و مختصر ایڈریس مین حضور ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند اور نواب لفٹنٹ گورنر بہادر کا شکریہ ادا کیا۔

اودھ کمیشن کی طرف سے ڈنر۔

اُسی روز شام کو قیصر باغ کی بارہ دری مین اودھ کمیشن کے ہندوستانی عہدہ داروں وکیلون اور ہندو و مسلمان روسا نے مولویصاحب کو پُرتکلف جلسہ ڈنر دیا جسمین یوروپین اور ہندوستانی دونو بُلائے گئے تھے اور شاہزادۂ مرزا سلیمان قدر بہادر

سابق شاہ اودھ کے بھائی اس جلسہ کے چیرمین بنائے گئے تھے۔
منشی صفدر حسین خانصاحب تعلقدار و سب جج ہردوئی اور مولوی سید فرید الدین احمد خان بہادر سب جج نے تقریرین کین۔ ان دونون صاحبون نے مولویصاحب کی اُن لیاقتون کا ذکر کیا جسکی وجہ سے گورنمنٹ نے ڈسٹرکٹ ججی کے لیے اُن کا انتخاب کیا تھا۔ جنکا جواب مولوی صاحب نے ایک فصیح اسپیچ مین دیا۔ یہ سب حالات مفصل طور پر علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۸۔ اپریل ۱۸۸۵ء اور غالباً اودھ اخبار لکھنؤ مین بروقت چھپے تھے۔

انجام دہی فرائض۔ غرض آپنے اس خدمت کے فرائض نہایت لیاقت کیساتھ انجام دیے آپ کے فیصلونکو قانون دان اصحاب اور ہائیکورٹ کے جج بڑی وقعت کی نظر سے دیکھتے اور آپکی قانونی لیاقت و معلومات کا اعتراف کرتے تھے۔
سشن جج کی حیثیت سے تین اضلاع کے یوروپین ڈپٹی کمشنر و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور جملہ ہندوستانی عہدہ دار آپکے تحت مین تھے۔

حصول پنشن۔ باوجود اسکے کہ آپکے دماغی و جسمانی قوی ابھی بہت اچھے تھے اور اگر آپ چاہتے تو عرصہ تک اپنی خدمت پر رہ سکتے تھے لیکن آپ نے زندگی کے بقیہ دن یاد خدا مین بسر کرنے اور ماتحت عہدہ دارونکی ترقی نہ رہ کنے کے خیال سے ۱۵ نومبر ۱۸۹۲ء کو وظیفہ لیکر خدمت سے علحدگی اختیار فرمائی۔ اُسی مہینہ مین آپکی قدیم عنایت فرما سر آکلنڈ کالون بہادر لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی بھی وظیفہ

لے کر ولایت جانیوالے تھے اسلیے آپ اُنسے ملاقات کرنے اور اُنکو الوداع کہنے کیلیے ۱۶ نومبر ۱۸۹۲ء کو الہ آباد تشریف لے گئے۔

آپکی علیحدگی پر گفٹنٹ گورنر کا تاسف

سر آکلنڈ کالون نے آپکی خدمت سے کنارہ کشی اختیار کرنیکا ارادہ سُنکر اظہار تاسف کیا تھا اور ایک چٹھی مین آپ کو لکھا تھا کہ "مجھے معلوم نہ تھا کہ آپ اتنی جلدی خدمت سے کنارہ کش ہونا چاہتے ہین لیکن ایک زمانہ دراز تک قابلِ قدر خدمات کی انجام دہی کے بعد آپنے آرام پانیکا استحقاق پیدا کرلیا ہی"۔ چنانچہ چٹھی مذکور کی نقل یہ ہی:-

گورنمنٹ ہاؤس۔ نینی تال

۲۶ ستمبر ۱۸۹۲ء

لفٹنٹ گورنر کی چٹھی

"مائی ڈیر سمیع اللہ خان

آپکی چٹھی مورخہ ۲۳ ستمبر موصول ہوئی۔ کاغذات کے پہنچتے ہی مین آپ کی درخواست پنشن کا تصفیہ کردونگا۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ آپ اتنی جلدی خدمت سے کنارہ کش ہونا چاہتے ہین۔ لیکن آپ نے بہت برسونکی قابل قدر خدمت کے بعد آرام پانیکا استحقاق پیدا کرلیا ہی۔

شرح دستخط

اے۔ کالون

پایونیر کا ایک نوٹ

پایونیر مورخہ ۱۲ اپریل ۱۸۹۸ء لکھتا ہی کہ "یہ عجیب اتفاق کی بات ہی کہ جسطرح آپ کی اور سر آکلنڈ کالون کی آفیشل زندگی کا ایک ہی زمانہ مین خاتمہ ہوا تھا

اسیطرح آپ دونو کو سفر آخرت بھی قریب ہی زمانہ مین پیش آیا چنانچہ علی گڈھ کالج ان دونو کی تعزیت مین ایک ہی دن بتاریخ ۹ اپریل ۱۹۰۸ء بند کیا گیا۔

آپکی علیحدگی پر عموماً اظہار افسوس۔

آپ نے اپنی ملازمت کا زمانہ نہایت عزت و وقعت اور ہر دلعزیزی کیساتھ بسر کیا۔ اور جب عام طور پر یہ معلوم ہوا کہ آپ خدمت سے کنارہ کشی کرنیوالے ہین تو اس کے متعلق عموماً اظہار رنج و افسوس کیا گیا اور آپکی خدمات کا ملک کے نامی گرامی اخبارون مین موثر طریق پر اعتراف کیا گیا۔

آپکی علیحدگی پر یا لیوبر کی رائے

چنانچہ ۱۶ نومبر ۱۸۹۲ء کے پایونیر مین آپکے وظیفہ پر علیحدہ ہونیکے متعلق مندرجۂ ذیل نوٹ لکھا گیا:-

"صوبۂ ہذا کے صیغۂ عدالت کو اس ہفتہ مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب سی ایم۔ جی۔ سشن جج رائے بریلی کے وظیفہ پر علیحدہ ہونیسے سخت نقصان پہنچیگا جو بیس سال کی ملازمت کے بعد اب اپنی خدمت سے کنارہ کشی کرنیوالے ہین۔ سب ججی کی حیثیت سے خدمت شروع کرکے آپ تھوڑے ہی عرصہ مین تمام سب ججون سے سبقت لیگئے تھے۔ اور جسوقت لارڈ نارتھ بروک کو اپنے ساتھ ایک ہندوستانی کو مصر لیجانیکی ضرورت ہوئی تو اُسکے لیے آپ ہی کا انتخاب ہوا تھا۔ آپنے مصر مین بڑی عمدگی سے کام کیا اور وہانسے واپس آنے پر پہلے ہی وہلہ مین آپکو سر الفرڈ لائل نے اودھ کی ججی کے لیے منتخب فرمایا۔ صوبۂ ہذا کے بہت سے مسلمانون کا نام لینا جو بلحاظ قابلیت و خصوصیات آپکی

جانشینی کیلیے موزون سمجھے جاسکین اسوقت آسان کام نہ ہوگا"۔

ضلع رائے بریلی کو انکی مفارقت کا افسوس۔

خاصکر ضلع رائے بریلی مین آپکی جدائی پر بالعموم اظہار رنج وقلق کیا گیا تھا اور آپکے اعزاز مین دیسی اور یوروپین اصحاب نے مختلف پارٹیان دی تھین چند پارٹیون کا ذکر مارننگ پوسٹ مورخہ ۲۲ نومبر ۱۸۹۲ء سے اخذ کرکے ذیل مین درج کیا جاتا ہے :-

شہزادہ شہدیو سنگھ کیطرف سے الوداعی ڈنر۔

پرنس شہدیو سنگھ نے جو سکھونکی شہزادے اور رائے بریلی مین سکونت پذیر تھے آپ کو الوداعی ڈنر دیا تھا جسمین ضلع رائے بریلی کے کل عدالتی عہدہ دار مدعو کیے گئے تھے۔ یہ ڈنر ۱۱ نومبر کی شب کو ہوا تھا۔

وکلا، بریلی کیطرف رخصتی ضیافت

۱۲ نومبر ۱۸۹۲ء کو آپکے آنریبن وکلا، رائے بریلی کی طرف سے مسٹر ڈی۔ سی بیلی ڈپٹی کمشنر رائے بریلی کی کوٹھی پر پرتکلف ڈنر دیا گیا تھا جسمین ضلع کے عہدہ دار وکلا رؤسا شریک تھے۔ ۱۴ نومبر کو سہ پہر کے وقت مقامی عہدہ داران ہندوستانی کیطرف سے پارٹی دیگئی

ڈپٹی کمشنر کیطرف سے رخصتانہ برکفاسٹ

۱۵ نومبر ۱۸۹۲ء کو مسٹر ڈی۔ سی۔ بیلی ڈپٹی کمشنر رائے بریلی نے آپ کو وداعی ضیافت دی تھی۔

رانی صاحبہ تلوئی کیطرف سے دعوت۔

سب کے اخیر مین مگر نہایت پرتکلف دعوت رانی صاحبہ تلوئی کی جانب سے رائے بریلی کے ٹاون ہال مین ہوئی تھی جسمین تمام یوروپین اور ہندوستانی عہدہ دار شریک تھے۔ اور روشنی و آتشبازی کا عمدہ طور پر انتظام کیا گیا تھا۔

تفویض جائزہ

۱۵ نومبر ۱۸۹۲ء کو مسٹر جے۔ ایس ہنا گن J. S. Hannagan کو

آپ نے اپنی خدمت کا جائزہ دیدیا۔

الہ آباد کو روانگی۔

جائزہ دینے کے دوسرے ہی روز یعنے ۱۶ نومبر ۱۸۹۲ء کو آپ راے بریلی سے براہ فتح پور الہ آباد روانہ ہو گئے۔

سرکار مین اعزاز و رسوخ

آپکا سرکار مین اسقدر اعزاز و رسوخ تھا کہ آپ مسلمانان ہند کے دیگر سربرآوردہ قائم مقامونمین سے ایک تسلیم کیے جاتے تھے اور سرکاری دعوتون جلسون اور درباروں مین آپکو دعوتِ شرکت دیجاتی تھی۔

دربار وغیرہ کی شرکت۔

چنانچہ ۱۸۷۶ء مین ملک معظم قیصر ہند کی شہزادگی ویلز کے زمانہ مین آپ کی تشریف آوری ہندوستان کی تقریب مین جو دربار لیوی ۲۶ جنوری ۱۸۷۶ء کو آگرہ مین ہوا تھا اُسمین اور جو دربار دہلی مین منعقد ہوئے اُنمین اور نیز دہلی کے دربار قیصری جو ۱۸۷۷ء مین منعقد ہوا تھا۔ آپکو شرکت کا فخر بخشا گیا تھا اور آپ کو دربار آخر الذکر مین سند بھی عطا ہوئی تھی اسکے علاوہ اور سب درباروں اور لیویز مین وقتاً فوقتاً شریک ہوا کیے۔ یہانتک کہ یکم جنوری ۱۹۰۳ء کو بمقام دہلی لارڈ کرزن وائسرائے ہند نے جو ملک معظم قیصر ہند کی تاجپوشی کا دربار منعقد کیا تھا اُسمین بھی آپ کو شریک ہونیکا اعزاز حاصل ہوا تھا۔ ماوراء اُنکے وقتاً فوقتاً جو جلسے اور پارٹیان ہوتی رہتی تھین اُنمین بھی آپ شریک کیے جاتے تھے چنانچہ جناب ملکہ معظمہ قیصر ہند وکٹوریہ آنجہانی کی جوبلی پنجاہ سالہ و جوبلی شصت سالہ کے سرکاری جلسون مین بھی آپ شریک کیے گئے تھے اور جوبلی آخر الذکر کے موقع پر آپ اُس ڈیپوٹیشن مین

بھی شریک تھے جو شملہ پر ہندو مسلمانوں کی جانب سے متفقہ طور پر حضور وائسرائی کیخدمتمیں
لغرض ادائی تہنیت حاضر ہوا تھا۔

بعض متفرق دعوتی جلسوں کی فہرست درج کیجاتی ہے جنمیں مولوی صاحب مدعو کیے
گئے تھے۔ لیکن یہ غیر مکمل ہے۔

دربارونکی فہرست۔

۱۔ ہز رائل ہائینس پرنس آف ویلز کی لیوی بمقام آگرہ۔	۲۶ جنوری ۱۸۷۶ء
۲۔ جلسہ عطائے سند دربار قیصری دہلی۔	یکم جنوری ۱۸۷۷ء
۳۔ دربار لفٹنٹ گورنر بمقام آگرہ	۱۰ فبروری ۱۸۷۹ء
۴۔ دعوت جلسہ بال وائسرائے بتقریب سالگرہ ملکہ معظمہ	یکم جون ۱۸۹۳ء
۵۔ دربار لیوی وائسرائے۔	۲۴ مئی ۱۸۹۳ء
۶۔ جلسہ بال وائسرائے بتقریب سالگرہ ملکہ معظمہ۔	۳۱ مئی ۱۸۹۴ء
۷۔ مارشنس آف لینسڈون جلسہ بال بمقام وائسریگل لاج شملہ۔	۱۰ اگست ۱۸۹۴ء
۸۔ وائسرائے کا دربار لیوی بمقام آگرہ۔	۲۵ اکتوبر ۱۸۹۵ء
۹۔ مارشنس آف لینسڈون جلسہ بال بمقام وائسریگل لاج شملہ	۱۳ جولائی
۱۰۔ دعوت ڈنر لفٹنٹ گورنر پنجاب بمقام بارنس کورٹ شملہ	۲۵ جولائی
۱۱۔ ایوننگ پارٹی منجانب لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی بمقام گورنمنٹ ہاؤس۔	۴ جنوری
۱۲۔ ایوننگ پارٹی بتقریب ڈائمنڈ جوبلی	۲۲ جون ۱۸۹۷ء

باب پنجم

قومی تعلیم اور رفاہ عام کے کامون سے دلچسپی اور صلح کل مسلک

حب قومی

مسلمانانِ ہند کو آپ سے زیادہ گرویدگی اس وجہ سے تھی کہ آپ مسلمانونکی حرمان نصیب قوم کا درد اپنے دلمین رکھتے تھے اور آپ اس قوم کو قعر نکبت اور تاریکی جہالت سے نکالنے کی دھن مین ہمیشہ لگے رہتے تھے۔

عربی مدرسہ کا قیام

چونکہ مولوی صاحب کو اول تو خود ہی علوم عربی کی تعلیم کا بہت شوق تھا۔ دوسرے یہ بات بھی آپ کے مرکوز خاطر تھی کہ عامۃ المسلمین مین عربی درس و تدریس کا رواج ہو چنانچہ بمقام دہلی تقریباً ۱۸۶۲ء مین ایک بڑی شان کا مدرسہ جاری کیا تھا۔

مدرسین کا تقرر

مولوی سدید الدین خانصاحب جو کلکتہ کے مدرسہ مین رئیس المدرسین کی خدمت پر مامور تھے اور پنشن لیکر دہلی چلے آئے تھے بمشاہرہ سو روپیہ ماہوار اس مدرسہ کے مدرس اول مقرر کیے گئے۔ انکے علاوہ مدرس دوم ایک فاضل اجل مولوی محمد علی صاحب اور ایک دوسرے مدرس مولوی محمد احمد صاحب مقرر کیے گئے۔ یہ سب کے سب صاحب تقوی اور دیندار تھے۔

مدرسہ کے واسطے نواب امین اللہ خان عرف امو جان نے اپنا ایک عالیشان مکان اول بلاقی بیگم کے کوچہ مین بے کرایہ دیا اور پھر دریا گنج مین

ایک حویلی بلا کرایہ دی۔

مصارف مدرسہ

اس مدرسہ مین کئی جلسے بڑی دھوم دھام کے ہوئے جنمین مولویصاحب نے فصیح و بلیغ تقریرین کین۔ اس مدرسہ کا خرچ دوسو روپیہ ماہوار کے قریب تھا اور اُسکا انتظام چندہ سے تجویز کیا گیا تھا مگر چندہ کی رقم کم وصول ہوتی تھی اور اسکے اخراجات کا بار زیادہ مولوی صاحب ہی کو برداشت کرنا پڑتا تھا جب مولوی سدیدالدین خانصاحب ریاست رامپور مین وہان کے مدرسہ کے انتظام و نگرانی کیلیے طلب کر لیے گئے تو اُنکے چلے جانے سے منتہی طلبہ کی تعداد کم ہوگئی۔ اس مدرسہ کے طالب علمون مین سے محمد عمر نامے ایک طالب علم منطق و فلسفہ مین ایسا ماہر تھا کہ مناظرہ مین اُس سے کوئی بازی نہین لیجاسکتا تھا۔

شروع مین امید کی گئی تھی کہ اس مدرسہ کے لیے ریاست الور سے نواب امین اللہ خان کے ذریعہ سے جو وہان وزیر تھے کوئی معقول امداد مقرر ہوجائیگی لیکن یہ امید بر نہ آئی۔ اور اہل شہر سے بھی کوئی شخص ایسا نہ نکلا جو اسکی کفالت کرتا۔ دہلی کے آدمیون کو تو تحصیل علم کا مطلق شوق نہ تھا۔ پردیسی طلبہ اسمین آکر پڑھتے تھے چونکہ غدر کے بعد اہل دہلی کو ایسا مقدور نہ باقی رہا تھا کہ وہ اب بھی پہلے کی طرح اُن کی گزراوقات کا انتظام کرتے اسلیے باہر سے بھی طلبہ کا آنا بند ہوگیا اور مولوی صاحب کو بھی بوجہ پیشۂ وکالت زیادہ تر آگرہ مین قیام کرنا ہوتا تھا۔ ان تمام اسباب کے جمع ہوجانے سے یہ مدرسہ بالآخر تقریباً

۱۸۶۸-۹ء مین بند ہوگیا۔

مدرسۃ العلوم علیگڈھ کے قیام مین کوشش اور اعانت۔

مولوی سید احمد خانصاحب کے دل مین ایک عرصہ سے مسلمانون کی اعلیٰ تعلیم کے لیے عمدہ اور قابل اطمینان انتظام کرنیکی خواہش موجزن تھی۔ مولویصاحب نے اُنکے خیال کی تائید کرکے اس کوشش مین اُنکا پورے طور پر ساتھ دیا اور اپنی نیک و مفید مشورون سے اُنکی ہمت بندھوائی۔ اس مقصد کے حاصل کرنیکے لیے سید احمد خانصاحب نے جو صدر کمیٹی بنارس مین قائم کی تھی ۱۳ اگست ۱۸۷۳ء اور ۱۲ دسمبر ۱۸۷۳ء کو علیگڈھ مین اُسکی سب کمیٹی کے اجلاس منعقد ہوئے جسکے سکرٹری مولوی صاحب تھے اور ان اجلاسون مین بلند شہر اور علی گڈھ کی بہت سے سربرآوردہ اور معزز حضرات شریک تھے۔ ان مین مولوی صاحب نے تقریرین کین اور اُن تقریرون مین مدرسۃ العلوم مجوزہ کے ماتحت مدرسہ جاری کرنے کی تحریک کی چنانچہ اجلاس آخر الذکر مین آپ نے فرمایا تھا کہ "مدرسۃ العلوم کی مخالفت روز بروز بڑھتی جاتی ہے اسکے رفع کرنیکی کوئی تدبیر اس سے بہتر نہین کہ ایک ماتحت مدرسہ بطور نمونہ کے علیگڈھ مین قائم کیا جائے جسکے طریقۂ تعلیم سے لوگون پر ظاہر ہوجائے کہ جو تعلیم صدر کمیٹی بنارس نے تجویز کی ہے وہ کسی طرح اصول اسلام کے برخلاف نہین ہے"۔ آپکی یہ تجویز بالاتفاق پسند کی گئی۔ اور اس جلسہ مین جو بعض علماء اہل اسلام شریک تھے اُنھون نے اُس طریقۂ تعلیم کی نسبت جو مولوی صاحب نے اُس جلسہ مین بیان فرمایا تھا تسلیم کیا کہ خلاف شرع

نہین ہے۔ چنانچہ اسکا نیک نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ بمقابلہ اور سب کمیٹیون کے اس جلسہ مین چندہ زیادہ مقدار مین لکھا گیا سب کمیٹی کی اس تجویز کو صدر کمیٹی بنارس نے پسند کرکے مولوی صاحب سے درخواست کی جو اُس زمانہ مین علیگڈھ کے سب جج تھے۔ کہ علیگڈھ مین مدرسہ ماتحت جاری کیا جائے۔ مولوی صاحب نے قیام مدرسہ کے متعلق صدر کمیٹی کے مقاصد کو نہایت کوشش اور جانفشانی سے انجام دیا۔ بالآخر مولویصاحب کی سعی مشکور ہوئی اور ۲۴ مئی ۱۸۷۵ء کو جو ملکہ معظمہ کی سالگرہ کا دن تھا ایک جلسہ مین جو بصدارت مولوی محمد کریم صاحب ڈپٹی کلکٹر علیگڈھ و رئیس محمد آباد ضلع اعظم گڈھ منعقد ہوا تھا مدرسہ کے افتتاح کی رسم ادا کیگئی اس موقع پر مولوی سید احمد خان صاحب بھی بنارس سے تشریف لائے تھے۔

مدرسہ کے افتتاح کے بعد یکم جولائی ۱۸۷۵ء سے اسمین جماعت بندی کے ساتھ تعلیم بھی شروع ہوگئی۔

سید صاحب کا پہلا لاہور کا سفر

سید احمد خانصاحب نے مدرسۃ العلوم کو ترقی دینے اور اُسکو کامیاب بنانیکے لیے زندہ دلان پنجاب سے مدد و اعانت حاصل کرنے کی غرض سے لاہور کا جو پہلا سفر ۱۸۷۴ء مین کیا تھا اُسمین سید محمود صاحب۔ خواجہ محمد یوسف صاحب وکیل میر ظہور حسین صاحب وکیل۔ سید زین العابدین صاحب۔ مرزا عابد علی بیگ صاحب وغیرہ کے علاوہ آپ بھی مع اپنے فرزند حمید اللہ خانصاحب کے اُن کے ہم سفر تھے۔

چونکہ قیام مدرسۃ العلوم کے زمانہ مین آپ علیگڈھ مین سب جج کی حیثیت سے تشریف رکھتے تھے اور آپ کی پابندی شرع اور حسن اخلاق و نیک سیرتی کی باعث عامۃ المسلمین پر آپ کا بہت اچھا اثر تھا اسلیے سید احمد خانصاحب نے مدرسۃ العلوم کے لیے علیگڈھ کو منتخب فرمایا تھا اور حق یہ ہے کہ قیام مدرسۃ العلوم کے متعلق آپ سے جسقدر مدد و امداد پہنچنے کی توقع تھی اُس سے بڑھکر آپ نے اُسمین مدد و اعانت فرمائی۔

قیام مدرسہ کی تجویز کا پہلا اجلاس

جو لوگ مدرسۃ العلوم کی ہسٹری سے واقف ہین وہ اس سے انکار نہین کرسکتے کہ آپنے قیام مدرسہ کی تجویز سوچنے کی غرض سے پہلا جلسہ باوجود عام مخالفت کے علیگڈھ مین اپنی کوٹھی پر منعقد فرمایا تھا اور آپ کے ایسا کرنیسے بہت سی مخالفانہ خیال کے لوگون کے خیالات کی اصلاح ہوگئی تھی۔

مختصر یہ ہے کہ اگر ابتدا مین سید صاحب کو آپسے مدد نہ ملتی تو وہ قیام کالج کی متعلق اپنے ارادہ مین ایسی نمایان کامیابی حاصل نہ کرسکتے۔ فی الحقیقت یہ آپ ہی کی مدد اور کوشش تھی جس نے ایک ایسا کالج قائم کرنے مین سید صاحب کو جلد کامیاب کیا جسکی نظیر اسوقت ایشیا بھر مین نہین ہی۔

آپکی سعی و امداد کا سید صاحب کو اعتراف

سید صاحب خود مولویصاحب کی مدد و امداد اور سعی و کوشش کے تہدل سے معترف تھے چنانچہ ۱۸۷۵ء مین سر ولیم میور لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی کی خدمت مین جو اڈریس اُنکی تشریف فرمائی مدرسۃ العلوم ہونیکے موقع پر

پیش کیا گیا تھا اُس مین سید صاحب نے نہایت صاف دلی سے مولویصاحب کی نسبت یہ ارشاد فرمایا تھا کہ:-

"کمیٹی کی جانب سے مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب کا شکریہ ادا کرنا مجھ پر لازم ہے یہ حقیقت مین مولوی صاحب ہی کی کوشش اور توجہ تھی جس سے کمیٹی کو اس کالج کے قائم کرنے مین کامیابی ہوئی۔ اگر مولویصاحب کالج کا انتظام اپنے ذمہ نہ لیتے اگر مولویصاحب بورڈنگ ہاؤس کے انتظامی اور تعلیمی امور کی نگرانی نہ کرتے تو کالج کا اتنی جلد کھلنا ممکن نہ تھا"

آپکی نسبت سر ولیم میور کے حوصلہ افزا الفاظ۔

اس اڈریس کے جواب مین سر ولیم میور نے جو تقریر فرمائی تھی اُسمین اُنھون نے آپ کا ذکر ان حوصلہ افزا الفاظ مین کیا تھا:-

"مولوی[1] سمیع اللہ خانصاحب سب جج علیگڈھ دل وجان سے کالج کی ترقی مین ساعی ہین اور کالج نے اسقدر جلد جو ترقی کی ہے اُسمین بڑی حد تک آپ ہی کی سعی و کوشش شریک ہے"

قیام مدرسۃ العلوم کے متعلق آپکی خاص کوشش کا ذکر

۱۸۷۷ء مین علیگڈھ کالج کے سالانہ جلسہ کے موقع پر سید صاحب نے کالج کی متعلق جو رپورٹ پڑھکر سُنائی تھی اُس مین اُنھون نے آپ کے متعلق ارشاد فرمایا تھا کہ:-

"جس کالج کی رپورٹ آپ حضرات کو پڑھکر سنائی گئی ہے یہ مولوی سمیع اللہ خانصاحب کی

[1] دیکھو انگریزی لایف سید احمد خان مصنفہ کرنل گریہم کا صفحہ ۲۵۸۔

مستقل ارادہ اور صحیح رائے کی بدولت قائم ہوا ہی۔ کالج فنڈ کمیٹی جس کے ممبر مولوی سمیع اللہ خان بھی تھے اور جس نے مدرسۃ العلوم کے قائم کرنیکا منصوبہ باندھا تھا اُسکی یہ رائے تھی کہ جب تک کافی رقم (۱۵ لاکھ روپیہ) جمع نہ ہوجائے اُسوقت تک مدرسہ یا کالج نہین جاری ہوسکتا۔ اس رائے سے مولویصاحب نے اختلاف فرمایا اور جب کہینے اس اختلاف کی پروا نہین کی تو اُنھون نے مخصوص فیاضی سے کام لیکر ایک فہرست چندہ کھولی اور اپنے پہلے چندہ کے علاوہ اسمین بھی ایک ہزار روپیہ سے چندہ مین شرکت کی۔ اور اسطرح پر جب روپیہ جمع ہوگیا تو اُنھون نے مدرسۃ العلوم قائم کردیا"۔

خیرات کالج کی معتمدی اور ڈ ۔ کا شکریہ

۸ نومبر ۱۸۸۴ء مین ہز اکسلنسی لارڈ ریپن وائسرائے کشور ہند نے کالج فنڈ کمیٹی کی اڈریس کے جواب مین جو تقریر فرمائی تھی اُسمین اُنھون نے آپکی نسبت ارشاد فرمایا تھا کہ "صاحبو کالج ہذا کو مختلف طریق سے جو مدد مولوی سمیع اللہ خانصاحب سے پہنچی ہے اُسکا حال مجھے بھی معلوم ہوا ہی۔ اُنھون نے کالج کی جو خدمات انجام دی ہین اُنکے لیے اُنکا شکریہ مین اپنی طرف سے اور نیز تمام حاضرین کی جانب سے ادا کرنے کا یہ موقع پاکر بہت خوش ہون"۔

علیگڈھ کالج آپکی احسانات کا ... حال ہی معترف ہے

ان شہادتون کے علاوہ علیگڈھ کالج کے در و دیوار زبان حال سے اس بات کی شہادت دے رہے ہین کہ مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب نے کالج پر وہ احسانات کیے ہین جنکے شکریہ سے مدۃ العمر قوم عہدہ برآ نہین ہوسکتی

آپکے نام کے اُن متعدد کتبون سے جو علیگڈھ کالج کے مختلف مقامات پر منقوش ہین ذیل کا کتبہ ناظرین کی آگاہی کے لیے درج کیا جاتا ہے :-

علیگڈھ کالج مین آپکے نام کا کتبہ

"ترقی خواہان قوم اگرچہ از چند سال درپے قیام این مدرسہ کہ دریعہ سود و بہبود قومی است و بجہت تعلیم و تربیت اطفال نعمت غیر مترقبہ صرف ہمت مبکردند۔ مگر اجرائی آن بجز تاخیر می افتاد۔ جناب مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب بہادر رئیس دہلی جرأت و ہمت را بکار بردند و بتاریخ بست و چہارم مئی ۱۸۷۵ء کہ روز عید سالگرہ ملکہ معظمہ وکٹوریہ قیصر ہند بود این مدرسہ را اجرا فرمودند۔ تمامی ممبران کمیٹی مدرسۃ العلوم متشکور و ممنون شان بودہ اند و باظہار شکرگزاری خود ہا این لوح را نصب مینمایند و این منزل را بنام نامی جناب ممدوح موسوم می سازند"

اسماء معاونین مدرسہ۔

سید صاحب کے حالات زندگانی مصنفۂ کرنل گریہم (بزبان انگریزی) کے صفحہ ۴۰۷ پر لکھا ہے کہ :-

"لکچر کے کمرہ کی چار دیواری پر سنگ مرمر کی چار سلین نصب ہین جنمین سے دو پر کالج کے بہت بڑے معاونین کے نام کندہ ہین اور دو لوحین کالج کے آنیوالے محسنون کے لیے چھوڑ دیگئی ہین۔ جن چار حضرات کے نامون کا یہان ذکر کیا گیا ہے یہ ہین :-

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سی۔ ایم۔ جی جو لارڈ نارتھ بروک کیساتھ مصر تک گئے تھے اور سید احمد خان کے قوت بازو تھے۔

راجہ سید باقر علیخان۔ سی۔ آئی ای ایک ذی مرتبت شیعہ۔
کنور لطف علیخان ایک معزز راجپوت خاندان کے ممبر جو کئی پشتون سے دائرہ اسلام مین داخل ہو چکے ہین۔
مولوی سید مہدی علی نظام گورنمنٹ حیدرآباد کے فنانشل سکرٹری۔"

سکونتی کوٹھی

اس بات کا اظہار اس موقع پر بیجا نہ ہوگا کہ اسوقت (۱۹۰۹ء) تک جس بنگلہ مین کالج کے متعدد کلاسون کو درس دیا جاتا ہے وہ بوقت قیام مدرسہ مولوی صاحب کی رہنے کی کوٹھی تھی اور قیام مدرسہ کی تجوین سوچنے کے لیے رؤسا علیگڈھ کی جو سب سے پہلی کمیٹی منعقد کی گئی تھی وہ بھی اسی مین منعقد ہوئی تھی اور مدرسۃ العلوم کے طلبہ مین سب سے پہلے رجسٹر مین جو نام اول درج کیا گیا تھا وہ آپ کے بڑے فرزند محمد حمید اللہ خان صاحب کا تھا جو اسوقت حیدرآباد مین چیف جسٹس کے عہدہ پر ممتاز ہین۔

ایجوکیشنل کانفرنس کی صدارت

مسلمانان ہند کی تعلیم کے مسئلہ کے متعلق بمقام علی گڈھ دسمبر ۱۸۸۶ء مین محمڈن ایجوکیشنل کانگرس (جسکا نام بعد مین "محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس" سے تبدیل ہوا) کا جو پہلا جلسہ منعقد ہوا تھا اُسکی صدارت بھی آپ ہی نے فرمائی تھی۔

بورڈرون کے ساتھ بزرگانہ برتاؤ

علیگڈھ کالج کے وہ قدیم طالب علم جنکو مولوی صاحب کے انتظام واہتمام کی زمانہ مین بورڈنگ ہاؤس مین رہنے کا اتفاق ہوا ہی پورے طور پر واقف ہونگے کہ آپ بورڈرونکے ساتھ کس بزرگانہ شفقت ومحبت سے پیش آتے تھے اور انکی

دُکھ درد مین کس دلسوزی سے شریک ہوتے تھے۔ اگر احیاناً کوئی بورڈر بیمار پڑجاتا تھا تو آپ والدین سے بڑھ کے اُسکی غور و پرداخت اور دلداری فرماتے تھے۔ اپنے ہاتھ سے دوا پلاتے تھے۔ رات دن مین کئی کئی مرتبہ اُسکے پاس تشریف لیجاتے تھے اور دیر تک اُسکے پاس ٹھہرے رہتے تھے۔ المختصر آپ نے اپنی عمدہ برتاؤ اور حُسن اخلاق سے طالب علمون کے دل مُٹھی مین لے رکھے تھے بورڈرونکے دلون مین بھی آپ کی سچی وقعت و بے ریا محبت تھی۔

طلبہ کالج کے ساتھ مولوی صاحب کا برتاؤ۔

ٹرسٹی مدرسۃ العلوم ہونیسے انکار کرنیکے بعد بھی آپ کالج کے طلبہ سے عزیزانہ و بزرگانہ برتاؤ فرماتے تھے۔ جہان کہین مدرسۃ العلوم کے طالب علم آپکو مل جاتے تھے تو اُنکو دیکھکر آپ خوش ہوتے تھے۔ سُنا ہی کہ جب ۱۸۹۵ء مین آپ کو نواب سروقار الامرا مدار المہام وقت نے سرکاری طور پر دعوت دیکر حیدرآباد بُلایا تھا تو آپ نے مدرسۃ العلوم علی گڈھ کے قدیم طلبہ مقیم حیدرآباد پر بزرگانہ شفقت فرماکر اُنکو جلسۂ ایٹ ہوم مین طلب فرمایا تھا اور ہر ایک سے بڑی اخلاق اور تپاک سے ملے تھے۔ اور زمانۂ قیام علیگڈھ مین ہر روز مدرسہ کے لوگ اور طالب علم اُنسے مشورہ اور امداد کے لیے حاضر ہوا کرتے تھے۔

مدرسۃ العلوم کی ترقی مین مولوی صاحب کا خیال۔

اگرچہ مولوی صاحب اپنے انتقال سے کئی سال قبل بپابندی قواعد جدید مدرسۃ العلوم کے ٹرسٹی بننے سے دو مرتبہ انکار فرما چکے تھے لیکن حسب دستور قدیم آپ مدرسہ کو اپنے نیک اور مفید مشورون سے برابر فائدہ پہنچاتے تھے۔

مدرسۃ العلوم کے ایک سچے خیر خواہ اور دلی معاون کی طرح آپ اُن بھلے اور بُرے اثرات سے متاثر ہوتے رہتے تھے جو وقتاً فوقتاً اُس پر مترتب ہوتے تھے اُسکی ترقی و کامیابی کا حال سُنکر آپ کو جسقدر خوشی اور مسرت ہوتی تھی اُسیقدر اُسکے خلاف کوئی بات سُنکر رنج و ملال بھی ہوتا تھا۔

جب ۵ ڈسمبر ۱۹۰۷ء کو مولوی مشتاق حسین صاحب (نواب وقار الملک بہادر) مدرسۃ العلوم کے آنریری سکرٹری منتخب ہوئے تو اس سے آپ کو بے حد خوشی ہوئی تھی کیونکہ نواب صاحب وہ شخص تھے جو ۱۸۷۵ء مین جبکہ وہ متعلق ملازمت علیگڈھ مین مقیم تھے۔ قیام مدرسۃ العلوم کی ابتدائی کوششون مین نہایت مستعدی و سرگرمی سے مولوی صاحب کے شریک رہے تھے یہان تک کہ کمیٹیون کی روداد بھی خود اپنے ہاتھ سے قلم بند فرماتے تھے نواب مشتاق حسین صاحب کالج کے انتظامی امور مین ہمیشہ مولوی صاحب سے مشورہ لیتے تھے اور دونو کی پالیسی ہمیشہ ایک ہی قسم کے اسلامی اصول پر مبنی رہی۔ بس اسطرح پر کہا جا سکتا ہے کہ مولوی صاحب کا اثر اسوقت تک مدرسہ مین موجود ہے۔

میور کالج کی مسلمان طلبہ کیلئے بورڈنگ ہاؤس کا افتتاح

آپ نے الہ آباد مین اپنے بڑے صاحبزادے مولوی محمد حمید اللہ خان کی تحریک پر میور سنٹرل کالج الہ آباد کے مسلمان طلبہ کیلیے ایک بورڈنگ ہاؤس کا افتتاح سر آکلنڈ کالون لفٹنٹ گورنر وقت کے ہاتھ سے ۱۱ مارچ ۱۸۹۲ء کو کرایا۔ عدت سے

کنارہ کشی اختیار کرنیکے بعد بھی آپنے اُسکی سرپرستی نہین چھوڑی۔ آپ کے فیض توجہ سے
اس بورڈنگ ہاؤس کو نمایان ترقی ہوئی اور اُسوقت سے ابتک یہ بورڈنگ
مسلمان طلبہ کیلیے بے انتہا آرام دہ اور نہایت مفید ثابت ہوتا چلا آرہا ہی تخمیناً ستر
ہزار روپیہ کی عمارت بن چکی تھی اور تیس ہزار روپیہ کے صرف سے اب ۱۹۰۹ء مین اُسکی
توسیع ہو رہی ہی۔ اسکی دیکھا دیکھی ہندوون نے بھی میور سنٹرل کالج کے متعلق ایک بورڈنگ
ہاؤس علیحدہ قائم کرلیا ہی۔ اور دوسرے مقامات پر بھی اسی نمونہ کے بورڈنگ ہاؤس قائم ہوتے جاتے ہین

صلح کل پالیسی

جسطرح آپ ترقی تعلیم کے خواہان تھے اُسی طرح آپ اتفاق اور اتحاد کو دل سے
پسند فرماتے تھے۔ آپکا مسلک صلح کل تھا۔ آپ نہ صرف مسلمانون ہی کے
باہمی اتفاق کے خواہان اور اُسمین کوشان رہتے تھے بلکہ آپ ہندو اور
مسلمانون کے اختلاط و ارتباط مین بھی ہمیشہ بجان و دل سعی فرماتے رہتے تھے
بارہا ایسا اتفاق ہوا ہی کہ ہندو مسلمانون کے درمیان غلط فہمی سے تفرقہ پردازی
شروع ہوئی اور وہ آپکی مدبرانہ و ناصحانہ کوشش کے اثر سے بہت جلد نسیاً منسیاً
ہوکر باہمی ربط و اتحاد کی صورت مین بدل گئی ہی۔ اور از سر نو میل جول پیدا ہوگیا ہے

ہندو مسلمانون کو باہم ایسا کا رہنے اور رکھنے محبت و اتحاد کا قائم رکھنا۔

جو لوگ علیگڈھ کے ہندو مسلمانونکی اُس باہمی کشیدگی و رنجش سے واقف ہین
جو ان دونو کے مذہبی تہوار اور مراسم کے وقت علی الاعلان فتنہ و فساد و شور و
شر کی صورت مین نمایان ہوا کرتی تھی اُنسے یہ بات پوشیدہ نہ ہوگی کہ یہ سید صاحب
اور آپ ہی کا اثر تھا کہ ۱۸۸۶ء مین جبکہ محرم اور دسہرہ ایک ساتھ آکر واقع

ہوئے تھے ہندو مسلمانون کو گلے ملا دیا تھا اور ہندو محرم کے مراسم مین اور مسلمان دسہرہ کی تقریب مین شریک ہوئے تھے۔

چنانچہ ان دونو تقریبونکے بخیر وخوبی اور برادرانہ اخلاص وارتباط کیساتھ انجام کو پہنچنے کی مبارکباد کیلیے فریقین کی متفقہ خواہش سے جو جلسہ منعقد ہوا تھا اُس مین منشی دھرج لال صاحب وکیل علی گڈھ نے اس اتحاد وارتباط کا ذکر اپنی تقریر کے ضمن مین حسب ذیل کیا تھا۔

خلاصۂ تقریر منشی دھرج لال۔

× × × × × × × × خصوصاً سال حال مین یہ بات زیادہ وقعت کیساتھ قدر کرنیکے لائق ہی کہ باوجود اُن فتنہ انگیز افواہون اور وحشت آمیز خبرونکے جو اضلاع قریب کے واقعات سے متعلق عام طور پر مشہور تھین اور خیالات فتنہ انگیزی برانگیختہ کرنے مین کافی طاقت رکھتی تھین یہان کے باشندون پر اُنکا کچھ اثر نہین ہوا بلکہ بجائے اسکے کہ یہ افواہین باہمی اختلاف بڑھانیکے لیے کوئی اثر پیدا کرتین۔ امسال باہمی اتفاق مین امید سے زیادہ ترقی حاصل ہوئی اور دونو فریق نہایت گرمجوشی اور خوشی کیساتھ ایک دوسریکے میلون مین شریک ہوتے رہے اور ہر ایک میلہ کی آرایش اور رونق کی ترقی مین باہمد گر اظہار خوشی کا کرتے رہے پس اس موقع پر ہم اس بات کے کہنے سے باز نہین رہ سکتے کہ اصول ان تمام عمدہ خیالات اور بنیاد ان سب حسن انتظامات کی وہی اشاعت تعلیم کی ہی جسکی ترقی مین اس ضلع کو چند سال سے خاص عزت حاصل ہے اور جسکی روشنی ہمارے فخر قوم آنریبل سید احمد خان صاحب

سی۔ ایس۔ آئی۔ اور ہمارے مخدوم و معظم جناب محمد حمید اللہ خانصاحب سی۔ ایم۔ جی۔ کی دلی توجہ سے روز بروز پھیلتی جاتی ہی اور جہالت کا اندھیرا دور ہوتا جاتا ہی ×××

ہندو مسلمانونکی تقریر و مغائرت کا انسداد

اسکے دس گیارہ برس بعد جب ۱۸۹۷ء مین ملکۂ معظمہ قیصر ہند وکٹوریہ انجہانی کی شصت سالہ یا الماسی جوبلی منائی گئی تھی تو کمشنری میرٹھ کے ہندو اور مسلمانون نے تہنیتی اڈریس پیش کرنیکے لیے اپنا اپنا ڈیپوٹیشن شملہ پر حضور وائسرائے گورنر جنرل کشور ہند کی خدمت مین بھیجنے کی تجویز کی تھی۔ چونکہ اس سے ہندو مسلمانون مین تفریق اور مغائرت کا خیال پیدا ہوتا تھا اسلیے آپ نے اسوقت بھی اپنی صلح کل پالیسی رکھی جسکی وجہ سے ہندو مسلمان بالاتفاق بارگاہ گورنری مین تہنیتی اڈریس پیش کرنیکے لیے گئے۔

غرض آپ قومی اور مذہبی تعصب کو پولیٹکل امور مین کبھی داخل نہین ہونے دیتے تھے اور جب کبھی ان تعصبات کے باعث مسلمانونکے باہم یا ہندو اور مسلمانون مین آپ کبھی تفرقہ پردازی کی جانب رجحان دیکھ پاتے تھے تو حتی الامکان اُسکے مٹانے کی سعی فرماتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ کبھی کسی فریق کو آپ سے کسی خاص فریق کی جنبہ داری کرنے کی شکایت نہین پیدا ہونے پائی۔

باب ششم

دیسی ریاستونکی ملازمت

شہرۂ لیاقت

مولوی صاحب کی شہرت صرف برٹش انڈیا تک ہی محدود تھی بلکہ آپکی لیاقت وقابلیت اور خوش تدبیری کا شہرہ دیسی ریاستون مین بھی تھا اور اکثر اوقات دیسی ریاستون سے بڑی بڑی خدمتون پر آپکا انتخاب ہوتی تھی لیکن آپ ہمیشہ اُنمین تعلق ملازمت پیدا کرنیسے بچتے رہتے تھے۔ ناصر ریاست حیدرآباد جسکا سررشتۂ ملازمت دیگر تمام دیسی ریاستونسے ممتاز اور موقر سمجھا جاتا ہے اکثر لوگ حیدرآباد کی ملازمت کے شائق رہتے ہین اس مین بھی بارہا آپ کے لیے چیف جسٹی جیسی اعلیٰ خدمت کیلیے طلبی ہوئی لیکن آپنے بتعلق ملازمت وہان جانا قبول نہین کیا چنانچہ اسکا مختصر حال ذیل مین درج کیا جاتا ہے

سر سالار جنگ کو اول مولوی صاحب کو طلب کرنا

نواب سر سالار جنگ اول مدار المہام نے حیدرآباد کی میر مجلسی (چیف جسٹی) کیلیے آپکو طلب فرمانیکے ساتھ ازراہ قدردانی یہ بھی وعدہ فرمایا تھا کہ اُنکے فرزند کے نام تین سو روپیہ ماہوار منصب جاری کیے جائینگے اسکے علاوہ اُنکو سرکاری خرچ سے ولایت بھیجکر تعلیم دلائی جائیگی اور جب وہ تعلیم سے فارغ ہوکر واپس آئینگے تو سرکار عالی مین اُنکو کوئی ممتاز خدمت بھی دی جائیگی۔ اس موقع پر مولوی سید مہدی علیصاحب (نواب محسن الملک بہادر) معتمد

مالگزاری کی گزارش کا مضمون مع شرح دستخطی خاص نواب سر سالار جنگ اول
ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے:-

گزارش مولوی سید مہدی علیخان

"دی روز خط مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب متضمن انکہ محض از آمدن اینجا وقبول نوکری این سرکار رسید۔ مولویصاحب موصوف بصراحت تحریر مینمایند کہ یکہزار وہشت صد روپیہ سکہ حالی را ہم کمتر میدانم ومقابلہ نوکری اینجا فائدہ معتدبہ خیال نمیکنم ویکہزار وپنجصد روپیہ ہرگز منظور نیست۔ اگرچہ کمترین اطلاع داده بودم کہ بعد یکسال سہ صد روپیہ اضافہ خواہد شد۔ مگر مولویصاحب آن را منظور نہ مینمایند بدانست من این معاملہ را ختم باید کرد وخیال طلب مردم مستغنی المزاج چون مولوی محمد سمیع اللہ خان نباید فرمود۔ سرکار پانزده صد روپیہ را ہم زائد تصور میفرمایند۔ و مولویصاحب ہیجده صد روپیہ را ہم کمتر خیال میکنند۔ پس تصفیۂ این معامله چگونه می تواند شد۔ فقط یکم محرم ۱۲۹۵ھ

دستخط مولوی سید مہدی علیصاحب

حکم نواب سر سالار جنگ اول مرحوم

حقیقت این است کہ بنظر حالاتیکہ بساعت می رسد تصور میکنم کہ فی الحقیقت مولویصاحب لائق اند ودرحق ایشان درخصوص لیاقت وغیرہ ہرچہ گفته شده بے جا نیست لیکن رعایت مواجب ہائے عالیہ عہده داران وغیرہ اینجا ہم ضروریست بہتر این خواہد بود کہ مولوی صاحب رخصت شش ہفتہ یا دو ماہ یا سہ ماہ گرفتہ بیایند اگر صورتے بسبب رضامندی طرفین برآید کہ از آن اتفاق ماندن مولویصاحب

درانجا شدن تواند خوب خواهد شد والّا بدادن کل خرچ سفر آمد و رفت مولوی صاحب مراجعت نمایند کہ قباحتے نخواہد بود۔ یکم محرم ۱۲۹۵ھ

شرح دستخط نواب سر سالار جنگ اول مرحوم

حیدرآباد مین آپ کے بلائے جانے کی کارروائی اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ رزیڈنٹ وقت سر رچرڈ میڈ نے یکم اگسٹ ۱۸۷۸ء کو سر جارج کوپر لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی سے بھی آپکی خدمت مستعار لینے کے متعلق اجازت حاصل کرلی تھی لیکن آپ نے سر سالار جنگ اول کی قدردانی اور توجہ فرمائی کا شکریہ ادا کرکے برٹش ملازمت سے منتقل ہونیسے انکار کردیا تھا۔ جیسا کہ ذیل کی سرکاری تحریر اور اسکی جواب سے ظاہر ہوگا۔

روبکار عدالت دیوانی ضلع مراد آباد

روبکار عدالت دیوانی ضلع مراد آباد

بایجلاس مسٹر ولمٹ لین بہادر جج واقع ۲۸ اکتوبر ۱۸۷۸ء

ڈاکٹ صاحب رجسٹرار بہادر ہائی کورٹ نمبر ۱۷۶۱ مورخہ ۱۹ ماہ حال مع نقل چٹھی صاحب سکرٹری گورنمنٹ ہند ممالک مغربی و شمالی نمبر ۳۱۲۴ - الف مورخہ ۱۷ ماہ حال (جسکا ترجمہ درج ذیل ہے) بدین مضمون موصول و ملاحظہ ہوا کہ جج صاحب ماتحت سے بہت جلد کیفیت مطلوبہ گورنمنٹ طلب کرکے بھیجدیجیے۔ فقط

ترجمہ چٹھی صاحب سکرٹر گورنمنٹ نمبر ۳۱۳۴ مورخہ سوئم صاحب رجسٹرار بہادر ہائی کورٹ

بجواب آپکی چٹھی نمبر ۱۶۶۶ مورخہ ۶ ستمبر ۱۸۷۸ء کے نقل خط و کتابت موصولہ سررشتہ اسسٹنٹ رزیڈنٹ اول حیدرآباد کی آپ کے پاس بھیجی جاتی ہی جسمین گورنمنٹ سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خان جج ماتحت مرادآباد کو ایک یا دو برس کی رخصت اس غرض سے دیجاوی کہ وہ ہز ہائینس نظام الملک کے یہان امتحاناً مقرر ہون - نواب لفٹنٹ گورنر کو مولویصاحب کو ایک سال کی رخصت بلا تنخواہ عطا کرنے مین کوئی عذر نہ ہوگا لیکن اس سے پیشتر آپ سے یہ درخواست کیجاتی ہی کہ حکام عدالت العالیہ (ہائیکورٹ) مولوی سمیع اللہ خانصاحب سے یہ دریافت کرلین کہ آیا وہ حیدرآباد جانے پر رضامند ہین - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا اطلاعاً بخدمت جج ماتحت صاحب بہادر مرادآباد ارسال ہو - فقط

روبکار عدالت جمی ماتحت ضلع مرادآباد باجلاس مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب بہادر جج ماتحت - واقع ۴ نومبر ۱۸۷۸ء

روبکاری جناب صاحب جج بہادر مورخہ ۲۸ اکتوبر ۱۸۷۸ء -

روبکاری صاحب جج ماتحت ضلع مرادآباد -

برطبق ڈاکٹ صاحب رجسٹرار بہادر ہائیکورٹ نمبر ۱۷۶۱ مورخہ ۱۹ ماہ مذکور و چٹھی صاحب سکرٹری گورنمنٹ ہند ممالک مغربی و شمالی نمبر ۳۱۳۴ مورخہ ۷ ماہ مذکور اس مضمون سے پہنچی کہ اگر مین حیدرآباد جانے پر رضامند ہون تو پیشگاہ

نواب لفٹنٹ گورنر بہادر سے ایک برس کی رخصت بلا تنخواہ عطا فرمائی جائیگی
بجواب اُسکے ملتمس ہون کہ مجھے معلوم ہوا ہی کہ سرکار نواب نظام الملک میری تنخواہ
الصمار ... ماہوار سکۂ حیدرآبادی جو قریباً مساوی ساڑھے بارہ سو روپیہ سکہ انگریزی کے
ہوتے ہین مقرر کرنا چاہتی ہے مگر مجکو اس تنخواہ پر حیدرآباد جانا منظور نہین ہے۔

حکم ہوا کہ

نقل اس روبکار کی جواباً خدمت مین جناب صاحب جج بہادر کے مرسل ہو۔

المرقوم ۴ نومبر ۱۸۷۸ء

دستخط مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب

نواب سر سالار جنگ اول کے بعد نواب سر سالار جنگ ثانی نواب سر آسمانجاہ
اور نواب سر وقار الامرا بھی اپنے اپنے عہد وزارت مین آپ کو عہدۂ میر مجلسی کیلیے
مدعو فرماتے رہے کیونکہ اُنکی نظرون مین بھی آپ سے بڑھکر کوئی ایسا شخص نہین
تھا جو یہان کے عدالتی انتظام کی تنظیم کر سکتا۔

نواب سر سالار جنگ ثانی کا مولوی صاحب کو بلانا

اس موقع پر نواب سر سالار جنگ ثانی عماد السلطنتہ بہادر کا حکم جو اُنھون نے
معتمد پولیٹیکل کو مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب کے تقرر میر مجلسی کے متعلق دیا تھا۔
اور نیز وہ تار جو نواب محسن الملک بہادر معتمد پولیٹیکل نے مولویصاحب کی خدمتمین
بھیجا تھا درج کیا جاتا ہے :-

حکم نواب سرسالار جنگ ثانی

"معتمد پولیٹکل

حکم نواب سالار جنگ ثانی۔

از تحریر مولوی سید حسین کہ بمن حالا موصول شدہ معلوم میشود کہ حالت حافظ عبدالکریم نہایت خراب بلکہ قریب بمرگ است۔ نہایت افسوس است مگر از قضائے الٰہی چارہ نیست اگر خدانخواستہ حافظ صاحب انتقال نمایند ضرور است کہ بر عہدہ ایشان شخصے لائق و قابل کار میر مجلسی عدالت العالیہ کہ بمنزلہ چیف جسٹسی ہائیکورٹ میباشد مقرر کردہ شود۔ ومیخواہم کہ مولوی سمیع اللہ خان را اگر ایشان قبول نمایند عہدہ مذکور آفر نمایم۔ آن مہربان درصورت وفات حافظ صاحب از مولوی سمیع اللہ خان بذریعہ تار برقی استفسار نمایند کہ آیا ایشان عہدہ مذکور بمشاہرہ دوہزار وپنجصد روپیہ حالی قبول خواہند نمود یا نہ۔ اگر قبول نمایند مراد ما حاصل و دل ما شاد۔ والا ضرور خواہد بود کہ برائے شخص دیگر تجویز کردہ شود۔ درصورت اقبال ضرور خواہد بود کہ مولوی سمیع اللہ خان بعجلت خود را دراین جا برسانند۔

مورخہ ۵/۶/۴

شرح دستخط نواب عماد السلطنتہ

ترجمہ تار برقی

بخدمت مولوی سمیع اللہ خان بہادر مراد آباد

منجانب مہدی علی حیدرآباد ۲۹ر اگست ۱۸۸۷ء

مولوی صاحب پولیٹیکل کا نار۔

"سرکار مدار المہام کو آپ کا جواب مطلوب ہی اور خواہش فرماتے ہین کہ آپ اپنی رائے بدلین۔ اگر ہائیکورٹ سے اس بارہ مین آپ سے استفسار کیا جائے تو میرے خط کے پہنچنے تک جواب نہ دینا"

دیگر وزرائے حیدرآباد کو مولوی صاحب کی طلبی کا خیال۔

نواب عماد السلطنتہ کے بعد جب نواب سر آسمانجاہ بہادر مدار المہام ہوئے تو اُنھون نے بھی جیسا کہ اوپر مذکور ہوا مولوی صاحب کی لیاقت و قابلیت کا شہرہ سُنکر اُنکو حیدرآباد ہائیکورٹ کی میر مجلسی کے لیے بُلانا چاہا۔ اور پھر اُنکے بعد جب نواب سر فریدالدین بہادر خلعت مدار المہامی سے سرفراز ہوئے تو اُنھون نے بھی مثل اپنے پیشروؤنکے مولوی صاحب کی لیاقت و قابلیت کی قدردانی فرماکر اُنھین حیدرآباد کی ہائیکورٹ کی میر مجلسی پر بُلانے کی کوشش فرمائی۔ مولوی صاحب ہمیشہ حضور نظام خلد اللہ ملکہ اور مدار المہامان ریاست کی قدردانی اور یاد فرمائی کا شکریہ ادا کرکے اس خدمت کے قبول کرنیسے معافی چاہتے رہے اور خیرخواہانہ مشورہ دینے پر آمادہ و تیار رہے۔ اسکو حسن اتفاق سمجھنا چاہیے کہ جس خدمت کے لیے مولوی صاحب کی اسقدر ضرورت تھی اُسی خدمت پر حضرت اقدس و اعلی حضور نظام خلد اللہ ملکہ نے بکمال قدردانی و بندہ پروری اُنکے خلف الصدق کو ممتاز فرمایا ہی۔ یہ عزت بھی گویا مولوی صاحب ہی کو حاصل ہوئی۔

مولوی صاحب کی ایک چٹھی مندرجہ پایونیر کا اقتباس

مولوی صاحب کی ایک چٹھی جو ۲۲ مارچ ۱۸۹۴ء کے پایونیر مین شایع ہوئی تھی چونکہ اُس سے ایک حد تک طلبی حیدرآباد کے واقعات پر روشنی پڑتی ہی اسلیے

اُسکا اقتباس ذیل مین درج کیا جاتا ہی:-

چُونکہ آپکے حیدرآبادی نامہ نگار نے میرے نام کو اُن ریمارکس کے ساتھ جو ۱۸ مارچ کے پایونیر مین شایع ہوئے ہین پبلک کے سامنے پیش کیا ہی- لہذا مین امید کرتا ہون کہ آپ مجھکو حیدرآباد کے ہائیکورٹ کی چیف جسٹسی کی خدمت پر میرے مجوزہ تقرر کے متعلق اصلی واقعات کے اظہار کی اجازت دینگے-

شائد یہ آپ کے نامہ نگار کو معلوم نہین ہی کہ مین نے خود اس منصب جلیلہ کی حاصل کرنے کی کبھی خواہش یا کوشش نہین کی بلکہ بخلاف اسکے سالہا سال قبل حیدرآباد کے روشن خیال مدار المہام سر سالار جنگ اول نے بطور خود یہ خدمت مجھے پیش فرمائی تھی- اُس زمانہ مین مین صرف ایک سب جج تھا گورنمنٹ نظام نے مجھکو اُسوقت کی تنخواہ سے المضاعف تنخواہ دینے کا وعدہ فرمایا تھا- اُسکے بعد اُن ہی مدار المہام نے پھر دوبارہ حیدرآباد کی چیف جسٹسی کی خدمت مجکو پیش کی اور اسکے ساتھ ترغیب کے طور پر یہ اضافہ فرمایا تھا کہ گورنمنٹ نظام میرے بڑے لڑکے کے نام مادام الحیات تین سو روپیہ ماہانہ کا منصب مقرر فرمائیگی- اور اُسکی تعلیم ولایت کے تمام اخراجات جنکی مجموعی مقدار تیس ہزار روپیہ ہوتی تھی وہی اپنے ذمہ لے گی اور جب وہ ولایت سے واپس آئیگا تو اُسکو کسی خدمت پر سرفراز کیا جائیگا- یہ صرف زبانی باتین نہین تھین اور نہ ایسی تھین جو بلا غور اور تحقیق کے کی گئی تھین- سر سالار جنگ اول خوب مجھسے واقف تھے اور

اُنھون نے میری خدمات مستعار لینے کے متعلق بتوسط صاحب رزیڈنٹ وقت
گورنمنٹ آف انڈیا سے مشورہ کیا تھا یہانتک کہ رزیڈنٹ وقت نے گورنمنٹ
نظام مین میری خدمات منتقل کیے جانیکے متعلق سر جارج کوپر سے اجازت بھی
حاصل کرلی تھی - اسکے بعد ۱۸۸۵ء مین بعہد مدار المہامی نواب سر سالار جنگ
ثانی حیدر آباد سے نہایت اصرار کے ساتھ مجھے اسی خدمت کیلیے پیام آیا تھا اور
نواب صاحب معزنے مجھے ۲۵ سو روپیہ ماہانہ تنخواہ دینی چاہی تھی - اور میری
طلبی مین تار بھیجا تھا لیکن مین نے ان دونو معتمون پر اپنے یورپین دوستونکے
مشورہ پر عمل کرکے جنمین سے بعض اُسوقت ہائیکورٹ الہ آباد کے جج تھے گورنمنٹ
انگریزی کی ملازمت سے گورنمنٹ نظام کی ملازمت کو بدلنے سے انکار کردیا تھا -
مجکو خود میری گورنمنٹ ہی سے میری خدمات کا بہت کچھ صلہ ملا - مین مصر مین کا رخاص
کیلیے منتخب کیا گیا اور پھر سر الفرڈ لائل نے اودھ مین مجکو ڈسٹرکٹ ججی کے عہدہ پر
ممتاز کیا اور سر آکلنڈ کالون نے اپنے زمانہ مین میری خدمات کی قدردانی فرماکر
میرا تقرر سشن ججی کی خدمت پر فرمایا - حالانکہ یہ وہ زمانہ تھا کہ کوئی دوسرا دیسی
شخص اس قسم کی خدمت کیلیے موزون نہین خیال کیا جاتا تھا - ڈسٹرکٹ اور
سشن جج کی حیثیت سے مین رائے بریلی مین سات سال سے زیادہ رہا
جسطرح پر مین نے پرتاب گڑھ - سلطان پور اور رائے بریلی کی ڈسٹرکٹ اور
سشن ججی کے فرائض انجام دیے ہین اُسکا حال سرکاری کاغذات کے

مطالعہ سے بخوبی معلوم ہوسکتا ہی۔ اسمین شک نہین کہ بہت سے لوگون کو مجھسے رشک ہی اور اُنکے نزدیک اُردو دان شخص کا سکشن ججی کی خدمت پر ترقی کرکے پہنچنا ایک ناقابل معافی امر ہے۔ کسی ایسے عہدہ دار کی خلاف رائی خواہ وہ کیسا ہی اعلی درجہ کا کیون نہ ہو جسکو میرے متعلق غلط اطلاع دی گئی ہی میری وقعت اور عزت کو متزلزل نہین کرسکتی۔ جن اضلاع مین مجکو عدالتی عہدہ دار کی حیثیت سے کام کرنیکی عزت حاصل ہوئی ہی اُن مین سے ہر ضلع کی لوگ میری لیاقت وقابلیت کا سب سے بہتر اندازہ کرسکتے ہین اور میرے خصائل صحیح سے میرے ابنائے وطن بمقابلہ کسی یوروپین کے زیادہ واقف ہین۔

گزشتہ سال صیغہ راز مین مجھ سے کہا گیا تھا کہ سر آسمانجاہ کی یہ خواہش ہے کہ مین چند سال گورنمنٹ نظام کی ملازمت مین بسر کرون۔ اور اب جیسا کہ آپکا نامہ نگار بیان کرتا ہی نواب وقار الامرا نے خود بخود مجکو چیف جسٹس مقرر کرنیکے متعلق رزیڈنٹ حیدرآباد سے رسل ورسائل کی ہے ان تمام باتون سے یہ ظاہر ہوتا ہی کہ حیدرآباد کے چار مدار المہامون سے جو میرے ملک کے معززین مین سے ہین اور جو مجکو اس سے بہتر جانتے ہین جیسا کہ ایک یوروپین افسر کسی باشندۂ ہند کو جان سکتا ہے۔ مجکو اس خدمت کے لیے سب سے زیادہ موزون خیال فرمایا ہی۔ میرے لیے یہ امر باعث فخر ہے کہ اس طرح پر حیدرآباد کے

چار مدار المہامون نے مجھے انتخاب فرمایا۔ اور مسٹر پلوڈن نے جو اختلاف کیا ہی
اُس سے مین بُرا نہین مانتا۔ سر سالار جنگ اول نے جنکی فہم و فراست ضرب المثل ہی
مجکو گورنمنٹ نظام کی عدالتونکی تنظیم کے لیے سب سے زیادہ موزون خیال
فرمایا تھا۔ اب دیکھنا یہ ہی کہ مسٹر پلوڈن کی نظر انتخاب کس پر پڑتی ہی اسکے بعد
جو اعزاز مجھے حاصل ہو سکتے ہین اُنکے لیے مین ذاتی طور پر گورنمنٹ آف انڈیا سے
توقع رکھتا ہون۔ اگر مجھکو ملازمت مین زندگی بسر کرنے کی آرزو اور تمنا ہوتی
تو مین اپنے محسن سر آکلنڈ کالون سے اُنکے وظیفہ پر علیحدہ ہونیکے وقت کیون
اس بات کی منت و سماجت کرتا کہ مجھے بھی وہ اپنے ساتھ وظیفہ پر علیحدہ ہونیکی
اجازت مرحمت فرمائین × × × × × × ×

مجکو اسکا علم نہین ہی کہ مسٹر پلوڈن نے میرے تقرر سے کس بنا پر اختلاف
کیا ہی۔ لہذا مین اسکی نسبت کچھ نہین کہنا چاہتا۔ مگر بان خود ستائی کے طور پر
نہین بلکہ واقعہ کے طور پر مین اسقدر کہنا مناسب سمجھتا ہون کہ مسٹر پلوڈن کی
مخالفانہ رائین میری اُس شہرت اور وقعت کو نہین مٹا سکتین جو ایک مقنن
کی حیثیت سے مجکو حاصل ہی اور جسکا اعتراف بڑی حد تک پریوی کونسل اور
ہندوستان کے ہائیکورٹون کے ججون کے فیصلون مین کیا گیا ہے۔ جہان
میرے فیصلے بڑے بڑے مقدمات مین ہمیشہ بحال و برقرار رکھے گئے ہین۔

جو یادداشت مین نے مصر کی عدالتونکے متعلق مرتب کی تھی اور جو اراکان ناتھ بروک

ہائی کمشنر مصر کی رپورٹ کے ساتھ بطور ضمیمہ شریک کی گئی تھی اُس پر وزیر ہند سی
اظہار شکریہ کیا گیا اور بارگاہ ملکہ معظمہ قیصر ہند سے خطاب سی۔ ایم۔ جی مرحمت فرمایا گیا
سی۔ ڈی۔ کمیشن منعقدہ ۱۸۹۳ء کی رپورٹ کی جسکے تین ممبرون مین سے ایک مین
بھی تھا۔ ہوس آف کامنس کی کمیٹی مین بڑی تحسین و آفرین ہوئی۔
مجھے اس سے کچھ سروکار نہین کہ مسٹر پلوڈن (اگر وہ اقتدار رکھتے ہین) حیدرآباد کی
چیف جسٹسی پر کس کا تقرر کرینگے۔ مین ہمیشہ حضور نظام اور اُنکے چارون مذکورۂ بالا
مدار المہامون کا مرہون منت اور سپاس گزار رہون گا جنھون نے یکے بعد دیگرے
اس عہدۂ جلیلہ کے لیے میرا خیال فرمایا۔"

نواب سر وقار الامرا کی مدار المہامی کے زمانہ مین حیدرآباد کی ایک کانسپانڈنٹ نے
اپریل ۱۸۹۴ء کے الہ آباد ریویو مین جو ایک مضمون بعنوان "ریاست حیدرآباد
اور اُسکا نظم و نسق" شایع کرایا تھا اُسمین سے وہ حصہ اقتباس کرکے ذیل مین
درج کیا جاتا ہی جس مین اُس نے مولوی صاحب کے ریاست حیدرآباد کی چیف جسٹسی پر
طلب کیے جانے کی کیفیت لکھکر مولوی صاحب کے متعلق اپنا خیال ظاہر
کیا تھا:-

الہ آباد ریویو

"× × × × × × تھوڑے عرصہ سے ہمارے کان مین اخبارونکے
ذریعہ سے یہ خوش آیند صدا آرہی ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب بہادر
سی۔ ایم۔ جی پنشن یافتہ ڈسٹرکٹ و سشن جج رائے بریلی کی تجویز عہدۂ چیف جسٹسی پر

بلانے کی ہورہی ہی گوکہ اکثر ہندوستان کے ذیعلم اور لائق اور اخبارون کے شوقین لوگ تو مولویصاحب کے نام سے اور فی الجملہ حالات سے واقفیت رکھتے ہونگے - مگرہم اُن حضرات کے مطلع کرنیکے لیے (جو اپنی محدود واقفیت اور عدم شوق اخبار بینی کی وجہ سے مولویصاحب ممدوح سے کماحقہ واقفیت نہین رکھتے ہین) مولویصاحب موصوف کے مختصر حالات لکھتے ہین تاکہ اُنکو بھی واقفیت حالات کے بعد رائے دینے کا موقع ملے - واضح ہوکہ مولویصاحب ممدوح کا خاندان عہد شاہی سے دہلی کا ایک مشہور معزز علمی خاندان ہی - اُنکے دادا صاحب شاہی زمانہ کے دہلی کے علمارمین نہایت بڑے عالم و فاضل گنے جاتے تھے اُنکے والد اور تینون عم بزرگوار گورنمنٹ انگلیشیہ کے نہایت معزز عہدون پر رہے اور اُنکے ماموں صاحب دہلی کے نہایت مشہور و سربرآوردہ وکیلون مین سے تھے مولویصاحب موصوف دہلی کے مشہور فاضل مولانا مفتی صدرالدین خانصاحب مرحوم کے ممتاز اور مشہور شاگرد ہین - بعد الفراغ تحصیل مولوی صاحب ممدوح نے ہائی کورٹ مغربی و شمالی مین ایک عرصہ تک اعلی درجہ کی وکالت کی ہے اور ہمیشہ وہان کے سربرآوردہ وکلا مین ممتاز رہے ہین جبوقت ہائیکورٹ کی زبان انگریزی قرار پائی اور وکلاء کی بحث زبان انگریزی مین ہونے لگی تو تمام بغیر انگریزی دان وکلاء مین اول شخص مولویصاحب موصوف ہی تھے جنکو خاص اعزازی طور پر قدردان گورنمنٹ نے سب جج یعنی صدرالصدوری کا

باوقعت عہدہ عطا فرمایا۔ ایک معتدبہ زمانہ تک مولویصاحب نے اُس فرض منصبی کو نہایت عمدہ طور پر ادا کیا چنانچہ اُس زمانہ کے اکثر دقیق فقہی اور قانونی بحثون کے فیصلے جناب ممدوح کے انگریزی اور اُردو اخبارون مین شایع ہوئے ہین۔ بارہا حکام ہائی کورٹ و پریوی کونسل نے مولوی صاحب کے فیصلون کی اپنے فیصلون مین تعریف کی ہی۔ آنریبل مولوی سید امیر علی صاحب جج ہائیکورٹ کلکتہ سے مشہور لائق شخص نے اپنی قابل قدر کتاب محمڈن لا مین ایک باب جناب موصوف کے ایک فیصلہ کی بنا پر جو کہ پریوی کونسل سے بحال رہا تھا بنایا ہے۔ سب ججی کے آخری زمانہ مین مولوی صاحب کو اظہار لیاقت اور استحصال کا وہ بے نظیر موقع ملا جو دنیا مین شاذ و نادر ہی لوگون کو ملا کرتا ہے یعنی گورنمنٹ نے لارڈ ناتھ بروک صاحب کے ساتھ مصر جانیکے لیے مولویصاحب ممدوح کو منتخب فرمایا۔ برٹش سلطنت کی تاریخ مین یہ ایک پہلی اور تعجب خیز صورت تھی کہ ایک ہندوستانی افسر خاص صیغۂ راز مین مقرر کرکے ملک غیر مین بھیجا جائے۔ مولوی صاحب موصوف لارڈ ممدوح کے ساتھ ملک مصر کے مختلف مقامون مین رہے اور کار مفوضہ کو اس حسن و خوبی سے انجام دیا کہ حضور قیصر ہند دام اقبالہا کی پیشگاہ سے مولویصاحب کو تمغہ اور خطاب (سی۔ ایم۔ جی) عطا ہوا۔ مصر سے واپس آنیکے تھوڑے ہی عرصہ بعد جناب ممدوح باوجود ملازم متعہد اور انگریزی دان نہ ہونیکے استثنائی صورت کے طور پر ضلع رائے بریلی کے ڈسٹرکٹ جج اور پھر سشن جج مقرر کیے گئے

اور سات سال سے زیادہ قابل تعریف طور پر اُس اہم ذمہ داری کے کام کو انجام دیکر خود پنشن لی۔ سال گزشتہ پنشن لینے کے بعد جناب ممدوح کو عالی جناب لارڈ لینڈون سابق وائسرائے ہند نے ایک خاص تحقیقات کی کمیشن مین ممبر مقرر کیا جسکی نسبت جناب ممدوح نے ایک رپورٹ لکھکر پیش کی اور وائسرائی موصوف نے اُسکا شکریہ ادا کیا۔ ہمکو صحیح طور سے معلوم ہی کہ سر سالار جنگ اول و ثانی نے اپنے اپنے عہد وزارت مین نہایت خواہش اور اصرار کے ساتھ مولویصاحب ممدوح کو عہدۂ چیف جسٹسی پر اپنے ہان کی مقررہ تنخواہ سے پانچ سو روپیہ اضافہ پر بلایا تھا بلکہ ایک مرتبہ گورنمنٹ سے باضابطہ تحریک بھی کی گئی تھی مگر مولویصاحب نے ہمیشہ انکار ہی کیا اب اگر فی الحقیقت یہ افواہی اور اخباری خبر کچھ اصلیت رکھتی ہے اور درحقیقت ایسی تجویز ہوئی ہی اور مولوی صاحب ممدوح کا بھی کچھ قصد ہی تو ہم تہ دل سے ریاست کو مبارکباد دیتے ہین اور ایماندارہی کے ساتھ کہتے ہین کہ یہ تجویز جس عہدہ دار نے پیش کی ہے وہ بلاشبہ سر سالار جنگ اول کی طرح ریاست کا سچا خیر اندیش اور وفادار ہی۔ اور نہایت وثوق کے ساتھ اظہار کیا جاتا ہی کہ یہ انتخاب وہ بے نظیر انتخاب ہے کہ جسکے لیے اگر تمام ہندوستان کے لائق۔ عالی دماغ تعلیم یافتہ اور صاحب الرائے لوگونکے ووٹ لیے جائین تو یقیناً سب کی رائین اتفاق کی جانب ہونگی۔ کیونکہ یہ مسلمہ بات ہی کہ مولویصاحب ممدوح ہندوستان کے اُن مشہور اور معدودے چند لائق مسلمانون مین کے ایک

ممتاز فرد ہین جنکا نظیر قوم مین نہین پایا جاتا۔ مولوی صاحب ہائیکورٹ کے پہلے وکیل تھے جو ایک دم سے سب جج بنائے گئے۔ وہ پہلے اُردو دان تھے جو ڈسٹرکٹ جج بنائے گئے۔ انکے سوا، کوئی ہندوستانی اُردو دان سشن جج نہین بنا۔ شرع مین اور انگریزی قوانین مین اُنکی لیاقت مستند ہے اُنکو قاضی ومفتی وجج کہا جائے تو بجا ہی + + + + + + + + + + "

باب ہفتم

سیاحت یوروپ

سفر ولایت

جس قومی غرض وغایت کو مدنظر رکھکر سید صاحب نے سفر ولایت اختیار کیا تھا اُسی کو پیش نظر رکھکر مولوی صاحب نے بھی ولایت کے سفر کی زحمت گوارا فرمائی تھی۔ آپ علیگڈھ سے ۱۶ اپریل ۱۸۸۰ء کو بعزم سفر ولایت بمبئی روانہ ہوئے تھے۔ آپ کے ہمراہیون مین مسٹر حامد علیخان[1] (حال بیرسٹر لکھنؤ) فرزند مولوی حکیم امجد علیخان صاحب رئیس امروہہ و ڈپٹی کلکٹر ضلع متھرا، مسٹر محمد رفیق[2] (حال سشن جج) فرزند خان بہادر ڈپٹی الہی بخش صاحب اسسٹنٹ انجنیر اور آپ[3] کے بڑے صاحب زادے محمد حمید اللہ خان تھے جو بغرض تعلیم ولایت گئے تھے۔ مولوی صاحب کی روانگی کے قبل ۱۶ اپریل ۱۸۸۰ء کو طلبۂ مدرسۃ العلوم نے مولویصاحب ممدوح کو ایڈریس دیا جسکے جواب مین مولویصاحب نے طلبہ کو بزرگانہ نصیحتین فرمائین۔ ۲۴ اپریل ۱۸۸۰ء کی شام کو آپ بمبئی سے پنینشولا اورینٹل کمپنی کے جہاز سورت مین سوار ہوکر یوروپ روانہ ہوئے۔ اثنار سفر ولایت مین آپ نے جن جن مقامات کی سیر فرمائی اور جو جو چیزین ملاحظہ فرمائین اُن کا حال آپ نے ایک کتاب کی صورت مین قلم بند کرکے شایع فرمایا جو نہایت شوق سے دیکھا گیا اور اُس سے عازمان ولایت کو بصیرت حاصل ہوئی۔ یہ سفرنامہ ایسا مفید و دلچسپ تھا

کہ کنور جوالا پرشاد صاحب بہادر سی۔ ایس نے ۱۸۸۲ء مین اسکو انگریزی مین ترجمہ کرکے نیو من اینڈ کمپنی کلکتہ کے ذریعہ سے شایع کیا۔ اور سنا جاتا ہے کہ مولوی صاحب سے اجازت لیکر کسی صاحب نے مدراسی زبان مین بھی اسکا ترجمہ کیا تھا لیکن وہ ہمکو نہین ملا۔

سفرنامہ کی اشاعت

اصل سفرنامہ جو اُردو مین تھا کئی مرتبہ طبع ہوا۔ مگر اب وہ اور طبع انگریزی کم یاب ہین۔ سفرنامہ کی تمہید مین آپ نے اپنے سفر یورپ کے متعلق جو اپنا خیال ظاہر کیا تھا اُسکو ہم اس موقع پر آپ ہی کے الفاظ مین سفرنامہ مطبوعہ مطابع المطابع امروہہ ۱۳۰۸ھ سے لیکر ہدیۂ ناظرین کرتے ہین۔ آپ اپنے نامہ کے صفحہ ۲ مین تمہیداً فرماتے ہین کہ:-

سیاحت کے فوائد

"سیاحی و ملکون کی سیر ایک ایسی عمدہ چیز ہے کہ اُسکی ہر زمانہ مین قدر و تعریف ہوتی آئی ہے۔ انسان کی عقل کو روشنی خیالات کو ترقی۔ مختلف قسم کے تجربے جیسے اُسکے ذریعہ سے حاصل ہو سکتے ہین ایسے اور کسی چیز سے میری رائے مین حاصل نہین ہوتے بلکہ اگر مبالغہ نہ خیال کیا جائے تو زندگی کا لطف ہی یہ ہے جو آدمی سفر نہین کرتا اُسکی صاف مثال اُس گڑھے کے مینڈک کی سی ہے جسکی حکایت کو سب جانتے ہین جب تک آدمی سفر نہ کرے اُسوقت تک یہ مضمون عمدگی سفر کا ایک خیالی مضمون ہوتا ہی اور اقناعی طور سے تسلیم کیا جاتا ہی۔ لیکن تجربہ کے بعد بلاشبہ عین الیقین کے درجہ کو پہنچ جاتا ہی۔

میرے دلمین ایک مدت سے دو سفرون کا شوق تھا ایک تو عرب کے سفر کا

اور دوسرے یورپ کے سفر کا۔ عرب کے سفر کو زیادہ تر تعلق مذہبی حالت سے ہی
اور یورپ کے سفر کو انسان کی بھلائی۔ ملکی و قومی ہمدردی اخلاقی و معاشرتی
و دماغی قوی و خیالات کی ترقی سے ہے۔ مین نے عرب کا سفر ہنوز نہین کیا ہے
× × × × × × × × × مین خیال کرتا ہون کہ میرے اس یوروپ کے سفر کی
تقدیم سے میرے ہندوستان کے مسلمان بھائی مجھ سے خوش نہ ہونگے اور مین
جانتا ہون کہ ہر قسم کے اعتراضات والزامات مجھ پر کرتے ہونگے اسلیے کبھی کبھی
میرا یہ ارادہ ہوتا تھا کہ مین اُسکے وجوہ لکھون یا کم سے کم اُنکی سمجھ کے موافق مشیت کے
مذہبی مسئلہ کو جو ہر مشکل کا آسان کرنے والا اور ہر ناوک اعتراض کی عمدہ سپر متصور ہے
پیش کر دون لیکن چونکہ اس سے میری اصلی غرض فوت ہوتی تھی اسلیے مین نے
اُس طریقہ کو پسند نہین کیا۔

عام خیالات کا اندازہ

میری اصلی غرض یہ ہے کہ مین اپنے مخالف و موافق دوستون کے خیالات اور
اور اُنکی اندرونی طینت سے واقف ہون اور نہ تنہا مین بلکہ سب لوگ واقف
ہون وہ نازک خیالیان کرین طبیعت کی جولانیان دکھائین مضمون پر مضمون اور
آرٹیکل پر آرٹیکل اخبارون مین چھپین۔ مجالس مین میرا ذکر خیر ہو کوئی آنکھین میچ
میچ کے کوئی آنکھونکو جھپکا جھپکا کر اشارون سے کوئی خندۂ زیر لبی سی باتین کرے
رمز و کنایات و اشارہ بازیان ہون اور اُنکو مین پڑھون سنون و دیکھون و لطف
اُٹھاؤن۔"

انگریزی اخلاق کا تذکرہ۔

ایک جگہ آپ نے اپنے سفرنامہ مین انگلستان کے انگریزون کے اخلاق کا جو اُتار کر باشندگان ہند کی اُس غلط فہمی کو دور کرنیکی کوشش فرمائی ہی جو ہندوستان مین انگریزون کے برتاؤ سے اُنکو اکثر ہوتی رہتی ہے چنانچہ آپ تحریر فرماتے ہین کہ:۔

"جو شخص انگلستان نہ آئے اور یہان کے امرا اور جنٹلمینو نکی ملاقات نہ کرے وہ ہندوستان کے انگریزون کے برتاؤ کو دیکھکر بلاشبہ یہی جانے گا کہ انگریزون کی قوم کے ہی اخلاق بُرے ہین۔ حالانکہ یہ محض غلط ہے اُنکی قوم کے ہرگز اخلاق خراب نہین ہین میل جول اُن کا لائق تعریف ہے زمانہ بالکل بدلتا جاتا ہی ہمارے افسران ہندوستانی کو بھی اپنے میل جول کے طریقون مین اصلاح و تبدیلی ضرور ہی"

ایک مقام پر آپ اپنے ملک کے لوگونکو تعلیم کا شوق دلانیکے لیے اپنے سفرنامہ مین تحریر فرماتے ہین کہ:۔

انگلستان کی دولتمندی کا سبب۔

"ملک (انگلستان) کی دولتمندی کی حالت دیکھکر بے اختیار یہ سوال ہوتا ہی کہ ایسی دولتمندی کیونکر ہوئی۔ اُسکا جواب بجز اسکے اور کچھ نہین ہے کہ لیاقت سے اور جب یہ پوچھا جائے کہ لیاقت کیونکر آئی تو یہ جواب ہوگا کہ تعلیم و تربیت سے"

ایک جگہ آپ اپنے ملک کے لوگون کے دلون مین حب الوطنی اور آزادی رائے کی قدر جاگزین کرنیکی غرض سے اپنے سفرنامے مین تحریر فرماتے ہین کہ:۔

اہل پارلیمنٹ کی ملکی و قومی بہی خواہی۔

"لبرل و کنسرویٹیو کے باہمی اختلافات و حالات کو سنو اور دیکھو تو تعجب ہوگا لیکن اپنے ملک و قوم کے نفع و نقصان و ترقی و تنزل مین پوری صاف دلی سے

کوشش کرنیوالے ہین۔ ایک ادنی سے خرچ کو جسکو وہ بیجا جانتے ہین اپنے ملک پر عائد ہونے نہین دیتے۔ اور اُسمین بڑے سے بڑے وزیر کی رائے سے اختلاف کرنے کو موجود مجارٹی کا پورا ادب کرتے ہین"

انگلستان کی اعلی تعلیم

ہندوستان کے لوگون کے دلون مین تعلیم کا ولولہ اور شوق پیدا کرنیکی غرض سے آپ نے اپنے سفرنامہ مین انگلستان کی اعلیٰ تعلیم کا تفصیل کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔ غرض آپکے سفرنامہ مین بہت سی ایسی باتین ملتی ہین جنسے باشندگان ہند قومی ترقی اور قومی فلاح وبہبود کی جانب آسانی کے ساتھ راغب ہوسکتے ہین۔

آپکا جہاز سورت نامی بمبئی سے روانہ ہوکر سوئز پہنچا اور وہان جاکر اس جہاز کو بدلنا پڑا۔ سوئز سے اسکندریہ تک آپ بسواری ریل تشریف لے گئے۔ اسکندریہ کا حال ہم آپ کے سفرنامہ سے ماخوذ کرکے آپ ہی کے الفاظ مین یہان درج کرتے ہین:۔

اسکندریہ کا حال۔

"ریل پر سے ہم سب اُترے یہان ہمارا دوسرا جہاز جسکا نام پیرا تھا کھڑا ہوا تھا ریل کی فرودگاہ سے اُس جگہ تک جہان پیرا جہاز سمندر مین تھا کچھ فاصلہ تھا بیچ کے فاصلہ کو ہم سب نے ایک چھوٹی دخانی کشتی پر طے کیا۔ جہاز کی روانگی مین توقف تھا لہذا مین وحمید اللہ وراس صاحب الگزنڈریہ کی سیر کو گئے۔ ہم ایک فٹن پر سوار ہوئے اور ایک مصری آدمی ہمارے ساتھ ہوا۔ شہر مین ہوتے ہوئے اُس مشہور

مینار کو دیکھنے گئے جو الگزنڈریہ مین کھڑا ہوا ہی اور جسکے قیام کو الگزنڈریہ مین قریب
دوہزار برس کے ہوئے ٹھیک زمانہ اس مینار کی ابتدائی تعمیر کا تو معلوم نہین ہوا ہی
مگر جو تصویرین جانورونکی و علامات اُس پر کندہ ہین یہی اُسوقت کی ایک تحریر واقعات
کی تھی اُنکے پڑھنے والونکی یہ رائے ہے کہ حضرت عیسیٰ کے زمانہ سے پندرہ سو
برس سے زیادہ کا بنا ہوا ضرور ہی۔ جہان وہ مینار اب کھڑا ہے وہ ایک ویرانہ ہی
زمین بھی وہان کی ہموار نہین ہی اکثر جگہ وہان نجاست پڑی تھی قریب اُسکے ایک
قبرستان ہی۔ مجھے بڑا افسوس آیا کہ ایسی عمدہ چیز تاریخی جسکے دیکھنے کو دور دور سے
لوگ آتے ہین کیسی بُری حالت سے ہی کہ اُس جگہ کھڑے ہونیسے بھی نفرت آتی ہی
ایسی جگہ ضرور صفا و مسطح ہونی چاہیے تھی کوئی چمن یہان ہونا چاہیے تھا۔ مینار کی
دیکھنے کے بعد ہمنے ایک باغ دیکھا مگر وہ ہمکو پسند نہ آیا۔ کوئی بھی بات اُس مین
خوبی کی ہمکو معلوم نہ ہوئی۔ وہان سے ہمنے چاہا کہ محمد علیشاہ کے محلون کو دیکھین۔ اُنکا
دیکھنا بغیر اجازت کے نہین ہوسکتا تھا لہذا اول ہم ایک انگریزی افسر کے پاس گئے
جو الگزنڈریہ مین رہتے ہین۔ راس صاحب نے اُن سے جاکر ہمارے کین اور ایک
سارٹیفکٹ حاصل کیا اُسی جگہ کے قریب تار گھر تھا ہم وہان گئے اور ہمنے ہندوستان کو
اپنے الگزنڈریہ پہنچنے کا تار دیا اور پھر اُس سارٹیفکٹ کو لیکر ایک مصری افسر کے پاس گئے
اُسنے اُسی سارٹیفکٹ پر اجازت تحریر کردی اُسکو لیکر ہم گئے اور محلونکی خوب سیر کی۔ اس
عمارت کو اور اُسکے موقع اور آرائش کو ہم سب دیکھکر نہایت ہی مسرور ہوئے۔ اب دیا وہ

محل ہی کمرے انگریزی قطع کے ہین مگر نہایت وسیع اور خوش قطع تمام طلائی کام اُسمین جا بجا ہو رہا ہی ہر کمرہ عمدہ شیشہ آلات میزون۔ کرسیون و پلنگونسے مرتب ہے ہر ایک کمرہ مین جدا جدا رنگ کا سامان ہی اور نہایت ہی بیش قیمت۔ شہر بھی نہایت آباد پُر رونق ہی تمام بازار گو بہت وسیع نہین ہی مگر تنگ بھی نہین ہین تجارت گو یہان بہت ترقی معلوم ہوتی ہی۔ کثرت سے لباس لوگون کا انگریزی ہے ٹوپیان البتہ ترکی لال تھین۔ رنگترے ہمنے وہان خریدے نہایت ہی شیرین تھے ایسے شیرین ہمارے ملک مین نہین ہوتے ہم تھوڑی دیر بازار مین فٹن سے اُتر کر بعض بعض سوداگرونکی دُکانون مین بھی گئے وہ انگریزی بولتے تھے ہمسے کئی آدمی وہان کے ملے جو کچھ عربی بولتے تھے مگر اچھی نہین اور ہم جو بولتے تھے تو کہتے تھے کہ یہ نخوی ہین ہم اور بھی چیزین وہان دیکھتے لیکن جہاز کے کپتان نے جسوقت ہمکو واپس آنیکو کہا تھا وہ وقت قریب آگیا لہذا ہم سب اپنے جہاز کو چلے آئے۔"

اسکندریہ سے جہاز پیرامین سوار ہوکر مولوی صاحب برنڈزی ہوتے ہوئے شہر وینس پہنچے اور وہان بحری سفر ختم ہوا۔ شہر وینس پہنچنے اور دیگر مقامات کا حال خود مولویصاحب کے الفاظ مین اس موقع پر سفرنامہ سے نقل کرکے ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہی:-

وینس کی سیر

"جب ہم وینس پہنچے اور وینس کو ہمنے دیکھا تو ہمنے یہ سمجھا کہ اس سے بہتر اور جگہ نہ ہوگی۔ اول ہی روز شب کو ہم باہر نکلے ڈوجس پیلس کے سامنے پہنچے

دیکھا کہ نہایت وسیع بازار ہی تمام دکانین کھلی ہوئی ہین گیاس کی روشنی ہے تمام
دکاکین کے دروازے شیشہ کے ہین ہزارہا روپیہ کا جوہر رکھا ہے ہر قسم کے زیور
مرصع وسونے وچاندی کے اُن شیشونکے دروازہ کے اندر رکھے ہین ہر شخص
دکان کے باہر سے اُن سب چیزونکو دیکھ سکتا ہی بڑے بڑے عمدہ ومرتب کافی
ہوس کھلے ہوئے ہین اندر سنگ مرمر وسنگ ابری کی میزین کثرت سے رکھی ہین
کرسیان وکوچین مخمل سے منڈھی ہوئی بچھی ہین وہان جاؤ بیٹھو چاہو برف کھاؤ چاہو
چاء پیو چاہو کسی قسم کا گوشت کھاؤ ہر چیز موجود ہے چاء برف تو ہر وقت تیار رہتی ہے
اگر کھانے کو حکم دیا جائے تو دس منٹ بعد تیار رہے۔ اٹلی مین یہ رسم ہی کہ رات کو
تمام لوگ باہر پھرتے ہین کافی ہوسون مین کھاتے ہین بازار کی سیر کرتے ہین۔
صدہا کرسیان کافی ہوسون کے برآمدون مین اور اُنکے سامنے بازار کے صحن
مین بچھی ہوئی ہین اُن پر سب بیٹھتے ہین دس گیارہ بجے تک تمام بازار کھلے
رہتے ہین عورت ومرد اعلیٰ وادنیٰ سب سیر کرتے رہتے ہین گیاس کی روشنی اسقدر
ہوتی ہی کہ رات بمنزلہ دن کے ہوجاتی ہی وینس کا شہر تمامہ پانی مین بنایا گیا ہے
سب طرف پھرو دیکھو تمام شہر پانی مین بسا ہوا ہے۔ محلون کے بیچ مین نہرہی
دل چاہے نہر ہی نہر تمام شہر کے محلون کی سیر کر آؤ۔ صدہا کشتیان کھڑی ہین اور
ہر جگہ پھرتی ہین جسقدر دور چاہو پیدل جاؤ جہان سے دل چاہے کشتی مین سوار
ہولو جہان چاہو چلے جاؤ سمندر ہی مین یہ نہر ہے اور اسی نہر مین ہوکر جہاز بھی

آتا ہے - گہراؤ اُسکا کہین کم کہین زیادہ ہے مکانات بڑے بڑے رفیع الشان برابر
نہر کے کنارے بنے ہوئے ہین کیسے خوشنما کہ بیان نہین ہوسکتا - دوجس[۱] پیلس ایک
نہایت عظیم الشان مکان ہے اسمین بڑے بڑے کمرے ہین عجیب وغریب تصاویر
اُسمین لگی ہوئی ہین اسکے علاوہ ایک بہت بڑی گیلری اور ہے وہان کچھ فیس بھی داخلہ کی
لی جاتی ہے وہان کی تصاویر اور بھی زیادہ تر عجیب وغریب ہین دن بھر دیکھا کرو خاتمہ
نہین ہوتا ہم نے بھی دو مرتبہ جاکر اُسکو دیکھا یہان ایک قدیم چیزونکا میوزیم بھی ہے
وہان عجیب عجیب چیزین پرانی اور بڑی بڑی بنی ہوئی ہین اُنسے قدیم زمانہ کی صناعی
معلوم ہوتی ہے زیور و نگینے بہت ہی پرانے پرانے زمانہ کے ہین جس سے صدہا برس کے
واقعات انکھونکے سامنے آجاتے ہین اور یہ ثابت ہوتا ہے کہ قدیم زمانہ محض وحشی
زمانہ نہین تھا کچھ اسی زمانہ مین شائستگی پیدا نہین ہوئی پہلے بھی بہت کچھ تھا -
یہان دو بڑے مشہور گرجا ہین ایک کا نام فراری ہے دوسرے کا نام سینٹ مارک
سینٹ مارک کی عمارت کی بڑی تعریف ہے مگر مجھکو فراری زیادہ عمدہ معلوم ہوا
یہ فراری بہت بڑا گرجا ہے نہایت عمدہ پتھر کی نقاشی اس مین ہے سنگ مرمر کی اور نہایت
خوبصورت عمارت ہے - یہ دونو گرجا روس کیتھلک کے ہین یہان تک حضرت عیسیٰ
کی پیدائش سے پہلے ہیلب کی حالت کی کیا کیا علامات کی اُنکے چین ہے اور مختلف

---

[۱] جس اس حصہ دار رہتا تھا اسکو ڈوج کہتے تھے ایک کے بعد دوسرا جو کوئی ہوا اُسکا یہی لقب تھا -
پیلس محل کو کہتے ہین (س) انگریزی قاعدہ سے لگا ہے جسکے معنی کا اسکے ہین -

حالات کی - اسی طرح سے حضرت مریمؑ کی مختلف اوقات کی تصویرین ہین - تمام
مین پھرو تو بت خانہ معلوم ہوتا ہی تمام دن پادری صاحب لباس خاص عبادت کا
پہنے ہوئے خود بھی عبادت کرتے ہین اور لوگون کو بھی عبادت کرواتے ہین -
باری باری سے پادری صاحب کی تبدیلی ہوتی رہتی ہے - پادریصاحب
ایک مقام خاص مین ایک محراب کے سامنے لوگون کی طرف سے پشت
کیے ہوئے کھڑے رہتے ہین اُنکے پڑھنے کی کچھ آواز نہین آتی تھوڑی دیر بعد
وہ ایک گھنٹی بجاتے ہین تب لڑکے جو اپنی اپنی بنچون پر بیٹھے ہوتے ہین کوئی اُنمین سے
کچھ سر کو جنبش دیتا ہی اور کوئی [illegible] ہی مختلف اوقات مین وہان
گرجاؤن مین گیا دیکھا کہ ایک بڑا مشہور خوبصورت مکان وہان ہے
اور اُس پر ایک گھنٹہ لگا ہوا ہی کہ اُسکا نام ہے اس گھنٹہ کے اوپر
دو لوہے کی تصویرین دو طرف [illegible] اپنی اپنی طرف سے گھنٹہ بجاتی ہین پہلے
ایک پھر دوسری اور ہر روز اُس خاص وقت پر اسمین خوب تماشہ ہوتا ہی
وہان حضرت مریمؑ کی تصویر ہے گھنٹہ کے پاس اور سامنے ایک مختصر سا برانڈہ کے
طور سے ہے دونو طرف دو کٹہریان ہین جسوقت وہ گھنٹہ بجتا ہی تو ایک طرف کی
کھڑکی کھل جاتی ہی اور اُس سے چار بادشاہ نکلتے ہین تین بادشاہ یورپ کے
اور چوتھا ایک حبشی بادشاہ ایک کے بعد دوسرا پھر تیسرا پھر چوتھا سب سے
اخیر حبشی بادشاہ آتا ہی اور ہر ایک جب حضرت مریمؑ کی تصویر کے سامنے آتا ہی

تو سلام کرتا ہی اور دوسری طرف کی کھڑکی مین گھس جاتا ہی یہان ایک مشہور آرسنل[1] ہی اُسکو ہمنے دیکھا اُسمین جہازون کی بہت سی حالتین دیکھین چھوٹے چھوٹے کاٹ کے جہاز بنا کر وہان رکھے ہین اور اُنسے معلوم ہوتا ہی کہ پہلی صورت جہاز کی کیا تھی اور پھر کیا کیا تبدیلی ہوتی گئی اور اب کیا ہے۔ وہان صدہا قسم کے ہتھیار تھے جو پُرانے زمانہ مین استعمال ہوتے تھے عجیب عجیب صورت کے ہتھیار تھے جو ہمنے کبھی کسی کتاب مین نہین پڑھے۔

مسلمانون سے اور وینس والون سے لڑائی ہوئی تھی اُسمین کچھ ہتھیار اور ایک نشان وینس کی فوج کے ہاتھ آیا تھا وہ بھی ہمنے دیکھا نشان پر آیت اِنّا فتحنا نہایت خوشخط لکھی ہوئی ہی لیکن وہ آیت ناتمام ہی مجھکو اس کا کچھ سبب معلوم نہین ہوا یہ نہین ہی کہ نشان کے کپڑے کا جس پر وہ آیت لکھی ہی کوئی حصہ تلف ہوگیا ہو جسپر بقیہ آیت ہو فی الاصل ابتداً ہی وہ پوری تحریر نہین ہوئی۔ افسوس ہی کہ اسوقت مجھکو یہ یاد نہین ہی کہ کس لفظ تک وہ آیت اُس نشان پر تحریر تھی نہین تو بتمامہ مین اُسکو لکھتا۔

مسلمانون کے ہتھیار جو مین نے وہان دیکھے وہ بڑے مہیب تھے اور اکثر اُنمین کے ایسے لمبے لمبے بانسون مین تھے جیسے نیزے کی برچھی کا بانس ہوتا ہے زیادہ تر برچھی نما تھے مگر اُن مین صرف برچھی کا سا پھل ہی نہین تھا اور بھی پھل متعدد تھے بہت سی قسم کے زرہ و بکتر و چار آئینہ اور لوہے کی تمام چیزین

[1] جہان ہتھیار اور ہتھیار رونکی قسم کی اور چیزین ہون۔

جو قدیم زمانہ مین سر سے پاؤن تک لوہا پہنکر لڑا کرتے تھے سب وہان تھین حیرت ہوتی تھی کہ اسقدر وزن کا لوہا پہنکر کیونکر وہ لوگ لڑتے تھے ۔

اسباب حرب

یہ خیال نہ کرنا چاہیئے کہ آدمی اُسوقت کی نوگزکے قد کے لمبے اور دیو کے دیو ہوتے تھے ۔ وہ ہمارے ہی قد وقامت وجسم وصورت کے آدمی تھے اُنکی زرہ ۔ بکتر ۔ چار آئینے وغیرہ سب موجود ہین اور پھر اسقدر لوہا پہنتے تھے اور لڑتے تھے ۔

وہان ایک لڑکے کا اسی قسم کا تمام لوہے کا سامان پوشش ہے اُس لڑکے کی عمر تخمیناً بارہ سال کی تھی یہ زیادہ تعجب انگیز تھا ۔ اس آرسنل کے باہر کے دروازہ پر پتھر کا ایک بڑا شیر ہی جسکی نسبت یہ کہا جاتا ہی کہ اتنا بڑا شیر کہین دنیا مین نہین ہی ۔

ایک نکلی شہ

یہ شیر ایک واقعہ تاریخی ہی اسکے ابتدائی وجود کا کہ وہ کب بنا تھا ٹھیک زمانہ معلوم نہین ہی لیکن اُسی پر جو علامات ونشانات ہین اُنسے یہ معلوم ہوتا ہی کہ چوتھی یا پانچوین صدی عیسوی مین جب ورنگی قوم نے استنبول پر قبضہ پایا تھا اُسوقت یہ شیر بنا ہوا موجود تھا اس مقام پر اٹلی مین یہ شیر استنبول سے قریب گیارھوین صدی عیسوی کے آیا ہی اکثر جگہ دیس مین ہم راس صاحب اور مسز راس ساتھ سیر کرتے تھے راس صاحب کی وجہ سے سیر مین بڑی مدد ملتی تھی گو مجھکو فراری کا گرجا زیادہ خوبصورت معلوم ہوا لیکن سینٹ پارک کی خاص باتین زیادہ تر قدر کے لائق ہین اور اُسکے بعض حالات بیان کرنے ضرور ہین ۔

وینس کا گرجا

اس گرجا مین چار گھوڑے لوہے کے ہین شاہ نیرو کے وقت کے اُسین

پانسو ستون ہین سنگ مرمر کے اُنمین پچے کاری کا کام بھی ہے اور یہ کام پچیکاری کا گیارہوین صدی عیسوی کا ہی۔ محرابین اسکی مشرقی عمارت کی طرز کی ہین گول نہین ہین وہ موا قع جہان پادری بطور امام کے کھڑا ہوتا ہی اُس گرجا مین کئی ہین ایک اُنمین سے ایسا ہی جسکی نسبت لوگون کا یہ خیال ہے کہ وہ سلیمانؑ کے وقت کا ہی۔

ویس کی مختصر حالت۔

یہ وینس وینشیا کا دار السلطنت تھا تین بڑے اور ۱۴۱ چھوٹے جزیرون کو ملاکر وینس بنا ہے۔ نہرونکی تعداد ۱۵۰ ہے پُل اُسمین ۳۸۰ چھوٹے ہین۔ برج آف سائز ایک مشہور پل یہان کا ہے بڑی نہر جو بیچ مین سے وینس کے گزری ہے وہ ایسی طرح سے گزری ہی کہ ایک طرف بڑا حصہ دوسری طرف چھوٹا حصہ وینس کا ہی انگریزی مین جس طرح ایس (S) ہوتا ہی وہ شکل نہر کی ہے کشتیون کی تعداد ۴۰۰۰ ہے گھوڑے پر یہان کوئی نہین چڑھتا ہی نہ یہان ہمنے گھوڑا دیکھا۔ ایک باغ یہان ہی اُسکے سپرنٹنڈنٹ کے پاس ایک گھوڑا ہی اُسکو لوگ بطور تماشہ کے خیال کرکے دیکھتے ہین۔

ویس کی پیداوار اور تصوری

مونگا یہان بہت کثرت سے دیکھا اور پتھر ہر قسم کا اور پتھر کی چیزین بہت بکتی ہین۔ تصویرین نہایت عمدہ اور سستی ہوتی ہین مصور یہان کے مشہور ہین۔

جب ہم پکچر گیلریون مین گئے تو وہان ہمنے بہت سے مصورونکو دیکھا کہ وہ قدیم تصاویر نقل اُتار رہے ہین کچھ مرد ہی مصور نہین عورتین بھی تصویر کھینچتی ہین انگریزی سکہ یا فرینچ کا یہان نہین چلتا ہے یہان ایک سکہ [illegible] کا غذکا وہ مستعمل ہی۔ ایک

پونڈ کے ۲۰ فرنک آتے ہین اور ہر ایک فرنک کے سو سانٹیم ہوتی ہین یہ سانٹیم تانبے کا سکہ ہی لیکن پانچ پانچ سانٹیم کا بھی سکہ ہوتا ہی زیادہ تر اُسی کا برتاؤ ہی۔

اسی وینس مین بیرن[1] کا بھی پیلیس ہی۔

کارخانے

شیشے کے کارخانے یہان متعدد ہین جب ہم اُنکے دیکھنے کو گئے تو ہمارے سامنے بھی اُنھون نے چیزین بنائین ایک گولی حمید اللہ کو بنا کر دی۔

پبلک گارڈن وغیرہ

پبلک گارڈن بھی یہان ہی لیکن کچھ عمدہ نہین ہے۔ وینس مین ایک بہت بڑا شفاخانہ ہی۔ مگر مذہبی شدت یہ ہی کہ اُسمین بھی دو جگہ گرجا ہے۔ ہم ۱۱ مئی سنہ ۱۸۸۸ء کو وینس پہنچے تھے اور ۱۵ مئی کو وہان سے چل کر میلان کو آئے"

منجملہ دیگر مقامات کے مولوی صاحب نے مفصلۂ ذیل مقامات کی سیر فرمائی:۔

برنڈزی۔ وینس۔ میلان۔ پیرس۔ کیلی۔ بولونا۔

پیرس کا مختصر حال ذیل مین خود مولوی صاحب کے الفاظ مین درج کیا جاتا ہی:

پیرس کا حال

"جس[2] دریا کے متصل پیرس آباد ہی اُسکا نام سین ہے۔ اس دریا مین بارہ جزیرے ہین گرد شہر کے بطور فصیل کے دیوار بھی ہے۔ جس وقت شہر مین داخل ہو تو اسباب دیکھتے ہین محصول کی نظر سے ریل کے مسافروان کا اسباب اسٹیشن پر دیکھ لیتے ہین ریل سے ہوٹل تک پورٹر[3] اسباب لیجاوے تو ایک فرنک مقرر ہی (یہ ایسی اچھی بات ہی کہ جھگڑا نہین ہوتا ہے) اسی طرح گاڑی کا کرایہ بھی معین ہے دو فرنک سے گھنٹہ

---

[1] لارڈ بیرن انگلستان کا مشہور شاعر ہے۔ [2] پورٹر بطور قلی۔ [3] سفرنامہ اُردو ۱ صفحہ ۶۴ تا ۶۶۔

لیتے ہین اور کبھی بحساب فاصلہ کے بھی لیتے ہین دو آدمی گاڑی کرایہ پر لین اور تیسرا آدمی بیٹھ جائے تو وہ فری ہوتا ہے اگر گاڑی پر پورٹ منٹو بھی رکھا ہو تو اسکے ۲۵ سانٹیم لیتے ہین جو ایک فرنک کے سو ہوتے ہین تین پورٹ منٹو تک یہی حساب ۵۰ سانٹیم کا رہتا ہے تین سے اگر زیادہ ہون وہ فری ہوتے ہین تار برقی کا محصول یہان نہایت سستا ہی فرانس کے ملک مین جہان جہان چاہو تار بھیجو ۲۰ لفظ کا تار ہو تو صرف پچیس ۲۵ سانٹیم دیدو۔ اگر فرانس سے باہر لندن بھیجنا منظور ہو تو ۲۰ لفظ کے ۵ فرنک[۱] دینے ہوتے ہین۔ تھیٹر و نکی و آپرا وغیرہ تماشہ گاہونکی یہان بڑی کثرت ہے۔ گرجا بھی بہت ہین۔ ایک گرجا مین ہم گئے نوٹر ڈیم ڈی کورنٹا اسکا نام ہے وہان ہمنے یہ ایک نئی بات دیکھی کہ ہر عبادت کرنیوالے کے پاس ایک ایک تسبیح ہے اور اسکو وہ پڑھ رہا ہے۔ معلوم نہین یہ طریقہ فرانس نے کہانسے سیکھا ہی۔

عجائب خانے

میوزیم یہان متعدد ہین کسی مین فرنچ تصاویر پتھر کی ہین کسی مین اٹالین گریک مصری وغیرہ اور نقشجات و جہازون کے نمونے اور جس جسقدر جس زمانہ مین تبدیلی جہازون مین ہوئی ہے وہ سب موجود ہین۔ ایک میوزیم مین تصاویر جدید ارٹسٹ کی ہین۔ اُن پتھرون کی تصاویر کے میوزیم مین ایک بڑی مشہور تصویر ہے عورت کی

[۱] پیرس مین اکا سکہ ہے طلائی نپولین اسکو کہتے ہین اُسکے بیس فرنک ہوتے ہین اور ایک فرنک کے سو سانٹیم آتے ہین

وینس آف میلو۔ یہ عشق کی دیبی مشہور ہے یہ تصویر نہایت ہی عمدہ ہی۔ جزیرہ میلو سے ۱۸۲۰ء
مین نکلی ہی۔ حضرت عیسیٰؑ سے کئی سو برس پہلے کی یہ تصویر ہے ایک ہاتھ اس تصویر کا
جو اُٹھا ہوا تھا ٹوٹ گیا ہی اسکی عمدگی کی تعریف لوگون نے بہت لکھی ہے ہمنے بھی اُسکو
دیکھا اور غور سے دیکھا تو بلاشبہ نہایت ہی صنعت کی ہے منجملہ اُنکے ایک یہ ہے کہ
ہاتھ کے اونچا کرنیسے جسطرح ایک عورت کے بدن مین نشیب و فراز وغیرہ ہوسکتا ہی
وہ اسمین صاف نمایان ہی یہ ایک بات تمثیلاً ہی بہت سی صنعت اُسکے غور کرنے سے
معلوم ہوتی ہی۔ یہان متعدد لائبریریان ہین منجملہ اُنکے نیشنل لائبریری مین آٹھ لاکھ کتابانے
کتابین ہین بہتر ہزار اُسمین قلمی ہین پانچہزار نقشجات کی قسم کی وسکہ وغیرہ۔ لائبریری
آف دی ارسنل مین ایک لاکھ ستر ہزار کتابین ہین اُنمین چھ ہزار قلمی ہین۔ لائبریری
سینٹ جینیوی مین ایک لاکھ دس ہزار کتابین ہین دو سو اُن مین قلمی ہین۔ اور
چھوٹی چھوٹی لائبریریان ہین۔

جیسا بمبئی مین ہم نے ٹریموے کو چلتے دیکھا تھا اور میلان مین یہان بھی ٹریموے سواریان
چلتی ہے۔ یہ وہی گاڑی ہے جو لوہے کی سڑک پر چلتی ہے اُسکے علاوہ جیسے
میلان مین اومنی بس[1] چلتی ہے ویسی ہی یہان بھی چلتی ہے اور گھوڑے نہایت عمدہ
اُسمین جوتے جاتے ہین۔ جب ہم فرانس کی حد مین گزرے اور دن ہوا تو ہم نے

[1] اومنی بس ایک گاڑی ہی جسمین دونو طرف بنچ بنی ہوئی ہی ہر طرف پانچ پانچ چھ چھ آدمی اسمین بیٹھتے ہین
اُسکے گدے عمدہ مخمل سے منڈھے ہوئے ہوتے ہین یہ گاڑی معمولی سڑک پر چلتی ہے اور ہر جگہ سے لوگ اسمین
چڑھتے اُترتے ہین اور مقدار معین مسافت کرایہ دیتے ہیں۔

پہاڑی ملک دیکھا لیکن پہاڑ مسطح تھا اور اُسی پر زراعت تھی۔

فرانس کے بازارونکی رونق

فرانس کے بازارونکی وسعت اور اُنکی صفائی اور لطافت و رونق تحریر مین نہین آسکتی ہی۔ ایک دکان مین اسقدر جواہر و زیور ہوگا کہ ہمارے شہر کی تمام جوہری بازار کے جوہریون کے جواہر بھی اگر اکٹھے ہون تو بھی برابر نہ ہو۔ جب ہم اُن بازارونمین پھرتے تھے تو اپنی دلی کے چاندنی چوک و جوہری بازار اور اُنکی دکاکین کا خیال دل مین لاکر بہت ہی شرمندہ ہوتے تھے۔ مگر یہ ہم ضرور کہینگے کہ جیسا ہمارا چاندنی چوک ہی کہ دوطرف سڑکین اور بیچ مین نہر بہتی ہے ایسا کوئی بازار فرانس مین نہین تھا۔ تھیٹر و اپرا اور دیگر تماشہ گاہون کی بڑی کثرت اور بیسیون جگہ ہوتے تھے سواریونکی یہ کثرت تھی کہ چوڑے سے چوڑے بازارون مین ایک سمت سے دوسری سمت جانا مشکل ہوتا تھا بہت تیز بھاگ کر ادھر سے اُدھر آدمی جاسکتے تھے بہت سی قسم کی وہان گاڑیان چلتی ہین اور ہر ایک قسم کے نمبر جداگانہ ہین مین نے ایک خاص قسم کی گاڑی پر نمبر دیکھا تھا تو سولہ ہزار تھا میلان و بینس کی رونق ہماری آنکھون و دل سے پیرس کے دیکھنے کے بعد سب ہیچ تھی

ہوٹل

ہوٹل اس شہر مین کثرت سے ہین ایک گرانڈ ہوٹل تھا جسمین ہم ٹھہرے تھے اُسمین آٹھ سو کمرے تھے۔ ڈاکخانہ اُسمین۔ تار گھر اُسمین ہوٹل کیا تھا ایک قصبہ تھا۔ تمام اخبارات ایک ریڈنگ روم مین موجود اُسمین جاؤ اخبار پڑھو خطوط و چٹھیات لکھو کاغذ قلم دوات سب تیار۔ کئی منزل کا یہ ہوٹل تھا سیڑھیون پر چڑھکر آمد و رفت ہوتی دو چار دفعہ چڑھنے اُترنے مین آدمی کا خدا حافظ ہوجائے لیکن جانے آنیکے واسطے

ایک لفٹ[1] تھا اُسمین اکثر آتے جاتے تھے بازارون کی صفائی کا بڑا اہتمام۔ ہر ہر تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر صفائی والے آدمی متعین کچھ میلا ہوا اور اُنھون نے صاف کیا جسطرح صفائی کے واسطے ہمارے مُلک مین تنکونکی جھاڑو ہوتی ہے وہان بُرش ہوتا ہے ایک لمبے بانس مین وہ برش لگا ہوتا ہی جب سڑک پر زیادہ کیچڑ ہوجاوے تو جیسا کہ ہمارے ملک مین سڑک پر بڑا پتھر بطور بیلن کے لڑھکاتے ہین اُسی طرح کا وہ بیلن ہی مگر برش کے سے بالون سے وہ منڈھا ہوا ہوتا ہے وہ پھیرا و کیچڑ صاف ہوئی۔

فہوہ خانے

کافی ہوس کہین دس پانچ ہونگے یہان سیکڑون موجود ہین جس قسم کا کافی ہوس پسند ہو بڑھیا کھانا اُسمین جاؤ کھاؤ بعضون مین وقت معین کے کھانے کی قیمت معین ہے اور کھانے بھی معین ہین بعض مین یہ دستور ہی کہ جس چیز کو حکم دو وہ دیگی اور قیمت جو اُس چیز کی مقرر ہے وہ لیجاویگی۔

جس بازار مین نکل جاؤ وہی حال ہے ع کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست پوشاک عورتون کی جیسی وہان دیکھی اب تک کہین نہین دیکھی سورتونکی پوشاک کی بابت فرانس موجد تسلیم کیا جاتا ہے۔

---

[1] لفٹ ایک چھوٹا کمرہ ہوتا ہی اُسمین تست کی کرسیان مخمل کی منڈھی ہوئی ہوتی ہین اُسپر جا کر بیٹھ جاؤ اور دروازہ بند کردو پھر وہ کل کو حرکت دیگا وہ کمرہ اوپر جاویگا ہر درجہ سے گزریگا اُسمین سے اپنے اپنے درجہ کے لوگ اُترتے جاتے تھے اسی طرح اوپر سے اُترتے آتے تھے۔

تفریح گاہ

مینار

جیساکہ الگزنڈریہ مین مینار ہی ویسا ہی پیرس مین بھی ہے یہ مینار لکسور سے یہان آیا ہے - لکسور مصر کا ایک پُرانا شہر تھا دو ہزار برس کے قریب ہوئے جب سے وہ شہر ویران ہے محمد علی پاشا نے یہ مینار دیا ہے ۱۸۳۰ء مین وہ پیرس مین آیا ہی- یہ محمد علی پاشا وہ تھے جنھون نے سلطان سے مخالفت کی تھی - فرانس نے چونکہ اُنکی اعانت کی تھی لہذا یہ مینار دیا گیا تھا یہ مینار نہایت ہی عمدہ و پُر فضا مقام مین پیرس کے قائم ہے جہان جانیسے تفریح ہوتی ہی اسی مقام پر سہ پہر کے وقت تمام امرا اُسکی سیر و تفریح کو اپنی اپنی سواریون مین گزرتے ہین ع ببین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا- اس شہر مین علاوہ گیاس کی روشنی کے بجلی کی روشنی بھی چند جگہ ہوتی ہی - یہ روشنی نہایت ہی نفیس ہی اُسمین دن کی سی روشنی ہوتی ہی - پیرس مین یہ بات ہمنے دیکھی کہ بعض عورتون کے بھی ڈاڑھی ہوتی ہے - ہمنے بڑی بڑی شاہی عمارات یہان کی دیکھین بعض عمارات مین اُن تمام نامور اشخاص کی تصویرین ہین جو بڑے عالم یا بڑے رفارمر پیرس کے ہوئے ہین اُنکے دیکھنے سے اُنکی یاد ہوتی ہی یہ تصویرین پتھر کی ہین -

راتوںکی روشنی

ورسیل

یہ ایک مشہور و نامی مقام ہی شہر سے پیرس کے ۱۱ میل دریائے سین پر واقع ہی آبادی اُسکی ۴۹ ہزار آٹھ سو پچاس ہے - لوئی چہاردہم شہنشاہ فرانس نے اسکو بنایا ہی

ورسیل کی آبادی وغیرہ

چالیس کرور روپیہ اُسمین صرف ہوا تھا اسمین بہت کمرے ہین - دروازے اُسمین
۳۷۵ ہین اسمین بادشاہان فرانس رہا کرتے تھے لوئی سولہوان مع اپنی بیگمات کے
بھی اسمین رہتا تھا جسکو لوگون نے بلوہ کرکے ۱۷۹۳ء مین مع اُسکی بیگمات و
اکثر اہل خاندان کے مار ڈالا اور اُسکے بعد ریپبلیکن ہوگئی تھی -

اسباب آرایش

یہی وہ جگہ ہے کہ جب پروشیا و فرانس مین ۱۸۷۱ء مین لڑائی ہوئی اور فرانس کو
شکست ہوئی تو شہنشاہ پروشیا اُسمین رہے تھے اور ۱۸ فبروری ۱۸۷۱ء کو شہنشاہی کا
خطاب اِسی محل مین لیا تھا یہان اب بڑی عمدہ گیلری ہے اُسمین نہایت ہی عمدہ عمدہ
تصویرین پینٹنگ کی ہین جسقدر لڑائیان ہوئی ہین اُنکی وہ تصاویر ہین تمام افسران
نامور کی تصاویر وہان ہین ہارس ورنٹ پال ڈلروخی چیوانٹ وغیرہ جو بڑے مشہور
مصور گزرے ہین اُنکے ہاتھ کی اکثر تصاویر اُنمین ہین اُن کمروں مین میوزیم بھی ہے
ہر ملک کی عمدہ عمدہ چیزین اُسمین ہین - ملکہ انگلستان و قیصر ہند اور شہنشاہ روس
وغیرہ کے تحائف بھیجے ہوئے بھی وہان رکھے ہین اور نہایت ہی عمدہ و عجیب ہین
یہان ایک بڑا پارک ہے کہتے ہین کہ بیس میل کے اندر وہ ہے یہان ریل پر
ٹریموے پر گاڑیون پر ہر طرح لوگ جاتے ہین - ۱۱ بجے سے چار بجے تک سوائے
یکشنبہ و دوشنبہ کے ہر شخص وہان کے مکانات کو دیکھ سکتا ہے - ہوٹل بھی
وہان متعدد ہین آبادی مختصر ہے مگر خوبصورت -

سیر گاہ

طریقہ میوزیم و گیلری وغیرہ دکھانیکا یہ ہے کہ جب تھوڑے آدمی جمع ہوجاتے ہین

تو ایک گائڈ اُنکے ہمراہ ہوتا ہے اور ہر کمرہ مین سب کو لیجاتا ہے اور ہر چیز کو دکھاتا
و بتاتا ہے۔ بہت سی عمدہ عمدہ سواریان بادشاہون و خاندان شاہی کی یہان
ایک مکان مین رکھی ہین اُنکی بھی نمایش ہوتی ہے انھین مین وہ گاڑی بھی ہے
جو شہنشاہ نپولین اول کیواسطے اُسوقت تیار ہوئی تھی جب وہ تمام فتح کرکے
پیرس مین آئے تھے اور اُسمین اُنکو سوار کیا تھا یہ گاڑی پالکی گاڑی کی طرح ہے
سونے کا کام اُس پر کثرت سے ہے"۔

۲۴ مئی تک مع ہمراہیونکے مولوی صاحب پیرس مین قیام پذیر رہے۔ وہانسے
روانہ ہوکر بتاریخ ۲۵ مئی ۱۸۸۰ء لندن پہنچے اور ۲۳ ستمبر ۱۸۸۰ء دن کے
۱۱ بجے تک انگلستان مین قیام رہا۔

مولوی صاحب کے سفرنامہ مین زمانۂ قیام لندن کے بعض حالات تو درج ہین اور
بعض کا آپنے مصلحتہً ذکر نہین فرمایا۔ جو واقعات سفرنامہ مین قلمبند ہوئے ہین ذیل
مین درج کیے جاتے ہین :-

لندن کی عام تعلیمی حالت

"جس محلہ مین مین رہتا ہون اُسمین اور اُسکے قریب شاید سو دو سو بی۔ اے
ایم۔ اے رینگلر رہتے ہونگے جسکو سٹوڈگری یافتہ ہے اور یہ ایک معمولی بات
شمار ہوتی ہے ہمارے ملک مین جو کوئی پایونیر اخبار پڑھ لیتا ہے اُسکی قابلیت کی
تعریف ہوتی ہے اور جس نے لندن ٹائمز پڑھ لیا وہ تو مسلم الثبوت لائق ہوجاتا ہے
یہان یہ کیفیت ہے کہ ہر کیب مین اور آمنی بس کے گارڈ کے ہاتھ مین ٹائمز و ٹیلیگراف

موجود ہے جہان گاڑی کے چلانیسے اُسکو فرصت ہوئی اور اُسنے اُسکو پڑھا۔
جسوقت برکفاسٹ کھاکر گھر سے باہر جاؤ ہر عام آدمی سے سُن لوکہ کابل مین کل کیا ہوا۔ ترکی مین کیا ہوا۔ ہوس آف کامنس مین کیا کیا مباحثہ ہوا۔ ہوس آف لارڈز مین کونسا قانون منظور ہوا ہر شخص اپنے حقوق قانونی سے واقف ہی اور اُسکے لینے وحاصل کرنے پر مستعد۔ قومی ہمدردی ملکی محبت ہر متنفس کے دل مین ہی آزادی کے خیالات شائستگی کے ساتھ ہر ایک ادنی و اعلیٰ کے دماغ مین بھرے ہوئے ہین۔ لبرل وکنسرویٹو کے باہمی اختلافات وحالات کو سنو و دیکھو تو تعجب ہوگا لیکن اپنے ملک وقوم کے نفع ونقصان وترقی وتنزل مین پوری صاف دلی سے کوشش کرنیوالے ہین ایک ادنی سے خرچ کو جسکو وہ بیجا جانتے ہین اپنے ملک پر عائد نہین ہونے دیتے اور اُسمین بڑے سے بڑے وزیر کی رائے سے اختلاف کرنے کو موجود۔ مجارٹی کا پورا ادب کرتے ہین۔

انگلستان مین اگرچہ مذہبی خیالات کی پابندی اور اُنکا اثر ہے لیکن مناسب موقع پر زیادہ تر تعصب کو جائز نہین جانتے ہین۔ ابھی چند روز ہوئے کہ مسٹر بریڈلا کا مقدمہ پارلیمنٹ مین ہوا جو دنیا مین مشہور ہی۔

کیمبرج وغیرہ دار التعلیمی علاقہ

کیمبرج مین جاؤ تو وہ تمام شہر علما و فضلا سے بھرا ہوا ہے اٹھارہ کالج وہان موجود ہین ایک قصبہ مین جسمین تین ہزار طالب علم پڑھتے ہین پھر فیلوشپ والے اور پروفیسر و ٹیچر اُسکے علاوہ۔ پھر اکسفورڈ بھی ویسا ہی ہے۔ اسکاٹلینڈ ایک چھوٹا ملک ہے

یعنی ہندوستان سے چھوٹا ہی اسمین ایڈنبرا۔ گلاسگو۔ ایبرڈین۔ سینٹ اینڈرو زیچار تو یونیورسٹیان ہین پھر آیرلینڈ کی یونیورسٹی ہی یہ تو یونیورسٹیان ہین جنمین ہزارون کامل الاستعداد والے پڑھتے ہین بڑے اسکول ہیرو ہاٹن وغیرہ کو جاؤ دیکھو جو کالجون سے تعداد طلبہ مین بہت زیادہ ہین پھر چھوٹے اسکولون کو حساب کرو جو شمار مین بھی نہین آسکتے ہین پھر اُسکے بعد پرائوٹ تعلیم گاہونکو غور کرو اگر خیال کروگے تو قریب قریب یہ نتیجہ نکلے گا کہ تمام ملک تعلیم و تعلم مین مصروف ہے اور پھر ابھی بس نہین ہی ہل من مزید کا کلمہ برابر جاری ہے ہزارون آدمی ہین جو تعلیم کی ترقی کیواسطے اپنا روپیہ وقف کرتے ہین اور یہ فیضان وعطا برابر جاری ہے پھر ملک دولتمند و شایستہ نہ ہو تو کون ہو۔

رفاہ عام کے کام۔

ایک مدارس ہی پر منحصر نہین ہے بہت سے شفاخانے و ہاسپٹل ہین جو لوگونے اپنے خاص روپیہ سے بنوائے ہین صرف تعمیر ہی نہین کی بلکہ اُنکے تمام مصارف و اخراجات کا مستحکم بندوبست کر دیا ہے جس سے وہ ہمیشہ قائم رہینگے۔ یہ خیرات حسنہ شایستگی و تعلیم کا نتیجہ ہین۔ او خدا۔ او خدا تو ہماری قوم ہمارے ملک مین بھی یہ برکت عطا فرما۔ آمین۔

کیمبرج کے کالج۔

مین کیمبرج گیا اور وہانکے کالجونکو دیکھا سب سے بڑا کالج کیمبرج مین ٹرنیٹی ہے اسمین تخمیناً چھ سو طالب علم ہین یہ بہت بڑا کالج ہے بورڈنگ بھی اسمین ہے کئی سو طالب علم اُسمین رہتے ہین اکثر امرا کے لڑکے اُسمین پڑھتے ہین اور اسوجہ سے جو طالب علم اُسمین پڑھتے ہین اُنکو خرچ زیادہ کرنا ہوتا ہے کچھ تعلیم و مدرسہ کے متعلق اخراجات

زیادہ نہین ہین وہ تو کالجون مین مساوی ہین لیکن چونکہ طالب علم زیادہ ہین اور امرا کی
اولاد ہین آپسمین ایک دوسرے کی دعوت کرتے ہین اپنے رہنے کے کمرون مین
اسباب آرائش زیادہ رکھتے ہین سوائے ڈنر کے جو کھانا اپنے حکم سے پکواتے ہین
اُسمین زیادہ صرف کرتے ہین اسلیے خرچ زیادہ ہوتا ہے بلڈنگ اس کالج کی نہایت ہی
خوبصورت ہی باہر کا صدر دروازہ ایک ہے اور اندر چوک ہی چوک کے گرد کمرے
بنے ہوئے ہین پھر ایک چوک ہی اور گرد اُسکے رہنے اور تعلیم کے کمرے ہین اور پھر
ایک وسیع باغ ہے جسمین نہایت سبز گھانس جسکا وجود ہندوستان مین نہین ہی
لگی ہی اُسکے بعد بلحاظ تعداد طلبہ کے سینٹ جان کالج ہے اسمین قریب پانسو کے
طالب علم ہین طریقہ عمارت کا اور باغ کا وہی ہے کنگس کالج کی عمارت بھی نہایت
خوبصورت و وسیع ہے ہر کالج کے اندر باغ ہے وہ باغ نہین جھاڑ جھنکاڑ۔
وہی سبز و نرم گھانس جسکے سامنے مخمل بھی شرما جاوے اور کہین کہین اُس مین
کوئی درخت یا کسی مقام پر کوئی پھول۔ ٹرنٹی ہال چھوٹا کالج ہے عزت مین چھوٹا
نہین ہے بلکہ قانون کی تعلیم کے واسطے عمدہ مشہور ہی مگر بلحاظ تعمیر عمارت و باغ
و تعداد طلبہ کے چھوٹا ہے۔ کرائسٹ کالج یہ کالج بھی مشہور کالج ہے اسی مین ملٹن نے
جو ایک مشہور آدمی انگلستان مین گزرا ہے تعلیم پائی تھی اُسکے ہاتھ کا لگایا ہوا
بہدانہ کا ایک درخت ہنوز اُسمین ہی اُس درخت مین سے ایک پھل جھڑا ہوا
تھا محافظ کی اجازت سے مین نے اُسکو بطور یادگار و نشان عظمت کے لیا تھا

مین روزہ سے تھا اُسکو اُسوقت کھانہ سکا ارادہ تھا کہ بعد افطار رکھاؤنگا لیکن مین بھول گیا اور وہ ایک اور دوست کے نصیب ہوگیا۔

ایک اور کالج یہان ہی اس کالج مین تعصب زیادہ معلوم ہوتا ہی جو میری رائے مین کالج مین نہ ہونا چاہیے اور وہ یہ ہے کہ سوائے عیسائی مذہب کے اُسمین اور کسی کو تعلیم پانے کی اجازت نہین ہی۔

متفرق کالج

اور بھی کالج ہین لیکن عمدہ اور بڑے کالج یہی ہین جن کا حال مین نے لکھا ہے ایک جدید کالج یہان ہوا ہی جسکا نام کونڈش کالج ہے یہ کالج ابھی پورا بنا نہین ہی مکان اصلی تو بن گیا ہی مگر اور بھی تعمیر باقی ہی اس کالج کے مصارف تمام کالجون سے کم ہین چند پونڈ مین ضروری اخراجات کا انتظام کالج سے ہوتا ہی اور تعلیم بخوبی ہی کامل طور سے کمرے جو طالب علمونکے رہنے کے ہین وہ بہت چھوٹے ہین اور صرف ایک کمرہ دو سال تک طالبعلم کو ملتا ہی تیسرے سال دوسرا کمرہ اسٹڈی کو ملتا ہے برخلاف اور کالجون کے کہ اُن مین طالب علم پاس ایک کمرہ بیڈ روم دوسرا اسٹڈی روم اور ایک مختصر سی کوٹھری اسباب کیلیے ہوتی ہی لیکن بلحاظ مصارف کے یہ کالج نہایت عمدہ ہی ایک بات اس کالج مین زیادہ ہے کہ غسل کے واسطے بھی کمرہ ہے اور اُسمین نہانے کا حوض اس طرح کا بنا ہوا ہی کہ اُسمین بیٹھکر لیٹ کر نہا سکتے ہو اس کالج مین زیادہ تر سولہ سترہ برس کے لڑکے کو لیتے ہین اور کالجونمین اُس سے کم عمر کے لڑکے نہین ہین۔

زنانہ کالج

دو کالج یہان لڑکیون کے ہین جنمین لڑکیان تعلیم پاتی ہین ان دونو کو بھی مین نے

بالتفصیل دیکھا ہے - ایک کا نام گرٹن کالج ہے - یہ کالج ۱۶ - اکتوبر ۱۸۶۹ء کو کھولا گیا ہے
اس کالج کا مکان نہایت خوبصورت ہے لڑکیون کے سونے وپڑھنے کا کمرہ جدا جدا ہی -
لکچرون کے کمرے جدا ہین جس صفائی سے اُنکی سکونت ہی وہ دیکھنے کے لائق ہی
کالجونکا انتظامات
سب کمرے ایک لین مین ہین اور اکثر ایک صورت کے ہین کھیلنے کے اور ورزش
جسمانی کے لیے مکان جدا ہین ممبر وچندہ دینے والے اس مدرسہ کی اکثر عورات ہی
ہین منتظم عورات ہین - عورتون نے بہت سا روپیہ اسکالرشپون مین دیا ہی بعض نے
اپنے متوفی خاوندون کے نام سے اسکالرشپ جاری کرنیکو روپیہ دیا ہے مقدار
زرعطیہ کی دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ اُن فیاض تعلیم دوست عورتون نے کیسی فیاضی سے
روپیہ دیا ہے جسکو ہندوستان کے امیر مرد پڑھکر شائد تعجب کرینگے - اس کالج کی سکرٹری
مس کرووم رابرٹسن اور ٹریزرر یعنے خزانچی مس ڈیوس ہین اور نیچرل سائنس اور
علم ریاضی کی معلمہ مس سے ہرشل اور قدیمی زبانون کی معلمہ مس ولیش ہین لڑکیون کو
مدرسہ مین رہنا ہوتا ہے اور انکی نگرانی اور تعلیم وتربیت کا نہایت معقول انتظام ہے
اس مدرسہ مین علوم مندرجۂ ذیل کی تعلیم دیجاتی ہے -

علوم مختلفہ مین لڑکیونکا امتحان
علم الہیات - زبان لاطینی - زبان یونانی - علم ریاضی - نیچرل فلاسفی - لاجک پولیٹکل
اکانمی - مارل وپولیٹکل فلاسفی - کمسٹری - فزیالوجی - تواریخ - زبانہاے قدیم - نیچرل سائنس
کالج کے جاری ہونیکے بعد ۸۶ لڑکیان داخل ہوئی ہین اُنمین سے اُنیس نے یونیورسٹی
کیمبرج کی خواندگی کے بموجب آنرکا درجہ حاصل کیا ہے یعنی چھ نے علوم قدیمہ مین

پانچ نے ریاضی مین چار نے نیچرل سائنس مین تین نے مارل سائنس مین اور
ایک نے تواریخ مین اور گیارہ نے وہ امتحانات پاس کیے ہین جنسے معمولی درجہ
بی۔اے کی قابلیت حاصل ہوتی ہی جسقدر چندہ کالج کیواسطے دیا گیا ہے اُسکا ایک
بڑا حصہ عورتون کا دیا ہوا ہی چنانچہ مسس رسل گرنی نے نہایت فیاضی سے ایکہزار
پونڈ یعنی دس ہزار روپیہ انٹرنس اسکالرشپ کے قائم کرنیکے واسطے دیا ہی جو اُنکی
خاوند ریٹ آنریبل رسل گرنی کی یادگار مین رسل گرنی اسکالرشپ کے نام سے موسوم ہے
ایک دوسری لیڈی نے اس سے بھی بڑھکر فیاضی ظاہر کی ہے یعنی لوز الیٹڈی
گولڈاسمڈ نے بارہ سو پونڈ یعنی بارہ ہزار روپیہ ایک اسکالرشپ کے قائم کرنیکے
لیے دیے ہین جو اُنکے خاوند سر فرینسس گولڈاسمڈ کے نام سے موسوم ہی۔

دوسرا کالج لڑکیون کا نیون ہام ہال کالج ہے یہ کالج گرٹن کالج سے ابھی چھوٹا ہی
مگر عمارت جدید تعمیر ہو رہی ہے اور یہ کالج بہت ہی تھوڑے زمانہ سے قائم ہوا ہی
اسمین چوبتیس لڑکیان پڑھتی ہین اور گرٹن کالج مین اس سے زیادہ ہین اسمین
رہنے کے اور لکچرونکے کمرے چھوٹے چھوٹے ہین۔

دوسرا زنانہ کالج اور اسکے حالات۔

یہ کالج ۱۸۷۱ء مین جاری ہوا تھا مس۔ای جی کلف اُسکی پرنسپل اور مس ایم
جی کینڈی سکرٹری اور آنریری ٹریزرر یعنی خزانچی مس اے بانہم کارٹر اور مس
ایچ سیجوک ہین۔ کونسل کے بارہ ممبر مع چیرمین کے ہین جنمین سے چھ عورتین ہین
کوئی طالب علم جسکی عمر سترہ برس سے کم ہو داخل نہین کیا جاتا بورڈ اور لاجنگ کی

فیس فی ٹرم بیس گنی ہی اور درس کا سال یونیورسٹی کیمبرج کی ٹرم کے بموجب تین ٹرم
مین منقسم ہوتا ہی کوئی طالب علم بغیر اجازت پرنسپل کے باہر نہین جا سکتا ہی۔ نیون ہام
ہال کے اختیار مین دو اسکالرشپ ہین جو اُن طالب علمون کو دیے جاتے ہین
جو کالج کے اندر رہتے ہین ان مین سے ایک اسکالرشپ پچاس پونڈ یعنی پانسو
روپیہ سالانہ کی ہی۔ اور دو برس کے واسطے دیجاتی ہی اور وہ اُن طالب علمون کو
ملتی ہی جو کیمبرج کے اعلی درجہ کے لوکل امتحانات مین کامیاب ہون۔ چنانچہ
۱۸۷۹ء مین مس ہارگریو نے اس اسکالرشپ کو حاصل کیا۔ دوسری اسکالرشپ
جو برمنگہم اسکالرشپ کے نام سے موسوم ہی بیس پونڈ یعنی دو سو روپیہ کی ہے اور
اُسکا قائم کرنیوالا اپنا نام ظاہر کرنا نہین چاہتا ہی۔ ۱۸۷۸ء مین یہ وظیفہ مس فاکسلی کو
دیا گیا۔ علاوہ ان اسکالرشپون کے اُس ایسوسی ایشن کی کمیٹی جو کیمبرج مین عورتون کی
اعلی درجہ کی تعلیم کو ترقی دینے کیواسطے قائم ہی چند وظیفے طالب علمون کو بعض
شرائط پر دیتی ہی۔

کامیابی امتحانات

اکتوبر ۱۸۷۱ء سے جون ۱۸۷۹ء تک ایک سو انتالیس طالب علمون کے نام
مس اے جی کلف پرنسپل نیون ہام ہال کے رجسٹر مین داخل ہوئے۔ اس
کالج کے پہلے طالب علمون مین سے مس اوکانر ہیڈ مسٹرس کلیپ ہم ہائی اسکول نے
۱۸۷۸ء مین یونیورسٹی سینٹ اینڈروز مین تمام مضامین مین ایل۔ اے کا درجہ
مع آنر کے اور مس کریک ہیڈ مسٹرس برمٹن ہائی اسکول نے یونیورسٹی لندن کے

درجۂ بی۔ اے کے پہلے امتحان مین پہلا درجہ اور زبان لاطینی اور انگریزی مین اول درجہ کی آنر حاصل کی ہی۔

کلب اور اسکے علمی جلسے

علاوہ کالجونکے ایک کلب یہان نہایت عمدہ ہی اُسمین اخبارات کے پڑھنے اور لکچرون کے دینے کے کمرے بنے ہوئے ہین اور ایک مکان ہی جسمین متعدد کمرے ہین اور اُسمین کالجون کے پروفیسر لکچرز دیتے ہین یونیورسٹی ہال جسمین ڈگری دیجاتی ہی وہ جدا ہی وہ بھی بڑا ہال ہی جس روز مین کیمبرج مین پہنچا اُس روز بھی ایک جلسہ اُس ہال مین تھا بڑا ہجوم تھا اور بڑا غل ہوتا تھا طالب علم خوب غل کرتے تھے جسقدر کالج کیمبرج مین مین نے دیکھے انکی وسعت زمین بلحاظ مکانات و باغ کی محمڈن کالج علیگڈھ کے قطعۂ اراضی سے زیادہ نہین تھی۔ ٹرنٹی جو سب سے بڑا کالج ہے میری رائے مین اُسکا بھی باغ و مکانات تمام ملکر اُس قطعہ سے زیادہ نہین تھا جسقدر کہ محمڈن کالج کا ہے مگر کمی جسقدر ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے ملک مین علم کی قدر نہین ہے خیالات عمدہ نہین شائستگی و لیاقت کا نشان نہین۔ اور اُس ملک مین اسکی انتہا نہین۔ مگر امید ہے کہ جب ہمارے ملک کے لوگ دوسرے ملکون کے حالات و اسباب ترقی سے واقف ہونگے تو ضرور اُنکو بھی جوش آویگا اور پھر ہم دکھا دینگے کہ محمڈن کالج بھی کیسا کالج ہے۔

رات کی پارٹیان

یہان[1] اکثر پارٹیان رات کو ہوتی ہین اور اُن سے بالخصوص اتحاد و اخلاص

[1] دیکھو سفرنامۂ اُردو کا صفحہ ۹۷۔

ومحبت کا ترقی دینا مقصود ہی - یہ جلسے نہایت ہی عمدہ اور پُر رونق ہوتے ہین - مین یہان متعدد پارٹیون مین گیا سب سے معزز پارٹی لنڈن مین ڈیوک آف ڈیون شائر کی ہی اُسکی شرکت کی مجھکو بھی عزت حاصل ہوئی ہی اس پارٹی مین خود ڈیوک ہر شخص کے استقبال کو موجود تھے اور نہایت اخلاق سے پیش آتے تھے تمام ڈیوک و مارکیس و لارڈ و لیڈیان اسمین موجود تھین اور بے تکلفانہ طریقہ سے آپسمین سب ملتے اور بائین کرتے تھے بارہ بجے تک رات کے یہ عمدہ جلسہ رہا - ہر شخص کیواسطے میز تیار تھی تنقل کے طور سے جسکا دل چاہتا تھا وہ کچھ کھاتا یا پیتا تھا جس حسن وخوبی کا امرا کا یہ میل جول کا جلسہ تھا ایسا کہین دیکھنے مین نہین آیا -

ہوس آف کامنز و ہوس آف لارڈز کا بیان -

یہان[1] بہت بڑے بڑے وعظیم الشان مکانات بھی ہین اور کثرت سے ہین اور اُنکی گنتی بین چھپی ہوئی ہین مشہور مکانات مین سے یہانکے جنکو مین نے دیکھا ہی اور جو لائق ذکر ہین اُن کا مین ذکر کرتا ہون - ہوس آف کامنز - ہوس آف لارڈز یہ دونون مکان ایک صورت کے ہین یہ عمارت ایسی خوبصورت ہی کہ اسوقت تک کوئی نہین دیکھی - باہر سے دیکھو ایک بڑی خوشنما عظیم الشان عمارت ہے ایک طرف ہوس آف کامنز ہے دوسری طرف ہوس آف لارڈز - بہت بڑے بڑے دو کمرے ہین چھت نہایت اونچی ہی دروازے آئینون کے ہین اور آئینے رنگین مختلف رنگون کے ایسے بنائے گئے ہین جنسے روشنی زیادہ آتی ہے تمام

[1] دیکھو سفرنامہ اُردو کے صفحات ۴۰ تا ۱۳ -

کمرہ مین بنچ بچھے ہوئے ہین جنپر ممبران پارلیمنٹ بیٹھتے ہین۔ یہ بنچ دائین بائین بچھے
ہوئے ہین بیچ مین راستہ ہوتا ہی ایک قطار کے بعد دوسری قطار ہوتی ہی مگر پہلی قطار سے
تھوڑی اونچی اسی طرح اُسکے بعد کی قطارین تھوڑی تھوڑی اونچی ہوتی جاتی ہین یہ
سب ممبرون کی جگہ ہی اُسکے اوپر چند درجے ہین اُنکو گیلری کہتے ہین انکی صورت
ایسی خیال کرنی چاہیے جیسے ہمارے ملک مین دوہاشمہ مکان ہوتا ہی اُسمین بھی
بنچ بچھے ہوتے ہین بطور کرسی کے اُسکو اسپیکرز گیلری کہتے ہین اُسمین خاص اجازت سے
آدمی جاسکتے ہین مجھکو کئی مرتبہ وہان جانیکی عزت حاصل ہوئی ہی اُس گیلری کی اجازت
ملی تھی جو ممبرونکی نشست کے ایک یا دو گیلری اوپر تھی جہان سے گفتگو بخوبی و
بلاتکلف سُننے مین آتی تھی۔ ہوس آف لارڈز کا کمرہ مستطیل ہے۔ صدر مین اُسکی
ایک مقام بنا ہوا ہی جو ملکہ معظمہ قیصر ہند کے تشریف رکھنے کی جگہ ہے اُسکے آگے لارڈ
چینسلر کے لیے ایک جگہ بنی ہوئی ہی جہان وہ بیٹھتے ہین یا کھڑے ہوکر گفتگو کرتے ہین
اُسکے آگے میز پڑی ہوئی ہے اُسپر کتابین وغیرہ رکھی ہوتی ہین اور لکھنے والے
اور عہدہ دار جلسہ بیٹھتے ہین پشت اُنکی لارڈ چینسلر کی طرف ہوتی ہی دائین بائین
میز کے ممبرونکی نشست ہوتی ہی۔ جن گیلریون کا ہمنے ذکر کیا اُن پر جنٹلمین بیٹھتے ہین
لیکن سب گیلریونکے اوپر ایک درجہ ہی اور اُسمین جالیان لگی ہوئی ہین اُسکے اندر
لیڈیان جو دیکھنے کو آتی ہین وہ ہوتی ہین لارڈ چینسلر ممبروں کے نام لیتے جاتے ہین
اور وہ ممبر کھڑا ہوکر جو کچھ کہنا چاہتا ہی کہتا ہے اگر وہ بات ایسی ہوتی ہی جسکا جواب

وزرا مین سے کسی کو دینا ہوتا ہے تو وہ کھڑے ہوکر اسکا جواب دیتا ہی۔

مسائل مختلفہ پر گفتگو وطریقۂ انفصال۔

اگر کوئی خاص نزاع یا تکرار یا خاص صورت پیش آتی ہی اُسکا لارڈ چینسلر فیصلہ کردیتے ہین۔ اجلاس کے شروع کا وقت معین ہوتا ہی اُس سے قبل جو لوگ آتے ہین وہ ایک بڑے ہال مین جو ہاوس آف کامنز و ہوس آف لارڈز کے بیچ مین ہی ٹھہرتے ہین جب ہوس کا وقت آتا ہی تو اندر جاتے ہین۔ جو ممبر وغیرہ ہوس کے ہین اُنکو مین نے دیکھا کہ وہ عموماً ٹوپی نہین اُتارتے ہین کوئی پہنے رہتا ہی کوئی اُتار لیتا ہے اور جو اُتار لیتا ہی وہ جب چاہتا ہی پہن لیتا ہی۔ یہی تصویر وحال ہوس آف لارڈز کا ہے اجلاس دونو ہوس کا اکثر بڑی دیر تک رہتا ہی اُس عرصہ مین جب کوئی وقت کھانے کا آجاتا ہی تو تھوڑی دیر کیواسطے سب کھانے کو چلے جاتے ہین ہوس ہی کے متعلقہ کمرون مین کھانا ہوتا ہی۔ ہر شخص کو اختیار رہتا ہی کہ جسقدر دیر تک وہ چاہے بیٹھے خواہ مخواہ یہ ضرور نہین ہی کہ اول سے آخر تک رہے۔ مجھکو اس بات کے کہنے سے خوشی وفخر ہے کہ یہان مین نے اُن دانشمندون کو دیکھا اور اُنکی تقریرون کو سُنا ہی۔ جنکے ہر لفظ پر دنیا کے کان لگے ہوئے ہین اسی ہوس کے قریب ایک مشہور و نامور

ویسٹ منسٹر کا چرچ۔

مقام ویسٹ منسٹر اے بی ہی۔ یہ ایک گرجہ ہی اور اسی جگہ تمام مشہور و نامور اس ملک کی دفن ہین یہ ہی وہ مقام ہے جہان صرف دفن ہوجانا اُسکی اعلیٰ درجہ کی لیاقت و عزت و ناموری کا ثبوت ہی۔ پرنس نپولین فرانس کے آخری بادشاہ کا بیٹا جس نے زولو کی لڑائی مین اپنی جان دی اور انگریزی فوج کے ہمراہ وہ لڑنے کو گیا تھا اُسکی

نسبت اسی جگہ کی عزت پانیکے لیے ہوس آف کامنز مین تحریک ہوئی تھی جو مجارٹی[1]
کی وجہ سے نامنظور ہوئی اور وہ نوجوان اُس جگہ کی عزت حاصل کرنیسے محروم رہا۔

رائل ایکویریم کی سیر

اُسی کے قریب ایک نامی رائل ایکویریم ہی اسمین مچھلیان بہت ہین اور انکی وہ حالت وہان معلوم ہوتی ہی جو دریا مین رہنے کی سی ہی۔ مچھلی کو لوگ جانتے ہین کہ وہ ہمیشہ پانی مین تیرا کرتی ہے زمین پر نہین چلتی ہے لیکن دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسطرح زمین پر چلتی ہی جیسے اور جانور سمندر کے سطح ارضی پر۔ مچھلیان زمین پر لیٹ جاتی ہین اور سوتی ہین اور زمین پر پھرتی ہین بڑی مچھلیان پتھر پر ایسی دوڑتی ہین جیسے اور چوپائے۔ بلحاظ مچھلیون کی نمایش کے لندن کی رائل ایکویریم سے برائیٹن[2] کی ایکویریم بہت عمدہ ہی برائیٹن مین ایک بڑی مچھلی ہمنے دیکھی تھی جسکا نام لائن آف سی ہی۔ یعنے سمندر کا شیر۔ اُسکی صورت کیسقدر خوفناک ہی آواز بھی اُسکی بڑی ہے اسکے دہاڑنے کی آواز دور تک جاتی ہی۔ اسکی صورت مچھلی کی سی نہین ہے۔ سر بہت بڑا ہی قدمین تو شیر صحرائی سے چھوٹا ہی مگر موٹاپے مین زیادہ ہی۔ رنگت سیاہ ہے جہان وہ پانی تھا وہ جگہ ایسی طرح بنائی گئی تھی کہ گرد پہاڑی صورت تھی سب پتھر تھے اور بیچ مین پہاڑ کے گویا پانی تھا پانی سے باہر نکل کر وہ پہاڑ کے پتھرون پر اچھی طرح سے دوڑتا تھا ایک آدمی اُسکو مچھلیان کھلانے کو آیا اُسکے ساتھ ساتھ وہ

---

[1] مجارٹی غلبۂ رائے یا کثرت رائے۔ [2] برائیٹن ایک جدید آباد شہر ہی جو سو برس سے بھی کم سے آباد ہوا ہی سمندر کے کنارہ پر لندن کے باہر جسقدر شہر ہین اُن مین یہ نہایت عمدہ ہی۔

پانی کے باہر پھرتا تھا کبھی کسی پتھر پر چڑھ جاتا تھا کبھی صاف پتھر پہ دوڑتا تھا۔
ایک بڑی مچھلی بھی اور اُس پانی مین تھی وہ بھی اسی طرح سے دوڑی دوڑی پھرتی
تھی۔ چھوٹی چھوٹی مچھلیون کو دیکھا کہ وہ کنکرون پر پھرتی تھین بہرنج ایکوریم کے لحاظ سے
تو برائیٹن کی ایکوریم لندن کی ایکوریم سے مجھے اچھی معلوم ہوئی لیکن لندن کی
رائل ایکوریم مین اور بھی تماشے بہت ہوتے ہین ہر قسم کے۔ چند زندہ لوا پنی اصلی
حالت پر وہان ہین عجیب وغریب طور سے کودتے ہین اور آواز ین نکالتے ہین
اُنکے قد بلے نہین ہین مگر بدن بہت چست ہی عورتون کے بدن بھی مثل مردونکے
کھنچے ہوئے اور خوب چست ہین ایک عورت جو سو گھنٹے پانی مین تیرتی ہے اسی
اکوریم مین ہے۔ اسکے قریب انڈیا آفس ہے یہ بھی بہت بڑی عمارت ہے۔
انڈیا آفس کے بہت قریب ایک وہ کھڑکی ہے جو بڑے تاریخی واقعہ کو یاد دلاتی ہے
یہ وہ جگہ ہے جہان چارلس اول بادشاہ انگلستان کو کرامول نے قتل کیا تھا۔

لندن کا سلح خانہ اور اسکا دوسرا سامان۔

ٹاور آف لندن۔ یہ وہ مکان ہے جہان ایک بڑا سلح خانہ ہے لاکھون آدمی
اگر دفعتہً کسی لڑائی پر بھیجنے ہون تو فوراً اُنکو ہتھیار مل سکتے ہین اسمین ملکہ معظمہ قیصر ہند کے
زیورات و تاج رکھے ہین۔ کوہ نور لاہور جو مشہور ہیرا ہے اُسکی صورت و مقدار یہان
دیکھ سکتے ہین بادشاہون کی تصویرین اور پرانے ہتھیار وغیرہ یہان رکھے ہین
یہ ہی ٹاور کسی زمانہ مین جیلخانہ بھی تھا۔ سر والٹر ریلی جو ایک مشہور لایق شخص گزرا ہے
وہ اسی جگہ بارہ برس قید رہا تھا اسی ٹاور مین اُسی قید کے زمانہ مین بغیر مدد کسی

کتاب کے اُس نے عالم کی تاریخ لکھی تھی ابتدا سے کچھ پہلے زمانۂ حضرت عیسیٰ تک
اکثر لوگ جو قید ہوئے تھے اُنھون نے دیوارون پر کچھ کچھ لکھا ہے وہ آج تک
وہان لکھا ہوا ہی۔
وہ کوٹھریان جنمین لوگ قید کیے جاتے تھے تنگ ہین اور روشنی وہوا کا موقع اُنمین
اچھا نہین ہی۔ ہتھیار یہان کثرت سے ہین مگر ایسے خوشنما طریقہ پر لگائے گئے ہین
کہ دل چاہتا ہی کہ اُنھین دیکھا کیجیے ایک چمن کہیے یا باغ کہیے یا ایک نہایت
آراستہ نگارخانہ کہیے سب کچھ سزا ہی۔ تمام در و دیوار و چھت و محراب پر ہتھیار ہی
ہتھیار ہین تمام نقش و نگار دیوارون اور چھتون پر ہتھیارون سے بنائے گئے ہین۔

سینٹ جیمس کا محل اور لیوی کا جلسہ

سینٹ جیمس پیلس۔ یہ بھی ایک عمدہ مکان ہے لیوی کا جلسہ پرنس آف ویلز نے
اِسی مکان مین کیا تھا اُسکے کمرے بڑے بڑے ہین لیوی کے دن اُسمین نہایت
ہی عمدہ جلسہ تھا ایک کمرہ مین سب لوگ حسب معمول جمع ہوئے سامنے سے سواری
پرنس آف ویلز کی آئی طلائی کام کی ایک گاڑی مین پرنس سوار تھے دو اور گاڑیون
مین ڈیوک آف کناٹ و ڈیوک آف ایڈنبرا تھے لیوی کے کمرہ مین پرنس آف ویلز
آکر کھڑے ہوئے اور اُنکے قریب دونو ڈیوک تھے ہر شخص جاتا تھا اور جیسا کہ قاعدہ ہے
سلام کرتا تھا پرنس مصافحہ کرتے تھے وہ آگے بڑھ کر دوسرے کمرہ مین چلا جاتا تھا
ہر شخص اپنا تعظیمی لباس پہنے تھا مین اور حمید اللہ ترکش کوٹ اور لال ٹوپی پہنے ہوئے
تھے ایک ہندوستانی رئیس اور تھے نواب عنایت علیخان رئیس مالیر کوٹلہ کے

بھائی چونکہ اُنکا تعظیمی لباس پنجابی تھا اسلیے وہ اپنے پنجابی لباس مین تھے۔ ایرانی عہدہ دار ایک خاص قسم کی ایرانی ٹوپی پہنے ہوئے تھے ترکی افسرون کے سر پر سرخ ٹوپی ترکی تھی جیسی ہم دونوکی تھی۔ اس سینٹ جمس پیلیس مین پرنس آف ویلز رہتے نہین ہین رہنے کا محل دوسرا ہی وہ بھی کہتے ہین کہ نہایت عمدہ ہے لیکن مین نے اُسکو نہین دیکھا ہی پارک بھی یہان متعدد ہین ہائڈ پارک اور کنزنگٹن گارڈنز وغیرہ یہان مشہور پارک ہین۔ یہ دونو پارک وسیع ہین ان مین دور دور تک سبز گھانس ہی متعدد پانی کے تالاب ہین ہائیڈ پارک مین چار بجے تخمیناً بڑا لطف ہوتا ہی وہان چند سڑکین ہین ایک سڑک پر روسار لندن کی صرف گاڑیان چلتی ہین اور دوسری پر صرف گھوڑے۔

سیرگاہین

تمام ڈیوک اور لارڈ اور اُنکی لیڈیان گاڑیون پر سوار ہوتی ہین اور وہان سیر کو آتی ہین ہوا کھاتی ہین۔ اسقدر کثرت سواریون کی ہوتی ہے کہ کبھی دیکھنے مین نہین آئی پیدل آدمی کو اُس سڑک پر چلنے کی اجازت نہین ہی یہی حال گھوڑون کی سڑک کا ہے لیکن چونکہ یہ دونو سڑکین نہایت بڑی ہین اور پارک مین جو آدمی پھرتے ہین وہ ایک طرف سے دوسری طرف سڑک کے جاتے ہین اسلیے یہ طریقہ مقرر ہے کہ تھوڑی دیر کے بعد کانسٹبل گاڑیونکی سڑک کے بیچ مین کھڑا ہوجاتا ہے اُسوقت گاڑیان اُسی جگہ ٹھہر جاتی ہین اور راستہ صاف ہوجاتا ہی پیدل لوگ ایک طرف سے دوسری طرف چلے جاتے ہین پھر وہ ہٹ جاتا ہی

سیر کرنیوالے اور سیرگاہ کا انتظام۔

گاڑیان چلنے لگتی ہین - اُسوقت کانسٹبل کے اختیار کو دیکھنا چاہیے کہ ڈیوک ہویا
مارکوئس یا لارڈ فوراً اُنکی گاڑی وہین کی وہین ٹھہر جاتی ہی ایک قدم آگے نہین
بڑھتی ہے اسی طرح گھوڑے کی سڑک پر مختلف مقامات پر کرسیان لوہے کی رکھی
ہین تاکہ آدمی جب چاہے بیٹھ جاوے تمام لوگون کو اجازت ہی وہان جاوین اور
پھرین - جب سے مین یہان آیا ہون ملکہ معظمہ قیصرہند لندن مین تشریف نہین لائین مگر
ایک روز پرنس آف ویلز کے محل بالمبراہوس واقع لندن مین ملنے کو
تشریف لائی تھین واپسی کا وقت سات بجے شام کا تھا ہائڈپارک کے سامنے سے
سواری نکلی جلوس کے ساتھ سواری نہین تھی محض سادہ طور سے ایک فٹن پر سوار تھین
مین اور حمید اللہ بھی اس جلسہ مین ایک ایک کرسی پر وہان بیٹھے تھے ہزارہا آدمی
اُس روز جمال جہان آرا اپنے شہنشاہ کا دیکھنے کو ہائڈپارک کے اندر و باہر جمع تھے
کثرت سے کرسیان تھین خاص آدمی کچھ فیس کے طور پر دیکر وہان بیٹھتے تھے جسوقت
سواری نکلی بڑی گرمجوشی سے سب نے تعظیمی سلام کیے

زندہ چرند پرند اور نکا باغ -

زولاجیکل گارڈن (جانورون کا باغ) یہ وہ جگہ ہے جہان زندہ چرند پرند جمع
ہین جیسے خوبصورت جانور ہمنے یہان دیکھے اور جس جس قسم کے دیکھے - ویسے دیکھے تو
کیا کبھی سُنے بھی نہین تھے - بہت سے تو جانور وہ تھے کہ جنکی قسم کے ہمنے پہلے
دیکھے تھے گو ویسے نہین دیکھے تھے مثلاً طوطے صدہا قسم کے تھے گو ہمنے ایسے
خوبصورت طوطے نہ دیکھے ہون لیکن طوطون کی نوع سے ہم واقف تھے -

چھوٹی چھوٹی چڑیان ہر رنگ کی وہان تھین اور کیا کہون کہ کیسی کیسی خوبصورت و خوش رنگ و مختلف رنگونکی تھین لیکن ہم کہہ سکتے ہین کہ ہمنے پہلے بھی چڑیان دیکھی تھین۔

کیا خاک ہمنے پہلے دیکھا تھا ایسا ہی دیکھا تھا جیسا کہ ہم ایک عمدہ روشنی کے لیمپ کو دیکھین اور پھر اپنے ڈیوٹ کو خیال کرکے کہین کہ ہمنے بھی ایک روشنی کا آلہ پہلے دیکھا ہی۔ گو قسم جدا ہو مگر نوع تو وہی ہے ایسی ہی اُن طوطون اور چڑیونکی مشابہت ہی اور اور چیزون کے سوا جنکو ہمنے اس ملک مین دیکھا عقاب وہان عجیب عجیب صورت کے دیکھے نام تو اُنکا ہمنے اپنے ملک مین سُنا تھا صورت بھی دیکھی تھی مگر ایک جانور ہمنے یہان دیکھا اُسکا نام کنگرو ہے اس جانور کے پچھلے پانون تو بہت بڑے ہین اور اگلے بہت ہی چھوٹے ہین یہ پچھلے پانوون سے عجب طرح سے پھدک پھدک کے چلتا ہی پیٹ مین اُسکے ایک سوراخ ہے اور تھیلی کی طرح سے اُسکے پیٹ مین بنا ہوا ہے اپنے بچے کو چلنے اور پھدکنے کیوقت اُس سوراخ کے اندر تھیلی مین بٹھا لیتا ہے۔

چوپایون کا ذکر

ایک دوسرا جانور چوپایہ صحرائی ہے اُسکا پچھلا دھڑ بہت بھاری ہی بدن پر بڑے بڑے بال ہین لیکن سر نہایت چھوٹا ہے اور منھ ایسی قطع کا ہے کہ اُسکو چھوٹی سونڈ سے تشبیہ دو یا بڑی چونچ سے کچھ عجیب طرح سے سر کے پاس سے گول و لمبا ہوتے ہوتے تھوتنی تک آیا ہی۔

ہپوپوٹمس

تیسرا ایک پانی کا جانور تھا وہ اسقدر بڑا اور موٹا تھا جیسا کہ کوئی بہت بڑا بھینسا یا بڑا گینڈا ہو لیکن ہندوستان مین تو ایسا موٹا و بڑا بھینسا ہمنے نہین دیکھا حصار کی بڑی سی بڑی بھینس سے بھی اسکو کچھ بڑا سمجھنا چاہیے اور موٹا۔ برائٹین مین جو ہمنے لائن آف دی سی دیکھا تھا کلانی و موٹاپے مین اُسکی کچھ بھی حقیقت نہین ہے۔ یہ جانور پانی سے باہر نکل کر اُس طرح سے پھرتا تھا جس طرح کوئی بہت بڑا بھینسا زمین پر پھرتا ہے۔

شیر

شیر بھی یہان مختلف ملکون کے تھے اور ملکون کے شیر تو قوی نہین تھے لیکن افریقہ کا شیر البتہ بڑا تھا اور وہ قد و قامت مین ہمارے ملک کے شیر سے بڑا معلوم ہوتا تھا لیکن جب خوب غور کرو تو جو شجاعت و تیزی ہمارے ملک کے شیر مین معلوم ہوتی تھی وہ اُسمین بھی نہین تھی وہ سست و کاہل معلوم ہوتا تھا۔

کتب خانے و عجائب خانے

برٹش میوزیم و لائبریری۔ یہ مکان نہایت عظیم الشان ہے اُسکے کمرے نہایت ہی وسیع ہین اسی ایک مکان مین میوزیم بھی ہے اور لائبریری بھی ہے۔ لاکھون کتابین وہان ہین ریڈنگ روم جدا ہے جسکا دل چاہے اجازت لیکر وہان جاوے جس کتاب کو چاہے نکلوائے اور جتنک چاہے وہان پڑھے ہزارون قسم کے سکے ہزارون قسم کی چیزین جو ہسٹری سے متعلق ہین اور جو کتابون مین ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے تھک جاؤ تو شائد ملین وہان سب آنکھون کے سامنے رکھی پاؤگے۔

مین جتنی دیر اور جتنک وہان رہا مجھکو اپنے دوست منشی محمد ذکاء اللہ صاحب

پروفیسر میور کالج یاد آئے اسلیے کہ اُنکو تاریخ سے اور اس قسم کی تحقیقات سے بڑا شوق ہے اگر وہ ہوتے تو دن بھر لائبریری مین رہتے میوزیم مین جاؤ ہزارہا تصویرین پتھر کی ہین تمام چیزون کے خدا وہان دیکھوگے کہین راگ گانے کا خدا رکھا ہی کہین عشق کا خدا کھڑا ہی ایک دو خدا ہون تو آدمی لکھے بھی۔ صدہا خدا وہان موجود ہین۔ اکثر بادشاہون کی تصاویر ہین۔

میونکا تذکرہ

بہت سی ممیان[1] وہان رکھی ہین مین نے یوروپ مین جہان اور چیزون پر التفات کیا ممیون پر زیادہ غور کیا اور اس سے میری بہت سی اغراض تھین۔ یہ لاشین ہزارون برس کی ہین اور آجتک مردہ کا جسم اُنمین باقی ہی صورت صاف معلوم ہوتی ہی ہاتھ پاؤن قدوقامت کچھ بگڑا نہین ہی۔ برٹش میوزیم کے دیکھنے کے بعد مین یہ کہہ سکتا ہون کہ مین نے ممی کو جہانتک ممکن ہے خوب دیکھا ہے اور اس میوزیم سے زیادہ کہین اور جمع نہین ہین۔

مجھکو یہ تلاش تھی کہ کہین نوگز کے قد کی ممی مین دیکھون اسلیے کہ سُنتے تھے کہ پہلے زمانہ مین نوگزے آدمی ہوتے تھے لیکن مجکو کہین نشان بھی نہ ملا کوئی نوگزا تو کیا تین گزا بھی نہ ملا۔

---

[1] مصر کے ملک مین یہ دستور تھا کہ جب کوئی نامور آدمی مرتا تھا تو اُسکو ایک قسم کا مصالحہ لگاتے اور نہایت خوبصورت کفن مین اُسکو لپیٹتے تھے پانوون مین اُسکے بطور شوز یا بوٹ یا موزے کے پہناتے تھے اور اُسکے قد کے برابر بطور قبر کے پتھر کو تراش کر مردے کو اُسمین رکھتے تھے اور دوسرا پتھر اُسکے اوپر ڈھانک دیتے تھے۔

لیسلیان ہڈیان سب کی بجنسہ باقی ہین کہین ضغطہ کے مشہور آثار نمایان نہین پائی گئی۔ جب اسقدر بڑے بڑے اجسام باقی ہین اور توقع نہین ہی کہ آیندہ بھی کوئی صورت اُنکے زوال والعدام کی ہی تو اجزائے لایتجزی کی بحث ومناظرہ قابل تامل کی ہی۔

مردہ جانور

جانور مردہ ہزارون قسم کے وہان ہین تمام ملکون کے عجیب وغریب۔ ہم اپنے ملک مین پدّے کو سب سے چھوٹا جانور جانتے ہین اور ہمارا خیال تھا کہ شائد اُس سے چھوٹا کوئی جانور نہ ہوتا ہوگا یہان ہمنے اُسکے قد وقامت سے بھی نصف جانور دیکھے اور کیسے خوشرنگ اور عجیب کہ کیا کہون تصویر اس کی لکھنی مشکل ہے۔

بندر

بعض ایسے محقق پیدا ہوئے ہین جو یہ کہتے ہین کہ انسان ابتداً بندر کی قسم تھا اس پر لوگ ہنسی سے کہا کرتے تھے کہ اگر بندر تھا تو صورت تو بھلا بدلتے بدلتے بدل گئی لیکن دُم کیا ہوگئی۔ جب مین میوزیم مین بندرون کے مقام پر پہنچا تو مجکو بے دم کے بندر کی تلاش ہوئی۔ جوبندہ یا بندہ دیکھتا ہون کہ ایک بڑی شیشہ مین ایک بڑا جگادری بندر بن دُم کا کھڑا ہی یہ بندر ایک چھوٹے قد کے آدمی کے برابر ہے۔ میری یہ رائے نہین ہی کہ انسان بندر کی نسل ہی لیکن وہ محقق کہہ سکتا ہے کہ اسی بے دُم کے بندر کی نسل سے آدمی ہوگیا ہی رفتہ رفتہ۔ وہ صرف تنہا ہی نہین تھا اُسی نسل سے اور اُسی قوم کے اور بھی کئی بندر وہان تھے مگر اُس سے بہت چھوٹے تھے۔

ٹائمز کا کارخانہ

ٹائمز جو مشہور اخبار لندن کا ہی اُسکے کارخانے کے دیکھنے کا مجھکو شوق تھا کہ کیونکر لاکھون اخبار اُس پر چھپ جاتے ہین مجکو یہ تامل تھا کہ وہ ٹیپ ایسا مضبوط کونسا ہی جسپر لاکھون داب پڑتے ہین اور وہ خراب نہین ہوتا چنانچہ مین گیا اور دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہان تو طریقہ ہی اور ہی۔

چھاپہ کا بیان

اول کمپوز کرتے ہین جب کمپوز ہو جاتا ہی تو اُسکو ایک کاغذ پر جو خاص طور سے تیار کیا گیا ہی اور وہ ذرا موٹا کاغذ ہی جیسا چھاپہ خانون مین استر کا کاغذ ہوتا ہے چھاپتے ہین اُن حرفون کا نشان اُس کاغذ پر آجاتا ہی پھر ایک کل ہی اُسمین شیشہ پگھلا کر ڈالتے ہین وہ کل مقعر ہے اور اُس کاغذ کو بھی اُس مین رکھدیتے ہین بیچ مین دبنے مین وہ شیشہ جو پانی کی طرح پگھلا کے ڈالا تھا وہ ایک موٹی سی چادر بن جاتا ہے اور اُس کاغذ کے تمام حروف و نقوش اُس پر آجاتے ہین اُسکو لیجا کر ایک کل پر جو بیلن کی صورت ہی چڑھا دیتے ہین گویا وہ کاپی ہوئی وہ بیلن کل کے ذریعہ سے جسکو انجن حرکت دیتا ہے چکر کھاتی ہی ایک دوسرا بہت بڑا بیلن ہے ایسی صورت کا جیسا ہمارے ملک مین وہ پتھر ہوتا ہے جو سڑکون پر پھیرایا جاتا ہی اُسپر کاغذ لپٹا ہوا ہوتا ہے وہ کاغذ ٹائمز کا اسقدر اُسپر لپٹا تھا کہ اگر کھولا جاوے تو چند میل کا طول ہو وہ بیلن حرکت کرتا ہے اور کاغذ اُس پر سے کھل کھل کر اُس دوسرے بیلن کے نیچے گزرتا ہے جس پر وہ ٹیپ کی چادر چڑھی ہوئی ہے اور چادر اُس کاغذ کو دابتی ہے کاغذ چھپتا چلا جاتا ہے

اُس بیلن پر ایک کل سے ہر مرتبہ سیاہی لگی رہتی ہے اُس بیلن کے نیچے سے ہوکر آگے بڑھ کر اُسی کل مین وہ چھپا ہوا کاغذ مڑتا ہے اور کٹتا ہے اور چوپتہ ہوکر ایک خانہ مین آپڑتا ہے۔ ایک لڑکا تیرہ چودہ برس کا کھڑا ہی وہ اُنکو اُٹھاتا رہتا ہی ہزارون پرچے دم بھر مین چھپ کر کٹ کر مُڑ کر تیار ہوجاتے ہین۔ مجھکو یہ کل نہایت ہی عجیب وغریب معلوم ہوئی اس لیے کہ اس سے پہلے مین نے کبھی کلون کو اس قسم کی نہ دیکھا تھا۔

توپ بندوق بنانیکے کارخانے۔

لیکن جب مین نے ویلج کو جاکر دیکھا جہان توپ و بندوق وغیرہ کا کارخانہ ہی اور پورٹس موتھ مین گیا جہان جہازون کا کارخانہ ہے اور وہان کی کلین دیکھین تو اُسکی پھر کچھ بھی حقیقت نہین معلوم ہوتی تھی بلکہ وہ ایک کھیل کی کل معلوم ہوتی تھی ہمارے سامنے ایک توپ پر لوہا چڑھایا گیا بہت سے مختلف کام ہمارے سامنے ہوئے اور ہمکو دکھائے گئے ہماری عقل حیران تھی۔ جو کام اُن کلون کے ذریعہ سے معدودے چند اشخاص لیتے ہین اور کرتے ہین وہ سیکڑون بلکہ شائد ہزارون سے بھی نہین ہوسکتے۔ ممکن نہین ہے کہ جو کچھ مین نے وہان دیکھا مین اُسکو بیان کرسکون ہان اگر ہر کل کی تصویر لکھون اور تمام اُسکی کیفیات وحرکات بیان کرون تو شائد کچھ سمجھ مین آوے لیکن شائد ہر کل پر ایک رسالہ ہونا چاہیے اور وہ بھی اس کے ماہر کا۔ جس توپ پر میرے سامنے لوہا چڑھایا گیا تھا وہ بہت ہی بڑی توپ تھی (اسوقت تو مین نے وزن بھی اُسکا معلوم کیا تھا مگر اب یاد نہین رہا) اور اُس کام کو

پانچ چار آدمی کر رہے تھے اُس توپ کو اگر پچاس بیل لگین تو اُسطرح حرکت نہ دیسکین جسطرح وہ چند آدمی کر رہے تھے ایک بہت موٹی چادر تھی وہ ادنی حرکت سے کل کی اُس توپ پر چڑھتی چلی جاتی تھی۔ جب چادر چڑھ چکی تو ایک دوسری کل نے اُسکو اُٹھا لیا اور ایک دور فاصلہ پر لے گئی جہان ایک گھن تھا معلوم نہین کہ وہ گھن کی سو یا کئی ہزار من کا تھا توپ اُسکے نیچے رکھدی گئی اور گھن اُسپر پڑنا شروع ہوا اسقدر عظیم الشان گھن ایک ادنی حرکت سے چلتا تھا اس ولچ اور پوٹر موتے کے کارخانہ کے دیکھنے کے بعد معلوم ہوسکتا ہی کہ گورنمنٹ انگلستان کیا چیز ہے اور وہ کیسی زبردست ہی اور اُن کارخانون کے ذریعہ سے اُسکی بڑی و بھری شان و شوکت کیا ہے۔ یہ ولچ کا کارخانہ وہ ہے کہ جسقدر آلات حرب و سامان چاہو اُسین تھوڑے دنون مین تیار ہوسکتا ہی جو عہدہ دار کہ پوٹر موتھ مین مجھکو جہازونکو اور کارخانہ کو جہاز کے بنتے کے دکھاتا تھا اُس نے مجھ سے کہا کہ اگر آج حکم ہو تو مین ایک ہفتہ مین بارہ جہاز مرتب کرکے روانہ کرسکتا ہون یہ اُسوقت اُس نے کہا تھا جب مین نے اُس سے بعض جہازون کی نسبت جو نامرتب تھے پوچھا تھا۔ پھر یہ ایک ہی کارخانہ نہین ہے بہت سے کارخانے جہازون کے اور بھی ہین اور یہ تو سرکاری کارخانے ہین جو کمپنیان اپنے کارخانے جدا کرتی ہین وہ بہت ہین۔ جب مین گلاسگو مین گیا جو ایک مشہور شہر اسکاٹلنڈ کا ہی وہان مین نے ایک کمپنی کا کارخانہ لوہے کا دیکھا اور تعجب کیا۔ اس کمپنی نے شہنشاہ روس کی فرمایش کا وہ جہاز سیر دریا کا بنایا ہے

جو مشہور ہے اور اخبارون مین مشتہر ہو چکا ہے - یہ جہاز اس قدر بڑا اور خوبصورت ہی کہ ایسا جہاز ابتک نہین بنا یہ جہاز ابھی پورا تیار نہین ہوا ہے مین نے اُسکو دیکھا تمام کمرون مین اور چھت پر اُسکے پھرا کچھ شبہ نہین ہی کہ بے نظیر جہاز ہے ایسی ایسی کمپیان متعدد ہین اور گورنمنٹ خود اُنسے کام لیتی ہے - پورٹس موتھ مین وہ جہاز نلسن کا ہی جسمین وہ گولی سے اُسوقت مرا تھا جب نپولین اول شہنشاہ فرانس کو اُس نے شکست دی تھی اُس جہاز مین مین گیا - نلسن کے زخمی ہونے کی جگہ اور گولی لگنے کی جگہ اور تمام مقامات دیکھے یہ جہاز بادی ہے ۳۲ توپین اُس پر چڑھی ہین اُسوقت تک دُخانی جہاز کا ایجاد نہ ہوا تھا -

اطراف لندن کے قابل دیکھنے کی جگہ

خاص لندن کے سوا اطراف لندن مین دو مکان بڑے نامی و عالیشان ہین ایک کرسٹل پیلیس دوسرا الگزنڈرا پیلیس مکان کیا ہین بڑے محل ہین بلکہ اگر یہ کہو کہ اُنکے اندر متعدد محل ہین تو بھی بجا ہے - ان دونو جگہون مین ہر روز گویا کوئی نہ کوئی میلہ رہتا ہے ہمیشہ تماشے ہوتے ہین اُنکے اندر سوداگرون کی دکانین ہین بطور بازار کے اُسکے اندر تھیٹر ہین - آپرا ہین - ہوٹل ہین آتشبازی جو کرسٹل پیلیس مین چھوٹتی ہے مشہور ہے - ہمارے ملک مین جب لارڈ لٹن نے دربار کیا تھا ۱۸۷۷ء مین اُسوقت آتشبازی چھوٹی تھی اُسکی بڑی تعریف تھی اور فی الحقیقت وہ تعریف کے لائق تھی - ہمارے ملک مین کسی نے ایسی نہین دیکھی تھی - مگر جو آتشبازی ہمنے کرسٹل پیلیس مین چھوٹتی دیکھی وہ ہماری اُس دلی کی

آتشبازی سے بھی عمدہ تھی ہمنے الگزنڈرہ پیلیس اُسدن دیکھا تھا جب اُسمین پھولونکی ایک بڑی نمایش ہوئی تھی۔ گلاب کے پھول اسقدر بڑے اور خوش رنگ کبھی نہ دیکھے نہ شائد دیکھین گے"

جو گھوڑ دوڑین ڈیوک آف رچمنڈ کے مشہور روف یا کہین ہوتی ہین اُن کو مولوی صاحب نے بمقابلہ ڈربی گھوڑ دوڑ کے زیادہ پسند فرمایا۔

اُنکے حالات آپ نے اپنے سفرنامہ مین حسب ذیل تحریر فرمائے ہین :-

سٹرکی گھوڑدوڑ

"بیشتر ایک چھوٹا قصبہ ہی ایک مشہور گھوڑ دوڑ یہان ہوتی ہے اُسکے دیکھنے کو ہم گئے تھے جیساکہ ڈربی ریس مین ایک پونڈ کا ٹکٹ تھا اسمین بھی ایک پونڈ کا تھا۔ حمید اللہ بھی میرے ہمراہ تھے۔ پرنس آف ویلز اُسکے صدر نشین تھے رائل فیملی کے لوگ بھی وہان موجود تھے جسقدر لباس خوشنما لیڈیون کے یہان تھے ایسے بہیئت مجموعی کبھی دیکھنے مین نہین آئے یہ ریس بالخصوص پوشاک کے باب مین مشہور ہی۔ بڑا لطف یہ تھا کہ معزز اشخاص اپنی لیچ کا سامان سب وہان لیجاتے ہین وہ رکھا ہوا ہر جگہ ایسا عمدہ معلوم ہوتا ہے کہ اُسکا لطف بیان نہین ہوسکتا یہ ایک نہایت پُرتکلف میلہ تھا"[1]

بمقام ونڈسر مولوی صاحب نے شاہی محلات کی سیر فرمائی جس کا حال آپ نے

---

[1] سفرنامۂ اُردو صفحہ ۱۳۱۔

حسب ذیل تحریر فرمایا ہے۔

ونڈسر کے محل و باغ

"ونڈسر یا ونڈزر ایک مختصر شہر ہے ملکہ معظمہ قیصر ہند کا محل خاص اور پارک و باغ اسی شہر مین ہے اس خاص محل کا نام کاسل ہی جن ایام مین ملکہ معظمہ قیصر ہند وہان تشریف نہین رکھتی ہین اور اسکاٹلینڈ وغیرہ مین رونق افزا ہوتی ہین تو ہر شخص کاسل کو گیارہ بجے کے بعد جاکر بغیر کسی خاص حکم کے دیکھ سکتا ہی۔ ریلوے اسٹیشن و کاسل کی بیچ مین ایک مکان ہی سیر کرنیوالے کو اُسمین جانا چاہیے اور اپنے نام کا کارڈ دینا چاہیے کارڈ کو لیکر وہ شخص جو وہان ٹکٹ تقسیم کرتا ہے ایک ٹکٹ دیگا اُسکو لے کر کاسل کے اندر جانا چاہیے داخلہ کے دروازہ پر دربان اُس ٹکٹ کو لے لیتا ہی اور سیر کرنیوالے کے سامنے ایک کتاب پیش کرتا ہے سیر کرنیوالے کو اُسمین اپنا پورا نام اور پتہ کہان سے وہ آیا ہی اور کیا عہدہ ہی لکھنا ہوتا ہی اسکے بعد وہ اندر جاتا ہی اور ایک کمرہ مین جہان بینچ بچھے ہوئے ہین ٹھہرتا ہے۔ ہر پندرہ منٹ کے بعد گائڈ آتا ہے اور جسقدر لوگ اُس کمرہ مین جمع ہوجاتے ہین اُنکو اپنے ہمراہ ہر ہر کمرہ مین لیجاتا ہے اور سیر کراتا ہے اور جو جو تصاویر وغیرہ اُن کمرون مین لگی ہوئی ہین یا خاص اسباب رکھا ہوا ہی اُنکے متعلق حالات بیان کرتا ہے اور ہر ہر کمرہ کی نسبت کہتا ہے کہ یہ ڈائینگ روم ہے یہ خاص نشست کا کمرہ ہے وغیرہ وغیرہ۔

یہ کمرے وسیع ہین اور بڑی بڑی بیش قیمت پینٹنگ کی تصویرین اس مین لگی

ع دیکھو سفرنامۂ اُردو کے صفحات ۱۳۳ تا ۱۳۸۔

ہوئی ہین ڈائینگ روم اسقدر وسیع ہے کہ کئی سو آدمی اُسمین کھا سکتے ہین یہ کاسل گویا طور قلعہ کے ہے لیکن کچھ لڑائی کا قلعہ نہین ہے نہ اس قسم کا خوبصورت قلعہ ہی جیسا کہ ہماری دہلی کا نہ اُسکی ایسی خوبصورت چار دیواری ہے جیسی دہلی یا آگرہ کے قلعہ کی پتھر کی چنائی ہی۔ البتہ سامنے صحن مین ایک حمام پھولون کا نہایت خوش نما ہے اور اُسمین فوارہ چھوٹتا ہے۔ صدہا برس سے بادشاہان انگلستان اسمین رہتے چلے آتی ہین پارک نہایت وسیع ہے اسی پارک مین وہ مکان ہے جسمین ملکہ معظمہ قیصر ہند کیواسطے مکھن کھانے کا بنتا ہی۔ اسمین خاص پرند جانور ہین اسمین خاص کُتے ہین اسمین خاص مویشی خانہ ہے جیسی بڑی وخوبصورت گائین وبیل ہمنے اس مویشی خانہ مین دیکھے ایسے پہلے کبھی نہین دیکھے تھے۔ مویشی خانہ کے قریب ہم ایک سمت کو گئے وہان ہمکو نہایت ہی متعفن بو آئی ہم جلدی جلدی آگے بڑھے تاکہ اُس بدبو سے نجات پاوین چند قدم چلے تھے کہ ہم نے دیکھا کہ وہان چند سور ہین وہ سورونکے رہنے کا وپرورش پانے کا موقع تھا۔ یہ سور معمولی صورت کے تھے مگر خوب موٹے لیکن نہایت بدبو کی حالت مین۔ اسوقت معلوم ہوا کہ وہ بدبو انھین کی تھی ہم فوراً وہان سے واپس آئے۔

اُن مکانات کے اور اُن جانورون کے دیکھنے وسیر کیواسطے ایک معزز افسر کے خاص حکم کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ حکم اُن مکانات کے مہتمم کو دیا جاتا ہے جسکی اجازت سے اُن تمام مکانون اور چیزون کو دیکھ سکتے ہین۔

اسی پارک کے متصل ایک نہایت وسیع ولاجواب باغ ہے جسمین سوائے انبہ کے تمام قسم کے میوے موجود ہین ہر قسم کے پھول عجیب عجیب رنگ کے خوشرنگ پتون کے درخت مختلف اقسام کے۔ بیلون کے درخت نہایت ہی خوشنما۔ مین نے مختلف گرم ملک کے میوے مہتمم سے پوچھے اور انھون نے وہ مجھے دکھائے سرخ مرچ جسقدر موٹی اور بڑی اس باغ مین تھی ایسی ہمارے ملک مین بہت ہی کم ہوتی ہے۔

ایک قسم کے اور رنگ کے پھول سے مختلف اقسام کے ورنگ کے پھول بنے ہوئے ایک خوش رنگ پتے کے درخت سے مختلف قسم کے خوشرنگ پتونکے درخت بنے ہوئے ہمنے وہان دیکھے۔ اکثر میوہ دار اور پھولون اور پتون کے درخت شیشے کے مکان مین تھے جس ملک کا درخت تھا اسی ملک کی آب وہوا اُس مکان مین معلوم ہوتی تھی۔ نل اور بھاپ کے ذریعہ سے گرمی وسردی کی کیفیت کی تبدیلی کی گئی تھی۔

بہت سے میوے وہان لگے ہوئے تھے اور صورت سے نہایت ہی پختہ اور لذیذ معلوم ہوتے تھے لیکن افسوس کہ ہم اُنکے کھانے کے مجاز نہ تھے۔

کاسل سے تخمیناً آدھ میل کے فاصلہ پر وہ مدرسہ ہے جسکا نام ایٹن ہے ایک یہ ایٹن اور دوسرا ہیرو یہ دو مدرسے بطور ہائی اسکولون کے ہین اکثر امرا اور رؤسا ومعزز اشخاص کے لڑکے ان ہی مدرسون مین پڑھتے ہین ونڈسر کے تلے بیچے

دریا بہتا ہے۔ بلحاظ ہمارے ملک کے یہ بات تعجب کی ہے کہ شہر دنڈسر صدہا سال سے تو شاہان انگلستان کا مسکن ہے لیکن وہ نہایت ہی کم رونق ہے چاہیئے تھا کہ جب بادشاہ یہان رہتے تھے تو اور ڈیوک وارڈ ورؤسا بھی یہان آباد ہوتے اور اس طرح سے وہ ایک عظیم الشان شہر ہوجاتا و پُر رونق لیکن یہ کچھ بھی نہین ہے۔

ملکہ معظمہ انگلستان و قیصر ہند جنکی قوت و عظمت و شوکت آج دنیا مین تسلیم کیجاتی ہے جنکی عملداری مین کسی وقت آفتاب غروب نہین ہوتا ہے جب انکے اُس ذاتی مختصر موثثی خانہ اور دیگر کارخانون کو دیکھا جاوے تو وہ ہندوستان کے ایک راجہ کے کارخانہ سے بھی کم معلوم ہوتا ہے اور شائد یہ امر ایشیائی خیالات کے موافق بُرے دل سے دیکھا جاوے لیکن جب غور کیا جاوے تو یہ دانشمندانہ طریقہ و طرز تمدن و معاشرت شاہان یورپ بے انتہا قدر و تعریف کے لائق ہے اور اُسکی عمدگی و نتائج پر شائد ایک بڑی کتاب تحریر ہوسکتی ہے۔

اسکاٹ لینڈ کے حالات

اسکاٹ لینڈ مین مولوی صاحب نے اڈنبرا۔ گلاسکو۔ انورنس۔ کریف۔ پرتھ۔ ابرڈین اور اوبن کی سیر فرمائی اور ان سب مقامات کے مختصر حالات آپ نے اپنے سفرنامہ مین قلم بند فرمائے ہین جو حسب ذیل ہین:۔

"اسکاٹ لینڈ مین سب سے زیادہ عمدہ چیز جو دیکھنے و سیر کے لائق ہے وہ لیکس (جھیلین) ہین متعدد جھیلین ہین لیکن لاخ لومند و لاخ کیترن بہت بڑی و خوبصورت

۔ صفحہ ۱۵۷ و ۱۵۸ سفرنامۂ اُردو

دو جھیلین ہین ہر ایک جھیل کئی کئی میل مین ہے اور دونو طرف جھیلون کے وہی مسطح سبز پہاڑ واقع ہین جو لطف اُس پانی کا اور اُن پہاڑون کا ہے وہ وہی شخص جان سکتا ہے جو اُن جھیلون مین پھرا ہو ان دونو جھیلون مین بوٹ مین بیٹھکر ایکطرف سے دوسری طرف جاتے ہین بوٹ تمام جھیل مین ہر طرف پھرتا ہے اور سیر کرنیوالون کو سیر کراتا ہے۔"

سفر ولایت سے مراجعت

مولوی صاحب ۱۲ اکتوبر ۱۸۸۱ء کو جہاز سورت پر مراجعت فرمائے بمبئی ہوئے آپ کے استقبال کیلیے علیگڈھ سے سید صاحب اور خواجہ محمد یوسف صاحب اور حیدرآباد سے نواب محسن الملک بمبئی تشریف لے گئے تھے۔ چنانچہ سفرنامہ مین آپنے واپس ہونیکا حال حسب ذیل تحریر فرمایا ہے:-

بمبئی پہنچنا

"تھوڑی دیر کے بعد دخانی بوٹ آیا اور مین مع اپنے ضروری اسباب ہمراہی کے اُس پر سوار ہوا جسوقت بندر پر پہنچا تو مین نے دیکھا کہ جناب مولوی سید احمد خانصاحب و خواجہ محمد یوسف صاحب میرے لینے کو کھڑے ہین مین اُترا اور اُنسے ملا۔ مولوی مہدی علی صاحب کے نہ ہونیکا سبب پوچھا معلوم ہوا کہ مرض توزائل ہوگیا ہے مگر قوت اسقدر نہین ہے کہ وہ آتے۔ وہان سے ہم سب سوار ہوکر مولوی مہدی علی صاحب کی کوٹھی پر پہنچے اُسی شب کو ناخدا محمد علی رونق صاحب کے ہان دعوت تھی مین نے وضو کیا نماز پڑھی اور کھانا کھانے کو مین اور مولوی سید مہدی علیصاحب

لہ دیکھو سفرنامۂ اُردو کے صفحات ۱۶۶ تا ۱۶۸۔

اور جناب مولوی سید احمد خانصاحب بہادر ناخدا صاحب کے دولتخانہ پر گئے اور کھانا کھایا۔

بمبئی کی دعوت

دعوت انگریزی طریقہ پر تھی کرسیون پر نشست تھی اور میز پر کھانا تھا کھانے مین انگریز پارسی مسلمان اور ہندو سب شریک تھے ہندوستان مین ایسی مجموعی حیثیت کا ڈنر بہت ہی کم ہوتا تھا سب لوگ نہایت خوش تھے کھانیکے بعد چار پیتے رہے باتین کرتے رہے۔ مولوی سید مہدی علی صاحب اپنے ضعف کی وجہ سے تھوڑی دیر کے بعد اپنی کوٹھی پر چلے گئے تھے مگر اور سب لوگ دس گیارہ بجے تک بیٹھے باتین کرتے رہے گیارہ بجے کے قریب جلسہ نہایت مسرت سے برخاست ہوا۔

بمبئی سے علیگڈھ کو روانگی

۱۴۔ اکتوبر کو نماز عصر کے وقت مین اور جناب سید احمد خانصاحب۔ اور خواجہ محمد یوسف صاحب بمبئی سے روانہ ہوئے۔ ۱۶ کی صبح کو سب الہ آباد پہنچے۔ منشی محمد ذکاء اللہ صاحب اسٹیشن پر ہمارے منتظر کھڑے تھے ہم سب اُنکے دولتخانہ پر گئے اور تمام دن الہ آباد مین رہے شب کو الہ آباد سے روانہ ہوئے جسوقت ہم ٹونڈلے پہنچے تو ہمارے چند دوست اور طالب علم مدرسۃ العلوم جو علیگڈھ سے ہمارے استقبال کو گئے تھے ہمسے ملے۔ جب ہم ہاتھرس پہنچے تو دوسرا گروہ ہمارے دوستون اور طالب علمان مدرسۃ العلوم کا ہم سے ملا۔ قریب گیارہ بجے کے جسوقت ہماری ٹرین علیگڈھ کے اسٹیشن پر پہنچی تو بڑا مجمع ہمارے ملنے کو جمع تھا۔

علیگڈھ مین واپسی اور استقبال

ہم اُترے اور سب سے نہایت خوشی سے ملے۔ جناب راجہ سید باقر علیخانصاحب

رئیس پنڈراول نے ہماری اور ہمارے ساتھ بہت سے دوستون کی نہایت پرتکلف دعوت کی یہ جلسہ دعوت کا جناب مولوی سید احمد خانصاحب بہادر کی کوٹھی پر تھا سب نے میز و کرسی پر کھانا کھایا اور راجہ صاحب کی محبت و عنایت کا شکریہ ادا کیا سب ہمارے دوست ہمسے اور ہم سب سے ملے۔ اسطرح سفر کا اختتام ہوگیا۔ علیگڈھ ہی سے سفر کا آغاز ہوا تھا اور وہین انجام ہوا"

ولایت سے واپسی کے بعد کے مشاغل

سفر ولایت سے واپس تشریف لانیکے بعد آپ سرکاری کامونمین مصروف رہنے کے ساتھ ساتھ زیادہ تر مدرسۃ العلوم علیگڈھ کے انتظام مین مصروف رہے۔ اسی اثنا یعنی ۱۸۸۳ء مین آپ کلکتہ کی نمایش کی سیر کو بھی تشریف لے گئے۔

سیر نمایش کلکتہ۔

اسی سال آپ کلکتہ یونیورسٹی کے فیلو مقرر کیے گئے۔

فیلو شپ کلکتہ یونیورسٹی

اتفاق سے تہذیب الاخلاق کے دو پرچے بابت ماہ شوال و ذیقعدہ ۱۲۹۷ھ مطابق ۱۸۸۰ء ہمین ملے ہین جنمین مولوی صاحب کے سفر یوروپ کے مسلسل حالات چھپے تھے اور اُن ہی سے نقل ہوکر بشکل کتاب یہ حالات عمدۃ المطابع امروہہ مین چھپکر شایع ہوئے تھے۔ اس کتاب مین ہمنے حالاتِ سفر سفرنامۂ آخر الذکر سے نقل کیے ہین جیسا کہ اوپر ظاہر کیا جا چکا ہے۔

مضامین سفر ولایت کا مخذ

باب ہشتم

سیاحت مصر

خدمات مصر کیلیے گورنمنٹ کا مولوی صاحب کو منتخب کرنا۔

۱۸۸۴ء مین جسوقت ارل ناتھ بروک بالقابہ سابق وائسرائے وگورنر جنرل کشور ہند لارڈ ہائی کمشنر بنا کر مصر بھیجے گئے تو اُنھون نے ایک لائق وقابل شخص کے بھیجے جانیکی خواہش ظاہر کی اور گورنمنٹ ہند نے مولوی صاحب کو بوجہ آپکی مشہور لیاقت وقابلیت اور جفاکشی ومستعدی کے مصر بھیجنے کے لیے انتخاب فرمایا چنانچہ اس بارہ مین جو چٹھیات سر آکلنڈ کالون نے ہز اکسلنسی وائسرای کے ایماسے لکھی تھین اُنکا اور نیز گورنمنٹ ممالک مغربی وشمالی کے سکرٹری کی چٹھی کا

سکرٹری گورنمنٹ ہند کی چٹھی

ترجمہ ذیل مین درج کیا جاتا ہے:-

از مقام شملہ ۱۴- اگست ۱۸۸۴ء

پنجشنبہ

میرے پیارے مولوی!

مجھسے ہز اکسلنسی وائسرائے بہادر نے بحکم لارڈ ناتھ بروک بہادر یہ درخواست کی ہے کہ ایک شریف مسلمان کو دو ماہ کے لیے مصر جانیکے واسطے بھیجا جاوے لارڈ ناتھ بروک بہادر نامزد کیا جاوے۔ مین نے جرأت کرکے آپ کو نامزد کردیا ہے۔

لارڈ ناتھ بروک بہادر نے بھی اتفاق رائے کیا۔ ایک دو روز مین آپ کو لفٹنٹ گورنر بہادر سے معلوم ہوجاویگا۔ مین امید کرتا ہون کہ آپ اُسکو قبول فرمائینگے

ستمبر کے دوسرے ہفتہ تک آپکو مصر مین ہونا چاہیے اور آپکو ستمبر کی میل سے ضرور روانہ ہوجانا چاہیے۔

مین دیکھونگا کہ آپکی رخصت اور الونس کا مناسب طور سے انتظام ہوگیا ہی یا نہین۔ اور اُس سے اطلاع دونگا۔

مجھکو یہ تو نہین معلوم ہی کہ آپکے فرائض کیا ہونگے لیکن اسمین کچھ شک نہین ہے کہ آپ اپنے فرائض منصبی کو نہایت کوشش اور قابلیت کے ساتھ انجام دینگے۔ مین خیال کرتا ہون کہ آپکا قیام دو ماہ تک قاہرہ مین رہیگا۔ جو ہر طرح سے نہایت دلچسپ مقام ہی۔ آپ کا دوست (دستخط)

اے۔ کالون

پرائیوٹ سکرٹری لفٹنٹ گورنر کی چٹھی۔

فینی تال ۱۸ اگست ۱۸۸۴ء

محب من!

لارڈ نارتھ بروک بہادر کی یہ خواہش ہے کہ ایک شریف مسلمان ہندوستانی اُن کی ہمراہ مصر مین دو ماہ تک رہی۔ مجھکو لفٹنٹ گورنر بہادر نے یہ ہدایت فرمائی ہی کہ آپکو اطلاع دون کہ آپ اس عہدہ کے واسطے نامزد ہوئے ہین۔ آپکی تنخواہ اور اخراجات کا خاص انتظام کیا جاویگا۔ آپکو مصر مین ۵ ستمبر سے قبل پہنچنا ہوگا اگر آپ اس عہدہ کو قبول فرماوین اور جانیکے واسطے رضامند ہون تو آپ مہربانی فرماکے جسقدر جلد ممکن ہو مجھکو بذریعۂ تار مطلع کیجیے اور براہ راست سر آکلنڈ کالون بہادر کو

بمقام شملہ لکھیے کہ وہ آپ کو مفصل ہدایات سے مطلع فرماوین۔
آپکی خدمات فوراً گورنمنٹ انڈیا کے تفویض ہوجاوینگی۔

آپکا دوست صادق

ڈبلیو۔ ہومس۔ پیرائوٹ سکرٹری

سکرٹری گورنمنٹ ہند کی چٹھی

از مقام شملہ ۱۸ اگست ۱۸۸۴ء

دوشنبہ

پیارے سمیع اللہ!

آپ کی ۱۶ اگست والی چٹھی کا مین شکریہ ادا کرتا ہون۔ آپکو غالباً سر۔ اے لائل بہادر سے معلوم ہوا ہوگا۔ مین نے اُنکو اُسی دن چٹھی لکھی تھی جس روز کہ آپ کو۔ اور اُنکو یہ لکھا تھا کہ آپکی خدمات گورنمنٹ آف انڈیا کے تفویض کردین آپکو ڈھائی سو روپیہ علاوہ تنخواہ کے ملیگا۔ اور آپکا سفر خرچ مع آپ کے دونوکروں کے۔ مین لارڈ ڈنارتھ بروک بہادر کو خدیو مصر اور چند دیگر ذی مرتبت اشخاص کی ملاقات کیواسطے چٹھیان بھیجدون گا اور وہ اپنی رائے کے موافق آپ کو کام مین لانے کی ہدایت فرما دینگے۔

آپ مجھکو لکھیے کہ اور کیا مدد مین آپکو دیسکتا ہون ایک چٹھی اسمی مسٹر منی Mr. Money جو قبل ازین بنگال سول سروس مین تھے اور اب ممبر انگریزی پبلک ڈٹ آفس کے ہین وہ آپکے واسطے بڑے کام کے ہونگے

مین آپ کے پاس قبل از روانگی بھیجدون گا۔ اور نیز کرنل اسکاٹ مان کریف آر ای۔ کے نام۔

آپ کا دوست

آکلینڈ کالون

سکرٹری گورنمنٹ ہند کی چٹھی

از مقام شملہ۔ ۲۸ر اگست ۱۸۸۴ء

پنجشنبہ

پیارے سمیع اللہ!

ہان۔ آپ کا اپنی روانگی سے سکرٹری گورنمنٹ آف انڈیا ہوم ڈپارٹمنٹ کو رپورٹ کرنا بہتر ہوگا۔

آپکا دوست صادق

اے۔ کالون

مصری خدمات کا ذکر۔

مصر پہنچنے پر منجملہ دیگر فرائض کے آپکے تفویض اُن جدید عدالتونکی تنقیح اور معائنہ کیا گیا جنکو لارڈ ڈفرن بہادر نے جدید اصول پر قائم کیا تھا۔

اہل مصر کے عام خیالات اور جمال الدین

یہ وہ زمانہ تھا کہ مسلمانان مصر انگریزون کو شبہ کی نظر سے دیکھتے تھے اور انگریزی حکومت کا جانی دشمن جمال الدین افغان مذہبی تقدس کی آڑ مین وہان بیٹھا ہوا اپنی تحریر و تقریر سے مصریون کے دلون مین انگریزون کی برخلاف مخالفت و عناد کی آگ بھڑکا رہا تھا چنانچہ جب مولوی صاحب مصر پہنچے اور

اُنھون نے اپنا کام کرنا شروع کیا تو جمال الدین افغان نے اپنی عادت کے موافق اِنکے کام مین رکاوٹین پیدا کرنے اور انکی جانب سے مصریون کے خیالات بگاڑنے کی نیت سے مصر کے اخبارون مین مخالفانہ مضامین شایع کرانے شروع کیے۔ اِنکے شایع کرانے سے اُسکا مطلب یہ تھا کہ مصر کے لوگ بدظن ہوجائین اور انگریزی حکومت کی غرض وغایت پوری نہ ہوسکے۔

مثال کے طور پر جمال الدین افغان کے مضامین مین سے ایک مضمون ذیل مین درج کیا جاتا ہے جو اُس نے ۲۸ اگست ۱۸۸۴ء کے اخبار عروۃ الوثقیٰ مین شایع کرایا تھا :-

مولوی لیفا کی مخالفت مین جمال الدین کا ایک مضمون

سَمِیْعُ اللّٰہ خَانْ

ھو اعظم الدھریین دھاءً واشدھم اجتھاداً فی تضلیل المسلمین واد قھم حیلۃً واقواھم مکراً فی ایجاد الوسائل لتفریق شمل المومنین وتمکین الحکومۃ الانکلیزیۃ فی ارض الھند یقوم ھٰذا الخادع خطیباً فی محافل المسلمین فتسبق دموعہ کلامہ ویاتی بغایۃ ماعندہ من الفصاحۃ لھدم ارکان الدیانۃ الاسلامیّۃ وابطال عقائدھا الاصلیّۃ ویتجرا علی حضرۃ الالوھیّۃ ویطعن فی الرسالۃ وصاحبھا کلّ ذٰلک وھو ینتخب کاتمّا یرثی الدین واھلہ ○

اذا دخل فى بلدٍ من البلدان لاداء هذه الخدمة واطيب ايامًا
على دخول المساجد وحضور المحافل الدينيّة واستدرج النّاس
بعذب الكلام ولطف الوعد وجذبهم اليه من حيث
لايشعرون فاذا اجتمع عليه بعض من النّاس اغترارا بطلاوة
ظاهره بُدًّا فى دعوتهم الى مشربه الكدر (خلع الدين)
هذا العدو المبين للاسلام والمسلمين قد نال بمساعيه
هذه وظيفة قاضٍ (فى الشريعه الانكليزية) فى بلدة
(آكر) وهى بلدة لاتزيد عن دسوقٍ فى مديريّة الغربية
قالت جريدة التيمس بعد ما مدحت سميع الله خان بكل
ما يمكن ان يمدح به ان هذه الوظيفة (قاض فى بلد صغير)
هى اعلى وظيفة ينالها هندى وطنى (يحتاج لاثبات
العدالة الانكليزية الى شاهد اكبر من هذا)
نورتبروك اللورد الانكليزى الذى اشرنا الى طرف من
تاريخه فى الهند فى العدد الماضى عرف سميع الله خان
حقّ المعرفة عند ما كان حكمدارًا فى الهند ووقف على
انّه اصدق النّاس فى خدمة الانكليز واقدرهم
على ادائها ولهذا طلبه ذلك اللّورد ليكون كاتب سرّه

فی مصر لیستعمله فی تنفیر المصریین من الدّولة العثمانیّة
وفی اقناع المصریّین بانّ حکومة انکلیز ترید بهم
خیراً ویستخدمه فی استمالة قلوب العلماء لانّه
واحدٌ منهم (علی دعواه) وقد یکون من نیّته ان
یدخل الجوامع ویعظ ویخطب ویروی عن عدل الانکلیز
ما لا صحة له وما تکذبه المشاهدة ولکن رجاؤنا فی
نباهة المصریّین وصدق عقائدهم الدینیّة وشدّة
ارتباطهم بالدّولة العثمانیة ان لا ینخدعوا لهذا الراکس
الهندی (الراکس بلسان السنسکریت الشّیطان المرید)
لا نجح الله له مقصداً ولا اناله مبتغیٰ ○

مصر کو مسلمانونپر اثر

اس مضمون کے پڑھنے کے بعد آسانی سے خیال مین آسکتا ہے کہ کسی ملک کی ذی اثر شخص کے قلم سے کسی ایسے شخص کی نسبت جو اجنبی ہو اُس قسم کے زہریلے الفاظ نکلین تو اُن کا کیسا کچھ اثر نہین ہوتا ہوگا۔

لیکن مولوی صاحب نے مستقل مزاجی اور قلب کی صفائی کے باعث اس قسم کی تمام مخالفانہ کوششون کے مقابلہ مین فتح پائی۔ اور انکے عمدہ اخلاق اور علمی تبحر نے مصر کے لوگون کے دلونکو اسطرح پر مسخر کرلیا کہ کسی دراندازی کی دراندازی اور کسی مخالف کی مخالفت بھی اُنکو مولوی صاحب سے برگشتہ کرنے مین کامیاب نہ ہوسکی۔ بخلاف اسکے

مسلمانان مصر کی عقیدت

مصر والون کے دلون مین مولوی صاحب کی عظمت و وقعت یہان تک جاگزین ہوگئی کہ وہ اُنکو اس پایہ کا تسلیم کرنے لگے کہ اگر اُنکا تقرر مصر کی قدیم عدالتون مین عہدۂ قضا یا افتا پر کیا جائے تو ذرہ بھی بیجا نہ ہوگا عوام ہی نہین بلکہ ازہر اور قاہرہ کے علما اور شیوخ بھی مولوی صاحب کے علمی تبحر کے باعث اُنکے مصر مین کا رخاص پر مامور ہوکر آنیسے خوش ہوئے۔

لقب نحوی سے مشہور ہونا

چونکہ مولوی صاحب مصر کے علما اور شیوخ سے عمدہ عربی مین گفتگو کرنے کے عادی تھے اسلیے آپ وہان کے گروہ علمارمین "نحوی" کے لقب سے یاد کیے جانے لگے تھے۔

علمار و شیوخ مصر کی شبہات کا رفع ہونا

مولوی صاحب نے علمار اور شیوخ سے ربط وضبط بڑھاکر اور عالمانہ و سنجیدہ گفتگو کرکے اُنکے بہت سے شبہات جو اُنکو سیاست برطانیہ کے متعلق تھے رفع کردیے تھے۔

ارل نارتھبروک سے تعلقات

اگرچہ ارل نارتھ بروک سابق وائسرائے کشور ہندوستان اور انگلستان مین تو مولوی صاحب سے واقف ہوچکے تھے لیکن مصر مین جب ارل ممدوح کے ساتھ آپ کو کام کرنیکا اتفاق ہوا تو وہ آپ کی حسن کارگزاری کے باعث آپکے ساتھ زیادہ مہربانی اور عنایت سے پیش آنے لگے۔ اور اُنھون نے قاہرہ سے اسوان تک دریائے نیل کا جو سفر کیا تھا اُسمین مولوی صاحب کو اپنے جہاز پر ساتھ رکھا تھا جسکا اثر مصر کے تمام مسلمانون پر بہت عمدہ پڑا تھا۔

سفر مین ارل نارتھبروک کی معیت

اثنار قیام مصر مین جو کام مولوی صاحب نے بصیغۂ راز انجام دیے وہ تو کسی طرح بیان ہی نہین ہو سکتے البتہ سیر و سیاحت مصر کی دوسری باتین اس موقع پر ناظرین کی دلچسپی کیلیے حوالہ قلم کی جاتی ہین :-

سفر مصر کے حالات۔

مولویصاحب بتاریخ ۶ ستمبر ۱۸۸۴ء بمبئی سے جہاز لاسبارڈی مین سوار ہو کر ۱۶ ستمبر ۱۸۸۴ء کو سوئز پہنچے اور وہان سے قاہرہ دار السلطنت مصر مین نہضت فرما ہو کر آلازبکیہ کے متصل نیو ہوٹل مین آپ نے قیام فرمایا۔

آلازبکیہ سیر و تفریح کا ایک مشہور مقام ہے جہان معزز لوگ کثرت سے جمع ہوتے اور قہوہ خانون مین قہوہ وغیرہ پیتے ہین۔

مولویصاحب کے بڑے صاحبزادہ کا مصر آنا۔

بہر ا ہی ارل نارتھ بروک حمید اللہ خان جو اُس زمانہ مین انگلستان مین بغرض تعلیم مقیم تھے ۱۹ ستمبر کو شام کے پانچ بجے قاہرہ پہنچے اور اُسی شب ارل نارتھ بروک کا

ڈنر کی شرکت

ڈنر ہوا جس مین معزز مصری اور یوروپین عہدہ دار بھی مدعو تھے۔

مصر مین جن لوگون سے آپ ملے اُن کے نام

قیام مصر کے زمانہ مین ہز ہائینس خدیو المکرم سے شرف باریابی حاصل کرنیکے علاوہ اور جن جن یوروپین اور مصری اصحاب سے آپکو ملنے کا اتفاق ہوا اُنمین سے بعض کے نام ذیل مین بلالحاظ ترتیب مدارج درج کیے جاتے ہین :

۱- ہز اکسلنسی نوبار پاشا وزیر اعظم مصر۔ ۲- ہز اکسلنسی شریف پاشا سابق وزیر اعظم۔
۳- ہز اکسلنسی ثابت پاشا انسپکٹر جنرل شمالی مصر و ڈائرکٹر جنوبی مصر۔ ۴- ہز اکسلنسی عمر لطفی پاشا انسپکٹر جنرل شمالی مصر و گورنر جنوبی مصر۔

۵- ہز اکسلنسی علی مبارک پاشا وزیر تعمیرات و آبپاشی۔ ۶- ہز اکسلنسی حیدر پاشا۔

۷- ہز اکسلنسی فلکی پاشا وزیر تعلیمات۔ ۸- زبیر پاشا۔

۹- خیری پاشا۔ ۱۰- مصطفی فہمی پاشا۔

۱۱- بوطروس پاشا غالی۔ ۱۲- عبدالقادر پاشا۔

۱۳- شیخ الاسلام شیخ العباسی ۱۴- مولا آفندی قاضی القضاۃ۔

۱۵- السید العبد الباقی البکری۔ ۱۶- اسمعیل یسری پاشا جج۔

۱۷- محمود لطفی بے جج۔ ۱۸- شفیق بے ایڈوکیٹ جنرل۔

۱۹- سعید پاشا گورنر قاہرہ۔ ۲۰- امین نسیف مالک و اڈیٹر مراۃ الشرق

۲۱- ای صرافین اڈیٹر الزمان ۲۲- خلیل کنعان وکیل دائرۃ المعارف

۲۳- دلاور علی تاجر (باشندۂ ہند)

یورپین

۱- (لارڈ کرومر) سر ایولن بیرنگ۔ ۲- جنرل لارڈ وولسلی۔

۳- جنرل ڈارمر۔ ۴- جنرل ایچ۔ جے ولکنسن کمسریٹ اسٹاف افسر

۵- کرنل سر اسکاٹ مانکریف، ۶- میجر راس رائل انجنیر۔
انسپکٹر جنرل آبپاشی۔

۷- میجر ہملٹن۔ ۸- میجر ای۔ او گرین۔

۹- کپتان فینوک افسر پولیس۔ ۱۰- مسٹر شیلڈن ایماس جج۔

۱۱۔ مسٹر انڈرس جج۔ ۱۲۔ مسٹر ایم۔ گریل جج۔

۱۳۔ مسٹر مین قنصل ڈینمیٹا۔ ۱۴۔ مسٹر سینوڈینوس بنکر۔

۱۵۔ مسٹر جی آر گبسن مہتمم بندوبست ۱۶۔ مسٹر اے بیکر قنصل سوائم۔

۱۷۔ کپٹن بیومنٹ (حال سر بویس) ۱۸۔ ڈاکٹر کروک شنک۔

۱۹۔ مسٹر بیمن۔ ۲۰۔ مسٹر ڈبلیو ولکاکس۔

۲۱۔ کپٹن جی اوبراین کاریو۔ سی۔ آئی۔ ای ۲۲۔ مسٹر جرالڈ فٹز جیرالڈ سی۔ ایم۔ جی ساباق ڈپٹی ڈائرکٹر انڈین میرین بورڈ ڈائرکٹر جنرل حسابات۔

دی لمبارڈی۔

۲۳۔ کرنل ایل جے جی کیلی۔ ۲۴۔ مسٹر اڈگر ونسنٹ۔

مصر کی عدالت مرافعہ کا معائنہ۔

۲۰ ستمبر کو مولوی صاحب نے مصر کی کچہری مرافعہ کو تشریف لیجاکے اُسکا معائنہ فرمایا اور ججون کے ساتھ اجلاس فرماکر مقدمات کی سماعت کی اور وہان انفصال مقدمات کا جو طریقہ رائج تھا اُسکو بغور دیکھا۔ وکلا نے عربی مین بحث کی۔ اور مقدمات کی روئداد بھی زبان عربی ہی مین ترتیب دیگئی۔ سوائے جسٹس شیلڈن ایماس کے باقی تمام جج ترکی یا مصری تھے۔ منجملہ اُنکے اسمٰعیل لیسری پاشا چیف جج تھے۔ مصر کے دفاتر مین قہوہ کا دور۔ سگریٹ اور سگار نوشی کا مشغلہ کثرت سے رہتا ہے اور عہدہ دارون کے لیے یہ چیزین سرکاری خرچ سے مہیا رہتی ہین۔ مولوی صاحب کی تواضع بھی وہانکے دستور کے موافق قہوہ سے کی گئی۔

وزیراعظم مصر سے ملاقات۔

عدالت مرافعہ کے معائنہ کے دوسرے روز آپ سر ایولن بیرنگ (لارڈ کرومر) کی تعارفی چٹھی کے ذریعہ سے ہز اکسلنسی نوبار پاشا وزیر اعظم مصر سے جاکر ملے۔ وزیر موصوف آپسے توقیر و تکریم کے ساتھ پیش آئے۔ سر ایولن بیرنگ نے اپنی چٹھی کے ذریعہ سے وزیر اعظم سے کچھ استفسارات کیے تھے اُن استفسارات کا جواب دینے کیلیے وزیر موصوف نے اپنے ماتحت حکام کو ایما کیا۔

بطروس پاشا کی ملاقات

اس ملاقات سے فارغ ہونیکے بعد مولوی صاحب بطروس پاشا سے ملنے کیلیے اُنکے دفتر تشریف لے گئے وہ بھی آپکے ساتھ نہایت مہربانی اور خلق سے پیش آئے۔ اور دوسرے روز وہ خود بھی آپکی قیام گاہ پر ملاقات بازدید کیلیے آئے

ارل نارتھ بروک کی دعوت مین شرکت

آپ ارل نارتھ بروک کی متعدد دعوتون مین شریک ہوتے اور اُنسے وہان کی عدالتون کے معائنہ کا اور مختلف معاملات کا تذکرہ کرتے رہے۔

حکام عدالت کا مسئلہ معائنہ کرانا۔

چونکہ گورنمنٹ مصر کی جانب سے عدالتونکے حکام کے نام مولویصاحب کو عدالتونکا معائنہ کرانے اور طریقہ کارروائی دکھانیکا حکم جاری ہوچکا تھا اسلیے حکام عدالت مولوی صاحب کے پاس اپنے اپنے ہان کی مثلین لے کر آتے رہتے تھے۔ اور آپ اُنکو نظر تنقید سے ملاحظہ فرماکر نوٹ کرتے جاتے تھے۔

ایک مرتبہ آپکے معائنہ کیلیے شفیق بے ایڈوکیٹ جنرل جو شہر زہ ورچ علاقۂ سوئٹزرلینڈ کے تعلیم یافتہ تھے اور فرانسیسی زبان خوب بولتے تھے چند مثلین لائے اُنمین سے ایک مثل مولویصاحب کی نظر سے ایسی گزری جو کسی فوجداری مقدمہ کے

متعلق تھی۔ یہ مقدمہ ۲۰ فروری ۱۸۸۴ء کو دائر اور ۲۲ جولائی ۱۸۸۴ء کو یعنے پانچ ماہ دو یوم کی مدت مین فیصل کیا گیا تھا۔

محابس قاہرہ کا معائنہ۔

سرکاری طور پر عدالتون کا معائنہ کرنیکے علاوہ ڈاکٹر کروک شنک افسر محابس کیساتھہ تشریف لیجاکر آپ نے قاہرہ کے محبس کا بھی معائنہ فرمایا۔

قیدیون کے سونیکا طریقہ

حین معائنہ آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ قیدی بجائے زمین کے فرش کے تختون پر سلائے جاتے تھے

قیدیان زیر دریافت۔

محبس مین بعض قیدی ایسے بھی تھے جو دو دو سال سے زیر تحقیقات چلے آتے تھے ایک قیدی کے ساتھہ اُسکا ایک کم سن بچہ بھی تھا اور اُسکی بیوی قیدخانہ ہی مین فوت ہوئی تھی۔

علی فہمی پاشا کا مکان۔

یہان یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اُس زمانہ مین ڈاکٹر کروک شنک علی فہمی پاشا کے اُس مشہور تاریخی مکان مین سکونت پذیر تھے جسمین ۱۸۸۲ء مین عربی پاشا کے ساتھیون کی کمیٹیان ہوا کرتی تھین۔

شوبرا کی سڑک کی تفریح

قاہرہ مین شوبرا کی سڑک ایک نہایت پُرفضا اور فرحت بخش سڑک ہی اس سڑک پر شام کو اکثر اعلی عہدہ دار اور معززین یہانتک کہ خود خدیو المعظم ہوا خوری کو تشریف لاتے ہین۔ شام کو اسی سڑک پر اثنار ہوا خوری مین مولوی صاحب کو خدیو اور اُنکے صاحبزادون کی جلوس کی سواری دیکھنے کا بھی اتفاق ہوتا تھا۔

معززین قاہرہ سے ربط و ضبط

قاہرہ کے معززین اعلی عہدہ دارون علماء مشائخین اور قاضی القضاۃ سے جو

ایک متبرک اور معمر شخص تھے مولویصاحب کا ارتباط پیدا ہوگیا تھا وہ آپ کی فرودگاہ پر تشریف لاتے تھے اور آپ اُنکے مکان پر تشریف لیجاتے تھے۔

قاہرہ مین بقرعید کرنا۔

آپکو اپنے قیام قاہرہ کے زمانہ مین بقرعید وہین کرنے کا اتفاق ہوا بقرعید کے روز صبح کے پانچ بجے محمود فلکی پاشا کی جانب سے محمد بے آپکی قیام گاہ پر آئے اور آپ کو مسجد الحسین مین دوگانۂ عید ادا کرنیکے لیے لے گئے۔

خدیو سے ملاقات عید

نماز عید سے فارغ ہوکر آپ ارل نارتھ بروک کے ہمراہ عید کی ملاقات کیلیے بارگاہ خدیوی مین تشریف لے گئے۔ ارل نارتھ بروک کے سکرٹری کپتان پومنٹ بھی ہمراہی مین تھے۔

خدیو المعظم آپ سے عمدہ اخلاق اور بڑی مہربانی سے پیش آئے۔ یہان تک کہ خدیو المعظم اُسوقت جو حقہ خود نوش فرما رہے تھے اُس سے آپکی بھی تواضع کی لیکن مولویصاحب تمباکو کے استعمال کے عادی نتھے اسلیے ادباً صرف رسم ادا کرلی اور شکریہ بجالائے جسکا بہت عمدہ اثر خدیو معظم کے دلپر ہوا۔

عباسیہ بارکس کی سیر۔

قاہرہ کے قابل دید مقامات مین سے آپ نے عباسیہ بارکس کی بھی سیر کی۔ عمدہ بارکون مین انگریزی فوج اور معمولی بارکس مین مصری فوج دیکھی گئی۔

اہرام مصر کی سیر۔

بہمراہی ارل نارتھ بروک ۲۔ اکٹوبر کو آپکو اہرام مصر کی سیر کو جانیکا اتفاق ہوا اہرام مصر جو پہل مثلث مینارے ہین جن مین سے بعض تو بالکل ٹھوس اور بعض اندر سے خالی ہین۔ ان سب مینارونکی کرسی چوپہل ہے اور اُس پر چوپہل مینار۔

کچھ اس طریق سے تعمیر کیے گئے ہین کہ اُنکا ہر ایک پہلو بشکل مثلث معلوم ہوتا ہی اور بالائی سرے پر جاکر یہ مینار ایک نقطہ پر ختم ہوتے ہین - ان مینارونکی عمارتین بوجہ اپنی قدامت کے عربی زبان مین اہرمان کے لفظ سے یاد کی جاتی ہین جسکے معنی بڑھیا کے ہین -

اہرام مصر مین سے تین اہرام زیادہ مشہور ہین منجملہ اُنکے دو مینار جو چیوپس اور کیفرینس کے نام سے شہرت رکھتے ہین اول نمبر پر شمار ہوتے ہین اور ان مین سے بھی چیوپس والا مینار عمدگی اور خوبصورتی مین اسقدر ممتاز ہی کہ وہ ہفت عجائبات دنیا مین سمجھا جاتا ہی - یہ مینار دریائے نیل سے پانچ میل اور مقام جزہ کے سامنے دس میل کے فاصلہ پر شہر ممفس کے قریب واقع ہین - ان مینارون کی رفعت اور وسعت مختلف ہی - مینار چیوپس اوپر تلے پتھر کے دو سو تین چبوترے تعمیر کرکے بنایا گیا ہی - سب سے نیچے کے چبوترہ کا ہر ضلع ۶۳۷ فٹ لمبا اور اُسکی بلندی ۴ فٹ آٹھ انچ ہی اور سب سے اوپر کے چبوترہ کا ہر ایک ضلع تیس فٹ لمبا ہی - یہ مینار بڑے بڑے پتھرون سے تعمیر کیا گیا ہی - چنانچہ اسمین جو چھوٹے سے چھوٹا پتھر لگا ہوا ہی وہ لمبان مین ۳۰ فٹ سے کم نہین ہی ان پتھرون پر کتبے کھدے ہوئے ہین - مینار آخر الذکر کی بلندی زمین سے لیکر اُسکی چوٹی تک ۴۵۶ فٹ ہے اسکی چوٹی کا سطح اگرچہ زمین پر کھڑے ہوکر دیکھنے سے مثل ایک نقطہ کے معلوم ہوتا ہی لیکن اصل مین اُسکی مساحت دس گز مربع ہی - اس مینار کی کرسی کا پھیلاؤ

۱۶ ½ بیگہ زمین مین ہی۔ یہ مینار اور اسی قسم کے دوسرے مینار فراعنۂ مصر کے مقبرے ہین اور جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہی یہ اپنی قدامت دراز کی باعث اہرام کے نام سے یاد کیے جاتے ہین۔

الغرض دن کی روشنی اور پھر چاندنی مین اہرام مصر کی سیر کی اور ابوالہول کو دیکھا اور سیر سے فارغ ہو کر رات کا کھانا اہرام مصر کے قریب اُس مکان مین کھایا جو کسی وقت امپرر نپولین کی ملکہ شہزادی یوجین کے قیام کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اور فی الوقت شاہی بنگلہ کے طور پر کام مین لایا جاتا تھا۔

شاہی بنگلہ

مولویصاحب نے قیام قاہرہ کے زمانہ مین مسجد محمد علی پاشا بھی دیکھی۔ یہ قسطنطنیہ کی مشہور مسجد ایا صوفیہ کے نمونہ کی بنی ہوئی تھی جس مین ایک پٹا ہوا حوض بھی تھا پانی لینے کے لیے اسمین ٹونٹیان لگی ہوئی تھین۔ اس سنہرے حروف مین کلمۂ طیبہ اور خلفائے راشدین کے اسماء مبارک منقوش تھے۔

مسجد محمد علی پاشا

اس مسجد کے پاس ہی بیر یوسف واقع ہے مولویصاحب نے اسکی بھی سیر کی اُس کا نصف حصہ خشک ہی جسمین پتھر کی چٹانین ہین اور نصف حصہ مین پانی ہی۔

بیر یوسف

۵۔ اکتوبر کو شب کے ½ ۸ بجے بھراہی ارل نارتھ بروک اسٹیشن بلاق سے اسیوتھ کو روانہ ہوئے۔

اسیوتھ کو روانگی

اس پارٹی مین کل بارہ اشخاص تھے۔ ارل موصوف کی مشایعت کے لیے قاہرہ کے بہت سے معززین و اعلی عہدہ دار اور گورنر قاہرہ اسٹیشن تک آئے تھے

دوسرے روز اسیوط پہنچے اور وہان سے ایک چھوٹے جہاز زینت البحرین پر سوار ہوکر پارٹی کی پارٹی اسوان کی طرف روانہ ہوئی۔

اسوان کو روانگی

اسوان شمالی مصر مین ایک شہر ہے اُس کا قدیم نام سیئن (Syenne) تھا یہ مقام پتھرون کی کان کے باعث مشہور ہی۔ راستہ مین ۷ اکتوبر کو جہاز نے مقام کینا لنگر ڈالا شمالی مصر مین اس نام کا ایک قصبہ ہی جو دریائے نیل پر واقع ہی اسکا قدیم نام سائنوپولس ہے اسکی آبادی کا اندازہ بقدر ۱۵ ہزار نفوس کیا جاتا ہے ساحل پر اُس مقام کے افسر محمد بے اور قاضی علی پاشا استقبال کے لیے موجود تھے جہاز سے اُتر کر محمد بے کے مکان پر گئے۔ کینا ایک چھوٹی سی بستی تھی اُسمین کچھ زیادہ رونق نہ تھی۔ چونکہ مولویصاحب کے فرائض مین یہ بات داخل تھی کہ دورۂ مصر کے اثنا مین جس مقام پر پہنچین وہان کے قاضی وغیرہ سے ملین اور اُنکو عدالتی امور مین مشورہ دین اور اُنسے حال دریافت کرین اسلیے یہان بھی مولوی صاحب نے اس فرض کو انجام دیا۔

کینا مین قیام اور وہانکی عدالتون کا معائنہ۔

وہان سے کارنیک پہنچکر معابد قدیم کے معائنہ کے لیے گئے۔ کارنیک دریائے نیل کے مشرقی کنارہ پر اُسی جگہ واقع ہے جہان زمانۂ قدیم مین تھیبز واقع تھا۔ یہ آثار قدیمہ کے لحاظ سے بہت مشہور ہے۔ اسکا مشہور معبد مغرب سے مشرق کو ۱۲۰۰ فٹ ہی۔ وہان اور بھی جو تاریخی اور متبرک مقامات واقع ہین اُن سب کی سیر برٹش قنصل مصطفی آغا تواضع و تکریم سے پیش آئے اور اُنھون نے بطور یادگار

کارنیک کی سیر

اپنی کتاب مین آپکا نام لکھوایا - یہان سے روانہ ہوکر اسوان پہنچے - اُسکے محاذی
دریائے نیل کے پانی ناپنے کا مشہور پیمانہ قدیم زمانہ کا لگا ہوا ہی - وہان سے بسواری
دریائے نیل کی پانی ناپنے کا پیمانہ - ریل جزیرۂ فائلی کو گئے - یہ جزیرہ شمالی مصر مین دریائے نیل کے اندر آباد ہی - قدیم
جزیرۂ فائلی زمانہ کے معابد کے کھنڈرات کے باعث اسے عام شہرت حاصل ہی - اس مین
حضرت مسیح علیہ السلام سے ۲۸۶ سال قبل ٹالی می فیلیڈلفیس اور آرسٹو نے السیس
دیوتا کا ایک معبد تعمیر کیا تھا - اسکے آگے ایک بہت بڑا گنبد ہے جسکی بلندی ۶۰
فٹ اور عرض ۱۲۰ فٹ ہی - یہان اہل روما کے زمانہ کا ایک اور معبد دیکھا جسمین
مشہور تاریخی پتھر یعنی روزٹیا اسٹون کی نقل پڑی ہوئی تھی - اصل پتھر برٹش میوزیم
مین بحفاظت تمام رکھا ہوا ہی - اس پتھر کا مختصر حال یہ ہے کہ یہ پتھر دراصل مصر کے
قدیم زمانہ کا ایک کتبہ ہے جس پر تین قسم کی عبارتین اوپر نیچے الگ الگ منقوش
ہین - سب سے اوپر کی عبارت نے پتھر کی سطح کا تقریباً ایک ربع حصہ لیا ہے
یہ عبارت مصر قدیم کے خط یعنی ہیروگلیفک مین ہے - اسکے نیچے کی عبارت خطوط
زاویون اور نصفی تصویرون مین لکھی ہوئی ہی - یہ گویا ہیروگلیفک خط کا اختصار ہی - اس
خط کا نام انکوریل یا ڈیموٹک ہی - تیسری عبارت یونانی زبان مین ہی محققین کی تحقیقات
مین یہ بات ثابت ہوئی ہی کہ اس کتبہ کی تینون عبارتین ایک ہی مضمون کی ہین - اور
یہ کتبہ ممفس کے مذہبی پیشواؤن کے اُس فرمان کی نقل ہے جسکے ذریعہ سے
اُنھون نے حضرت مسیح علیہ السلام سے ۱۹۵ سال قبل ٹالی می ایپی فینس -

پادشاہ مصر کو مذہبی خطابات عطا کیے تھے۔ اول اول یہ پتھر فرانسیسیوں کو ۱۷۹۸ء مین دریائے نیل کے دہانہ روزیٹا کے قریب قلعہ سینٹ جولین کے کھنڈرات مین سے دستیاب ہوا تھا۔ عہدنامہ اسکندریا کی ترتیب کے وقت یہ پتھر انگریزون کی تحویل مین آیا اور ۱۸۰۲ء مین برٹش میوزیم مین داخل ہوا۔

اس پتھر کے تینون کتبون کی مدد سے ڈاکٹر ٹامس ینگ نے ہیروگلیفک حروف کے معنون اور مفہوم کا عقدہ حل کیا۔

جزیرۂ مذکور کے ملاح کشتی چلاتے وقت عربی زبان مین رجز خوانی کرتے ہوئے دیکھے گئے۔ علی پاشا مامور آسوان نے مولوی صاحب سے ملاقات کی شام کی چار بجے بستی کی سیر اور فوجی قواعد ملاحظہ کی۔

مامور آسوان سے ملاقات

آسوان کے پہاڑون مین سے ایک پہاڑ پر پتھر کا ایک مینار ترشا ہوا دیکھا گیا اُسمین یہ ندرت تھی کہ وہ تین طرف سے کٹ چکا تھا اور صرف ایک طرف سے ترشتے ترشتے ناتمام رہ گیا تھا۔

ایک مینار

واپسی مین ۹۔ اکتوبر کو بمقام اڈفو قیام کیا۔ اور اُسکے قدیم معبد کی سیر کی یہ معبد کارنیک کے معبد کے بعد کا بنا ہوا ہے۔ اڈفو کا پُرانا نام اپالی پولوس ہے یہ مقام شمالی مصر مین دریائے نیل کے بائین کنارہ پر لکسر سے ۴۵ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اب یہ ویران پڑا ہے۔ یہ اُس معبد کے کھنڈرات کیلیے مشہور ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام سے ۱۴۵-۱۸۱ء قبل ٹالمی می فلوپٹر نے تعمیر کرایا تھا جو

اڈفو کی سیر

لکسر اور کارنیک کے معابد کے بعد مصر مین سب سے بڑا معبد شمار ہوتا تھا۔

یہان سے روانہ ہوکر ایسنا مین قیام ہوا۔ یہ مقام شمالی مصر مین دریائے نیل پر واقع ہے اسکا قدیم نام لیٹوپولس یا لیٹوپولس ہے اسکی آبادی ۹ ہزار نفوس کی ہے۔ یہانکی سرالتون اور مکانات وغیرہ کی سیر کی اور محبس کا معائنہ کیا یہانکے قیدی بہ نسبت قاہرہ کے قیدیون کے اچھی حالت مین نظر آئے۔ ان قیدیون مین ۲۴ قیدی طبقۂ سیاہ کے قید تھے گئے تھے۔ یہان کا مامور یعنی حاکم ایک ترکی شخص تھا۔ اور یہان کے قاضی کا مکان دریا کے کنارہ پر کشتیون کے ٹھہرنے کے مقام سے بہت ہی قریب بنا ہوا تھا یہان کا معبد زمین مین دھنسا ہوا تھا۔ اس بستی مین سرکاری طور پر نمک کا بہت بڑا ذخیرہ جمع کرکے رکھا جاتا تھا۔ اس جگہ دفتر رجسٹری بھی موجود تھا جسمین ولادت و امارت کا داخلہ درج کیا جاتا ہے پیدائش کے داخلہ کی فیس ایک پیاسٹر تخمیناً ۲½ آنہ مقرر تھی لیکن موت کے داخلہ کیلئے کوئی فیس نہین لیجاتی تھی۔ اس بستی کے بازار مین ایک بڑی مسجد دیکھی گئی۔

وہان سے روانہ ہوکر لکسور پہنچے یہان جملہ دوسرے مکانون کے ایک پتھر کی لاٹ مصر کی تمام لاٹون سے بلند ہے۔ دوسری لاٹ منہدم ہوگئی تھی۔ اس جگہ مصر کے شاہان قدیم مین سے ایک بادشاہ کا سنگی بت بھی دیکھا گیا جسکی بلندی ۱۹ فٹ کے قریب تھی۔ اس بت کے قریب ابوالہول کی بہت سی مورتین قطار در قطار رکھی ہوئی تھین۔

معمولی جھیل

اس مقام مین ایک چھوٹی سی جھیل بھی تھی لیکن اُسکا پانی نہایت متعفن تھا۔

لکسور مین ارل نارتھ بروک نے ایک ڈنر پارٹی ترتیب دی جسمین وہان کے معززین وعہدہ دار جن مین مقامی انگریز بھی شریک تھے مدعو کیے گئے۔

ارل نارتھ بروک کی ڈنر پارٹی

یہ وہ زمانہ تھا کہ جنرل گارڈن پاشا کی مخلصی کے لیے انگریزی فوجین وہان تھین لکسور مین چونکہ گوشت نقصان کرتا ہے اسلیے وہان زیادہ تر استعمال سبزی اور ترکاری کا ہوتا ہے۔

مقبرہ کے کھنڈرات کی سیر

یہان سے تھیبز کے کھنڈرات دیکھنے کے لیے گئے تھیبز مین مصر کے شاہان قدیم کے مقابر کثرت سے ہین اور مقبرون کا راستہ پہاڑون کے درمیان سے ہوکر گیا ہے۔ ان مقبرون مین سے ایک مقبرہ بہت بڑا ہے جو رمیسس ثانی فرعون مصر کا بیان کیا جاتا ہے اس مقبرہ کے گرد اگرد ایک چبوترہ ہے جس پر ممی یا حنوط کی ہوئی لاشین رکھی جاتی تھین۔ عرصہ ہوا کہ یہ حنوط کی ہوئی لاشین یوروپ کے عجائب گھرون مین منتقل ہوگئی ہین۔ اس مقبرہ کی دیوارون پر تاریخی واقعات کا مرقع دیکھا گیا۔ اسی جگہ ایک اور معبد کی سیر کی گئی جسمین ایک بحری لڑائی کا مرقع کھنچا ہوا پایا گیا جسمین پادشاہ نے محض اپنی ذاتی بہادری سے فتح پائی تھی۔ یہ معبد شیر ببر کے شکار کی تصاویر کے لیے مشہور ہے۔

فرعون مصر کا مقبرہ۔

شیر کے شکار کی تصاویر

کسی زمانہ مین یہان عیسائیون نے ایک کلیسا تعمیر کیا تھا جسکے کھنڈرات ابتک موجود ہین۔

مسیحی معبد

یونانی معبد

اس مقام پر منجملہ اور معابد کے ایک یونانی معبد بھی دیکھا گیا۔

برٹش قنصل کی جانب سے جلسہ رقص۔

مصطفی آغا اُس زمانہ مین وہان کے برٹش قنصل تھے اُنھون نے بلسہ رقص بھی ترتیب دیا تھا لیکن مولویصاحب ایسے جلسہ مین شریک نہین ہوتے تھے۔

ڈنڈیرہ کی سیر

یہان سے ڈنڈیرہ اور جرجے ہوتے ہوئے سوباغ پہنچے۔ ڈنڈیرہ شمالی مصر مین دریائے نیل کے کنارہ پر ایک مقام ہے جسکا قدیم نام ٹنٹیرس ہے اس مین ہیتھور کا معبد مشہور ہی جو باوجود اسقدر پُرانا ہونیکے ابھی تک صحیح وسلامت ہی یہانتک کہ اسکی چھت بھی قائم ہے اسکی چھت پر چھ حجرون کا ایک چھوٹا سا معبد بنا ہوا ہی جو وہان کے مقامی دیوتا اوسیرس کے نام سے شہرت رکھتا ہی اس معبد کی تعمیر کی تاریخ حضرت مسیح علیہ السلام سے ۷۰۰ سال قبل خیال کیجاتی ہی اور اسمین تصاویر کے ذریعہ سے آسمانی بروج دکھائے گئے ہین۔ یہان رات بھر قیام رہا۔ وہان سے چل کر ۱۳۔ اکٹوبر کو اسیوتھ واپس پہنچے۔ مدیریہ یعنی ایوان گورنری کی سیر کی۔ محکمۂ ابتدائیہ کا معائنہ کیا مثلین خراب حالتین تھین حتی کہ اُنکے کاغذ تک سلسلہ سے لگے ہوئے نہین تھے۔ چونکہ وہان کے اُس زمانہ کے جج بھی قانون سے چندان واقف نہین تھے اسلیے مزید تنقیح کی ضرورت نہین سمجھی گئی۔ یہان ارل نارتھ بروک نے جلسۂ ڈنر ترتیب دیا جسمین انگریزی فوج کے عہدہ دار بھی مدعو تھے۔

محکمۂ ابتدائیہ کا معائنہ

ارل نارتھ بروک کا ڈنر

یہان کی عدالت مرافعہ کا معائنہ کیا گیا۔ اسکے جج بمقابلہ محکمہ ابتدائیہ کے

عدالت مرافعہ کا معائنہ

ججون کے زیادہ لائق تھے منجملہ اور ججون کے ایک جج محمود لطفی بے بھی تھے۔

نہر اسمعیلہ

اسی جگہ سے نہر اسمعیلہ نکلی ہے۔ یہان سے اُسی اسٹیمر پر ایک مقام پر پہنچے جہان ایک

کارخانہ شکرسازی

بہت بڑے پیمانہ پر شکرسازی کا کارخانہ قائم تھا۔ اس کارخانہ کی سیر کرنیکے بعد وہانسے

بنی صوف مین شب باشی

روانہ ہوکر بنی صوف پہنچے اور رات بھر وہان قیام ہوا اور وہان کے مدیر سے ملاقات

کی۔ وہان سے روانہ ہوکر راستہ مین اہرام اور باغات کا نظارہ کرتے ہوئے بمقام

قاہرہ کو مراجعت اور لارڈ کرومر سے ملاقات

قاہرہ قصر نیل کے پل پر پہنچے۔ یہان ارل نارتھ بروک کی پیشوائی کیلیے خدیو اعظم کے

لارڈ چیمبرلین موجود تھے۔ قیامگاہ پر پہنچکر سہ پہر کو سر ایولن بیرنگ (لارڈ کرومر) سے ملنے کیلیے

حاضر ہوئے اور اُنسے شہر بنہا و زنگازگ کی عدالتون کے معائنہ کے انتظام

کرنیکی نسبت خواہش کی۔

وزیر اعظم مصر سے ملاقات۔

دوسرے روز ہز اکسلنسی نوبار پاشا وزیر اعظم مصر کی ملاقات کے لیے گئے

وزیر ممدوح شمالی مصر کے حالات دریافت کرتے رہے۔ رخصت کے وقت وزیر

ممدوح نے کمرہ کے دروازہ تک مولوی صاحب کی مشایعت کی۔

وزیر اعظم مصر کا مولویصاحب کی قیامگاہ پر آنا

اُسی روز سہ پہر کو مولوی صاحب ارل نارتھ بروک سے ملنے کیلیے تشریف

لے گئے۔ مولویصاحب تو اُدھر روانہ ہوئے ادھر نوبار پاشا وزیر اعظم بلا اطلاع

آپکی قیامگاہ پر تشریف لائے۔ مہربانی سے اپنا کارڈ اور زنگازگ کے ججون کے

نام کی چٹھیان چھوڑ گئے۔

بنہا کی عدالتون کا معائنہ۔

مولویصاحب چٹھیان لیکر دوسرے روز بنہا کی عدالتون کے معائنہ کی غرض سے

بسواری ریل روانہ ہوگئے۔ اسٹیشن بنہا پر وہان کے مدیر محمود بے پہلے سے موجود تھے اُن سے ملاقات ہوئی۔ اور اُنکو وزیر اعظم کا خط پہنچایا گیا۔ گھوڑون پر سوار ہوکر عدالتون کے معائنہ کے لیے تشریف لیگئے۔ میر مجلس تپاک سے ملے عدالت کی عمارت نفیس اور عالیشان تھی لیکن مثلین خراب اور بے ترتیب تھین۔ پُرانی مثلون کے تو ایک کونہ مین انبار لگے ہوئے تھے لیکن متدائرہ مقدمات کی مثلین کسیقدر قرینہ کیساتھ رکھی ہوئی پائی گئین۔

خدیو مظم کے ٹھہرنیکا محل

عدالت کی عمارت کے قریب ہی وہ محل واقع تھا جسمین خدیو عباس پاشا ٹھہرتے تھے۔

اس عدالت کے ججون مین سے بعض جج وہان بود و باش نہین رکھتے تھے بلکہ کچہری کے وقت قاہرہ سے ہر روز آجایا کرتے تھے جس روز مولوی صاحب معائنہ عدالت کیلیے تشریف لے گئے تھے اگرچہ وہ میر مجلس کے اجلاس کا دن نہ تھا تاہم وہ اور مدیر عدالت مین آئے وکیلون کی بحثین سماعت کی گئین۔ وکیل بحث اچھی کرتے تھے اور جج بھی لائق تھے۔ جج صبح کے ½ ۹ سے ۱۲ تک اجلاس کرتے تھے اور پھر الگ کمرہ مین جاکر فیصلے لکھتے تھے۔

ججون کا طریقہ کام۔

ایوان گورنری مین مدیر اور قاضی صاحب کی ملاقات

معائنہ عدالت سے فارغ ہوکر مدیریہ یعنی ایوان گورنری کو گئے جو پون میل کی فاصلہ پر تھا۔ راستہ مین مولوی صاحب کے اشتیاق مین لوگون کا بڑا مجمع تھا۔ مدیریہ مین مدیر کا اجلاس دیکھا اُن سے بہت دیر تک باتین کین وہین اُس جگہ کی

قاضی سے ملاقات ہوئی جو بڑے شوق اور تپاک سے ملے۔

بنہاسے قاہرہ کو واپسی۔

جب بنہاسے قاہرہ کو واپس ہونیکے لیے ریلوے اسٹیشن پر آئے تو مشایعت کیلیے قاضی اور اُنکے نائب اسٹیشن تک اور مدیر قاہرہ تک ساتھ آئے۔

زگازگ کو روانگی۔

۱۹ اکتوبر کو قاہرہ سے پھر زگازگ کی عدالتون کے معائنہ کے لیے روانہ ہوئے یہ مقام قاہرہ کے شمال مشرق مین ۳۹ میل کے فاصلہ پر دریائے نیل کی شاخ ٹینی ٹک پر آبادہی۔ اسی موقع پر زمانۂ قدیم مین مقام بوماسٹس واقع تھا۔ یہ مقام زوئی اور غلہ کی تجارت کا مرکز ہے اور اسکی آبادی ۱۹۸۱۵ نفوس کی ہے۔

اسٹیشن زگازگ پر

زگازگ کا استقبال

اسٹیشن زگازگ پر نائب مدیر استقبال کے لیے موجود تھے وہ اپنے ساتھ سوار کراکے لے گئے جلو مین پولیس کے سوار تھے۔ انگلش وائس قنصل سینور فلیس کے مکان پر اُنسے ملے۔ اور تھوڑی دیر باتین کرکے مدیریہ اور عدالتون کو اُن کی تنقیح اور معائنہ کیلیے تشریف لے گئے۔ مولانا مصطفی رضوان میر مجلس عدالت کے ساتھ کھانا کھایا۔

معائنہ عدالت اور میر مجلس کیساتھ طعام

میر مجلس موصوف فلسفہ اور منطق کے زبردست عالم تھے۔ جن علوم مین مولوی صاحب بھی کامل تھے۔ دونو عالمون مین خوب باتین رہین کھانیسے فراغت پاکر مدیریہ یعنی ایوان وزارت کو گئے وہان سعدالدین پاشا مدیر سے ملاقات کی۔ اُنسے مل کر قاہرہ واپس جانیکی غرض سے اسٹیشن پر آئے اسٹیشن تک بہت سے آدمی مشایعت کے لیے آئے تھے جنمین انگلش قنصل بھی تھے حسین آصف بے جج عدالت مرافعۂ قاہرہ جو اُس روز زگازگ مین موجود تھے ایک

مدیر سے ملاقات

قاہرہ کو مراجعت

اسٹیشن تک ساتھ رہے۔ شام کے پانچ بجے قاہرہ واپس پہنچ گئے۔

بارگاہ خدیوی مین باریابی

دوسرے روز صبح کو خدیو المکرم کی خدمت مین باریاب ہوئے۔

ارل نارتھ بروک کیساتھ لنچ مین شرکت

دوپہر کو ارل نارتھ بروک کی دعوت لنچ مین شرکت کی اثنار گفتگو مین معلوم ہوا کہ ارل ممدوح ۲۴۔ اکتوبر کو ولایت کی روانگی کا قصد رکھتے ہین گویا اُن کی روانگی کے صرف چار ہی روز باقی رہ گئے تھے۔

عدالتون کے معائنہ کی رپورٹ

مولوی صاحب نے عدالتون کے معائنہ کی مفصل اور مکمل رپورٹ دو روز مین ختم کرکے مع انگریزی ترجمہ کے ارل ممدوح کے ملاحظہ مین ۲۲۔ اکتوبر کی شام کو پانچ بجے پیش کر دی۔

رپورٹ کی پسندیدگی

۲۳۔ اکتوبر کی صبح کو ارل موصوف نے رپورٹ مذکور ملاحظہ فرما کے اُسکی نسبت اپنی پسندیدگی کا اظہار تعریفی الفاظ مین فرمایا جیسا کہ ارل موصوف کی چٹھی موسومہ ارل گرینول وزیر خارجیہ مورخہ ۲۴۔ اکتوبر ۱۸۸۴ء کے فقرۂ ذیل سے ظاہر ہوتا ہے:۔

"× × × سمیع اللہ خانصاحب نے دیسی جدید عدالتون کے کام سے واقف ہونے مین بہت کوشش کی اور اُنکے بارہ مین اُنھون نے قابل قدر تحریرین پیش کین۔

اس چٹھی کے جواب مین ارل گرینول نے جو چٹھی بتاریخ ۱۰ نومبر ۱۸۸۴ء ارل نارتھ بروک کو لکھی تھی اُسمین اُنھون نے مولویصاحب کے متعلق حسب ذیل

تحریر کیا تھا۔

"× × × مہربانی فرماکر سمیع اللہ خانصاحب کو اُنکی دلچسپ اور قابل قدر رپورٹ کے متعلق میرا شکریہ پہنچا دیجئے۔"

اسکے بعد ارل نارتھ بروک نے مولوی صاحب کو چٹھی مورخہ ۲۸ نومبر ۱۸۸۴ء مین تحریر فرمایا کہ "× × × آپ نے میری ہمراہی مین جو خدمات انجام دی ہین اُنکے صلہ مین میری سفارش پر ملکہ معظمہ نے آپ کو خطاب سینٹ میکائل و سینٹ جارج سے سرفراز فرمانا منظور فرمایا ہے۔"

ارل کا شکریہ

مولوی صاحب نے ارل ممدوح کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔

میجر راس کی الوداعی دعوت

۲۲-اکٹوبر کو مولوی صاحب خدیو المکرم سے رخصتی ملاقات کرنیکے لیے تشریف لیگئے اسی شب کو مولوی صاحب کے قدیم دوست میجر راس نے آپکو الوداعی ڈنر دیا۔ اور وہان سے رخصت ہوکر جنرل ولکنسن کی ایوننگ پارٹی مین شریک ہوئے۔

وزیر اعظم اور دیگر اشخاص سے رخصت اور ہندوستان کو مراجعت۔

۲۳-اکٹوبر کو نوبار پاشا وزیر اعظم اور دیگر حضرات سے رخصت ہوکر جانب ہندوستان روانہ ہوئے کیونکہ ۲۴-اکٹوبر کی شام کو ارل نارتھ بروک راہی ولایت ہونیوالے تھے۔ مولوی صاحب ہندوستان وسط نومبر مین مع الخیر واپس تشریف لائے۔

خدمات مصر کے متعلق گورنمنٹ اور وزیر ہند کی پسندیدگی۔

آپ نے قیام مصر کے زمانہ مین اپنے فرائض منصبی اس احتیاط اور لیاقت و قابلیت سے انجام دیے کہ گورنمنٹ برطانیہ اور وزیر ہند نے مصر کے متعلق آپ کی عمدہ خدمات کا حوصلہ افزا الفاظ مین اعتراف فرمایا۔

سرفرازی خطاب۔

بارگاہ قیصری سے ان خدمات کے صلہ مین آپ کو سی۔ ایم۔ جی کا معزز و موقر خطاب عطا فرمایا گیا۔ جو آپ کے قبل کسی ہندوستانی کو نہین ملا تھا۔

ذیل مین سند خطاب کی نقل درج کی جاتی ہے:۔

سند خطاب

"بفضل خدا ملکۂ سلطنت اعظم برطانیہ و آئرلینڈ حامی دین قیصر ہند تاجدار و سردار نہایت معزز طبقۂ سینٹ مائیکل و سینٹ جارج ہمارا عطا کیا ہوا درجۂ مصاحبت نہایت معزز طبقہ سینٹ مائیکل و سینٹ جارج کا مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب کو معتمد اور نہایت عزیز مولوی محمد سمیع اللہ خان ہمارے ہندوستانی شہنشاہی کے اضلاع شمالی و مغرب کے جج کو سلام۔ جو کہ ہمنے مناسب خیال کیا ہی کہ آپ کو اپنے نہایت معزز طبقہ سینٹ مائیکل اور سینٹ جارج کے تیسرے درجہ کا ممبر یا مصاحب مقرر کرین اسلیے ہم آپ کو اس فرمان کی رو سے نہایت معزز طبقۂ مذکور کا درجۂ مصاحبت عطا کرتے ہین اور ہم اس فرمان کی رو سے آپکو اختیار دیتے ہین کہ آپ درجۂ مذکور بحیثیت ممبر درجۂ سوم یا مصاحب ہمارے نہایت معزز طبقۂ مذکور کے حاصل کرین اور اُسے اپنے قبضہ مین رکھین اور اس سے عزت پاوین مع ہر ایک اور جمیع حقوق کے جو طبقۂ مذکور سے متعلق ہین۔

ہمارے ایوان ونڈسر سے ہمارے دستخط خاص اور طبقۂ مذکور مہر ثبت ہو کر عطا کیا گیا۔ تاریخ ۱۳ ڈسمبر ۱۸۸۴ء ہمارے جلوس کے اڑتالیسوین سال مین۔

بحکم بادشاہ دستخط گرینڈ ماسٹر و چینسلر"

سر آکلنڈ کالون کی چٹھی۔

مصر سے مولوی صاحب کی واپسی کے بعد سر آکلنڈ کالون نے آپکو جو چٹھی لکھی تھی اُسمین بھی اُنھون نے آپکے کام سے ارل نارتھ بروک کے مطمئن ہونیکا ذکر کیا تھا۔ چنانچہ اس چٹھی کا ترجمہ ذیل مین درج کیا جاتا ہی۔

اُلبرٹ روڈ کلکتہ ۲۹ نومبر ۱۸۸۴ء شنبہ

میرے پیارے سمیع اللہ

آپکی ۲۵ نومبر والی چٹھی پہنچی۔ یہ تحقیق ہوگیا کہ آپ کا اور آپ کے نوکرون کا خرچہ گورنمنٹ دیگی۔ یہ اور آپ کا ڈیپوٹیشن الونس امید ہی کہ ملے۔ آپ کو ریل۔ جہاز۔ گاڑی۔ نوکرون اور کرایۂ اسباب وغیرہ کا سفر خرچ بھی غالباً ایصال ہوگا۔

آخری میل کے ذریعہ سے مجکو لارڈ نارتھ بروک بہادر سے معلوم ہوا ہی کہ لارڈ ممدوح آپکے اُس طریقہ سے جس پر آپنے اپنا کام انجام دیا ہی نہایت مطمئن ہین۔

آپکا دوست صادق

اے۔ کالون"

ارل نارتھ بروک اور لارڈ کرومر سے سلسلۂ خط و کتابت۔

اِسکے علاوہ واپسی مصر کے بعد ہمیشہ آپ کے اور ارل نارتھ بروک و سر ایولن بیرنگ (لارڈ کرومر) کے درمیان مربیانہ و دوستانہ خط و کتابت کا سلسلہ برابر جاری رہا۔ اس موقع پر ارل نارتھ بروک اور لارڈ کرومر کی صرف دو تین چٹھیون کا ترجمہ ذیل مین بطور نمونہ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے:-

ارنارتھ بروک کی چٹھی

ہملٹن پلیس نمبر ۴۔ پکاڈلی ۱۰ جون ۱۸۹۲ء

پیارے سمیع اللہ خان!

آپکا حال معلوم ہونیسے مین خوش ہوا۔ مین سر آکلنڈ کا لون کو آپکی خواہشون سے نسبت آپکے لڑکے حمید اللہ کے مطلع کرونگا کیونکہ اس لڑکے کی بہبودی سے مجکو بہت دلی تعلق ہی۔

مین آپکے پاس ایک رپورٹ × × × × × کی بھیجتا ہون جو اُنھون نے ترمیم کارروائی عدالت کی نسبت لکھی ہے اور جسکو وہ مصر مین جاری کرنیکی کوشش کرتے ہین مجکو تو وہ ترقی پذیر معلوم ہوتی ہے۔ مجکو یقین ہی کہ اگر آپ اُسکو پہلے نہین دیکھ چکے ہین تو اُسمین آپ کو لطف آئیگا۔

ہر اچھی خواہش کے ساتھ مین ہون آپکا دلی دوست

"ارنارتھ بروک"

ارنارتھ بروک کی دوسری چٹھی۔

ہملٹن پلیس نمبر ۴ پکاڈلی ۱۸ دسمبر ۱۸۹۱ء

پیارے سمیع اللہ خان!

مین آپ کے خط کے پہنچنے سے بہت خوش ہوا۔ اور نیز اس بات کے معلوم ہونیسے کہ آپ شملہ ہوآئے اور لارڈ لینسڈون سے ملاقات کرآئے۔

مسٹر × × × × کے کام کو مصر مین نہایت کامیابی ہوئی۔ اور مجکو یقین ہی کہ آخرکار عدالتہائے قانونی کی ترقی کی نسبت کچھ تو ہوا جنکی نسبت آپ نے ایسے دلچسپ

اور مفید حالات تحریر کیے تھے۔

میں ہوں آپکا بڑا ہی سچا دوست

نارتھ بروک

لارڈ کرومر کی چیٹھی۔

British Agency
Cairo.
May 21-1895.

My dear Sir,

I am much obliged to you for your kind letter. Lady Cromer is I am glad to say recovering from her accident. Lord Northbrook paid me a short visit during the winter. He was looking very well.

You will be glad

to hear that the Native tribunals are steadily improving under . . . . . ,

With very best wishes to yourself and your family.

Believe me,

Very sincerely yours,

(Sd.) Cromer.

لارڈ کرومر کی جرمنی کا ترجمہ

برٹش ایجنسی قاہرہ مورخہ ۲۱ مئی ۱۸۹۵ء

جناب من!

آپ کے عنایت نامہ کا مین بہت مشکور ہون خوشی کی بات ہی کہ لیڈی کرومر کو جو حادثہ پیش آیا تھا اُس سی اُنکو افاقہ ہو رہا ہے۔

لارڈ ٹنارتھ بروک موسم سرما مین چند روز کے لیے مجھ سے ملنے تشریف لائی تھی بہت اچھے نظر آتے تھے۔ آپ یہ سُنکر خوش ہونگے کہ یہان کی دیسی عدالتین ××××××× کی نگرانی مین خوب ترقی کر رہی ہین۔

آپکا اور آپکے خاندان کا خیر اندیش۔ "کرومر"

باب نہم

واقعات زمانۂ قیام شملہ و دہلی

دریا گنج کی کوٹھی کی سکونت

۱۸۹۳ء مین آپ بمقام دہلی اپنے مکان واقع دہلی دروازہ مین رہے۔ اور چونکہ اکثر مہمان و ملاقاتی آتے تھے اُن کے لیے اپنی کوٹھی نمبر ۴ واقع دریا گنج کو بھی آراستہ کرلیا تھا تاکہ ملاقاتیون کو آسایش ملے۔ یہ ایک عجیب بات ہی کہ کنٹونمنٹ کے قواعد کی رو سے مالک مکان بھی بلا اجازت افسران فوجی اپنی جائداد سے فائدہ نہین اُٹھا سکتا لیکن مولوی صاحب کو حکام بالادست فوج نے خاص طور پر اُنکی کوٹھی نمبر ۴ موقوعۂ دریا گنج مین رہنے کی اجازت عطا فرمائی۔ اجازتی چٹھی کی نقل ذیل مین درج کیجاتی ہی:-

اجازتی چٹھی

یادداشت دفتر کنٹونمنٹ مجسٹریٹ — مورخہ ۵ ڈسمبر ۱۸۹۳ء

نشان ۴۰۸

منجانب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ۔

بخدمت مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب سی۔ ایم۔ جی۔ مالک بنگلہ نشان ۴ واقع دہلی۔

بمعیت ہذا کوارٹر ماسٹر جنرل کے دفتر شملہ کی چٹھی نشان ۶۱۰۳ مورخہ ۲۹ نومبر ۱۸۹۳ء بھیجی جاتی ہے جسمین آپ کو دریا گنج کے بنگلہ نشان ۴ مین رہنے کی اجازت دیگئی ہے واضح رہے کہ آپ اُن قواعد سے مستثنیٰ رہینگے جنکی رو سے کسی فوجی افسر کی ضرورت کے وقت آپ مکان خالی کرنے پر مجبور ہوتے اب آپ جب چاہین مکان کو

اپنے قبضہ مین لے سکتے ہین۔

شرح دستخط کمنٹونمنٹ مجسٹریٹ دہلی

کمیشن تحقیقات کنٹونمنٹ ایکٹ کی رکنیت

سرکاری ملازمت سے آپکے کنارہ کشی اختیار کرنیکے بعد بھی گورنمنٹ ہند آپسے بعض امور مین مشورہ لیتی رہتی تھی۔ اور آپ نیک نیتی و وفاداری کے ساتھ مشورہ دینے سے کبھی دریغ نہین فرماتے تھے۔ چنانچہ ۱۸۹۳ء مین جب آپ شملہ پر قیام رکھتے تھے گورنمنٹ ہند نے سی۔ ڈی ایکٹ کی تحقیقات کے متعلق جو کمیشن بصدارت مسٹر اسٹین ڈپٹی کمشنر جالندھر (جو بعد مین سر ڈنزل اسٹین و لفٹنٹ گورنر پنجاب ہوئے) منعقد فرمائی تھی اُسمین ایک رکن ڈاکٹر کلیگہارن انسپکٹر جنرل شفاخانجات کو اور ایک رکن آپ کو مقرر فرمایا تھا۔ چنانچہ ذیل مین اُن چند چٹھیون کا ترجمہ درج کیا جاتا ہے جو افسران گورنمنٹ نے آپکو اس کمیشن کی ممبری کے متعلق لکھی تھین اور نیز اُس سرکاری رزولیوشن کا اقتباس بھی ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے جسمین اس کمیشن کی رکنیت پر آپ کا تقرر فرمایا گیا تھا:۔

از مقام شملہ ۱۸ مئی ۱۸۹۳ء

چٹھی سر سی لٹنر لائل۔

میرے پیارے مولوی!

مین نے ابھی سُنا ہے کہ ایک کمیشن مقرر ہونیوالا ہے۔ بغرض ملاحظہ خاص چھاؤنیون ممالک مغربی و شمالی و اودھ و پنجاب کے اور تحقیقات کرنے اس امر کے کہ چھاؤنیون کے قواعد کے بموجب کیا کارروائیان نسبت امراض متعدی کے

عمل مین آتی ہین۔ منشائے گورنمنٹ یہ ہی کہ اس کمیشن مین ایک ایسا ہندوستانی ممبر ہووے جسکو تجربہ عدالت دیوانی کا ہووے۔ دوسرا ممبر غالباً کوئی کمشنر قسمت پنجاب یا ممالک مغربی وشمالی کا ہوگا۔ اور ایک ممبر کوئی ڈاکٹر ہوگا جسکا درجہ سرجن کرنل سے کم نہ ہو۔ کیا آپ اس کمیشن مین کام کرنیکو تیار ہوجائینگے۔ غالباً اسکی کارروائی بہت جلد شروع ہوگی۔

اس کمیشن کو دس یا بارہ چھاونیان شمالی ہندوستان کی ملاحظہ کرنا پڑینگی۔

اگر آپ گورنمنٹ کو اپنی امداد کا فائدہ اُٹھانے دینے پر رضامند ہین جو واقعی گورنمنٹ کیواسطے بہت بیش بہا ہی تو مین بہت خوش ہون گا آپ کا نام ہز اکسلنسی کے حضور مین پیش کرنیکے واسطے۔ آپ مہربانی فرما کے اسکا جواب بہت جلد عنایت کیجیے۔

آپ کا دوست صادق

سی۔ ڈی۔ لائل

۳ جون

میرے پیارے مولوی!

چٹھی مسٹر سی ڈی۔ لائل

مین اس بات کے سُننے سے بہت خوش ہون کہ جرنیل کالن نے آپکو لکھا ہے اور یہ کہ معاملہ طے ہوگیا۔ مین خیال کرتا ہون کہ آپ کو محکمۂ جنگ سے ضروری ہدایات مل جاوین گی۔

مین امید کرتا ہون کہ حال کی بارش سے آپکی کمیشن کو بہ نسبت اُس حالت کے جبکہ لُو (ہوائے گرم) برابر چلتی ہوتی چندان تکلیف نہ ہونے پائیگی۔

آپ کا دوست صادق

سی۔ ڈی۔ لائل

اقتباس رزولیوشن گورنمنٹ ہند سررشتۂ فوج

رزولیوشن گورنمنٹ ہند

نشان ۲۴۳۹ مورخہ ۲ جون ۱۸۹۳ء

گورنر جنرل باجلاس کونسل اُن شکایتون کی تحقیقات اور اصلاح کیلیے ایک خاص کمیشن مقرر فرماتے ہین جو تختۂ منسلکہ اور شہادت مندرجۂ کارروائی منسلکہ مین ظاہر کی گئی ہے۔

اس کمیشن مین ڈنزل ایٹبن اسکوئر سول سرونٹ پریسیڈنٹ سرجن کرنل جے کلیگہارن ایم۔ ڈی انسپکٹر جنرل شفاخانجات پنجاب اور مولوی محمد سمیع اللہ خان۔ سی۔ ایم جی ممبر مقرر کیے گئے ہین۔

اس کمیشن کا فرض ہوگا کہ انبالہ۔ میرٹھ۔ اور لکھنؤ جاکر اُن شکایتون کی تحقیقات کرے جو تختۂ منسلکہ مین درج ہین اور کیفیت پیش کرے کہ اُسکی رائے مین کیا کوئی ایسا طریقہ رائج ہے جس سے کنٹونمنٹ ایکٹ بابت ۱۸۸۹ء کی دفعات اور قواعد محکومۂ ایکٹ مذکورۂ بالا نشان ۶۱۷ مورخہ ۴ جولائی ۱۸۹۱ء کی خلاف ورزی ہوتی ہے کمیشن کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ جس شخص کو ادائی شہادت کیلیے چاہے

طلب کرے۔ اور تمام عہدہ داران کنٹونمنٹ کو لازم ہے کہ وہ ممبران کمیشن کو اُنکی تحقیقات مین ہر طرح کی مدد دین اور اُنکے لیے اطلاع بہم پہنچائین ایک افسر فوجی حکام کی جانب سے بغرض اخذ شہادت مقرر کیا جائیگا۔

ممبران کمیشن خرچ سفر سول سروس ریگولیشن کی رو سے پائینگے۔ اور کمیشن کی ہر ممبر کو معمولی قواعد کے رو سے دس روپیہ یومیہ کے حساب سے ڈیپوٹیشن الونس الصیال کیا جائے گا۔"

ہوس آف کامنس اور گورنمنٹ ہند کی تعریف

اس کمیشن کی مشترکہ مبسوط رپورٹ کے علاوہ مولوی صاحب نے ایک جداگانہ یادداشت بھی ترتیب دی تھی جو رپورٹ کے ساتھ ہوس آف کامنس مین پیش ہوئی تھی اور وہان کمیشن کی کارروائی کی تعریف کی گئی تھی اور اراکین نے جو عمدہ خدمات انجام دی تھین گورنمنٹ ہند نے حوصلہ افزا الفاظ مین انکا شکریہ ادا کیا تھا۔

حمید اللہ خان صاحب کی شادی۔

جنوری ۱۸۹۴ء مین مولوی صاحب نے اپنے بڑے فرزند محمد حمید اللہ خان کی شادی دہلی مین اپنے بھانجے نواب سرور الملک بہادر معتمد پیشی اعلیحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ کی صاحبزادی سے کی جسمین آپ نے دور دور سے اپنے دوستون کو بُلایا اور نہایت حوصلہ سے اُنکی خاطر و مدارات کی۔

داناپور کے ایک بزرگ طریقت حاجی سید شاہ محمد اکبر صاحب ابو العلائی نے سیر دہلی کے نام سے جو کتاب لکھی ہے اُسمین اس شادی مین اپنے شریک ہونیکا بھی حال بیان کیا ہے جو ذیل مین درج کیا جاتا ہے:-

"الحمدللہ علیٰ احسانہ کہ ۳ رجب المرجب ۱۳۱۱ھ روز پنجشنبہ پانچ بجے دن کو دہلی کے اسٹیشن پر ہماری گاڑی پہنچ گئی۔ گاڑی کرایہ کی اور فیض بازار جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر کے مکان پر پہنچے۔ مولویصاحب سوار ہو گئے تھے ایک گھنٹہ کے بعد واپس تشریف لائے ہرچند مجھے پندرہ برس کے بعد دیکھا تھا مگر فوراً پہچان لیا۔ مجھے بھی پہچاننے مین کچھ دقت نہ ہوئی۔ مین نے مولوی صاحب کے اخلاق وعادات مین سرمو فرق نہ پایا۔ نماز کے اوقات ویسے ہی ہین بلکہ مذہبی خیالات پہلے سے بہت زیادہ۔ حیرت انگیز امر یہ ہے کہ کتب درسیہ کا استحضار علی حالہ ہے۔ جناب مولویصاحب کی عظمت میرے دل مین یون ہے کہ فقہ اور حدیث اور تفسیر مین پورا تبحر حاصل ہے اور ابھی تک اکثر کتابین یاد ہین اور تقوی کا اثر تو بشرہ سے ظاہر ہے "سیماہم فی وجوہہم من اثر السجود" جناب مولوی صاحب نے مجھے اپنے ہی کمرہ مین جگہ دی"

اسی سلسلہ مین شاہ صاحب موصوف تحریر فرماتے ہین کہ

"مہانون کی آمد شروع ہے ساعت بساعت اژدہام بڑھتا جاتا ہے مہانون کا تار بندھا ہوا ہے اچھے اچھے لوگ نظر آتے ہین۔ خوبصورت مجمع ہے کئی بڑی بڑی مکان مہانون کیواسطے آراستہ و پیراستہ ہین۔ اگرچہ ہم امرا سے بہت کم ملتے ہین لیکن بارات کی سیر اور امرا کے اخلاق کا ملاحظہ مقصود ہے اب ہم اور شاہ امین الدین قیصر اُسی مکان مین جو نواب پاٹودی کے نام سے مشہور ہے جاتے ہین۔ وہان ایک دالان اور ایک کوٹھری ضروری سامان سے آراستہ ہے اور

ہم اُسکو دیکھکر پسند کر آئے ہین یہ مکان نہایت وسیع ہے اُسکا کمرہ کمرہ اور دالان دالان آراستہ و پیراستہ ہے یہانتک کہ سامنے ایک دومنزلہ رفیع الشان کوٹھی ہے جو انگریزی اور ہندوستانی قطع سے ملی جُلی ہی۔ اسمین متعدد کمرے ہین اور اس کوٹھی کے یمین ویسار چند محل سرائین ہین وہ سب ہندوستانی شاہی قطع کی خوبصورت عمارتین ہین۔ ایک محلسرا کو طے کیجیے اور اُسکے آگے ویسی ہی دوسری موجود ہے دوسری کو طے کیجیے اُسکا جواب تیسری محلسرا موجود۔ بلکہ پہلی دوسری سے زیادہ دلچسپ اور سب مین کل ضرورتون کے مکان واسباب موجود۔ کسی مکان کی قطع سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ جاڑے کے لیے بنایا گیا ہی اور کوئی ایام برشکال کیواسطے معلوم ہوتا ہی"۔

مہمانون کی قیام گاہ کا نقشہ کھینچنے کے بعد شاہ صاحب معراج لکھتے ہین کہ:۔

"اب ہم اپنے دالان مین آکر بیٹھے ہین اور دو خدمتگار دہلی کے باشندے ہمارے سامنے دست بستہ حاضر ہین۔ نیک بخت اور مودب معلوم ہوتے ہین اسی طرح سے دو دو خدمتگار مولوی صاحب کی طرف سے ہر مہمان کیواسطے مقرر ہین ہمنے اپنے مکان مین صاف ستھرا فرش بچھا پایا اور دو نواڑ کی پلنگڑیان توشک اور تکیون سمیت بچھی پائین۔ دیواری اور فرشی لیمپ خوبصورت روشن ہین اور کوٹھی کے صحن مین متعدد خیمے کھڑے ہین ان خیمون اور مکانون کیواسطے فروش وغیرہ خواجہ محمد یوسف صاحب اور خواجہ محمد اسمعیل صاحب نے علیگڈھ سے بھیجے ہین

یہ دونو صاحب اس برات کے منتظم ہین۔ ہر خیمہ مین اسقدر روشنی ہی کہ جگمگا رہا ہی ابھی بہت مہمان نہین آئے ہین آتے جاتے ہین اور بہت سے مہمان جو انگریزی وضع ہین وہ محلۂ دریا گنج کی کوٹھی نمبر ۴ مین فروکش ہین۔ اُنکے واسطے ویسا ہی سامان کیا گیا ہی اور وہ کوٹھی بھی بالکل بھری ہوئی ہے۔ اب عشا کا وقت ہے ہم دونو آدمی اپنی فرودگاہ کی طرف پلٹتے ہین۔ ہمارے دالان مین نہایت خوبصورت نقش ونگار کے سرخ پینبتی پردے پڑے ہین اور دونو خدمتگار مودب دوزانو دالان مین بیٹھے ہین۔ ہمکو دیکھکر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ ہم نے جانماز بچھائی اور خدمتگار فوراً باورچیخانہ کو روانہ ہوگئے اور بات کی بات مین خاصہ کے خوان لے آئے۔ چونکہ مین عشا کے بعد بہت دیر تک سورہ مزمل شریف اور وظیفہ پڑھتا ہون وہ خاصہ جو آیا تھا ٹھنڈا ہوگیا ادھر مین نے وظیفہ تمام کیا اُدھر اُن شایستہ خدمتگارون نے جھٹ پٹ دوسرا گرم خاصہ لاکر حاضر کیا اور وہ خاصہ باورچیخانہ مین واپس کردیا ہمنے کھانا کھایا اور استراحت کی۔ ان خدمتگارونمین سی ایک شخص جسکا نام امیر بیگ ہی تہجد گزار بھی ہی الحمد للہ علی نعمائہ صبح ہوگئی نماز کیواسطے جو اُٹھے تو گرم پانی وضو کے لیے تیار پایا

شاہ صاحب موصوف ساچق کا حال حسب ذیل لکھتے ہین:۔

بعد نماز مغرب ہم فرودگاہ پر پہنچے یہان ساچق روانہ ہونیکے اہتمام ہو رہے تھے نواب پاٹودی کی کوٹھی سے جامع مسجد تک فٹنون اور سیج گاڑیون کا سلسلہ ہی اور

شرفاء دہلی بنفس نفیس اہتمام مین سرگرم ہین۔ اُن مین سے بعض حضرات کے اسماء گرامی یہ ہین:-

مولوی خواجہ محمد شفیع احمد صاحب منصف تلہر۔ حکیم محمد ظہیر الدین خان صاحب۔ محمد اکرام اللہ خانصاحب۔ محمد نعمت اللہ خانصاحب رئیس دہلی۔

مولوی خواجہ محمد شفیع صاحب نے مجھے ایک فٹن پر جناب شمس العلماء مولوی محمد ذکاء اللہ خانصاحب بہادر کے ساتھ بٹھا دیا ابھی گاڑیان سلسلہ وار کھڑی ہین۔ نوشہ کی فٹن کا انتظار ہے۔ × × × × × × ×

لیجیے دولھا کا فٹن آگیا اُنکے ساتھ اُنکے بزرگ خاندان مولوی خواجہ محمد فضل احمد خانصاحب سابق ڈپٹی کلکٹر بیٹھے ہین اِدھر اُدھر فٹنون اور بیج گاڑیون کا موزون سلسلہ ہے جسپر سب رؤساء عالیشان (جنکے نامون کی تفصیل بخوف طوالت ترک کردیگئی ہے) باشان وشوکت بیٹھے ہین۔ دولھا کا فٹن حسب صلاح اکثر امراء آگے کیا گیا ہے اب سلسلہ متحرک ہوا اور ساچق چلی۔ رات کا سُہانا وقت ہے تارون کی چھاؤن مین آہستہ آہستہ فٹنون کا سلسلہ قطار در قطار روان ہے۔ جامع مسجد کیطرف سے چوڑی والون کے محلہ مین جناب آغا مرزا صاحب المخاطب بسرور خنگ بہادر سکرٹری حضور پُرنور سلطان دکن خلد اللہ ملکہٗ کی دولت سرا کو جاتے ہین (اللہ شانہ مبارک فرمائے آمین) بازار کے دُکاندار اور راہ رو بڑی حیرت کی نگاہون سے اس مبارک مجمع کو دیکھ رہے ہین اور آلیسمین کہتے جاتے ہین کہ برات مین تو بہت

دیکھنے مین آئی ہین مگر اس شان کی برات آج تک نہین دیکھی۔ میرے اندازہ مین ایک گھنٹہ مین یہ ساچق نواب سرور جنگ بہادر کے مکان تک پہنچی اس مکان کی مہتمم نہایت نیک باطن اور خوش سلیقہ ہین۔ × × × × × ×

شیشہ کی دو بصورت تشتریون مین بُن اور چکنی ڈلی اور الائچی وغیرہ کی تقسیم ہوئی اگرچہ نواب سرور جنگ بہادر بہ نفس نفیس موجود نہین ہین مگر انتظام برات کا نہایت دریا دلی سے ہو رہا ہے جو یہ انتظام دیکھتا ہی وہ اُس شادی کا تخمینہ بہت زیادہ کرتا ہی۔ مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب بہادر اور جملہ برادری کے لوگ اس شادی سی بہت خوش ہین فریقین مین سے کوئی کسی امر کا شاکی نہین اور عمدہ نتیجہ شادی کا بھی ہے × × × ×

المختصر اہل ساچق قریب بارہ بجے شب کے اپنی فرودگاہون پر نہایت بشاش واپس آئے"

اس کے بعد عقد کے روز کی کیفیت شاہ صاحب موصوف حسب ذیل لکھتے ہین:

"اب ساتوین رجب کی صبح ہی اور یہی دن نکاح کا قرار پایا ہی بڑے بڑے اراکین شہر اہتمام مین مصروف ہین جنکو مین پہچانتا ہون یہ اُنکے اسمار گرامی ہین محمد اکرام اللہ خانصاحب بہادر سب رجسٹرار و رئیس دہلی حکیم ظہیر الدین احمد خانصاحب آنریری مجسٹریٹ و رئیس دہلی۔ حکیم رضی الدین احمد خان صاحب رئیس دہلی۔ نعمت اللہ خانصاحب رئیس دہلی۔ مولوی خواجہ محمد شفیع احمد خانصاحب ایم۔ اے

منصف تلہر رئیس دہلی - مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب وکیل ہائیکورٹ و رئیس علیگڈھ
خواجہ محمد اسمعیل صاحب رئیس علیگڈھ - مولوی محمد مراد الدین خانصاحب رئیس دہلی
مولوی سید محمد میر صاحب وکیل میرٹھ رئیس دہلی وغیرہ وغیرہ -

ایک بہت بڑا سلسلہ فٹنون اور سیج گاڑیون کا کھڑا ہوا نظر آتا ہے مہتمم مہانونکو
سوار کرا رہے ہین تھوڑی دیر کے بعد نوشاہ محمد حمید اللہ خان خلعت نوشاہی سے
یون آراستہ ہوکر مکان سے باہر آئے کہ ایک مدنی عربی وضع کی عبا جو خاص مکہ
معظمہ کی بُنی ہوئی تھی ایک سفید شامی کپڑے کا عمامہ زیب سر عمدہ سبز سے گھوڑے پر
سوار اور چارون طرف خاندان کے بزرگ پیدل - بس جسقدر امرا، و روسا تھے
جناب مولوی صاحب کو پیدل دیکھکر سبھون نے اپنی اپنی سواریان چھوڑ دین ہر چند
مولوی صاحب نے معذرت کی مگر کسی نے قبول نہ کیا اور یہ رسم خان کے تراہے سے
باشان و شوکت جامع مسجد ہوتے ہوئے برات چوڑی والون کے محلہ مین نواب
سرور جنگ بہادر کے مکان کی طرف روانہ ہوئی یہ فاصلہ ایک میل سے زیادہ ہی
مگر سب کے سب نہایت مسرور تھے ساچق کے روز سے اسمین زیادہ لطف تھا -
تھوڑی دیر مین برات مقام مقصود پر پہنچ گئی اور الحمد للہ کہ نکاح ہوگیا خطبہ خود
جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر نے پڑھا اور ایجاب وقبول کرایا - مبارک
سلامت کا شور ہوا - شاہ امین الدین صاحب قیصر نے ایک عمدہ سہرا کہا تھا وہ
پڑھا - ایک سہرا مین نے کہا تھا وہ پڑھا گیا کچھ اور لوگون نے سہرے کہے تھے وہ

پڑھے گئے۔ نواب محسن الملک اور مولوی صاحب اور دوسرے قابل لوگون نے میرے اور شاہ امین الدین صاحب کے سہرے کو بہت پسند کیا"

محفل عقد مین بعد عقد خوانی شیرینی تقسیم ہوئی جسکا حال شاہ صاحب موصوف الفاظ ذیل مین بیان کرتے ہین :-

"اب شیرینی تقسیم ہوتی ہے ہر حصہ سیر بھر سے زیادہ ہی ایک چینی کی متوسط رکابی مین ہے۔ برات کا بڑا ہجوم ہے بہت رکابیان تقسیم ہوئین۔ مہتمم خوش انتظام ہین کسی کو شکایت نہین × × × × × × ×

اب ہم مجلس نکاح سے نماز کیواسطے اُٹھ کر باہر جو آئے تو سامان جہیز دیکھا واقعی یہ شادی نواب سرور جنگ بہادر نے بڑی دریا دلی سے کی ہی × × × برات شام کو نہایت شان و شوکت کے ساتھ واپس آئی"

اسکے بعد شاہ صاحب موصوف دعوت ولیمہ کا حال اسطرح لکھتے ہین کہ :-

"اب آٹھوین رجب روز سہ شنبہ ہی اور ولیمہ کی دعوت ہی اسوقت مولویصاحب کے معزز مہمان نوید شادی کی رسم ادا کیا چاہتے ہین اور ہر ایک دس دس پانچ پانچ اشرفیان نذر کر رہا ہے۔ مگر ہمارے سیر چشم مخدوم و مکرم مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر نے نہایت پاکیزہ لفظون مین سب کا شکریہ ادا کیا اور ایسی خوبصورتی سے اُنکو واپس کیا کہ کسی کو ناگوار نہ گزرا "اِنّ من البیان لسحراً" حقیقت مین بیان تو جادو ہی ہوتا ہی مولوی صاحب کی یہ تقریر تو اسی حدیث کی مصداق تھی۔ آپ چونکہ دعوت ولیمہ کا وقت آگیا ہی

لہذا خیمون اور فرودگاہون مین دسترخوانون پر عمدہ ولطیف کھانے چنے ہین۔ جہان کھاتے ہین اور رخصت ہوتے جاتے ہین"۔

مولوی صاحب کے محل محترم کی وفات

اس خوشی وشادمانی کے ایک سال بعد یعنی ۱۸۹۷ء مین مولوی صاحب کو یہ اندوہناک سانحہ پیش آیا کہ آپ کے محل مین سخت علیل ہوئین۔ غرض تبدیل آب وہوا آپ نے اُنکو کوہ کسولی (پنجاب) پر لیجانے کا انتظام کیا۔ یہانتک کہ آپ کے بڑے فرزند وہان گئے اور اُنھون نے مکان وغیرہ کا انتظام بھی کرلیا۔ مگر بالآخر اطبا کی بوجہ ضعف وناتوانی اُنکا وہان جانا مناسب نہ سمجھا اور حمید اللہ نہ صاحب واپس بلا لیے گئے۔ اور مریضہ کو تبدیل آب وہوا کی غرض سے چند روز قطب صاحب اور اُسکے بعد آپکی ذاتی کوٹھی نمبر ۴ واقع دریا گنج مین رکھا گیا۔

حکیم عبدالمجید خان صاحب (حاذق الملک معالج خصوصی) کی تمام تر کوشش نے نہ چھوڑا اور اُسی کوٹھی مین مریضہ کا انتقال ہوگیا۔ مرحومہ کی وفات کا قطعہ تاریخ ذیل مین درج کیا جاتا ہے:

قطعہ

زدنیا رفت خاتون سمیع اللہ بیہمات — باوصاف حمیدش کی زنے یا حورعین باشد

قلم باصد الم بنوشت تاریخ وفاتش را — کہ اورا دائما منزل بفردوس برین باشد

اس حادثہ سے مولوی صاحب کو ایسا سخت صدمہ ہوا کہ آپ کی صحت مین خلل پڑجانے کا اندیشہ کیا جانے لگا۔

بنظر احتیاط و دور اندیشی حمید اللہ خانصاحب نے بمشکل آپکو تبدیل آب وہوا کی طور پر سفر کرنے پر رضامند کیا اور بمبئی لے گئے۔ بمبئی مین کچھ روز قیام کرنے سے آپ کو تسکین ہوئی۔ مگر مہینے کی فاتحہ تک دہلی واپس آگئے۔ اور پھر دہلی مین دل نہ لگنے کے باعث مولوی صاحب نے علیگڈھ مین اپنی ذاتی کوٹھی مین رہنا اختیار کیا۔ وہان کثرت اشغال اور بہت سے احباب کے ہونیسے غم غلط ہوتا رہتا تھا۔

مرحومہ دہلی دروازہ کے باہر قریب مزار حضرت شاہ عبدالعزیز شکر بار ۱۹ ستمبر ۱۸۹۴ء کو دفن کی گئین۔ سال بھر تک برابر حسب دستور فاتحہ وغیرہ ہوتی رہین اور حفاظ قرآن خوانی کے لیے مقرر رہے۔ ابتک ہر جمعرات کو فاتحہ جاری ہی قدیم مسجد کی حالت روز بروز درست ہوتی جاتی ہے اور گرداگرد درختون اور پھولون کے اگانے کا انتظام ہو رہا ہے۔

باب دہم

حج و زیارات

مکہ والونکا لقب مولویصاحب کے خاندان کا مشہور ہے

چونکہ مولوی صاحب کے جد بزرگوار حاجی شیخ احمد علوی مکہ معظمہ سے واپس ہوتی ہوئے دہلی مین آکر مقیم ہوئے تھے اسلیے آپ کا خاندان دہلی مین "مکہ والون" کے لقب سے مشہور تھا۔

حج و زیارت کا اشتیاق

جس حالت مین مولویصاحب کے بزرگون مین پشتہا پشت سے حج کا سلسلہ جاری تھا یہ کیسے ممکن تھا کہ آپ کے دل مین اس دولت سے بہرہ اندوز ہونیکا شوق و اشتیاق نہ ہوتا۔ ایک زمانہ سے آپکے دل مین حج بیت اللہ اور زیارت روضۂ منورہ سے مشرف ہونیکا شوق موجزن تھا۔ چنانچہ آپکی زبان پر اکثر و بیشتر یہ شعر جاری رہتا تھا۔

شعر

گر بود یارب کہ رُو در یثرب و بطحا کنم — گہ بکہ منزل وگہ در مدینہ جا کنم

سفر یوروپ اختیار کرنیکے وقت بھی سفر حجاز کا شوق آپ کے دل مین موجود تھا جیسا کہ آپکے سفرنامۂ یوروپ کے دیباچہ کے دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے لیکن بفحوا، "کل امرٍ مرہون باوقاتہا" آپکی یہ دیرینہ آرزو کہین ۱۹۰۱ء مطابق ۱۳۱۷ھ مین جاکر پوری ہوئی۔ یعنی اُس سال آپ بافضال الٰہی حج بیت اللہ سے بھی مشرف ہوئے اور مدینۂ منورہ کی زیارت سے بھی بہرہ مند ہوے۔ اور اُسی اثنا مین

دیرینہ آرزو کا برآنا۔

مین آیکو اور دوسرے مقامات متبرکہ کی زیارت کی بھی سعادت حاصل ہوئی۔

دلائل الخیرات کی سند اور اسکے صحیح نسخہ کی اشاعت۔

حاضری مکہ معظمہ کے زمانہ مین آپنے شیخ الدلائل سے سند دلائل الخیرات حاصل کرکے اُسکا جدید اور صحیح اڈیشن مطبع ریاض ہند علیگڈھ مین چھپوایا۔ اس جدید اڈیشن کے چھپوانے اور شایع کرنے کی وجہ آپنے اُسمین حسب ذیل بیان فرمائی ہے:-

وجہ اشاعت

"خاکسار نے مکہ معظمہ زادہا اللہ شرفاً وتعظیماً مین اجازت وسند دلائل الخیرات کی عالم باعمل مہاجر مکہ معظمہ حافظ کلام اللہ صاحب الورع والتقوی جناب شیخ الدلائل مولانا محمد عبدالحق صاحب دامت برکاتہ سے مطابق روایت مولانا سید علی حریری مدنی قدس اللہ اسرارہٗ سے حاصل کی۔ جناب ممدوح نے نسخہ دلائل الخیرات کو اپنے دست مبارک سے صحیح کرکے مجھکو عنایت فرمایا۔ اکثر نسخے دلائل الخیرات کی جو چھاپے گئے ہین اُنمین بعض ضروری امور متروک اور بعض زوائد داخل ہوگئے ہین اور صحت الفاظ اور اعراب کا خیال تو بہت ہی کم ہوا ہے۔ مولانا کا دستور ہے کہ تمام دلائل الخیرات کو سُننے اور صحیح کرنیکے بعد اجازت عطا فرماتے ہین اور قاری وسامعین کے پاس جو مطبوعہ ومکتوبہ نسخے ہوتے ہین اُنمین اکثر غلطیان ظاہر ہوتی ہین اور مولانا اکثر دست مبارک سے اُنکی اصلاح فرماتے ہین اور مین نے دیکھا ہے کہ اسوجہ سے حضرت ممدوح کو تکلیف ہوتی ہے اور غلط عبارت کے پڑھنے سے وہ فائدہ وثواب واثر نہین ہوتا ہے جو صحیح سے ہوتا ہے حضرت

ممدوح نے میری درخواست پر خاص وہ نسخہ مجھکو عطا فرمایا جسکو دست مبارک سے صحیح فرمایا تھا اور مین نے جناب ممدوح سے وعدہ کیا تھا کہ مین ہندوستان جاکر مطابق اُس نسخۂ صحیحہ کے دلائل الخیرات چھپواؤن گا۔ چنانچہ اس وعدہ کے ایفا مین مین نے اس نسخہ کو چھپوایا ہے × × × ×"

اس نسخہ مین مولوی صاحب نے بعض وہ ضروری دعائین بھی درج کردی ہین جو شیخ الدلائل سے منقول ہین اور جنکا پڑھنا موجب برکت و ثواب ہے اور نیز آپنے اس نسخہ مین جابجا مناسب مواقع پر درود ون کے متعلق وہ مفید حواشی بھی تحریر کیے ہین جو دوسرے نسخون مین نہین ہین۔ اس نسخہ کی بلاد ہند و عرب و دیگر ممالک اسلامی مین بڑی قدر ہوئی۔

مختصر حالات سفر حجاز۔

مولویصاحب کے حالات زندگی مین اگر آپکے سفر یورپ اور سفر مصر کے حالات کی طرح سفر حجاز کے جستہ جستہ حالات نہ بیان کیے جائینگے تو یہ ایک ناقابل معافی فروگزاشت تصور کی جائیگی۔ لہذا آپ کے سفر حجاز کے حالات کچھ تو مختلف طور پر جمع کرکے اور کچھ مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب کے قلمی روزنامچۂ سفر حجاز سے اخذ کرکے جو حج مین آپکے ساتھ تھے ذیل مین ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہین :۔

سفر حجاز کی روانگی سے قبل اجمیر شریف کی حاضری۔

مولوی صاحب ۱۸۹۹ء مین آرزوے حج کو سینہ مین لیے ہوئے عقیدتمندانہ طور پر اجمیر شریف حاضر ہوے اور وہان سے اجازت حاصل کرکے علیگڈھ واپس تشریف لائے اور سفر حجاز کی تیاری مین مشغول ہو گئے۔

علیگڈھ سے بمبئی کی روانگی

بالآخر آپ مع اپنے ہمراہیون کے بعزم سفر حجاز، جنوری ۱۹۰۱ء مطابق ۵ رمضان المبارک ۱۳۱۸ھ کو علیگڈھ سے بمبئی روانہ ہوئے۔

ہمراہیان سفر

آپکے ہمراہیون مین آپکی بڑی ہمشیرہ اور چھوٹی بھتیجی کے علاوہ مولوی محمد شفیع صاحب سب جج مع متعلقین اور متعدد ملازمین بھی تھے۔

اسٹیشن منیجر مولوی صاحب کے رفقا کا قدمبوسی سے مشرف ہونا

بمبئی مین پلیگ تھی اسلیے نواب سر بلند جنگ بہادر تو پہلے ہی آپسے رخصت ہوگیے تھے۔ اُنکے بچے آپکی قدمبوسی سے اسٹیشن منیجر پر مشرف ہوئے۔

بمبئی سے جہاز کو روانگی۔

مولوی صاحب بمبئی مین تین روز قیام فرما کر اپنے ہمراہیون سمیت ۱۳ جنوری ۱۹۰۱ء کو پی اینڈ او کمپنی کے ڈاک کے جہاز ایجپٹ نامی پر سوار ہوکر جانب حجاز روانہ ہوئے۔ آپ کے جہاز نے ۱۷ جنوری کو ۹ بجے شب کے عدن اور ۲۰ جنوری کو سوئز مین لنگر کیا۔

جہاز کا عدن اور سوئز مین لنگر انداز ہونا

تائید غیبی سے بآرام و سہولت سفر کا انجام

جو لوگ مولویصاحب کے ہم سفر تھے اُنکے بیان سے معلوم ہوا کہ مولوی صاحب کے تمام معاملات اور سفر کی مشکلات نہایت خوش اسلوبی سے طے ہوتی چلی جاتی تھین بوجہ شدت طاعون اس زمانہ مین بمبئی کامران اور سوئز مین قرنطینہ کا بڑا سخت انتظام تھا۔ بجز اسکے کہ تائید غیبی ہو کبھی اس عمدگی سے سفر طے نہین ہوسکتا جیسا کہ مولوی صاحب کا ہوا۔

مولویصاحب کے ساتھ پردہ نشین اور ناتجربہ کار مستورات کے ہونیسے بمبئی کے جنگی خانہ اور ڈاکٹری معائنہ کے وقت مختلف مشکلات پیش آئین۔ لیکن

بوجہ اسکے کہ خدا کا فضل شامل حال تھا آپکے سب ہمراہیون کو جہاز پر سوار ہونیکی اجازت مل گئی اور باوجود تنگی وقت آپ مع اپنے سب ہمراہیون کے جہاز پر بیٹھ گئے۔

جہاز کے دو درجے جنھین "کبین" کہتے ہین ایسے عمدہ مل گئے تھے کہ اُنمین پردہ کا انتظام کرنیکے متعلق کسی قسم کی دقت و دشواری پیش نہین آئی۔ بہرحال تمام سفر مین کسی نوع کی تکلیف نہین ہونے پائی۔

ہمراہ پرکھنے لیے مین احتیاط

رمضان کا مہینہ تو تھا ہی مولوی صاحب جہاز مین روزہ رکھتے چلے گئے۔ آپ بنظر احتیاط جہاز پر کے گوشت کا استعمال نہین کرتے تھے۔ جہاز کے کپتان نے آپکو اجازت دے رکھی تھی کہ جو چاہین لین۔ آپ گوشت کے سوا ترکاری۔ آلو خشکہ۔ انڈے۔ دودھ اور دال جہاز سے لیکر افطار کے بعد کھاتے تھے۔

سوئز پہنچنا اور قرنطینہ سے گزرنا

غرض سوئز تک اسیطرح آرام سے گزری۔ سوئز پہنچنے پر آپنے ہمراہیون سمیت بیر موسی مین قرنطینہ کے مکانون مین دو روز قیام کیا۔ اُسکے بعد شہر سوئز مین حاجی بخاری صاحب سے ایک مکان کرایہ پر لیکر ترکی ڈاک کے جہاز کے انتظار مین ٹھہرے۔ اس عرصہ مین ڈاکٹر کی نگرانی سے بھی فرصت پائی اور عید الفطر کی نماز سوئز کی بڑی مسجد مین ادا کی۔

سوئز مین نماز عید

سوئز سے ینبوع کو روانگی۔

سوئز سے روز پنجشنبہ، شوال ۱۳۱۷ھ مطابق ۷ فروری ۱۹۰۰ء کو شاہی ڈاک کے جہاز "محلہ" پر سوار ہوکر ینبوع روانہ ہوئے۔

سوئز سے ینبوع تک کرایۂ جہاز

سوئز سے ینبوع تک جہاز کے درجۂ اول کا کرایہ فی کس چار اشرفی درجۂ دوم کا کرایہ ۳ - اشرفی اور درجہ سوم کا کرایہ ۲ ½ - اشرفی تھا۔

ینبوع سے جدہ جانے کی وجہ

جب ۱۱ فروری ۱۹۰۱ء کو آپکا جہاز ینبوع پہنچا تو بعض ترکی افسرون نے آکر اطلاع دی کہ اُسطرف کا ایک قافلہ لُٹ گیا ہے اور فساد برپا ہے مسافرونکو چاہیے کہ جدّہ چلے جائین۔

مولویصاحب کے علاوہ اور بھی بہت سے عازمین حج مصر سے اس جہاز پر سوار ہوئے تھے اُن سب کو جدّہ جانا پڑا اور ان سب نے یلملم سے احرام باندھا۔

جدہ میں قیام

جدّہ کے چُنگی خانہ کے جھگڑون سے فارغ ہوکر مولویصاحب نے عبدالکریم مطوف کے مکان مین دو روز قیام کیا اسی اثنار مین آپ نے ماماحوّا کے

مزار ماماحوّا کے فاتحہ

مزار شریف پر فاتحہ پڑھنے کا شرف حاصل کیا۔ ضروری سامان سفر اور شُغد فوان

جدہ سے روانگی

شبرلون کی خریداری سے فراغت حاصل کی۔ اور وہان سے بسواری شتر مکہ معظمہ روانہ ہوئے۔ سفر مین معمولی وقت صرف ہوا۔

مکہ معظمہ مین رہائش اور مطوف کا بندوبست

مکۂ معظمہ مین پہلے سے حرم شریف کے قریب جانب صفا ایک مکان کا بندوبست کرلیا گیا تھا مولوی محمد احسن صاحب مطوف تھے۔

ایک ساتھی اور خواجہ محمد یوسف آملے

اس عرصہ مین ایک ہمراہی درویش برکت شاہ جو بمبئی سے دوسرے جہاز پر سوار ہوئے تھے اور مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب وکیل علیگڈھ بھی جو بمبئی سے ۲۷ فروری ۱۹۰۱ء م ۲۷ شوال ۱۳۱۸ھ کو روانہ ہوئے تھے آن ملے۔ اور سفر مکّہ و

مدینہ مین ساتھ رہے۔

مکہ معظمہ مین قیام

مولوی صاحب ماہ شوال ۱۳۱۷ھ مین مکہ معظمہ پہنچ گئے تھے۔ آپ وہان تقریباً ڈھائی مہینے رہے۔ ایک مہینے کے قریب تو مولوی فخر الدین صاحب کے مکانات موقوفہ مین سے ایک مکان مین قیام کیا اور پھر حاجی نواب محمد محمود علیخان صاحب کے مکان مین تشریف لے گئے جو باب رحمت پر حرم محترم کے سامنے واقع تھا۔ قیام

مکانات اقامت

مکانات متبرکہ مکہ معظمہ کی زیارت اور علماء و مشائخین کی صحبت

مکۂ معظمہ کے زمانہ مین آپ مولد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولد حضرت علی کرم اللہ وجہہ و مولد سیدہ خدیجۃ الکبری و مولد سیدہ آمنہ ام المصطفی علیہ التحیۃ والسلام و مولد سیدنا عبد الرحمن بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ و مکان جنابہ خدیجۃ الکبری و مقام جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (جو مکان حضرت خدیجۃ الکبریٰ مین ہے) اور مکان جناب صدیق رضی اللہ عنہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ مولوی رحمۃ اللہ مہاجر کے مدرسہ کو دیکھا اور اس مدرسہ کے طالب علمون سے قرأت سنکر حظ روحانی حاصل کیا۔ اور مکۂ معظمہ کے مشائخین اور علماء سے لطف صحبت اُٹھایا۔

عرفات کو روانگی

۷ ذیحجہ ۱۳۱۷ھ روز شنبہ کو صبح کے ۴ بجے مولوی صاحب مع اپنی ہمراہیون کے اونٹون پر سوار ہوکر عرفات اور خانہ کعبہ کو روانہ ہوئے۔ مناسک حج سے فارغ ہوکر

ایک مقدس پہاڑ کی زیارت

آپ نے اُس پہاڑ کی زیارت کی جہان حضرت ابراہیم خلیل اللہ جناب اسمعیل علیہ السلام کو ذبح کرنیکے لیے لے گئے تھے اور وہ پتھر بھی دیکھا جس پر حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام نے چھری تیز کی تھی ۱۲ ذیحجہ روز جمعہ کو آپ نماز جمعہ سے فارغ ہوکر

عمرہ

بغرض عمرہ اُس مقام پر گئے جہان حضرت رسولخدا صلعم نے جنابہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو عمرہ کرنیکے لیے ارشاد فرمایا تھا۔ اُس مقام پر ایک مسجد بنی ہوئی ہے۔ اُس مسجد مین آپنے دو رکعت نماز ادا کرکے عمرہ کا احرام باندھا اور حرم محترم مین آکر طواف عمرہ کیا اور سعی بین الصفا والمروہ سے فارغ ہونیکے بعد احرام اُتار کر جبل ثور کی زیارت کو تشریف لے گئے جبل ثور وہ مقام ہے جہان آنحضرت صلعم قبل نبوت مصروف بعبادت رہا کرتے تھے۔ اسکی چڑھائی بڑی دشوار گزار تھی۔

جبل ثور کی زیارت

جبل ثبیس کی زیارت

اسکے بعد مولویصاحب جبل ثبیس کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ یہ وہ مقام ہے جہان شق الصدر ہوا تھا۔

مدینہ منورہ کی روانگی

۲۴ ذیحجہ روز چہارشنبہ کو بعد نماز مغرب مولویصاحب مع اپنے ہمراہیون کے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو روانہ ہوئے۔ پہلا مقام شہدا مین کیا اور جب وہان تمام قافلہ جمع ہوگیا تو ۲۵ ذی الحجہ کو پورے قافلہ نے جانب مدینہ منورہ کوچ کیا۔

منازل بین مکہ و مدینہ

راستہ مین وادی فاطمہ۔ بیر عصفہان۔ بیر ثنیہ۔ بیر قدیم۔ رابق۔ بیر سفورہ۔ بیر شیخ صغرا۔ بیر عباس۔ بیر عار۔ مناخہ۔ مقامات پڑے اور ان مین آپ نے منزلین کین۔ اور مناخہ سے مدینہ منورہ تک جو ایک فرسنگ کا فاصلہ ہے ادباً آپ پیادہ پا تشریف لے گئے۔ ۸ محرم الحرام ۱۳۱۸ھ کو آپ مدینہ منورہ مین داخل ہوئے اور داخل ہوتے ہی روضۂ انور کی زیارت کو حاضر ہوئے۔

مدینہ منورہ مین داخلہ اور روضہ منورہ کی زیارت

آپ کے [illegible] بھی خواجہ یوسف صاحب اپنے روزنامچہ زمانۂ قیام

مدینہ منورہ مین ارقام فرماتے ہین۔

مسجد نبوی

"۸ محرم تک مدینہ منورہ مین ہمکو آئے ہوئے دس روز ہوئے۔ اس تاریخ تک چالیس نمازین باجماعت ہمنے مسجد نبوی مین پڑھی ہین مگر ابھی ہمارا ارادہ یہان اور رہنے کا ہی۔ آج ہم جبل اُحد کی زیارت کو گئے یہان سیدنا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ مدفون ہین"

اُسی روزنامچہ مین مولوی صاحب موصوف لکھتے ہین کہ

نماز جمعہ

"۱۹ محرم الحرام کو ہمنے مسجد نبوی مین دوسری بار نماز جمعہ پڑھی اتفاق سے ایکی مقتدی ہمین جگہ بھی منبر کے قریب مل گئی تھی اسلیے عجیب کیفیت آئی یہان خدام مسجد کو مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب نے پچیس روپیہ دیے۔

مسجد قبا

۲۰ محرم کو سواری کرایہ کرکے ہم مسجد قبا مین گئے اور نماز پڑھی۔ اس مسجد سے ذرا علیحدہ حضرت علی کرم اللہ وجہ اور حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا مکان ہے۔ اسمین ایک گوشہ ہے جسکی نسبت کہا جاتا ہے کہ حضرۃ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے چکی پیسنے کی جگہ ہے۔ ہم حسب قاعدہ یہان بیٹھ لگا کر بیٹھے اور دعا مانگی۔

بیر خاتم

اس مکان کے متصل "بیر خاتم" ایک متبرک کنوان ہے وہان جاکر ہم نے نماز پڑھی اور اُسکا پانی پیا۔

زیارت بقیع

۲ صفر کو ہم مدینہ منورہ کے مشہور قبرستان جنت البقیع کی زیارت کو گئے یہان ائمہ شہدا اور صلحا مدفون ہین انکی قبرونکی زیارت سے مشرف ہوئے اور

---

[۱] وادی خلیص (نقوۃ) قدیمہ[۲] چحفہ[۳] (رابغ) بیر مستورہ۔ بیر خنخ[۴] صفرا۔ بیر عباس۔ بیر غار۔ مناخہ۔ اور عروہ سے مدینہ منورہ تک جو ڈیڑھ دو میل کا فاصلہ ہے اونٹ پیادہ پا چلتے ہین۔

فاتحہ پڑھی۔

مسجد خلفائے راشدین اور مسجد بلال رضؓ

۳ صفر کو ہم بعد نماز اشراق مسجد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ مین گئے اور دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر اُس مسجد مین گئے جو حضرت علی کرم اللہ وجہ کے نام سے مشہور ہے اسکے بعد مسجد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور مسجد عثمانیہ مین جو آجکل عیدگاہ ہے گئے اور پھر مسجد عمر رضی اللہ عنہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ یہان سے مسجد حضرت بلال مین گئے اور نماز پڑھی۔ راستہ مین ہم نے مارکٹ بھی دیکھا یہان ہر قسم کی چیزین فروخت ہوتی ہین۔ مدینۂ طیبہ مین ہمارا قیام چار مہینے سے زیادہ رہا۔ اس مدت مین ہمنے یہان کے مشہور و متبرک مقامات کی سیر کی۔

مارکٹ

نرخ میوہ و اجناس

مولوی صاحب نے مدینۂ منورہ سے ۲ ربیع الاول ۱۳۱۸ھ کو جو خط وطن بھیجا تھا اُسمین آپ نے بعض اشیاء خوردنی اور میوہ جات کا ذکر فرمایا تھا جنکا اُس زمانہ مین وہان موسم تھا اور اُنمین سے بعض کے نرخ بھی تحریر فرمائے تھے۔ انگور ۴ سیر گھی فی روپیہ یک سیر سے کچھ زیادہ۔ گیہون اور چانول فی روپیہ ۳½ سیر سے ۴ سیر تک بیان کیے گئے تھے۔ اور خرپزون کا نرخ گران اور کھجور رطب کا ارزان ہونا ظاہر ہوتا تھا۔

مدینہ منورہ سے روانگی۔

آپکی مدینۂ منورہ کی واپسی کا مفصل حال مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب کے روزنامچہ سے نقل کرکے ذیل مین ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

"آخر ہفتہ ربیع الثانی مین ہمکو یہ خیال ہوا تھا کہ جمادی الاول کے مہینے مین

مدینہ سے اجازت روانگی مل جائیگی۔ مگر جب تک اجازت نہین ملتی ہے کوئی شخص
سامان روانگی نہین کرسکتا ہی۔ ۱۴ جمادی الاول کو جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر نے
اپنے دلی مکاشفہ سے فرمایا کہ ماہواری کھانیکا سامان دس روز سے زیادہ کا
نہ منگواؤ اور سفر کی تیاری کرو۔ جلد حکم ہونیوالا ہے۔ ہمکو یہ سُنکر تعجب ہوا اور کسیطرح
یقین نہ آتا تھا مگر مولوی صاحب کا یہ فرمانا کشف سے خالی نہ تھا اور آخر ایسا ہی
ہوا۔ ۱۴ جمادی الاول کو روانگی کا حکم ہوگیا۔ اتفاق سے ایک خاص قافلہ سلطانی
اس اثنار مین مدینہ منورہ سے براہ راست جدہ کو روانہ ہونیکے لیے تیار ہوا۔
اُسکے ساتھ روانہ ہونیکے لیے ہم اٹھارہوین جمادی الاول ۱۳۱۸ھ کو بادل بیتاب
و چشم پُرآب روضۂ مقدسۂ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رخصت ہوئے
اور بادل ناخواستہ بصد حسرت و یاس باب مجیدی سے اونٹون پر سوار ہوکر ایک گھنٹہ
مین ہم بیر عروہ پر پہنچکر ٹھہر گئے۔ یہان سب قافلہ جمع ہوگیا تھا اور اب یہان سے
ہمنے جدہ کا رخ کیا۔ مدینۂ منورہ سے جدہ تک جن جن منازل پر قافلہ ٹھیرا اُنکے
نام یہ ہین:-

بیر الماشی۔ بیر رباط۔ شفتہ عموک۔ ابوضبلع۔ بیر رضوا۔ رابغ۔ بیر قدیمہ۔ بیر سعید
منزل وہبان۔ یہ بڑی سخت منزل تھی۔ یہان کا پانی ایسا گدلا تھا کہ چار چار مرتبہ
چھاننے سے بھی صاف نہ ہوتا تھا۔ ۳۰ جمادی الاول ۱۳۱۸ھ مطابق ۲۵ ستمبر
سنہ ۱۹۰۰ء روز سہ شنبہ کو ہم مع الخیر جدہ پہنچے۔ کئی دن تک یہان کی سیر کی۔

جدہ سے عدن کی روانگی

۵ جمادی الثانی روز یکشنبہ کو مصری جہاز بندرگاہ جدہ پر آگیا۔ ہم کشتی کرایہ کرکے ساحل پر گئے۔ کپتان سے ملے جہاز کو دیکھا جہاز نہایت عمدہ ہی۔ کمرے بھی بہت صاف اور اکثر خالی ہین۔ ہمنے فرسٹ کلاس کا کرایہ فی کس ۴ پونڈ ۱۲ شلنگ اور تھرڈ کلاس کا دو پونڈ ایک شلنگ کے حساب سے دیا۔

سواکن کی سیر

۶ جمادی الثانی روز دوشنبہ کو شام کے پانچ بجے جہاز روانہ ہوا۔ اٹھارہ گھنٹے مین ہم سواکن پہنچے اور کشتی کرایہ کرکے شہر کے اندر گئے یہ وہی مقام ہے جہان مہدی و مصری و انگریزی حکومت سے مدتون جھگڑا رہا ہے اور آخر کار مصریون اور انگریزون نے فتح کرلیا۔

سواکن بڑا شہر ہے یہان سہ منزلہ مکانات عمدہ اور پختہ بنے ہوئے ہین۔ بازار بھی متعدد ہین۔ حاجیون کے واسطے ایک عالیشان رباط بنا ہوا ہی۔ یہان انگریزونکا قبرستان بھی خوشنما ہے۔ باشندے یہان کے مضبوط و توانا ہین۔ جانب غرب انگریزی آبادی ہے جہان دار الحکومت ہے شہر مین انتظام صفائی وغیرہ بھی اچھا ہے سواکن گو بظاہر مصری علاقہ ہے مگر دراصل انگریزی حکومت ہے اور کیون نہ ہو انگریزی روپیہ اور خون صرف ہوا ہی۔

بندرگاہ مسوع

۹ جمادی الثانی روز پنجشنبہ کو جہاز سواکن سے روانہ ہوا اور افریقہ کے کنارے کنارے چلکر جمعہ کے دن بارہ بجے بندرگاہ مسوع پر لنگر انداز ہوا۔ یہ شہر اول زیر حکومت سلطان ٹرکی تھا۔ محمد علی پاشا جد خدیو حال کے عہد مین داخل حکومت مصری ہوا۔

مگر افسوس ہی مسلمان بادشاہ اور عہدہ دارون پر جنھون نے اٹھارہ برس قبل اُسی اٹلی کے ہاتھ فروخت کردیا۔ مسوعہ مسلمانون کا شہر ہے اور تمام حبش کی تجارت کا مرکز ہے۔ بہت سی مالدار مسلمان اور تجارت پیشہ یہان رہتے ہین۔ متعدد بازار ہین تمام جدید عمارتین اٹالین کی بنائی ہوئی سبک اور خوشنما ہین پُرانا شہر بھی بہت بڑا ہی اور اُسکے بازار مسقف ہین۔ دریا کنارے مال گودام بھی قابل دید ہی۔ مسافرخانہ۔ گورنر کا مکان اور مدرسہ یہان کی مشہور عمارتین ہین کھپریل کے چھوٹے چھوٹے بنگلے بھی یہان بہت خوبصورت بنائے جاتے ہین۔ گرمی یہان بہت زائد ہی اکثر مکانون مین پنکھے لگے ہین۔ جہاز پر مغرب کے بعد بہت گرمی شروع ہوگئی اور عشا کے بعد تو کچھ کھانا ہی نہ رہا۔ تمام رات سخت تکلیف مین گزری۔ ۱۱ جمادی الثانی روز شنبہ کو جہاز مسوعہ سے روانہ ہوا۔ یہ بحر احمر ہے اور مسوعہ ملک حبش مین داخل ہی اسوجہ سے گرمی یہان زائد پڑتی ہے۔

حدیدہ کی سیر

۱۲ جمادی الثانی یوم یکشنبہ کو صبح آٹھ بجے جہاز حدیدہ پہنچ گیا اور کنارہ سے دو تین میل کے فاصلہ پر کھڑا ہوا۔ ہم کشتی مین سوار ہوکر حدیدہ پہنچے۔ یہ ایک قدیمی شہر ہے اسکے عالیشان مکان آسمان سے باتین کر رہے ہین لیکن قدامت کی وجہ سے انکا ایک ایک حصہ زمین کے اندر گھس گیا ہے اور زمین اونچی ہوگئی ہے۔ یہان بہت سے بازار ہین اور ہر قسم کی تجارت اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہی سیکڑون ہندی مسلمان بھی یہان موجود ہین۔ یہان عثمانی قلعہ اور فوج بھی رہتی ہے۔ مردم شماری یہان کی قریب ایک لاکھ کے ہی

تمام حکومتون کی تفصل بھی یہان رہتے ہین۔

حدیدہ کی حالت نہایت خستہ ہی نئی روشنی اور شائستگی کی اسے ہوا بھی نہین لگی ہی

حدیدہ کی حالت حالی

جہاز یہان چھتیس گھنٹہ تک ٹھہرا رہا۔ ۱۴ جمادی الثانی مطابق ۹ اکٹوبر سنہ ۱۹۰۱ء روز سہ شنبہ کو ہم عدن روانہ ہوئے انشاء اللہ آج شام کو یا کل صبح عدن پہنچینگے"۔

بمبئی پہنچنا

مولوی صاحب مع ہمراہیان عدن سے جہاز سیام پر سوار ہوکر بتاریخ ۱۶ اکٹوبر سنہ ۱۹۰۱ء بمبئی پہنچے۔

اجمیر شریف کو روانگی۔

بمبئی مین آپ نے صرف چند گھنٹے قیام فرمایا۔ مسٹر امیر الدین طیب جی نے پہلے سے روانگی ریل وغیرہ کا انتظام کر رکھا تھا۔ آپ یہان سے ریل پر سوار ہوکر براہ منماڑ وکھنڈوا اجمیر شریف گئے۔ اور وہان ایک عرصہ تک قیام فرما رہے۔ آپکے سب دوست احباب حصول قدمبوسی کیلیے وہین آئے۔

حج سے مشرف ہونیکی تاریخین

مولوی صاحب کے حج و زیارت سے مشرف ہونیکے متعلق چند تاریخین ذیل مین درج کیجاتی ہین جو جناب مولوی حاجی سید علی حسن صاحب رئیس جائس ضلع رائے بریلی اور بعض دوسرے سخن سنج حضرات نے نظم کی تھین۔

قطعات تاریخ سفر حج

قطعۂ عربی

یَا سَمِیعَ اللّٰہِ یَا مَنْ قَدْ حَوٰی حُسْنَ الْمَرَامِ

اے سمیع اللہ اے وہ شخص جو جمع کئے ہوئے ہے نیک مقصد کو

از نتیجہ فکر مولوی سید حسن صاحب و مولوی حامی سید علی حسن صاحب حالی

أَنْتَ مَنْ يَسْمُو لِعُلْيَاءٍ وَمَجْدٍ لَا يُرَامُ

تو وہ شخص ہی کہ بلندی رکھتا ہی برتری و بزرگی مین کہ دوسرے نہین پہنچ سکتے

أَنْتَ عَبْدٌ قَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ فِيمَا قَالَهُ

تو ایسا بندہ ہی کہ اطاعت کی تو نے اللہ کی اُسمین کہ کہا اُسکو

وَاسْتَطَعْتَ السَّيْرَ فَاسْتَعْجَلْتَ بِالسَّعْيِ التَّمَامِ

اور تو نے اطاعت کی اور سیر کی اور سعی تمام مین جلدی کی

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ لَا غَيْرُهَا

خبر این نیست کہ اعمال موقوف ہین نیتون پر۔ نہ غیر نیت پر

وَالسِّمَاتُ الْعِزِّ لَمْ يُوصَفْ بِهَا غَيْرُ الْكِرَامِ

اور روشنیان عزت کی کہ جن کے ساتھ سوا بزرگون کے دوسرے نہین تعریف کیا گیا

يَقْبَلُ الْأَعْمَالَ مِنْ قَوْمٍ لَقَدْ دَانُوا لَهُ

قبول کرتا ہی اعمال کو قوم سے جو کہ اُسکے لیے جھکتے ہین۔

يَتَّقُونَ اللّٰهَ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ ذُو انْتِقَامِ

ڈرتے ہین اللہ سے اور اللہ قوی غالب و صاحب انتقام ہے

بَعْضُ أَرْبَابِ النُّهٰى قَدْ قَالَ فِي تَارِيخِهِ

بعض ارباب عقل نے اُسکی تعریف مین کہا ہے

زَائِرٌ قَبْرَ النَّبِيِّ حَاجٌّ بَيْتَ الْحَرَامِ

۱۳۱۷ھ

زائر قبر نبی کا ہے اور حج کرنیوالا خانہ کعبہ کا ہے

نبیرۂ فکر مولوی سید سبط حسن صاحب و مولوی سید علی حسن صاحب فبسلہ جائسی۔

ای سمیع اللہ خان در منہج حل و حرم
چون ز مفہوم وجوب امر حق آگہ شدی

بر صفا و مروہ شد سعی جمیلت متجلی
چون ز نقش پای خود نقاش خاکہ شدی

شمع نور افشان فہم و عقل بودی قبل ازین
وز صفای باطن و ظاہر کنون چون مہ شدی

گرد بیت حق بر نگ آسمان کردی طواف
اندرین گردش بدوری فلک ہمرہ شدی

تہنیت گویانمت اینم باین مصراع سال
حج نمودی زائر قبر رسول اللہ شدی

۱۳۱۷ھ

دیگر

ارو بہر جناب مولوی سید علی حسن صاحب جائسی۔

مولوی حق پژوہ یعنی سمیع اللہ آنکہ
خان بہادر لقب از پئے او زین گشت

جانب مکہ برفت کردہ فرض حج
از پئے بینندگان مردمک عین گشت

بہر مزار نبی راہ مدینہ گرفت
آنکہ پس از حج برو واجب و چون دین گشت

از پئے تاریخ حج گفت سروش ای علیم
مولوی صلح کل حاجی حرمین گشت

۱۳۱۷ھ

دیگر

شد مشرف چون ز حج با صفا
آن جناب مولوی خوش مزاج

لات گشتہ دل شکستہ بہر سال
حاجی حرمین گشت و میر حاج

۱۳۱۷ھ

دیگر

مادۂ تاریخ از مولوی سید محمد باقر صاحب رئیس اودھ

چون سمیع اللہ خان ذی عز والامنزلت
جامع دیگر خطاب و از محاسن ممتلی

خوش ادا فرمود حج کعبۂ بیت الحرام
از ادائی فرض گشتہ مثل مہ آن منجلی

از برائے سال حجش یاد باد این مصرعہ
حاج بیت الحرام زائر قبر النبی

۱۳۱۷ھ

دیگر

چون سمیع اللہ خان احرام حج بستہ بدل — آن بہادر بے بہادر عزم حج کردہ حصول
دوستانش مینمایند این دعا از جان و دل — آن ہمیشہ شادمان باشد و حاسد ش ملول
از سر کعبہ بگفتہ سال حجش ہاتفے — حاجی بیت الٰہی زائر قبر رسول

سکونت حیدرآباد

اجمیر شریف سے واپس تشریف لاکر مولویصاحب نے حسب دستور سابق حیدرآباد ۱۳۱۷ھ
مین سکونت اختیار فرمائی۔

کچھوچھہ شریف کی زیارت

سنہ ۱۹۰۲ء مین آپ اول بار کچھوچھے شریف حاضر ہوئے اور نیل مبارک کو خاص
اہتمام کیساتھ صاف کرایا۔ یہانتک کہ سوتین نکل آئین اور اُسکے پانی مین مثل سابق
آب زمزم شریک کرایا۔

ردولی و بانسہ کی زیارات

اسی سنہ مین مولویصاحب ردولی شریف اور بانسہ شریف کی زیارات سے
بھی مشرف ہوئے۔

دیوا اور کانپور

سنہ ۱۹۰۴ء مین مولویصاحب حاجی وارث علیشاہ صاحب سے دیوا ملنے گئے
اسی سلسلہ مین کچھ دن آپنے کانپور مین بھی قیام کیا۔

پیران کلیر

سنہ ۱۹۰۵ء مین آپ پیران کلیر شریف مین حاضر ہوئے۔

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کی آستانہ بوسی

سنہ ۱۹۰۶ء مین مولوی صاحب ایک عرصہ تک خواجہ قطب الدین بختیار کاکی
رحمۃ اللہ علیہ کی آستانہ بوسی کو حاضر رہے۔

حضرت نظام الدین اولیاء

اور اسی سال آپنے حضرت نظام الدین اولیا و حضرت نصیر الدین روشن چراغ دہلی

مین بھی کچھ عرصہ تک قیام فرمایا۔ یون تو آپ ان مقامات پر جایا ہی کرتے تھے مگر اس سال خاص طور پر حاضر ہوئے تھے۔

کچھوچھہ اور ردولی کی دوبارہ زیارت

سنہ ۱۹۰۷ء مین مولویصاحب دوبارہ کچھوچھے شریف اور ردولی شریف کی زیارات کو حاضر ہوئے اور بعض دیگر درگاہون کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے اور کچھوچھے شریف مین ایک قطعہ اراضی لیکر اُس پر مکان تعمیر کرانیکی تجویز کی جسکی تعمیر اب ختم ہوگئی ہی اور اُسمین زائرین ٹھہر کر آرام پانے لگے ہین۔

مشائخین وقت سے ربط وضبط اور پیری و مریدی

مولوی صاحب اکثر مشایخین وقت سے واقف اور ربط ضبط رکھتے تھے اور فیض باطنی قدما سے حاصل کرتے تھے۔ جب کوئی اُنسے دریافت کرتا تھا کہ آپ کس کے مرید ہین تو سوال کرنیوالے کی معلومات کے لحاظ سے وہ کوئی جواب دیدیا کرتے تھے لیکن اُنکی بیعت کرنیکا حال کسی سے سنا نہین گیا۔ یہانتک کہ اُنکی قدیم سے قدیم دوستونکو بھی اُنکی زبان سے کبھی پورا حال معلوم نہین ہوا اور اگر کسی کو معلوم ہی تو وہ راز اُسکے ہی سینہ مین رہے گا۔ غالباً اس راز سربستہ کو سربستہ ہی رکھنا منظور ہوگا۔

خیال کیا جاتا ہی کہ وہ اُن خوش قسمت اشخاص مین سے تھے جو اویسی ہونے کا فخر رکھتے ہین۔

باب یازدہم

ذاتی خصوصیات۔ تعلیم اولاد

یہ بات آپکی ذاتی خصوصیات مین داخل تھی کہ جب کبھی مخالفونکی جانب سے مسلمانونپر کسی قسم کا کوئی حملہ ہوتا تھا تو آپ نہایت مستعدی سے اُسکی مدافعت مین کوشش کرتے تھے۔

مثال کے طور پر لاہور کالج کے سابق پرنسپل ڈاکٹر لیٹنر Dr. Leitner کا واقعہ یہان درج کیا جاتا ہے۔

ذبیحہ گاؤ کی ممانعت کے متعلق ڈاکٹر لیٹنر سے گفتگو

انھون نے ایک مرتبہ ایک بسیط آرٹیکل گائے کی قربانی و ذبیحہ کے خلاف لکھکر گورنمنٹ ہند کو اس بات کی طرف متوجہ کرنا چاہا تھا کہ گائے کی قربانی اور اُسکے ذبیحہ سے چونکہ ہندوستان کی ہندو رعایا کی دلشکنی ہوتی ہے اور مسلمانون کے مذہب مین گائے کی قربانی کا حکم نہین ہے بلکہ وہ محض فتنہ پردازی کے خیال سے گائین ذبح کرتے ہین اسلیے گورنمنٹ ہند کو چاہیے کہ وہ ہندوستان مین گائے کا ذبح کیا جانا حکماً موقوف کردے۔

اگر خدانخواستہ گورنمنٹ ہند ڈاکٹر لیٹنر کے مشورہ پر عمل کرکے گائے کی قربانی اور اُسکا ذبیحہ موقوف کردیتی تو مسلمانون مین بددلی پھیل جانیکا قوی اندیشہ تھا اور اس بات کا بھی خوف تھا کہ ایسا نہ ہو کہین گورنمنٹ ہند کی غیر طرفدارانہ پالیسی جس کے باعث ہندوستان کی مختلف اقوام کی رعایا کے دل گورنمنٹ کی مٹھی مین ہین بدل کر

کوئی بُرا نتیجہ پیدا کردے۔

مولویصاحب نے جو دل سے گورنمنٹ برطانیہ کے وفادار اور ہواخواہ تھے فتنہ وشر کے اُس سیلاب کو روکنے کے خیال سے جو ڈاکٹر لیٹنر کے مضمون محولۂ بالا سے ہندوستان کی سرزمین پر آنیوالا تھا اُسکی تردید مین ایک زبردست تحقیقانہ اور پُرمغز مضمون اپریل ۱۸۹۴ء کے الہ آباد ریویو مین لکھکر اس سیلاب کی گویا ناکہ بندی کی۔ اور اُس مضمون مین آپنے احادیث صحیحہ نصوص قرآنی اور مسائل فقہیہ سے ثابت کرکے دکھایا کہ مسلمانون مین گائے کی قربانی دوسرے جانورونکی قربانی سے افضل اور مرجح ہے۔ اور یہ کہ مسلمان فتنہ پردازی کی نیت سے نہین بلکہ مذہبی پابندی کے خیال سے گائے کی قربانی کرنے پر مجبور ہین جسکو روکنا یا جسکے بند کرنیکے درپے ہونا گورنمنٹ ہند کی غیر طرفدارانہ پالیسی کے بالکل منافی ہے۔

چنانچہ آپنے اپنے مضمون زیر بحث کے خاتمہ پر بہت درست تحریر فرمایا تھا کہ "سب سے عمدہ صفت جو برٹش گورنمنٹ کی حکومت کی ہے اور جو فی الحقیقت قابل قدر ہے اور جس کی دلون مین عزت ہے وہ غیر طرفدارانہ پالیسی ہے" ٭٭٭

استحکام اور ملک کا امن و امان موقوف ہی اور گورنمنٹ کو اسپر مناسب طور سے متوجہ ہونا چاہیئے"

اس مضمون پر یکم مئی ۱۸۹۴ء کے پایونیر مین ایک کالم کا ریویو چھپا جسمین جا بجا مولویصاحب موصوف کی مدلّل رائے کی تائید کی گئی۔ اور بمبئی گزٹ مورخہ ۵ مئی ۱۸۹۳ء نے بھی اس مضمون پر ایک مضمون لکھا تھا نیز ہندوستان کے دیگر باوقعت اخبارون نے ریویو لکھے تھے۔ اور خوشی کی بات ہی کہ گورنمنٹ ہند نے ڈاکٹر لٹنیر کی تحریر پر اعتنا نہین کیا اور اُسکا طرز عمل مولویصاحب ہی کی خیر خواہانہ تحریک کے مطابق رہا۔ اور گورنمنٹ کی جانب سے گاؤ کی قربانی مین کوئی دست اندازی نہین کیگئی۔

اخبار پایونیر اور مولویصاحب کے حالات

مولویصاحب کی حیات مین اخبار پایونیر الہ آباد مورخہ ۲۸ ستمبر ۱۹۰۶ء نے اُنکی زندگی کے جو مختصر حالات شایع کیے تھے اُن مین اُس نے آپکی ذاتی خصوصیات کا ذکر حسب ذیل الفاظ مین کیا تھا:۔

"مولویصاحب نے سرکاری ملازمت سے کنارہ کشی اختیار کرنیکے بعد اور کہین ملازمت کرنا پسند نہین کیا۔ اور اسوقت سے زیادہ تر علوم مشرقی کے مطالعہ اور یاد خدا مین مصروف رہتے ہین * * * * * * * * آپ ماشاء اللہ بڑے فیاض اور سخی ہین لیکن آپکی اس صفت کا حال عوام کو کم معلوم ہوتا ہے کیونکہ وہ در پردہ خیرات کرنا زیادہ پسند کرتے ہین * * * * * * * *

اصحاب نے آپکی اعلیٰ قانونی قابلیت اور قوت فیصلہ کی صیابت کو تسلیم کیا ہی
* * * * * آپکی مسلمہ قانونی قابلیت کی وجہ سے اکثر لوگ آپسے پیچیدہ رمعاملات مین
مشورہ لیا کرتے ہین اور آپ کسی قسم کا فائدہ پہنچانے مین حتی الامکان دریغ نہین
کرتے"

تعلیمی امور سے ہمدردی رکھنا اور تعلیم مین دلچسپی لینا بھی آپکی ذاتی خصوصیات
مین داخل تھا جسکا مفصل ذکر ابواب ماسبق مین ہوچکا ہی۔

تعلیم اولاد

اسموقع پر آپکے دونو صاحبزادونکی تعلیم کا مختصر حال بیان کرکے یہ دکھایا جاتا ہے
کہ آپسے اپنی اولاد کو جس پایہ کی تعلیم دلانے کی قدرتی طور پر توقع ہوسکتی تھی اُسی
پایہ کی تعلیم دلانے مین آپ نے کسی قسم کی کوتاہی نہین کی اور آپ کے
فیض توجہ سے دونو صاحبزادے اعلیٰ تعلیم سے بہرہ یاب ہوئے۔

محمد حمید اللہ خانکے حالات

مولوی محمد حمید اللہ خانصاحب کے حالات اخبار پایونیر مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۰۹ء
مین جو مضمون زیر عنوان

"انڈینز آف ٹوڈے"

سر بلند جنگ بہادر

چھپا ہی۔ نیز پیسہ اخبار روزانہ مورخہ ۱۶ و ۱۷ مئی ۱۹۰۷ء مین انکے اکثر حالات
شایع ہوئے ہین جسمین اکثر واقعات اُنکی تعلیم وغیرہ کے متعلق موجود ہین یہان
صرف چند باتون کے بیان کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہی۔

جبتک یہہ ہندوستان مین زیرتعلیم رہے انکو اپنی خوش قسمتی سے مسٹر سڈنز پرنسپل مدرسۃ العلوم کی نگرانی اور مولوی سید احمد خانصاحب کی بزرگانہ غور و پرداخت کا برابر شرف حاصل رہا۔ سید صاحب انکو اپنے بچون کے برابر عزیز رکھتے تھے۔

زمانۂ تعلیم مدرسۃ العلوم مین مولوی محمد حمید اللہ خانصاحب کو نتیجہ امتحانات پر مہاراجۂ پٹیالہ سری راجہ مہندر سنگھ بہادر کی جانب سے کئی سال تک وظیفے ملا کیے لیکن مولوی صاحب یہ رقمین وظیفونکی بطور چندہ کالج کو دلوا دیا کرتے تھے۔ مدرسۃ العلوم کے طلبہ مین سے بغرض تعلیم سب سے پہلے ۱۸۸۰ء مین یہی ولایت گئے۔

۱۸۸۶ء مین بمقام وائنا اورنٹل کانگرس قائم ہوئی تھی اُسمین یہہ انڈیا آفس کی جانب سے نیابتہً شریک ہونیکے لیے ڈاکٹر روسٹ کی معیت مین بھیجے گئے تھے۔ اُنھون نے وہان کے حالات دیکھکر سید احمد خانصاحب کو محمڈن ایجوکیشنل کانگرس کے انعقاد کی جانب متوجہ کیا تھا۔

۲۵ اکتوبر ۱۸۸۶ء کو لندن سے ہندوستان واپس آئے۔ مولویصاحب نے اپنے فرزند دلبند کی کامیابیونکی خوشی مین ایک دعوت علیگڈھ مین کی جسمین ہندو مسلمان۔ اور یوروپین سب ملاکر تین سو سے زائد دوست مدعو تھے۔ اس دعوت کا تفصیلی حال نومبر ۱۸۸۶ء کے علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ اور بعض دوسرے اخبارون مین شایع ہوچکا ہے۔

مدرسۃ العلوم علیگڈھ اور دوسرے مقامات مین کثرت سے دعوتین دیگئین اور مولوی صاحب کے دوستون نے چندہ جمع کرکے تقریباً چھ ہزار روپیہ کے خرچ سے مدرسۃ العلوم مین ایک خوشنما ہال تعمیر کرایا اور اسمین اُن کا یادگاری کتبہ نصب کیا گیا۔

مولوی محمد حمید اللہ خانصاحب نے عربی۔ فارسی۔ انگریزی۔ فرانسیسی زبانونمین امتحانات پاس کیے ہین اور علمی مذاق قائم رکھنے کے لیے اُنھون نے ایک اُردو اور انگریزی رسالہ الہ آباد ریویو نامی نکالا تھا۔ انکے لکھے ہوئے مضامین اخبارات مین شایع ہوا کرتے تھے چنانچہ امریکہ (چکاگو) کی اخبار "دی اوپن کورٹ" و گلوب (لندن)، وکیمبرج ریویو۔ پایونیر (الہ آباد)۔ مارننگ پوسٹ (ہند) وکالج میگزین علیگڈھ۔ وانسٹیٹیوٹ گزٹ۔ وایڈوکیٹ (لکھنؤ) وغیرہ اخبارون اور رسالون مین وقتاً فوقتاً شایع ہوئے ہین۔

مسٹر حمید اللہ خان کے حالات۔

مولویصاحب کے دوسرے فرزند مسٹر محمد مجید اللہ خان ۱۸۶۷ء مین پیدا ہوئے اور ۱۸۷۴ء تک دہلی مین رہے۔ اسکے بعد ۱۸۷۵ء سے ۱۸۷۹ء تک مولویصاحب کے ساتھ علیگڈھ اور مرادآباد مین رہے اور پرائوٹ طور پر اُنکی تعلیم کا سلسلہ جاری رہا ۱۸۸۱ء مین یہ مدرسۃ العلوم مین داخل کیے گئے اور ۱۸۸۶ء تک اُنھون نے وہان تعلیم پائی ۱۸۸۷ء مین الہ آباد چلے گئے اور وہان پرائوٹ طور پر مسٹر ڈیوک آف گارڈن سے پڑھتے رہے۔ پھر اُسی سنہ کے موسم گرما مین یہ نینی تال چلے گئے

اور وہان انگریزی اسکول مین داخل ہوئے۔

بالآخر ۱۸۸۹ء مین مولوی صاحب نے تکمیل تعلیم کے لیئے انکو ولایت روانہ کیا اور ۱۹ اپریل ۱۸۸۹ء کو یہ جہاز قیصر ہند پر سوار ہوکر ولایت کو راہی ہوئے۔

قیام ولایت کے زمانہ مین انکو مسٹر ہیرنگٹن سابق کمشنر اودھ نے ازراہ مہربانی اپنی نگرانی مین رکھا۔ ولایت مین انکا قیام پانچ سال تک رہا۔

یہ اس عرصہ مین مولویصاحب کے جلیل القدر احباب سے بھی ملتے جلتے رہتے تھے۔ چنانچہ ارل نارتھ بروک نے ۵ جولائی ۱۸۸۹ء کو جو چٹھی مولویصاحب کے پاس بھیجی تھی اُسمین اُنھون نے انکے ملنے جلنے کا بھی ذکر کیا تھا۔

۱۸۹۴ء مین اُنھون نے مڈل ٹمپل مین بیرسٹری کا امتحان پاس کیا اور مسٹر جے۔ جی۔ کوکلے بی۔ اے Mr. J. G. Colclough اور اُنھون نے باہم مل کر ایک قانونی کتاب بنام "اے مینوئل آف دی لا آف کانٹریکٹ فار دی یوز آف اسٹوڈینٹس A Manual of the Law of Contract for the use of Students تالیف کی جو ۱۸۹۵ء مین بمقام لندن جارڈن اینڈ سنس کے اہتمام سے چھپی۔

یہ ولایت سے فارغ التحصیل ہوکر ۱۸۹۵ء مین ہندوستان واپس آئے اور اسی سال انرول ہوکر علیگڈھ مین بیرسٹری کی پریکٹس شروع کی پھر علیگڈھ سے مرادآباد چلے گئے اور وہان سے لکھنؤ گئے جہان ۵۔ سال تک پریکٹس کی۔

اسکے بعد پھر علیگڈھ مین بیرسٹری کرنے لگے اور وہان سے دہلی چلے آئے وہان بھی بیرسٹری کی پریکٹس جاری رکھی۔

۱۹۰۷ء مین انکا تقرر ریاست بھوپال مین جوڈیشل ممبری کی خدمت پر ہوگیا لیکن وہان سے قطع تعلق کرکے وہ پھر دہلی چلے آئے۔

انکی طبیعت نہایت موزون ہے اور شعر وسخن کا بھی شوق ہے کبھی کبھی فرصت کے وقت کچھ کہہ لیا کرتے ہین۔ انکے کلام سے چند اشعار اُردو اور فارسی کے بطور نمونہ ذیل مین درج کیے جاتے ہین:-

غزل

لگا کر دل کسی سے کوئی رسوائے جہان کیون ہو
گرفتار بلائے غم نوا سنج فغان کیون ہو

نہ کیجے گر ستم ہمپر تو فریاد و فغان کیون ہو
رہے پردہ مین گر الفت خلائق رازدان کیون ہو

دیا ہی ہمنے دل اپنا کسی کا کیا بگاڑا ہے
زبان خلق پر جاری ہماری داستان کیون ہو

جفا عادت تمھاری ہے تو پھر یہ ماجرا کیا ہے
بتاؤ تو عدو پر تم بھلا پھر مہربان کیون ہو

تقاضہ عقل کا ہے ضبط رکھنا سوز پنہان کو
کسی سے کہکے راز عشق رسوائے جہان کیون ہو

نہ آئے گر خیال غمزۂ ناوک فگن دل مین
نفس نوک سنان بن بنکے پہلو مین نہان کیون ہو

جیین کو قم باذن اللہ سے کشتے نہ الفت کے
مسیحا معجزہ اپنا گنواتے رائگان کیون ہو

غرض پردہ نشینی ہے تو بیٹھو خانۂ دل مین
نقاب افگندۂ محفل مین بتاؤ تو عیان کیون ہو

نہ کھٹکا ہے نہ واہمہ چشم در پھر خوف کس کا ہے
اکیلے مین حیا میری تمھاری درمیان کیون ہو

خیال قاتل عیسیٰ نفس گر چھوڑ دے ہمکو — کشاکش میں بتوں کی نزع جانِ ناتوان کیوں ہو

بنایا بیخودی نے آپ سے بیخود تو پھر کیا ہے
زبانِ خلق کا کھٹکا خیال دشمنان کیوں ہو

پرسی زمن ای چارہ گر از درد پنہان در بغل — دیگر دارم بہ پہلو جائی دل صد یاس و حرمان در بغل

عالم کہ باشد بے عمل باشد چو خر دفتر براو — حاصل ندارد داشتن تفسیر قرآن در بغل

بینم چگونہ می شود تکریم در مقتل مرا — شوق شہادت میبرد با ساز و سامان در بغل

صد شکر مردم راز دان تنہا نرفتم از جہان — خسپیدہ ام زیر زمین با داغ ہجران در بغل

آمرزش داور چو من دیدم ببازار جزا — من نیز حاضر آمدم با جنس عصیان در بغل

خود رفتہ گردیدم چنان از لفت روی بتان — در بحر عشق افتادہ ام پیچیدہ دامان در بغل

چون در لباس زاہدی مکر و ریا را دیدہ ام
دارم لہذا بیخودی سامان رندان در بغل

۲۲ فبروری سنہ ۱۹۰۶ء = ۲۷ ذیحجہ سنہ ۱۳۲۳ھ کو اُنکی شادی نواب شرف الدینخان کی پوتی اور حکیم بدرالدین خان کی نواسی سے ہوئی۔ نواب شرف الدینخا نصاحب سرسید احمد خان بہادر کے ماموں نواب زین العابدین خان کے پوتے تھے اُنکا خاندان قدیم زمانہ مین سربرآوردہ و رسوخ یافتہ تھا۔ سرسید نے سیرت فریدیہ[1] مین اس خاندان کے حالات نواب دبیرالدولہ امین الملک عمدۃ الہمہ فریدالدین احمد خان

[1] سیرت فریدیہ مطبوعہ مفید عام آگرہ۔

مصلح جنگ وزیر اکبر شاہ ثانی کی سوانح عمری مین مفصل لکھے ہین۔

حکیم بدرالدین خان ایک نامی گرامی طبیب تھے۔ بڑے بڑے معرکہ کے علاج کیے دہلی مین رہتے تھے۔ مہاراجہ جیند کے ملازم تھے۔ جب کبھی مہاراج یا اُن کا کوئی قریبی رشتہ دار بیمار ہوتا تھا تو علاج کی غرض سے وہ جیند چلے جایا کرتے تھے۔

حکیم بدرالدین خان کے والد حکیم قطب الدین خان نے کسی کی ملازمت نہین کی مگر بہت کچھ کمایا اور اُنکے دادا حکیم حامد خان صاحب بھی دہلی مین بہت نامور گزرے ہین۔ چنانچہ دہلی مین حکیم حامد خان کا کوچہ ان ہی کے نام سے موسوم و مشہور ہے۔

بہادر شاہ بادشاہ دہلی طاب ثراہ کے وزیر حکیم احسن اللہ خان انکے بھوپھا تھے۔

سنہ ۱۹۰۶ء مین مجید اللہ خان کی شادی مین شریک ہونیکی غرض سے نواب سربلند جنگ بہادر کے اہل وعیال حیدرآباد سے دہلی آئے اور شادی سے فراغت پانیکے بعد مولوی صاحب کی خدمتمین کچھ دنون دہلی اور کچھ دنون علیگڈھ مین حاضر رہے۔ نواب سربلند جنگ بہادر اپنے اہل وعیال کو تقریباً ہر سال مولوی صاحب کی خدمتمین بھیجتے رہتے تھے مگر خود اُنھین بوجہ تعلقات ملازمت گاہے گاہے حاضر ہونیکا موقع ملتا تھا۔

باب دوازدہم

استعداد فقہی وقانونی

زمانہ وکالت کے مقدمات کا بطور نظائر طبع ہونا

مولوی صاحب نے تخمیناً گیارہ سال تک کثیر التعداد مقدمات مین وکالت کی کتب نظائر کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن مین سے ۲۰۰ سے زائد مقدمات اپنی اہمیت کے لحاظ سے ایسے تھے جو نظیر کے طور پر کتب قانونی اور صدر دیوانی عدالت آگرہ اور الہ آباد ہائیکورٹ رپورٹس اور فل بنچ رپورٹس مین طبع ہوچکے ہین

مقدمات شرعی کی وکالت۔

چونکہ زمرۂ وکلا مین آپ عالم وفاضل مشہور تھے اسلیے مقدمات شرعی مین اکثر کسی نہ کسی فریق کی طرف سے وکیل کیے جاتے تھے۔ چنانچہ آپنے اہم اور پیچیدہ مقدمات مین پیروی کرکے نازک اور دقیق مسائل فقہی کا حسب احکام شرع شریف تصفیہ کرایا۔ جب نواب سر سالار جنگ بہادر اول الہ آباد ہائیکورٹ کو دیکھنے گئے تھے تو اُس روز بھی ایک اہم مقدمہ مین مولوی صاحب اجلاس پر بحث کر رہے تھے۔ اور نواب صاحب مغفر نے اُسکی سماعت کے بعد سے ہمیشہ مولوی صاحب کو یاد رکھا۔

زمانہ جج و فیصلہ نگاری

جس طرح وکیلون مین آپ کو امتیاز حاصل تھا اُسی طرح آپ کا پایہ ججون مین بھی بڑھا ہوا تھا۔ اور آپ کے فیصلے نہایت مدلل اور محققانہ ہوتے تھے۔ سب جج اور سشن جج کی حیثیت سے آپ تخمیناً ۲۰ سال کارفرما رہے

اور اس عرصہ مین آپ نے جسقدر مقدمات فیصل کیے اُنکی صحیح تعداد بتانی ممکن نہین ہی۔ اسلیے صرف بعض مقدمات کا ذکر کیا جاتا ہے جو پریوی کونسل یا ہائیکورٹ وجوڈیشل کمشنر اودھ کی عدالتون سے فیصل ہوئے یا جن کا مشہور کتابون مین ذکر ہے۔

مولوی صاحب کے شرعی فیصلے اور اُنپر استناد

یون تو بالعموم آپکے فیصلے اکثر قانونی نکات سے معمور رہتے تھے لیکن جن فیصلون مین شرعی مسائل سے بحث ہوتی تھی وہ قابل استناد و استدلال مانے جاتے تھے۔

حکام اپیل اپنے فیصلون مین انکی نسبت اظہار پسندیدگی فرماتے تھے مثلاً سب جج علیگڈھ کے زمانہ مین آپ نے حاجی فیض احمد خان بنام حاجی غلام احمد خان کے مقدمہ مطبوعہ انڈین لا۔ پورٹس انگریزی الہ آباد جلد سوم صفحہ ۴۹۰ مین جو فیصلہ صادر کیا تھا اُسکو جسٹس امیر علی نے اپنی مشہور کتاب "ٹگور لا لکچرز آن محمڈن لا" مین بجنسہ نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ فاضل جج (مولوی سمیع اللہ خان) نے بالتفصیل بحث کی ہی اور اُنکا یہ فیصلہ ہائیکورٹ اور پریوی کونسل کی عدالتون مین یکسان بحال رہا ہے۔ جن پُرزور الفاظ مین پریوی کونسل کے حکام نے اس مقدمہ کی تعریف کی ہے وہ قابل ذکر ہین۔ وہ تحریر فرماتے ہین کہ:-

حکام پریوی کونسل کی رائے

"ہمکو اس معاملہ مین ایک مسلمان جج کے عالمانہ فیصلہ سے بہت مدد

ملی جنکی نسبت خود ہائیکورٹ معترف ہی کہ وہ شرع شریف کے نکات سمجھنے
مین مشہور ہین - اس قابل جج نے اپنے فیصلہ مین جابجا شرع شریف کے
حوالے - اقتباس اور مثالین درج کی ہین - انکی یہ رائے قطعی ہی کہ کاغذ
زیر بحث مین ایسے الفاظ موجود ہین جو الفاظ ہبہ کے ہم معنی ہین لیکن جب
وہ ایسے موقعہ پر استعمال کیے جاتے ہین - جیسے کہ یہان کیے گئے ہین تو قانوناً
اُنسے ہبہ کا اطلاق ہوتا ہے - انکے خیال مین یہ الفاظ کہ " وہ اپنا گزارہ اس
جائداد سے کرسکتی ہے " ہبہ کی ایک شرط کی وضاحت کرتے ہین اور کسی طرح
اُسکے اثر کو محدود نہین کرسکتے - فی الحال حکام عالی مقام شرع شریف کے
اُن حوالون پر بحث کرنا ضروری خیال نہین کرتے - مگر اس فاضل جج کی فیصلہ
مین دو مختصر اور جامع فقرے ایسے ہین جنکا ذکر کرنا فائدہ سے خالی نہ ہوگا -
وہ تحریر کرتے ہین کہ " کوئی وجہ نہین معلوم ہوتی کہ ہبہ کو عاریۃ کیون مان لیا جائے
اور جب یہ بیان درج ہے کہ موضعات سہولی اور کمال آباد ہبہ کردیے گئے تو
زبردستی یہ معنی کیون نکال لیے جائین کہ موضعات سہولی اور کمال آباد کی
آمدنی عاریۃً دی گئی ہے - * * * * * * * * * * * * * * لہذا پریوی کونسل کے
حکام بھی ہائیکورٹ کی طرح تسلیم کرتے ہین کہ اس فاضل مسلمان جج نے نتیجہ
صحیح اخذ کیا ہے کہ یہ تمام داد و ستد ہبہ بالعوض تھی اور جن الفاظ کی بنا پر اسکو عاریۃ
بنانا چاہتے ہین اُنسے یہ مقصد حاصل نہین ہوسکتا "

تبنیت کا مقدمہ اور حکام اپیل کی رائے۔

تبنیت کے مقدمہ گنگا سہائے بنام لیکھراج سنگھ مطبوعۂ انڈین لا رپورٹس الہ آباد انگریزی جلد نہم صفحہ ۲۵۳ کے متعلق جو فیصلہ مولوی صاحب نے کیا تھا اسکا حوالہ جی سرکار نے اپنی کتاب "ہندو لا آف اڈاپشن" صفحہ ۳۶۴ پر دیا ہے۔ آپنے شاستر کے مطابق مسئلہ تبنیت کے متعلق عالمانہ بحث کی تھی جسکی تعریف ہائیکورٹ کے ججون نے اپنے فیصلہ مین جابجا کی ہے۔ جو تنقیحات آپ نے قائم کی تھین اُنمین سے اکثر کو قائم رکھکر جس سلسلہ سے آپ نے فیصلہ لکھا تھا اُسی طریقہ کو اُنھون نے اختیار کیا تھا۔

حکام اپیل نے اپکے فیصلہ کی ایک ایک تنقیح لیکر اُس پر بحث کی اور اُسکے ساتھ اتفاق کیا۔ چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہین کہ ہم عدالت ماتحت کے قابل جج کے ساتھ بالکل متفق ہین اور یہ قطعی طور پر ثابت کر چکے ہین کہ تبنیت کے وقت مدعی کی عمر ۵ سال سے زیادہ تھی" ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ اسکا تصفیہ کرنے کے بعد ہم فاضل جج کی طرح دھرم شاستر کے ایک اہم مسئلہ کی طرف ملتفت و متوجہ ہوتے ہین کہ قانون بنارس کی رو سے لیکھراج کی تبنیت جو ۲۲ نومبر ۱۸۶۶ء کو واقع ہوئی جائز تھی یا نہین۔ کیونکہ اسوقت متبنی کی عمر ۵ سال سے زیادہ تھی"۔

حکام عالیمقام نے اپنے فیصلہ مین اسی طرح آپ کے فیصلہ کے اکثر اقتباس اور حوالے درج کیے ہین اور آخرکار فیصلہ کو بحال رکھا ہے۔

رائے بریلی مین آپکا قیام بحیثیت ڈسٹرکٹ جج ۱۸۸۷ء سے ۱۸۹۴ء تک رہا

چونکہ حجی رائے بریلی کے فیصلے لا رپورٹس مین طبع نہین ہوتے اسلیے اُنکا حال معلوم نہین ہوسکتا۔ البتہ بعض جو اتفاقاً دستیاب ہوگئے ہین وہ لکھے جاتے ہین

بادل خان بنام مہرن مین جو فیصلہ آپنے صادر کیا تھا اُسمین آپ نے شرعی نظر سے مسئلہ طلاق پر بڑی عالمانہ بحث کی تھی اور مسئلہ طلاق - عدت اور گزارہ کے مباحث مین جو عدالتون کو بوجہ عدم واقفیت اصول و مسائل شرعیہ غلط فہمی ہوتی ہی اُسکے دور کرنیکی کوشش کی تھی - یہ فیصلہ ماہ ستمبر ۱۸۹۲ء کے الہ آباد ریویو کے صفحہ ۱۷۱ مین بھی شایع ہوا تھا۔

رسولاً بنام مرزا نعیم اللہ کے مقدمۂ ازدواج مین مولویصاحب نے جو فیصلہ صادر کیا تھا۔ اُسکا ذکر سر آر۔ کے ولسن نے اپنی کتاب ڈائجسٹ آف انگلو انڈین لا" طبع دوم کے صفحہ ۱۵۱ پر کیا ہی اور لکھا ہے کہ جسٹس سید محمود نے عبد القادر بنام سلیمہ کے مقدمہ مطبوعہ انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ہشتم صفحہ ۱۴۹ مین جو فیصلہ صادر کیا تھا اُس پر اس فیصلہ مین مولوی سمیع اللہ خان نے بحث کی ہے جسٹس سید محمود نے صاحبین کے قول کو مرجح سمجھ کر فیصلہ صادر کیا تھا اور مولوی سمیع اللہ خان نے امام ابو حنیفہؒ کے قول کو جو مفتی بہ ہے راجح ثابت کرکے اسکے مطابق فیصلہ کیا ہے۔ سر آر کے ولسن کی رائے ہی کہ "انصاف اور ضرورت اس امر کی مقتضی ہی کہ ابو حنیفہؒ کے قول اور ماقبل کے سرکاری فیصلون کو مرجح سمجھا جائے۔ یہ بات صریحاً دشوار معلوم ہوتی ہی کہ زوجہ غیر محدود زمانہ تک بحالت

نصف زوجیت رہے لیکن خاوند کو ہر وقت اختیار رہے کہ وہ دین ادا کرکے اس حالت کا خاتمہ کردے۔ عوام الناس کی فائدہ رسانی کے لیے یہ ضرور ہے کہ ایسے ذریعے اختیار کیے جائین۔ جنسے خاوند اور زوجہ کا یہ قضیہ بغیر دست اندازی بحقوق زوجہ رفع ہوجائے۔ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭

انگریزی فیصلون اور متقدمین کی رایون مین دربارۂ حق انکار مجامعت بلا ادائی زر مہر" اسوقت تک کبھی اختلاف نہین ہوا ہی۔

یہ فیصلہ جداگانہ پمفلٹ کے طور پر بھی شائع ہوا تھا اور ۲۸۔ اگست ۱۸۹۱ء کو ٹرسٹیان برٹش میوزیم نے اسکو اپنی لائبریری مین شریک کرنیکا شرف بخشا تھا۔

جی رائے بریلی کے زمانہ کے پانچ فیصلے پریوی کونسل تک پہنچے۔ چنانچہ مطبوعہ رپورٹس سے پتہ ملتا ہے کہ چار فیصلے تو خود جوڈیشل کمشنر ہی نے بحال رکھے تھے صرف فیصلہ بمقدمہ گنگا بخش بنام جگت بہادر مصدرہ ۶ ستمبر ۱۸۸۸ء سے اختلاف کیا تھا مگر وہ فیصلہ آخر کار پریوی کونسل کے فیصلہ مصدرہ ۲۰ و ۲۱ جون ۱۸۹۵ء مطبوعۂ انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۲۳ صفحہ ۱۵ سے بحال رہا۔ اور جوڈیشل کمشنر کی رائے منظور نہین ہوئی۔ باقی چار فیصلے بمقدمات عبدالوحید خان بنام شلوکہ بی بی مصدرہ ۲۹ مارچ ۱۸۸۸ء مطبوعۂ انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۱۲ صفحہ ۴۹۴ و فیض محمد خان بنام محمد سعید خان مصدرہ ۹ اکتوبر ۱۸۸۸ء مطبوعۂ انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۲۵ صفحہ ۸۱۷ و بل بھدر سنگھ بنام نرائن سنگھ مصدرہ ۲۵ ستمبر ۱۸۹۸ء مطبوعۂ انڈین لا رپورٹس کلکتہ

جلد ۲۷ صفحہ ۴۴۳ و پرتاب بہادر سنگھ بنام بدلو مصدرہ ۳۰ اپریل ۱۸۹۱ء انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۵ کے صفحہ ۴۷۹ پر طبع ہوئے ہین - ان سب مین مولوی صاحب کے فیصلے تعریف کے ساتھ بحال رہے -

مولویصاحب سے بہ حیثیت ایک مقنن اور تجربہ کار عدالتی عہدہ دار ہونیکی منجانب گورنمنٹ اکثر قوانین وغیرہ کی اجرائی کے متعلق رائے طلب کیجاتی تھی اور وہ اپنی رائے آزادی کے ساتھ ظاہر کردیتے تھے -

قانون رجسٹری نکاح وطلاق مسلمانان یعنی ایکٹ نمبر ۱۵ ۱۸۷۶ء مصدرۂ بنگال کونسل کو صوبجات مغربی وشمالی مین نافذ کرنیکے متعلق بھی آپکی رائے لی گئی تھی - عامۃ المسلمین کی دشواریون اور مالی مشکلات کو پیش نظر رکھکر آپنے قانون رجسٹری نکاح وطلاق وخلع کو لازمی کرنیسے اختلاف کیا تھا اور اس بات پر زور دیا تھا کہ صوبہ بنگالہ کی طرح صوبہ جات مغربی وشمالی مین بھی اس قانون کو بطور اختیاری نافذ کیا جائے اور قاضی مقرر کرکے اُنسے مسلمانون کے معاملات نکاح وطلاق اور خلع کو متعلق کیا جائے -

رائے مذکورۂ بالا کا اقتباس مولویصاحب ہی کے الفاظ مین درج ذیل کیا جاتا ہے :-

"لیکن اگر قانون رجسٹری نکاح وطلاق وخلع لازمی کردیا جاوے جسکا نتیجہ یہ ہو کہ غیر رجسٹری شدہ نکاح وطلاق ناجائز قرار پاوین گو وہ شرعاً جائز ہون تو

رعایا کی سوشل حالت کو سخت ضرر پہنچیگا - ایک ادنی لاپروائی و سہل انکاری و
عدم تعمیل قانون کی وجہ سے اُنکے بچے جو اُنکے مذہبی اصول کے موافق اُنکی
جائز اولاد متصور ہین وہ قانوناً ناجائز و غیر صحیح النسب و غیر مستحق وراثت قرار پائینگے
اُنکی مائین مدخولہ و ناجائز زوجہ متصور ہونگی اور شوہر قانوناً مرتکب حرام متصور ہونگے -
اگرچہ وہ مذہبی قاعدہ شرعیہ کے موافق جائز زوجہ ہونگی - اسی طرح سے مطلقہ زوجہ
باوجودیکہ شرعاً وہ شوہر سے بے تعلق و غیر مستحق نفقہ ہوگئی ہو بوجہ عدم رجسٹری کے
وہ زوجہ رہے گی اور شوہر پر وعیدات اُن حقوق کی باقی رہیگی جو اُسکو غیر مطلقہ ہونیکی
حالت مین ہوتے - اور یہ صاف مذہبی دست اندازی ہوگی جو تحمل کے ساتھ
برداشت نہ ہوسکیگی اور بالکل برخلاف واجبی اصول و اضعان قانون کے
اور برٹش گورنمنٹ کی اُس عمدہ پالیسی کے ہوگی جو مذہبی دست اندازیون سے
احتیاط کے ساتھ علیحدہ رہنے کی ہے اور جسکی وجہ سے وہ تمام دنیا کی گورنمنٹون مین
ممتاز ہے پس اگر طریقہ اصول لازمی کا اختیار کیا جاوے تو ملک مین سخت بدلی
و بے اطمینانی مسلمانون کے فرقہ مین پیدا ہوگی ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭
٭ ایکٹ ۱۱ سنہ ۱۸۶۴ء جو قاضیون کی موقوفی کا قانون تھا اب باقی نہین ہے اور
خوش قسمتی سے ایکٹ ۱۲ سنہ ۱۸۸۰ء پاس ہوگیا ہے اور بموجب اُسکے قاضی مقرر ہوسکتے
ہین اور مقرر ہوگئے ہین - اگر قاضیون کا تقرر مناسب احتیاط کے ساتھ قصبات
و دیہات مین مناسب مسافت کے لحاظ سے کیا جاوے اور وہی بہ ذریعہ

لیسنس معینہ دفعہ ۳۔ ایکٹ نمبر ۱۵ سنہ ۱۸۷۶ء مجاز رجسٹری نکاح وطلاق وخلع کے
کیے جائین تو قانون بحالت موجودہ اصول اختیاری کے بہت جلد کامیاب
ثابت ہوگا اور اس طریق عمل سے بڑا حصہ تنازعات نکاح ومہر وطلاق و
نان ونفقہ کا جو فرقۂ اہل اسلام کی خوش حالی وامن وامان پر صدمہ رسان ہی
اور عدالتہائے دیوانی وفوجداری کا تکلیف دہ ہی کم ہوجاویگا۔

سب سے ضروری احتیاط جو قاضیون کے تقرر مین ہونی چاہیے وہ یہہی
کہ معزز خاندان کے اشخاص وذی علم قاضی مقرر ہون اور گو تقرر باضابطہ
اُنکا گورنمنٹ یا کسی اعلی عہدہ دار سرکاری کے حکم سے ہو لیکن انتخاب اُن
اشخاص کا ایک ایسی کمیٹی اہل اسلام کے ہاتھ مین ہو جسمین شیعہ اور اہلسنت
دونو قوم کے معزز اشخاص ممبر ہون ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭ ٭
میری عاجز رائے یہ ہے کہ تمام فرق اہل اسلام کی خوش قسمتی ہوگی اگر
قانون اول سنہ ۱۸۷۶ء اپنی حالت موجودہ اصول اختیاری پر جاری رہے
اور جہان جہان نہین ہی (جیساکہ ممالک مغربی وشمالی واودھ ہے) وہان جاری
کیا جاوے لیکن اسکے ساتھ میری عاجزانہ رائے یہہ بھی ہے کہ اگر اصول
اختیاری چھوڑ دیا جاویگا اور لازمی اختیار کیا جاویگا (جسکے اختیار کرنے کی
کوئی ضرورت نہین ہے) تو علاوہ اُن نقصانات کے جو مین نے اوپر
بیان کیے ہین یہہ قانون بدقسمت غریب عام فرقۂ اہل اسلام کی ضروری

مذہبی رسم کا خاص تعزیری ٹیکس کا قانون خیال کیا جاویگا اور مجھکو قوی امید ہے
کہ واضعان قانون کسی ایسے قانون کو لازمی اصول پر مبنی کرنا پسند نکرینگے"
آپکی رائے مذکورۂ بالا گورنمنٹ مین پیش ہونیکے بعد الہ آباد ریویو مورخۂ اکتوبر
۱۸۹۰ء مین چھپی تھی اور اُسکا انگریزی ترجمہ نومبر ۱۸۹۰ء کے رسالہ مین شایع ہوا تھا
مسودۂ قانون عدالت خفیفہ ممالک مغربی و شمالی ۱۸۸۵ء کے متعلق بھی
سرکار نے مولوی صاحب کی رائے طلب کی تھی۔ اور مولوی صاحب نے
اپنی رائے مین آنریبل جسٹس سید محمود کی اُس رائے پر جو اُنھون نے اس
مسودۂ قانون کے متعلق دی تھی آزادی کے ساتھ جرح و قدح کی تھی۔
آنریبل جسٹس سید محمود نے رائے دی تھی کہ "اختیارات آنریری ہر ایسے
شخص کو دیے جائین جسکو لوکل گورنمنٹ اُنکے لائق منصور فرمائے"
اور یہ کہ "دیہات مین بلا تنخواہ عدالتین قائم کی جاوین"
مولوی صاحب نے تجویز اول الذکر کے ساتھ کسیقدر ترمیم کے بعد اتفاق
فرمایا تھا اور تجویز ثانی الذکر سے مدلل طور پر اختلاف کیا تھا جو ذیل مین نقل
کیا جاتا ہے :-
"مین اس رائے کے اظہار سے خوش ہون کہ مسٹر جسٹس محمود کی تجویز اول سے
مین بالکل متفق ہون۔ مین اُسمین کسیقدر ترمیم تجویز کرتا ہون۔ جو طریقہ تجویز
اول مین مذکور ہے وہ اودھ مین بموجب ایکٹ ۱۳ ۱۸۷۹ء کے جاری ہی۔

مین خوش ہونگا اگر یہہ ممالک مغربی و شمالی مین بھی جاری کیا جاوے۔ لیکن
مین قیاس کرتا ہون کہ لفظ any person یعنی "کسی شخص" کی توضیح
ہونا چاہیے۔ مسٹر جسٹس محمود کی رائے کو ادب سے دیکھکر مین خیال کرتا ہون کہ الفاظ
any person دفعہ ۱۵۔ ایکٹ ۱۱ سنہ ۱۸۴۰ء مین ایسے عام نہین ہین
جیسا کہ اُنھون نے خیال کیا ہی۔ مین یقین کرتا ہون کہ ایکٹ مذکور لوکل گورنمنٹ کو
یہہ اختیار دیتا ہے کہ وہ اختیارات آنریری جن کا اُسمین مذکور ہے صرف
حکام سرکاری کو عطا کرے اور الفاظ any person اِنمین
حکام سے متعلق ہین میری رائے احقر مین الفاظ any person
کی زیادہ وسیع مراد ہونا چاہیے اور کو کل گورنمنٹ کو اختیار دیا جائے کہ سوائے
حکام سرکار کے اور اشخاص کو بھی اختیارات دیوے۔ مین یہہ بھی خیال کرتا
ہون کہ ایسے اختیارات اُس سے زیادہ ہونا چاہئین جسقدر مسٹر جسٹس محمود
تجویز کرتے ہین۔

وہ صرف مقدمات خفیفہ ہی پر نہ محدود نہ ہونے چاہئین۔ ایکٹ ۱۳ سنہ ۱۸۷۹ء
مین جو اطمینان کیساتھ اودھ مین جاری ہے یہہ اختیار آنریری محدود نہین ہی
اور اگر ایسے اختیار کے لیے لائق اشخاص مل سکین تو کوئی وجہ نہین ہی کہ کیون
اُنھین زیادہ وسیع اختیار نہ دیا جاوے ماسوائے اختیار عدالت خفیفہ کے۔
لیکن فی الواقع بلحاظ مالیت مقدمات اس اختیار آنریری کی حد ہونا چاہیے

اور یہہ حدود بھی درجہ بدرجہ ہون جیون جیون ایک آنریری افسر تجربہ حاصل کرتا جاوے اور اپنے تئین لائق انجام کار مفوضہ دینے کے ظاہر کرتا جاوے

٭ ٭ ٭

ضابطۂ دیوانی ۱۸۸۲ء کے متعلق بھی مستقل رائے آپنے لیجسلیٹو دپارٹمنٹ
مین پیش کی تھی لیکن چونکہ اس قانون کی دفعہ دفعہ اور الفاظ اور ترکیب فقرات سی
بحث کیگئی تھی اسلیے اسکا انتخاب مشکل ہی۔ سنا گیا ہی کہ وہ نہایت کارآمد خیال
کی گئی تھی۔

باب سیزدہم

مختلف واقعات

اس باب مین مولوی صاحب کی زندگی کے چیدہ چیدہ مختلف واقعات بلا قید سنہ درج کیے جاتے ہین۔

مولوی صاحب نے اپنے بھائی بہنون کی اولاد کی شادیان اور دوسری تقاریب فراخ دلی سے کین اور اپنے بچونکی معمولی تقاریب پُر تکلف طور پر کین اور اکثر مین حصص دتورے دہلی و دیگر مقامات پر جہان رسوم ادا ہوئین تقسیم کیے جو ایک عرصہ تک آگرہ و دہلی و علیگڈھ مین یا درہین گے۔

مولویصاحب کا اعزہ کے ساتھ حسن سلوک

قحط سالیون کے زمانون مین جن جن شہرون مین مولویصاحب مقیم ہوتے تھے وہان محتاج خانون کے انتظام مین دلچسپی رکھتے تھے اور مقامی کمیٹیون وغیرہ مین سے جو عمدہ اصول پر قائم ہوتی تھین اُنکی مدد کرتے رہتے تھے۔

آپکے زمانہ قیام الہ آباد مین حکیم احسن اللہ خانصاحب جو دہلی کے مشہور اطبا مین سے تھے اور جنکا ذکر مجملاً صفحہ ۲۱۲ کتاب ہذا مین کیا گیا ہے حج کو جاتے ہوئے آپ کے مہمان ہوئے تھے اور اُنکی پُر تکلف دعوت کی گئی تھی۔

روسا پٹنہ وغیرہ کو تک مشورہ دینا

اکثر روسا پٹنہ و بھاگلپور و ڈھاکہ مولوی صاحب سے دوستانہ ملاقات یا قانونی مشورہ کے لیے آتے رہتے تھے اور اُس زمانہ مین مشہور مسلمان

امرا نے جو جو وقف نامے یا ہبہ نامے یا دوسری طرح کے انتظامات اپنی جائداد یا اولاد کے متعلق کیے تھے اُنمین شائد ہی کوئی ایسا ہو جسمین مولوی صاحب سے مشورہ نہ لیا گیا ہو۔

مہاراجہ پٹیالہ کی مہمانی۔

۱۸۷۵ء مین سری مہاراجہ مہندر سنگھ جی۔سی۔ایس۔آئی مہاراجہ پٹیالہ علیگڈھ کالیجیٹ اسکول کو دیکھنے تشریف لائے اور مولوی صاحب کے مہمان ہوئے۔

سر ولیم میور کا علیگڈھ آنا

اکٹوبر ۱۸۷۶ء مین سر ولیم میور بہادر مراجعت فرمائے ولایت ہوتے ہوئے علیگڈھ کے اسٹیشن پر اُترے اور وہین مدرسۃ العلوم کی کمیٹی کی جانب سے اُنکی خدمت مین ایک اڈریس پیش کیا گیا جو عربی مین تھا۔ اسکے پڑھنے کیلیے مولویصاحب منتخب ہوئے تھے۔ یہہ اڈریس مدرسۃ العلوم کی روئداد مین چھپا ہی۔

دربار دہلی مین دوستونکی مہمانی

دسمبر ۱۸۷۶ء مین تقریب دربار قیصری مولوی صاحب نے دہلی مین بہت سے دوستون کی مہمانی کی۔

سند خوشنودی کا ملنا۔

یکم جنوری ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری مین مولوی صاحب کو شرکت کا اعزاز بخشا گیا اور سند خوشنودی و وفاداری عطا ہوئی۔

کمیشن تعلیم اور مولویصاحب کی رائے۔

بعہد وائسرائلٹی مارکوئس آف رپن ۱۸۸۲ء مین جو کمیشن تعلیم کے مسئلہ پر غور کرنیکے لیے منعقد ہوا تھا اُس نے مولویصاحب کی شہادت بھی بوجہ آپ کے علم و دست دہ ہمدرد تعلیم ہونیکے قلم بند کی تھی۔

اور اس کمیشن کے روبرو آپ نے اُن خیالات و آرا، کا اظہار فرمایا تھا جو باشندگان ہند کی تعلیم کے لیے عموماً اور مسلمانان ہند کی تعلیم کے حق مین خصوصاً آپ کار آمد اور مفید تصور فرماتے تھے۔

کمیشن کی کارروائی طبع ہوکر شایع ہوچکی ہے اور اُسمین آپکی شہادت بالتفصیل درج ہے اور شہادت دینے کے وقت ملک کے نامی گرامی اخبار بھی اُسکو تفصیل کے ساتھ شایع کرچکے ہین۔

سالار جنگ بہادر اول کا علیگڈھ آنا

مئی ۱۸۸۲ء مین نواب سر سالار جنگ بہادر اول مدرسۃ العلوم مین تشریف لائے مولوی صاحب کو خصوصیت کے ساتھ اُنسے نیاز حاصل کرنے کا شرف حاصل ہوا۔

ڈیوک آف کناٹ کا دربار

مارچ ۱۸۸۴ء مین بمقام آگرہ ڈیوک آف کانٹ کے دربار مین شریک اور اُنکی خدمتمین حاضر ہونیکا آپ کو افتخار حاصل ہوا۔

سر سالار جنگ ثانی کا علیگڈھ

۱۷ اکتوبر ۱۸۸۴ء کو نواب سر سالار جنگ ثانی مدرسۃ العلوم علیگڈھ مین رونق افروز ہوئے۔ ۱۸ اکتوبر کو اُنکے آنرمین کمیٹی مدرسہ کی جانب سے ایک پرتکلف جلسۂ ڈنر ترتیب دیا گیا جسمین تقریباً پچاس یورپین اور دیسی مہمان شریک تھے۔ مولوی صاحب کو اُنسے ملنے کا اعزاز حاصل ہوا اور وہ اُنسے نہایت عزت و وقعت سے ملے۔

پبلک سروس کی کمیشن اور آپکی شہادت

۱۸۸۷ء مین بعہدہ وائسرائی لارڈ ڈفرن پبلک سروس کے متعلق جو کمیشن

منعقد ہوا تھا اُسمین بھی آپکی واقفیت عامہ کے لحاظ سے آپکی شہادت لی گئی تھی اور اُسکے سامنے آپ نے پبلک سروس کے بارہ مین اپنے خیالات کا اظہار آزادی کے ساتھ فرمایا تھا کمیشن کی رپورٹ شایع ہوچکی ہے جسمین تفصیل کیساتھ آپکی شہادت درج ہے علاوہ اسکے اُس زمانہ کے اخبارون نے بھی اُس کو شایع کیا تھا۔

مولوی صاحب کا لوگون کو امتحانات کا شوق دلانا

جس طرح قیام آگرہ کے زمانہ مین آپکی کوشش اور آپ کے فیض صحبت سے کثرت کے ساتھ لوگ امتحان وکالت مین کامیاب ہوکر مین بعد معزز وکیل یا بڑی بڑی خدمتون پر فائز ہوئے اسی طرح الہ آباد کے قیام کے زمانہ مین مولوی ناظر حسین صاحب حال وکیل سہارنپور مولوی سید محمد میر صاحب وکیل میرٹھ اور مولوی خواجہ محمد اسمعیل صاحب وکیل علیگڈھ اور بہت سے لوگون نے آپکی توجہ اور کوشش سے امتحان وکالت مین کامیابی حاصل کی۔

پروفیسران علیگڈھ کو قانونی امتحانات کا شوق دلانا۔

آپنے اپنی ملازمت کے زمانہ مین علیگڈھ کالج کے چند اُستادون مثل پروفیسر راماشنکر مصر ایم۔ اے حال مجسٹریٹ وکلکٹر۔ لالہ بیجناتھ صاحب (رائے بہادر جج خفیفہ) بابو بھوانی چندر چکرورتی صاحب بی۔ اے سب جج۔ منشی نجبا ور لال صاحب بی۔ اے اور بعض اعزہ مثلاً حاجی مولوی محمد شفیع صاحب ایم۔ اے جج۔ اور خواجہ عبد العلی صاحب ایم۔ اے سب جج۔ و مولوی رفیع الدین صاحب و مولوی منصور شاہ خان صاحب وکلاء علیگڈھ و مولوی احسان اللہ صاحب وکیل

گورکھپور کو شوق و ترغیب دلاکر قانونی امتحانات پاس کرنیکی جانب متوجہ کیا اور جہان جہان آپکو ملازمت کی حیثیت سے قیام کرنیکا اتفاق ہوا آپ برابر وہانکے نوجوانون کو قانونی امتحانات مین شریک ہونے کی ترغیب دیتے رہتے تھے اور آپ کے متوجہ کرنے سے بہت سے لوگون کو ادھر توجہ ہوئی اور قانونی امتحان پاس کرکے وکیل یا عہدہ دار بن گئے۔

قیام رائے بریلی اور عام میل جول

زمانہ جی وسشن جی رائے بریلی مین آپکی خدمت نہایت نازک تھی بین اضلاع آپ کے ماتحت تھے اور یوروپین ڈپٹی کمشنرون اور اسسٹنٹ کمشنرون اور دیگر عہدہ دارون سے آپکو سابقہ پڑتا تھا جسمین ہر مزاج کے لوگ ہوتے تھے۔ تخمیناً چھ سال کی اندر آپنے اپنی تدبیر سے نہایت عمدہ تعلقات سب سے قائم کرلیے اور بعض عہدہ دارون سے بوجہ ناواقفی حالات اگر ابتدا مین کچھ کشیدگی بھی ہوئی تو بہت جلد وہ دوست بنگئے۔ کوئی مہینہ ایسا نہین ہوتا تھا کہ عہدہ داران مقامی کی دعوتین مولوی صاحب کے ہان اور انکی دعوتین عہدہ دارون کی ہان نہ ہوتی ہون۔ کمشنران صوبہ اور ڈپٹی کمشنران وغیرہ مع لیڈیز کے سب مولوی صاحب کے یہان آتے جاتے رہتے تھے لکھنؤ کے خاندان شاہی کے ارکان جو اودھ مین تھے اور اکثر تعلقداران اودھ مولوی صاحب کو اپنا دوست سمجھتے تھے۔ پرنس شہدیو سنگہ بہادر معزز رئیس قوم سکھان خاص رائے بریلی مین رہتے تھے اور جو رنجیت سنگہ کے خاندان مین ہونیکی وجہ سے سرکار انگریزی سے

پنشن پاتے تھے اور بڑا رسوخ رکھتے تھے مولوی صاحب سے بہت محبت اور بے تکلفی کے ساتھ ملتے تھے اور مولوی صاحب کے نصائح پر عمل کرنیسے اُنکو فائدہ پہنچا کرتا تھا۔ پرنس ممدوح بیرون رائے بریلی دربارون مین شریک ہونیکے لیے بھی نہین جاتے تھے لیکن جب مسلمان بورڈنگ ہوس الہ آباد کا افتتاح سر آکلنڈ کالون بہادر نے فرمایا اُس جلسہ کی شرکت کے لیے وہ بڑی خوشی کے ساتھ الہ آباد گئے اور مولوی صاحب کے مہمان ہوئے۔

تعلیم ولایت کو بغرض لوگون کو جانے پر راغب کرنا۔

مسٹر سید محمود کے ولایت سے تعلیم پاکر واپس آنے پر ایک عرصہ تک ممالک مغربی وشمالی (صوبجات متحدہ) سے طالب علمون کا ولایت جانا رُک گیا تھا۔ آپ نے اپنے ساتھ محمد حمید اللہ خان کو بغرض تعلیم ولایت لیجاکر اس بندش کو کھولا اور اپنے دوست احباب کو اس بات پر آمادہ کیا کہ وہ اپنی اپنی اولاد کو تعلیم کے لیے ولایت بھیجین۔ چنانچہ مسٹر حامد علیخان و مسٹر محمد رفیق مسٹر نبی اللہ اور مسٹر حبیب اللہ اور مسٹر سید عبدالرؤف و مسٹر روشن لال بیرسٹران و ڈاکٹر کامتا پرشاد اور مسٹر شیخ محمد رؤف وزاہد علیخان بیرسٹران اور اکثر دوسرے طالب علمون کا ولایت جانا ہوا۔ اور پھر ان مثالون کو دیکھکر اُس صوبہ کے اکثر مسلمان اور ہندو اپنے بچونکو تعلیم کی غرض سے ولایت بھیجنے لگے۔

سر وقار الامرا کا علیگڈھ جانا

سنہ ۱۸۹۵ء مین نواب سر وقار الامرا بہادر سفر شملہ کی واپسی مین علیگڈھ تشریف لائے اور مع اسٹاف مولوی صاحب کے مہمان ہوئے معززین و رؤسا

دہلی و آگرہ و علیگڈھ و بلند شہر وغیرہ نوابصاحب کے استقبال کے لیے بُلائے گئے۔ یکم ستمبر کو صبح کے نو بجے نواب صاحب کی اسپشل ٹرین علیگڈھ کے اسٹیشن پر پہنچی۔ بعد دعوت بریک فاسٹ نواب صاحب کی خدمت مین کئی اڈریس پیش ہوئے اور نوابصاحب نے اُنکو قبول کیا۔ اُسی زمانہ مین نوابصاحب ممدوح نے مولویصاحب کو حیدرآباد آنے اور سرکاری مہمان ہونیکی دعوت دیکر آنیکا وعدہ لیا۔ مولوی صاحب ۱۸۶۶ء مین حیدرآباد تشریف لے گئے۔

مولویصاحب کا حیدرآباد تشریف لیجانا

اعلیحضرت قدر قدرت بندگانعالی متعالی مدظلہ العالی خلداللہ ملکہٗ نے بھی ازراہ نوازشات خسروانہ مولوی صاحب کو قبولیت نذر کا شرف بخشا۔

حیدرآباد مین نواب سر وقار الامرا بہادر کے علاوہ مولوی صاحب کے اور بھی بہت سے احباب و اعزہ موجود تھے ان سب کو آپکی تشریف آوری کی بے حد خوشی ہوئی۔ مدار المہام بہادر و اکثر امرا و عہدہ دارون نے مولویصاحب کے اعزاز مین دعوتین دین اور پارٹیان منعقد کین۔

مولوی صاحب کا حیدرآباد تشریف لیجانا ایک ایسا امر تھا کہ جسکے حیدرآبادی احباب اور اعزہ سالہا سال سے مشتاق اور منتظر تھے۔ مولویصاحب نے اس سے پہلے حیدرآباد کا کبھی ارادہ نہین فرمایا تھا۔ اسوقت اتفاق سے چند محرک ایسے پیدا ہوگئے کہ آپکو حیدرآباد کا ارادہ کرتے ہی بن پڑا۔ اول تو آپ نواب وقار الامرا بہادر جیسے جلیل القدر امیر سے وعدہ کر چکے تھے دوسرے آپ کے

بھانجے نواب سرور الملک بہادر اور آپ کے فرزند نواب سر بلند جنگ بہادر مع اہل وعیال حیدرآباد مین موجود تھے یہہ تمام باتین ملکر آپ کے حیدرآباد تشریف لیجانے کا باعث ہوئین سیاحت کے طور پر چند روز کے لیے حیدرآباد مین رہے۔

زمانۂ قیام حیدرآباد و اخبارون کا مختلف خبرون کا چھاپنا۔

زمانۂ قیام حیدرآباد مین بعض بعض اخبارون نے مولوی صاحب کی متعلق بہت سی خبرین چھاپین اور مختلف اعلیٰ ترین عہدون کے لیے آپ کا انتخاب کیا لیکن حقیقت حال یہہ ہے کہ مولوی صاحب نے جب پنشن لی تھی اُسیوقت یہہ ارادہ کرلیا تھا کہ وہ بقیہ عمر عبادت الہی اور ملک کی فائدہ رسانی کے کامون مین صرف کرینگے۔ اسلیے جن ملازمتون کو قبول کرنے کے لیے آپسے جس کسی نے کبھی کہا آپ نے شکریہ کے ساتھ اُنکے قبول کرنیسے انکار فرمادیا اور جتنی ملازمتین پیش کی جائین اُنکے قبول کرنیسے بھی آپ انکار کرتے۔

حیدرآباد سے واپسی

حیدرآباد کے چند روزہ قیام کے بعد مولوی صاحب علیگڈھ واپس تشریف لے آئے گو آپ تفریح طبع یا زیارات وغیرہ کی غرض سے تھوڑے دنون کیلیے مختلف مقامات پر تشریف لیجاتے اور تبدیل آب وہوا کے لیے شملہ پہاڑ جایا کرتے تھے لیکن زیادہ قیام آپکا دہلی اور علیگڈھ مین رہتا تھا۔

الہ آباد مین سر خورشید جاہ بہادر کو ایڈریس

سنہ ۱۸۹۶ء مین بمقام الہ آباد نواب سر خورشید جاہ بہادر نے مولویصاحب کے قائم کیے ہوئے بورڈنگ ہوس مسلمانان کی کمیٹی کو ایڈریس پیش کرنیکی اجازت

دی اور مولوی صاحب نے علی گڈھ سے الہ آباد جاکر خاص طور پر اڈریس پیش کروایا۔

جلسوں اور پارٹیوں میں شرکت۔

جہان جہان سرکاری طور پر بڑی بڑی پارٹیاں اور جلسے منعقد کیے جاتے تھے آپ ہمیشہ مدعو ہوتے تھے۔

دربار تاجپوشی کے موقع پر حضور نظام کے جلسہ ہوم میں شرکت

۱۹۰۳-۴ء کے دربار تاجپوشی کے موقع پر جو گورنمنٹ کی جانب سے جلسے اور دعوتیں ہوئی تھیں اُنمیں تو مولوی صاحب بطور سرکاری شریک ہوئے ہی تھے لیکن جب حضور پُرنور اعلیحضرت بندگانعالی متعالی خلداللہ ملکہ نے اپنی فرودگاہ لڈلوکاسل دہلی مین ۴ جنوری ۱۹۰۳ء کو جلسۂ ایٹ ہوم منعقد فرمایا تھا اُسمین بھی آپکو بکمال الطاف خسروانہ وعنایات شاہانہ مدعو فرمایا تھا اور آپ کے ساتھ نہایت عزت افزائی سے پیش آئے تھے۔

بارگاہ حضور نظام سے عزت و افتخار کا سمجھا جانا

حضور ممدوح الشان حضرت قدر قدرت بندگانعالی متعالی دام ملکہٗ نے نواب سر بلند جنگ بہادر کو زمانہ قیام دہلی مین خاصہ قبول فرماکر عزت و افتخار بخشا تھا۔ وہ عزو افتخار بھی دراصل مولوی صاحب ہی کو اُن مراحم خسروانہ کے باعث بخشا گیا تھا جو مولوی صاحب کے خاندان پر عرصۂ دراز سے مبذول ہوتے چلے آتے تھے۔

باب چہاردہم

انجام بخیر

تاریخ و روز وفات

مولوی صاحب انی بمقام علیگڈھ ۵ ربیع الاول ۱۳۲۶ھ مطابق ۷ اپریل ۱۹۰۸ء روز سہ شنبہ کو دن کے ڈھائی بجے انتقال فرمایا۔

تدفین کے متعلق وصیت

اس دفعہ مرض معمولی اور چند روزہ تھا لیکن آپ نے مکمل انتظام کر لیا تھا اسلیے وقت پر کوئی مشکل پیش نہین آئی۔ آپ نے وصیت فرمائی تھی کہ میری لاش کو بہت جلد دہلی لیجا کر دفن کرنا۔ پس حسب وصیت لاش تابوت مین رکھکر ریل مین دہلی پہنچائی گئی۔

علیگڈھ و دہلی مین نماز جنازہ

پہلے آپکے جنازہ کی نماز علیگڈھ مین پڑھی گئی جہان کثرت سے شہر اور مدرسۃ العلوم کے لوگ شریک ہوئے تھے۔ پھر لاش کے دہلی پہنچنے پر آپ کے دوستون۔ اعزہ اور اقربا نے وہان جنازہ کی نماز پڑھی۔ نواب سر بلند جنگ بہادر جو آپکی خبر علالت سُن کر حیدرآباد سے روانہ ہوئے تھے عین تجہیز و تکفین کے وقت دہلی پہنچ گئے تھے اور نماز مین شریک تھے۔

باوجود اسکے کہ لاش علیگڈھ سے دہلی آدھی رات کو پہنچی تھی جنازہ کی مشایعت مین کثیر مجمع تھا۔

بیرون دہلی دروازہ شاہ عبدالعزیز رح محدث مرحوم و مغفور کے مزار و مسجد سے

موقع مزار

تھوڑے فاصلہ پر جو ایک دوسری مسجد واقع ہی جسکے متصل شاہ عبدالغیر صاحب شکر بار کا مزار ہے اور جو جگہ مہدیون کے نام سے یاد کی جاتی ہے اسی کے متصل آپ اپنے والد بزرگوار کے برابر سپرد خاک کیے گئے۔ آپ کے مزار پر قطعۂ ذیل کندہ ہی:-

بگلشتِ جنان رفتہ خرامان	سمیع اللہ خان شادان و مسرور
بتاریخ وفاتش فکر کردم	سروش غیب ناگہ گفت مغفور

۱۳۲۶ھ

ذیل مین وہ تاریخی قطعات اور مادّہ ہائے سنہ وفات درج کیے جاتے ہین جو اکثر سخن سنج اصحاب نے اس واقعہ کی یادگار کے لیے موزون کیے تھے:-

قطعۂ تاریخ وفات طبغراد جناب مولوی محمد فاروق صاحب چریاکوٹی

طبغراد مولوی محمد فاروق صاحب۔

قَدْ فَارَقَ النَّاسَ حِبْرٌ مَاجِدٌ نَدُسٌ	بَحْرُ الْمَعَارِفِ فِي الْعُرْفِ مَشْهُورُ
ایک بزرگوار نے لوگون کو چھوڑ دیا	جو علم و اتقیت کا دریا اور احسان مین مشہور تھا
اَبْكِي الْاَرَامِلَ وَالْاَيْتَامَ فُرْقَتُهُ	قَدْ شَاعَ ذِكْرَاهُ وَهُوَ الْيَوْمَ مَسْتُورُ
اُسکی جدائی نے تمام بیکس بیوون اور یتیمونکو رلایا	وہ آج چھپ گیا اور اسکا ذکر مشہور ہے
وَكُلُّ وَفْدٍ سَمِيعُ اللّٰهِ وِجْهَتُهُ	قَدْ رَاحَ فِي مَا تَمَنّٰى وَهُوَ مَسْرُورُ
طلبگار۔ دنیا سے جسکا رخ سمیع اللہ خان کی طرف ہوا	وہ اپنی تمام تمناؤن مین خوش و خرم رہا
قَدْ فَاقَ اَقْرَانَهُ فِي الْعِلْمِ وَالْكَرَمِ	قَدْ عَاشَ وَالْفَضْلُ فِي الْاَفْوَاهِ مَذْكُورُ
اپنے ہم چشمون مین علم و کرم مین بڑھ گئے	اور مہربانی و فضل کی شہرت کے ساتھ زندہ رہے

سَعٰی وَاَمَّ لِبَیْتٍ قِبْلَةُ الْاُمَمِ
تمام امتوں کی قبلہ کی جانب بہت کوشش وسعی سے گئے

اَتٰی بِحَجَّتِهٖ وَالْحَجُّ مَبْرُوْرُ
اور حج ادا کیا اور وہ حج مبرور و پاکیزہ تھا

قَدْ رَافَقَ السَّعْدُ فِیْ خَطْبِ اَلَمَّ بِهٖ
سعادت و اقبال اُنکی تمام مہمات مین اُنکے ساتھ رہا

قَدْ فَازَ فِیْمَا تَوَلّٰی وَهُوَ مَنْصُوْرُ
اُنکو کامیابی و نصرت تمام کارروائیون مین حاصل رہی

یَا مَنْ یَّسَائِلُنِیْ عَنْ عَامِ رِحْلَتِهٖ
جو شخص کہ اُنکی وفات کا سال دریافت کرتا ہی

اَصَبْتَ تَارِیْخَهٗ لَوْ قُلْتَ مَغْفُوْرُ
۱۳۲۶ھ
تو اُسے معلوم ہو جائیگا اگر کہے گا لفظ "مغفور"

رئیس المتکلمین جناب مولانا حاجی مولوی حیدر علی صاحب مرحوم و مغفور مصنف منتہی الکلام مولوی حاجی محمد سمیع اللہ خانصاحب مبرور کے قدیم دوست تھے اُنکے تعلقات کے لحاظ سے فاضل موصوف کی خاندان کی موجودہ ارکان مین سے ایک صاحب ذی کمال محبت اشعار ذیل موزون فرمائی ہین۔

رَئِیْسُ الْهِنْدِ سِمْسَارُ الْمُلُوْكِ
رئیس ہند کے سفیر بادشاہون کے

کَرِیْمٌ خَیِّرٌ ذُوْ اُمْتِنَانِ
سخی نیک نفس۔ مخلوق خدا کے محسن

نَسِیْبُ الْقَوْمِ ذُوْ خُلُقٍ هَنِیٍّ
شریف النسب خوش اخلاق

رَفِیْعُ مَنْزِلَةٍ عَالِی الْمَکَانِ
بلند مرتبہ عالی مقام

وَطِرْخَانٌ وَسِرْسُوْرٌ زَبِیْرٌ
قریب و بعید کی زبانون پر

بِاَفْوَاهِ الْاَنَامِ وَالْاَدَانِیْ
رئیس قوم دانائے روزگار ذکی الطبع

خَطِيرٌ جَهِيدٌ حِبْرٌ لَبِيبٌ
عظیم الشان نکتہ سنج - دانشمند - ذی فہم

سَرِيٌّ بَارِعٌ ذُو امْتِحَانٍ
سالار قوم ہر امر مین سبقت لیجانیوالے آزمودہ کار

لِلْمُضْطَرِّ وَمُعْتَرٍّ وَعَانٍ
مضطر سائل اور مصیبت زدہ کے لیے

غَلَادِيوَانُهُ بَابُ الْأَمَانِ
اُن کا دربار پناہ دینے والا تھا

لَهُ فِي الْخَيْرِ وَالْحَسَنَاتِ حَظٌّ
خیر وحسنات مین بہرہ مند ہین

يَدَاهُ فِيهِمَا مَبْسُوطَتَانِ
ان دونو کے لیے ہاتھ اُنکے کشادہ ہین

وَفِي الْبَيْتِ الْمُعَلَّى بُوعَلَاءٍ
خاندان برتری مین سربلند ہین

وَفِي الْخُلْقِ الْمُهَنَّى أُمُّ هَانِي
اور اخلاق حمیدہ مین اصل اصول مروت

وَفِي نَيْلِ الْمَعَالِي جِدُّ سَعْيِ
کسب فضائل مین ہمیشہ اسطرح ساعی رہتے ہین

كَمَا فِي قَبْضِهِ الْحُسْنَى يَدَانِ
جسطرح تحصیل حسنات مین قدرت کاملہ رکھتے ہین

وَفِي خُلْقٍ وَتَدْبِيرٍ وَرَأْيٍ
خلق وتدبیر ورائے مین

بَيَانٌ فِي بَيَانٍ فِي بَيَانِ
مشہور آفاق ہین

عَفَاهُ اللهُ قَدْ عَاشَ رَغَادَا
خدا بخشے خوب ہی زندگی بسر کی

مَعَادًا كَالْمَعَاشِ مُرْضِيَانِ
اور سفر آخرت بھی خوشگوار زندگانی دنیا کی مثل ہے

لَهُ فِي كُلِّ عَيْنٍ مِنْ دُمُوعٍ
اُنکے لیے ہر آنکھ مین اس طرح آنسو ہین

كَمَا فِي كُلِّ بَيْتٍ مِنْ أَنَانِ
جسطرح ہر گھر مین مصیبت بپا ہے

فَأَرَّخْتُ لَهُ عَامَ الرَّحِيلِ
سال وفات کی مین نے تاریخ کہی

سَمِيعُ اللهِ خَانُ صَدْرُ الْجِنَانِ
سمیع اللہ خان صدر نشین جنت ۱۳۲۶ھ

تاریخات وفات فارسی واُردو

ازمولوی حکیم عبدالرحمن صاحب سہارنپوری

ز دنیا سوی عقبیٰ رفت مولانا سمیع اللہ
زبان ممنون فیضانش جہان مرہون احسانش
دعا ہا گفتم و میخواستم سالش - ندا آمد
کہ مغفور است سال رحلتش از فرط احسانہا

۱۳۲۶ھ

دیگر

ازمولوی حکیم سید باد شاہ علی صاحب ضیا کہنوی

تقاضا ای اجل کردن چہ حاجت ہست بہر آن
کہ باشد منتظر بہر قضائی حضرت باری
چو قدسش در رسیدہ او اجابت میکند انیک
سمیع اللہ خان آگوش بر آواز بنداری

۱۹۰۸ء

دیگر

ازمولوی عبدالمعین صاحب معینی مہدی از درگاہ حضرت بندہ نواز رح

ہندیان را ذوق سیاقی نماند
بر عروج قوم مشتاقی نماند
پائے ہا شد لنگ و سرہا بے دماغ
ہیچ مشائی و اشراقی نماند
این چہ دیدی یارب از خرد ان خطا
کز بزرگان مثل اشفاقی نماند
یک سمیع اللہ خان بُد بر زمین
آن ہم از دور فلک باقی نماند
بود گنج خلق نقد جان سپرد
با اجل ہم بے خوش اخلاقی نماند
درد قومی از عراق دل برفت
در سخن تاثیر ترياقی نماند
این چہ شد یارب علیگڈھ را کنون
آن متاع شہرہ آفاقی نماند
بسکہ گم شد ای معینی آفتاب
تاب در تار نظر باقی نماند
سال وصلش بہر باشد سال فصل
آن قدح بشکست آن ساقی نماند

۱۳۱۷ف

دیگر

از سید محمد علیخان لکھنوی۔

سمیع اللہ خان عالم و حاجی سخا پرور
درین سال غم افزا جانب ملک بقا ہم رفت

عدیلش اندرین صدسال نایاب است چون عنقا
عجب فرد فریدی بود کو از دست عالم رفت

جہان چون رہگزاری ہست کس منزل نمیسازد
یکی زینجا موخر رفت آن دیگر مقدم رفت

دلیل تیرہ بختی مسلمانان ہند است این
کہ این غمخوار و حامی مسلمانان مسلّم رفت

مسیحی سال فوتش را بلا اغراق نبوشتم
سمیع اللہ خان نامی و کامی و عالم رفت

۱۹۰۸ء

دیگر

از مولوی محمد علی صاحب بی اے۔

سمیع اللہ خان سی یم جی آن فخر مسلمانان
کہ صرف کارہای دین و ملت شد حیات او

پس از رحلت چو فضل ایزدی فرمود غفرانش
ہویدا گشت از "مغفور" تاریخ وفات او

۱۳۲۶

دیگر

از مولوی سید حیدر صاحب طباطبائی معلم پروفیسر عربی نظام کالج

سمیع اللہ خان چون پُر شدش پیمانۂ ہستی
سوی فردوس از دار محن دامن کشان آمد

صلائی گفت رضوان جام بر کف از پی شاش
بایوان جنان دور سمیع اللہ خان آمد

۱۳۲۶ھ

دیگر

ایضاً

چون سمیع اللہ خان والا ہمم
رفت ازین کہنہ سرائے ایرمان

با دل محزون نوشتم سال فوت
شد جنان جائے سمیع اللہ خان

۱۳۲۶ھ

دیگر

سُنانی اُن کی جب دہلی سے آئی
کیا اس حادثہ نے دل مین ناسور

لکھین تاریخین دو یہہ یادگارا	خیال اُن کا ہوا دل سے نہ جب دور
قیامت تک رہین گے وا دریغا	سمیع اللہ خان آنکھون سے مستور
جوار رحمت حق مین سدھارے	پیمبرؐ کی ہوئے خدمت مین مامور
مسیحی اور ہجری سنہ مین توام	بہم ہین سال رحلت گو بدستور
مگر ہے عیسوی سنہ کی یہ حالت	ہوا ہے خود بخود اس سے الف دور
نشان مرگ دیتا ہے یہہ مصرع	جنان مین ہین وہ اب مرحوم و مغفور ۱۳۲۶ ۱۹۰۸

مولوی صاحب اور سر آکلنڈ کی خر وفات کا ایک ہی اخبار مین شروع

یہہ بات بھی یہان قابل ذکر ہے کہ ۷ اپریل کے پائنیر انسٹیٹیوٹ گزٹ مین خاص مولوی محمد سمیع اللہ خان مرحوم اور آپ کے قدیم دوست سر آکلنڈ کالون سابق لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی کی وفات کے متعلق برابر کالمون مین نوٹس درج کیے گئے۔

خبر وفات کا نوٹ۔

مولوی صاحب مرحوم کی وفات کے متعلق جو نوٹ اخبار مذکور مین درج ہوا تھا اُسکی نقل ذیل مین درج کی جاتی ہے:-

"ہمارے اخبار کی ماہ فبروری کی اشاعتون مین مولوی سمیع اللہ خان صاحب سی - ایم - جی کی طبیعت کے ناساز ہونے - پھر اُنکے تندرست ہوجانے کی خبر چھپ چکی ہے - ماہ اپریل شروع ہوتے ہی اُنکی طبیعت پھر یکایک ناساز ہوگئی ۵ - اپریل کو وہ نمونیا (ذات الریہ) مین مبتلا ہوئے - علاج ہوتا رہا - مگر مرض اسقدر صعب تھا کہ اُس نے مولوی صاحب کی طبیعت کو جو متواتر بیماریون کے

حملون سے کم زور ہو رہی تھی سنبھلنے نہین دیا اور ۷- اپریل کو دو بجے دن کے اُنھون نے وفات پائی"۔

حیدرآباد کا دہلی جانا۔

یہہ وحشتناک خبر علیگڈھ مین نہایت سرعت کے ساتھ پھیل گئی اور اُنکی کوٹھی پر لوگ جوق جوق آکر جمع ہو گئے۔ لاش کی نسبت قرار پایا کہ وہ ایک مضبوط صندوق مین بند ہو کر دہلی کو بھیجی جائے۔ چنانچہ رات کے نو بجے جو گاڑی دہلی کو روانہ ہوتی ہے اُسپر لاش کا صندوق بھیجا گیا۔ ریلوے اسٹیشن پر کالج کے بہت سے طلبہ اور شہر کے معزز لوگ اور عام آدمی جمع تھے یہہ سب نہایت مغموم تھے۔

مولوی صاحب کی عمر۔

مولوی صاحب مرحوم نے ۷۸ سال کی عمر پائی اُنھون نے گورنمنٹ اور قوم اور علیگڈھ کالج کی جو خدمات ایک عرصہ تک انجام دین وہ اظہر من الشمس ہین۔ اس سے تمام ہندوستان مین اُنکی وفات حسرت آیات کی خبر یقیناً نہایت قلق اور رنج کے ساتھ سُنی جائیگی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۝

انگریزی اور اردو اخبارون کا حالات زندگی شایع کرنا۔

آپکی وفات پر اسی طرح ملک کے دوسرے انگریزی۔ اُردو اور بعض دیگر زبان کی اخبارون مین اظہار رنج و افسوس کیا گیا اور آپ کے حالات زندگی شایع کیے گئے۔ نیز انگریزی۔ فارسی۔ عربی اور اُردو مین دلگداز نظمین لکھی گئین۔

پایونیر کے مضامین علیحدہ رسالہ کی صورت مین بطور یادگار (ان میموریم) شایع ہوئے جو ٹائمز کے پریس مین بمقام بمبئی طبع ہوئے ہین۔

عموماً اظہار ہمدردی

عام طور پر بذریعہ تار و خطوط آپ کے خاندان سے اظہار ہمدردی کیا گیا مختلف

مقامات مثلاً علیگڈھ۔ مراد آباد۔ الہ آباد حیدر آباد وغیرہ مین تعزیت کی جلسے منعقد ہوئی۔

حیدر آباد کا جلسہ تعزیت اور اُسکا رزولیوشن

حیدر آباد کا جلسہ ۳ مئی ۱۹۰۸ء کو فتح میدان کے پیولیئن مین منعقد ہوا جسمین رزولیوشن ذیل پیش اور بالاتفاق پاس ہوا۔

"یہہ مجلس حاجی مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر مرحوم و مغفور کے انتقال پُرملال پر اظہار رنج و تاسف کرتی ہی اور جناب مرحوم کی وفات کو ملک و قوم کے حق مین نقصان عظیم سمجھتی ہے اور اس صدمہ مین مرحوم کے فرزندون اور پسماندون سے پوری ہمدردی رکھتی ہی"۔

ایجوکیشنل کانفرنس کا کانفرنس اور رزولیوشن تعزیت۔

ایجوکیشنل کانفرنس نے تعزیتی رزولیوشن پاس کرکے بذریعہ اپنے سکرٹری کے نواب سر بلند جنگ بہادر کی خدمت مین بھیجا۔ سکرٹر یصاحب کے مراسلہ اور رزولیوشن کی نقل حسب ذیل ہی:-

Central Standing Committee Office
Aligarh,

۱۳ جنوری ۱۹۰۹ء

جناب من! تسلیم

آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ مقام امرتسر کے اجلاس اول تاریخ ۲۷ دسمبر ۱۹۰۸ء کو آپکے والد ماجد مرحوم و مغفور کی تعزیت مین جو ووٹ پاس ہوا ہے اُسکی نقل ابلاغ خدمت کرتا ہون۔ والسلام

شرح دستخط "آفتاب احمد" آنریری چیف سکرٹری کانفرنس

"یہ کانفرنس مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب سی۔ ایم۔ جی مرحوم کی وفات حسرت آیات پر اظہار افسوس کرتی ہے"۔

تعزیت کے بیشمار تار وخطوط۔

اُن بیشمار تعزیت کی تارون اور خطوط مین سے جو ملک کے اعلیٰ طبقہ کے لوگونکی جانب سے باظہار ہمدردی بھیجے گئے تھے چند کا ترجمہ ذیل مین درج کیا جاتا ہے:۔

حضور وائسرائے کا تار

"از جانب حضور وائسرائے ہند

چیف جسٹس حمید اللہ آف حیدرآباد

مجھکو یہ ظاہر کرنے کا ایما ہوا ہے کہ حضور وائسرائے کو آپ کے ممتاز والد کی وفات کی خبر سنکر قلق ہوا"۔

حضرت اقدس واعلیٰ حضور نظام خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ نے اپنے پرائوٹ سکرٹری کے توسط سے بہ الطاف خسروانہ مندرجہ ذیل تار کے ذریعہ سے اظہار ہمدردی کا اعزاز عطا فرمایا۔

حضور نظام کا تار۔

"حمید اللہ خان سربلند جنگ بہادر

حضرت اقدس واعلیٰ کو آپ کے والد محمد سمیع اللہ خان کی وفات کی خبر سنکر رنج ہوا اور مجھے ارشاد فرمایا گیا کہ مین حضرت اقدس واعلیٰ کی جانب سے آپسے اور آپکے خاندان سے اظہار ہمدردی وتعزیت کرون"۔

ہز آنر لفٹنٹ گورنر صوبجات متحدہ کے پیام کا ترجمہ حسب ذیل ہے:۔

"ہز آنر لفٹنٹ گورنر نے مولوی محمد سمیع اللہ خان کی وفات کی خبر نہایت

افسوس کے ساتھ سُنی۔"

وزیر اعظم حیدرآباد کا تار اور اُسکا ترجمہ

حیدرآباد کے وزیر اعظم اور معین المہامان و دیگر یوروپین و دیسی اعلیٰ عہدہ داروں اور مختلف اشخاص کے تعزیت کے پیامات تار اور خطوط موصول ہوئے۔

عالیجناب سیر یمین السلطنت مہاراجہ بہادر مدار المہام کا اصل تار مع ترجمہ حسب ذیل ہے:-

Hyderabad Deccan,
Chadarghat.
To, 13th April 08.
Nawab Sarbaland Jung
Aligarh,
Minister deplores your distinguished father's death, accept His Excellency's sincere condolence.
Secretary

چادرگھاٹ۔ حیدرآباد دکن
مورخہ ۱۳۔ اپریل سنہ ۱۹۰۸ء
بخدمت نواب سربلند جنگ بہادر۔ علیگڈھ

مدار المہام بہادر آپکے معزز و ممتاز والد کے انتقال پر اظہار تاسف فرماتے ہین اُنکی دلی تعزیت قبول ہو"

(سکرٹری)

صدہا دوستونکا دور و دراز مقامات سے آنا اور تعزیت ادا کرنا۔

صدہا دوستون نے دور و دراز سے سفر کر کے دہلی۔ علیگڈھ۔ یا حیدرآباد مین جا کر بذات خاص رسم تعزیت ادا کی۔ اسی طرح ہندوستان کے دیگر حصص سے بہت سے یوروپین و دیسی حضرات نے بہت سے تار اور خطوط کے ذریعہ سے تعزیت ادا کی۔ نیز انگلستان سے بھی تعزیتی چٹھیان آئین بعض بھیجنے والون کے نام ذیل مین درج کیے جاتے ہین :-

لارڈ ڈرین آنجہانی ولارڈ لینسڈون سابق وائسرایان ہند۔ لارڈ کرومر سابق قنصل جنرل مصر۔ سر ایلڈن گورسٹ موجودہ قنصل جنرل مصر۔ سر جرلڈ فٹز جرلڈ سابق پولیٹکل سکرٹری وزیر ہند۔ کرنل سر ڈیوڈ بار سابق رزیڈنٹ حیدرآباد و حال ممبر کونسل وزیر ہند۔ سر ڈگلوس اسٹریٹ سابق جج ہائیکورٹ الہ آباد۔ سر جن کرنل ڈین ڈاکٹر رائل وکٹوریہ ہسپتال آیرلنڈ وغیرہ وغیرہ

لارڈ کرومر کی چٹھی اور اسکا ترجمہ

لارڈ کرومر نے جو چٹھی اس واقعہ کے متعلق ارسال کی تھی اُسکی نقل اور ترجمہ ذیل مین درج کیا جاتا ہے :-

Thurso Castle,

Thurso, N. B.

Sept. 9 – 1908

Dear Sir,

I am greatly obliged to you for sending me the In Memorium pamphlet. I entertained, as you are aware the highest regard for your father and most keenly sympathise with you in the great loss which you have sustained.

Very Sincerely Yours,
(Sd) Cromer.

تھرسو کاسل۔ تھرسو۔ این۔ بی

۹ ستمبر ۱۹۰۸ء

مکرمی!

یادگاری پمفلٹ روانہ فرماکر مجھے مرہون منت کیا۔ آپ خوب واقف ہین کہ مین آپکے والد مرحوم کی کسقدر قدر و منزلت کرتا تھا۔ اور جو صدمہ عظیم آپ کو

پہنچا ہے اُسمین نہایت دلسوزی سے اظہار ہمدردی کرتا ہون۔

آپ کا مخلص

(دستخط) کرومر

ٹرسٹیان مدرسۃ العلوم کی تجویز بنسبت قیام یادگار

ٹرسٹیان مدرسۃ العلوم علیگڈھ نے آپکی قومی خدمات اور اُس دلی ہمدردی کے شکریہ کے طور پر جو آپ علیگڈھ کالج سے رکھتے تھے آپکی یادگار مین مدرسۃ العلوم کے صدر دروازہ پر کمرے تعمیر کرانیکی تجویز کی ہے جو لکچر روم اور ضرورت کے وقت دوسرے طور پر کام آسکینگے۔

اسمین شک نہین کہ یہہ ایک نہایت مفید تحریک ہی اور ایک عرصہ سے اسکی ضرورت محسوس ہورہی تھی کہ مدرسۃ العلوم کے صدر دروازہ پر ایک شاندار عمارت تعمیر کی جائے۔ امید ہے کہ اس تحریک کو عملی صورت مین لانیکے لیے مسلمانان ہند جلد متوجہ ہونگے کیونکہ اسکے مکمل ہونیسے مدرسہ کی ضرورت شدید رفع ہوجائیگی اور ایک ناتمام عمارت تکمیل کو پہنچ جائیگی۔

وزیر اعظم حیدرآباد کا خلعت تعزیت عطا فرمانا۔

۱۶ جمادی الثانی ۱۳۲۶ھ مطابق ۱۶ جولائی ۱۹۰۸ء روز پنجشنبہ کو عالی جناب مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنت بہادر وزیر اعظم دولت آصفیہ نے نواب سر بلند جنگ بہادر کو خلعت عزا سے سرفراز فرمایا۔ یہہ وہ اعزاز ہی جو خاندانی لوگون کے سوا اور کسی کو نہین حاصل ہوتا۔

فاتحہ و درود

آپکی فاتحہ حسب دستور مسلمانان ایک سال تک برابر ہوتی رہی۔ دہلی

علی گڈھ اور نیز حیدرآباد مین متعدد محفلین میلاد شریف کی منعقد ہوئین اور کھانے مٹھائیان اور تبرکات تقسیم ہوئے "روٹی" کی رسم بھی ادا کی گئی - اور شہر دہلی وضلع علی گڈھ - ولکھنؤ - الہ آباد و اجمیر شریف وکچھوچھہ شریف و پیران کلیر و دیوبند ورامپور وسہارنپور ومرزاپور - پٹنہ عظیم آباد و دیگر مقامات پر جہان ریل یا پوسٹ آفسون کے ذریعہ سے دوستون کو تبرکات پہنچ سکتے تھے حتی کہ حیدرآباد دکن و داناپور ملک بنگالہ تک تقریباً چار چار سیر کے حصص دہلی کی مخصوص باقرخانیون اور میٹھے کے مع تانبے کی خوبصورت رکابیون کے جن پر مادّہ وفات منقش تھا تقسیم ہوئے نقش یہ ہے :-



نواب سر بلند جنگ بہادر نے اپنی اور کل خاندان کی طرف سے تعزیت ادا کرنیوالون کا شکریہ جس تحریر کے ذریعہ سے ادا کیا تھا اُسکی نقل بجنسہٖ صفحہ ۲۵۰ کی

بعد منسلک کی جاتی ہے۔

اس عاجز نے اپنے بچپن کے دوست صادق کی یادگار مین یہ چند اوراق لکھے ہین۔ اللہ تعالیٰ اُنکی مغفرت فرمائے اور میری یہ سعی مقبول احباب ہو۔

جہان ای برادر نماند بہ کس
دل اندر جہان آفرین بند وبس!

محب مکرم و غمگسار معظم

تسلیم۔ آپنے جو اس حادثۂ جانگداز و واقعۂ جانفرسا یعنی وفات قبلہ گاہی الحاج مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سی۔ ایم۔ جی مرحوم کی وقت میری اور جملہ خاندانکی ہمدردی فرمائی ہے اُس سے صاف اظہار اُس دلی محبت کا ہوتا ہے جو آپکو جناب مرحوم و مغفور کیساتھ تھی۔ مین سب خاندانکی طرفسے شکریہ ادا کرتا ہون اور آپسے مستدعی ہون کہ جناب باری عزاسمہٗ مین مرحوم کیواسطے مغفرت اور اُنکے پسماندگان کیواسطے عطائے صبر کی دعا فرمایئے۔ والسلام

ترا خیر اندیش

محمد حمید اللہ

صحت نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۶	۱	ستیخ	شیخ
〃	۱۰	خاک یاک	خاک پاک
۸	۳	صدر امین تھے	صدر امین یعنی سب جج تھے
۱۴	۸	مہندیون	مہدیون
〃	۱۰	عبدالغرنر	عبدالعزیز
۲۱	۱۳	ہوا کرتی	کرتی
۱۷	〃	چھ بجے	چھ بجے
۱۸	۲	فقہ	فقہ
۱۹	۱۰	کاٹھیا واری	کاٹھیا واڑی
۲۶	۷	خوش	خوش رکھا
۲۷	۷	ولوی	مولوی
۴۵	۹	ہوتا اہا	ہوتا رہا
۴۶	۱۱	تھی	تھے
۶۲	۹	۱۸ نومبر ۱۸۸۴ء مین	۱۸ نومبر ۱۸۸۴ء کو

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۶۴	۷	تجوین	تجویزین
۷۰	۲	ملازمت	قدردانی
۸۷	۸	نامہ	سفرنامہ
۹۲	۴	نہین ہین	نہین ہے
۱۰۹	۶	الودر	اور
۱۱۰	۱۴	اس کی طرح	اس طرح
۱۱۹	۷	ملبے	لمبے
۱۲۴	۵	یرھر	پر پھر
۱۳۷	۱۶	ملتے	ملنے
۱۴۰	۷	طرں	طرح
۱۵۷	۲	دسیاب	دستیاب
۱۶۳	۹	انگلشن	انگلش
۱۷۹	۱۵	اللہ شانہ	اللہ جل شانہ
۱۸۴	۶	لے	کے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۹۰	۷	یلم لم	رالغ
۱۹۱	۱۴	خانہ کعبہ	منیٰ
۱۹۲	۸	شق الصدر	شق القمر
〃	۱۲	عصفہان	عسفان
۱۹۵	۱۴	رابق	رالغ
۱۹۶	۱۶	مسوحہ	مسوعہ
۱۹۹	۱۱	لفد	لقد
۲۰۰	۲	متنجلی	منجلی
〃	۸	کردہ فرض	کردہ و فرض
۱۰۳	۱۶	لذہبونکی	مذہبونکی
۲۰۶	۲	رمعاملات	معاملات
۲۱۳	۷	اپ	آپ
۲۱۶	۸	ایاب ایک	ایک ایک
۲۲۳	۹	کوکل	نوکل
〃	۱۳	نہ محدود	محدود
۲۲۴	۵	بنیشی	مینشی
〃	۱۴		نر
۲۳۲	۶	سنہ ۱۸۹۶ء	سنہ ۱۸۹۶ء
〃	۱۲	پارلیان	پارٹیان



سوانح عمری

حاجی مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سی۔ ایم۔ جی

مصنفہ

عالیجناب شمس العلماء خان بہادر مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب رئیس دہلی و
سابق پروفیسر میور سنٹرل کالج و فیلو الہ آباد یونیورسٹی دام برکاتہ

باہتمام سید محمد طاہر رضا



سنہ ۱۳۲۷ھ مطابق سنہ ۱۹۰۹ء


فہرست مضامین مندرجہ جلد دوم سوانح عمری حاجی مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر مرحوم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	ضلع مراد آباد سے مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب کا علیگڈھ کو تبادلہ اور حاسنہ مارکی الوداعی اسپیچ	۱
۲	محامدرس وحکام مراد آباد کی طرف سے وجہ حصہ جلسہ	۱۱
۳	مولوی سید امداد علیصاحب کی اسپیچ۔	۱۳
۴	مولوی سمیع اللہ خان صاحب کا جواب	۱۶
۵	عائدین علیگڈھ کیطرف سے جلسہ خیر مقدم	۱۹
۶	حاجی محمد اسمٰعیل خانصاحب کی اسپیچ۔	۲۰
۷	حاجی محمد مصطفےٰ خان صاحب کی اسپیچ۔	۲۵
۸	مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب کا جواب	۲۶
۹	سرسید احمد خان صاحب کا سفر کلکتہ اور اُن کی قائم مقامی۔	۳۷
۱۰	مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب کو تفویض خدمات مصر کی خبر	۳۸
۱۱	مولوی صاحب کا تہیۂ سفر مصر اور اہالیان علیگڈھ کا جلسہ اظہار مسرت۔	۳۹
۱۲	گورنمنٹ کا مصر کیلئے مولوی صاحب کو منتخب کرنا اور اُردو گائیڈ کا اظہار اطمینان	۴۱
۱۳	خدمات مصر پر مولوی صاحب کا تقرر اور انسٹیٹیوٹ ہال مین خوشی اور دعوت	۴۲
۱۴	تقرر خدمات مصر پر کوہ نور لاہور کا شبہ اور اُسکا ارتفاع۔	۴۶
۱۵	لنڈن ٹائمز کے ایک مضمون کا انتخاب	۴۷
۱۶	عطائے خطاب کیلئے نامہ نگار علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ کی رائے۔	۵۰
۱۷	لارڈ رپن وایسرائے ہند کا علیگڈھ مین ورود	۵۱
۱۸	وایسرائے کی دعوت لنچ اور شرکاء دعوت	۵۲


شمار	مضمون	صفحہ
۱۹	وایسرائے ہند کی اسپیچ کا خلاصہ	۵۳
۲۰	اولیسٹر میل اخبار کے ایک مضمون کا خلاصہ	۵۶
۲۱	مسٹر سید محمود کی جگہہ مولوی صاحب کی قائمقامی کی خبر مشتہرہ پایونیر	۵۸
۲۲	رائے بریلی کی حمی پر مولوی صاحب کا تقرر اور مڈرن یوپین کا اختلاف اور اسکی تردید	〃
۲۳	تقرر جی رائے بریلی پر وساوہ مبارکباد ملنگد کا خط حقیقی ڈنر	۷۰
۲۴	نوالیفٹنٹ گورنر بہادر کا مولوی صاحب کو لکھنؤ میں توجہ خطاب عطا کرنا اور قیصر ہاتھ من جملہ عزت مسترت	۷۲
۲۵	نقل فرمان خطاب	۷۶
۲۶	نتیجہ مقدمہ میں خانصاحب سب جج کی اسپیچ	۷۸
۲۷	مولوی سید زین العابدین صاحب سب جج کی اسپیچ	۸۱
۲۸	مولویصاحب کی اسپیچ اور بلقیصر ہند کی غرتاوران کا کمیٹی	۸۶
۲۹	مولوی محمد حمید اللہ خانصاحب کی دعوت کی تحویل	۹۰
۳۰	مولوی محمد حمید اللہ خانصاحب کا سفر ولایت	۹۲
	ستمع الخیر ملیگڈھ پہنچنا	

شمار	مضمون	صفحہ
۳۱	مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب کے اعزاز دعوت کی تجویز	۹۳
۳۲	مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب کی کامیابی کے حاشیہ مبارکباد کا انعقاد	۹۵
۳۳	مسٹر کیڈل صدر انجمن و دیگر شرکاء ڈنر کی اسپیچ و مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب کا شکریہ	۹۸
۳۴	مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب کی شکرگزاری اور میسرس کیٹی کی سند کا ملنا	۱۱۹
۳۵	مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب کی کامیابی دوایسی کی خوشی کا دوسرا سلسلہ اور بوڈران مدرسۃ العلوم کی طرف سے دعوت	۱۲۷
۳۶	مولوی محمد حمید اللہ خان صاحب کی اسپیچ اور انہیں احساس کی شکرگزاری	۱۲۹
۳۷	سکنڈ کلاس بورڈروں کی جانب سے جلسہ مبارکباد اور دعوت	۱۴۰

حاجي مولوي محمد سميع الله خان بهادر
سي-ايم-جي



Haji Moulvi Mahomed Samee-Ullah,
Khan Bahadur, C.M.G.



دیباچہ

حاجی مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب سی۔ ایم۔ جی کی متعلق جسقدر مضامین وقتاً فوقتاً اخبارات مین شایع ہوتے رہے تھے اگر وہ کل اس کتاب مین شامل کیے جاتے تو اسکی ضخامت بہت ہوتی مگر بوجہ امتداد زمانہ اخبارات کا دفتر پارینہ دستیاب نہین ہوسکتا۔ علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ کی جلدون مین سے چند مضامین بطور نمونہ نقل کیے جاتے ہین جنکے پڑھنے سے مولوی صاحب مغفور کی دیانت راستبازی۔ سلامت روی۔ ایمانداری۔ خداپرستی۔ زہد و پرہیزگاری

انصاف پسندی و معدلت گستری۔ قومی درد و جوش غمگساری۔ بادشاہِ وقت کی
اطاعت و وفاداری۔ ملکی و قومی ترقیونکے اسباب کی فکر اور اُن سے
عمدہ نتائج کا پیدا ہونا۔ علوم و فنون کی ترقی و ترویج مین سرگرمی و مستعدی
قومی احتیاج کے مناسب و موزون مواقع پر کشادہ دلی و فراخ حوصلگی سے
اظہار فیاضی و دریا دلی وغیرہ کا اثر ممکن نہین کہ پڑھنے والون کے
دلون مین ایک قسم کی اُمنگ نہ پیدا کردے اور وہ اُنکی نیکیان
یاد کرکے فاتحۂ خیر سے دریغ کرے۔ اللہ جلّ شانہٗ سے یہہ دلی دعا ہے
کہ اُس نے مولوی صاحب کو جسطرح دنیا مین مدارج اعلیٰ و مراتبِ
ارفع پر فائز رکھا اُسی طرح عقبیٰ مین بھی اپنے فضل و کرم سے اُنکے
درجات عالی و بلند کرکے اُنکی مغفرت فرمائے۔ بالنبیؐ و آلہ و اصحابہ

این دعا از من، از جملہ جہان آمین باد

منقول از علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

مورخہ یکم اکتوبر ۱۸۸۱ء

مراد آباد کا جلسۂ بار

اور

مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر سسن

۲۳ ستمبر ۱۸۸۱ء

کل مولوی سمیع اللہ خان صاحب بہادر سب جج نے اپنی عدالت میں اخیر اجلاس فرمایا۔ ۲ بجے دوپہر کے کل ممبران بار حیثیت مجموعی اجلاس میں آئے اور اہل علاقہ و اہل مقدمہ کا مجمع عظیم تھا جو اس عالم مولوی کے اخیر دیدار کیلئے جمع ہوئے تھے جنھوں نے اس عرصہ میں کہ وہ ہم میں رہے یکساں انصاف بلا فرق رنگ و ذات و ملت کے کیا تھا اور جنھوں نے اپنے فرائض کو نہایت خردمندی تجربہ علم اور لیاقت سے انجام دیا مگر افسوس یہ جلسہ اشک ہی

مفارقت کے جلسون کے نہایت غمگین تھا جسوقت تک یہ جلسہ (جسکے حالات کی تحریر کی مین کوشش کر رہا ہون) ہو رہا تھا تمام وکلا آبدیدہ تھے اور خود مولوی صاحب کا دل بہت بھرا ہوا تھا۔ ایک بزرگ وکیل واقعی پھوٹ پھوٹکر رو رہے تھے بعد اختتام کارروائی عدالت بالبداہہ اس صاحب وکیل ہائیکورٹ نے نہایت غمگین لہجہ سے انگریزی مین گفتگو فرمائی جس کا ترجمہ یہہ ہے۔

جناب مولوی سمیع اللہ خان صاحب سلمہ!

قبل اس کے کہ حضور اس عدالت کو جہان آپ آخر مرتبہ اجلاس ہمارا ہر تہ چھوڑین ہم اُس سچے اور دلی رنج کا جو آپ کی مفارقت سے ہمکو ہی اظہار کرنا چاہتے ہین۔

بار کے ممبرون کی طرف سے آپکی خدمت مین خیر باد عرض کرتے ہین۔ آپکا کام ہمارے پیش ہوا ہے گو ہین اس عزت کے قابل نہین ہو آپنے اس کام کے انجام دینے مین جو خوشی حاصل ہے وہ مین بیان نہین کر سکتا ہمارا ارادہ نہین ہے کہ ہم اُس گرم جوشی اور جفاکشی کا جس سے آپ نے اپنا کام کیا۔ اُس ہوشیاری اور لیاقت کا جس سے آپنے اپنے فرائض کو ادا کیا۔ اُس تیزی اور چستی کا جس سے آپنے کام کو ختم کیا۔ اُس وسیع اور مختلف تجربہ کا جو انفصال مقدمات مین آپکو کام مین لائے اور آخر مین (گو کسی سے کم نہین) اس سنجیدہ اور متین علم و فضل کا

جو آپکی تحریروں میں ظاہر ہوتا ہے بیان کریں آپ کی تجویزیں زبان حال سے خود بول رہی ہیں مگر حضور ہم اس موقع پر اس امر کا اظہار کرنا چاہتے ہیں جس کو صرف ہمارے ہی قلوب خوب جانتے ہیں میری مراد اُس پورے اتحاد و اتفاق سے ہے جو آپ کے دوران سب ججی میں عدالت کے دو رکن بینچ اور بار میں قایم رہا۔ ہم آپکا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ حضور ہمیشہ ہمارے ساتھ اخلاق اور مہربانی سے پیش آئے۔ آپ کی عدالت میں ہم کو اسقدر آزادی تقریر، اختیار، کارروائی، اور جرأت اختلاف حاصل رہی، جسقدر کہ ہم قانوناً دعوے کرنیکی تمنا کر سکتے تھے۔ اوس تحمل و بردباری سے جس سے کہ آپ نے ہماری تقریر کو سنا اور اوس صبر سے جس سے آپ نے واقعات کی تحقیقات کے مشکل کام کو انجام دینے دیا ہماری دلی عزت اور توقیر کو حضور نے جیت لیا۔ خلاصہ یہ کہ حضور میں وہ کل صفات جمع نہیں جو اوس اعتبار و عزت کے عہدے کے ذمہ دار فرایض کے انجام دینے کے لئے ضرور ہیں جسکو آپ نے عزت دی تھی۔

اب ہم خدا حافظ کہتے ہیں اور اپنے ساتھ آپ ہماری یہی دلی خواہش لئے جاتے ہیں کہ حضور کی آیندہ کارروائی کے احاطہ میں حضور کا کیریکٹر ایسا ہی روشن اور کامیاب رہے جیسا کہ اب تک رہا ہے۔

ان دلی اور سچے کلمات کے ساتھ حضور کو ہم گڈ بائی کہتے ہیں۔

بعد اختتام گفتگو بالوماڈہوداسس صاحب کے مولوی عبدالرب صاحب گورنمنٹ
پلیڈر نے بتقریر اردو مین کی۔

جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب

قبل اس سے کہ حضور اُس کرسی پر سے اُٹھین جس پر کہ اسوقت
اجلاس فرما رہے ہین ہم لوگ چند باتون کا حضور کے روبرو بیان کرنا
اپنا فرض جانتے ہین حضور کی تبدیلی اس ضلع مراد آباد سے ضلع علیگڈھ
کو ہوگئی ہے اور جس کرسی پر کہ حضور آج اجلاس فرما رہے ہین اس کرسی کو
پھر حضور کے اجلاس سے اعزاز حاصل ہونیکی چند عرصہ تک امید نہین ہے
جو تعلق کہ ہم لوگون کو حضور سے اس حیثیت سے تھا کہ ہم اس عدالت کے
وکیل ہین اور حضور اس عدالت کے حاکم ہین وہ بالفعل قطع ہوتا ہے
اور جو افسوس اور قلق کہ ہم کو اس قطع تعلق سے ہے اوسکو ہمارے قلوب
ہی خوب جانتے ہین اور وہ ہرگز اس قابل نہین ہے کہ ہم زبان سے اوس کا
پورا پورا بیان کرسکین۔ جو صفات کہ ایک عمدہ سے عمدہ جج مین ہونی
چاہئین وہ حضور کی ذات والا صفات مین خداوند عالم نے جمع کین ہین۔
معاملہ فہمی اور قانون دانی اور لیاقت علمی آپ پر ختم ہے جو تحمل و بردباری
ایک اعلیٰ درجہ کے جج کے لئے درکار ہے وہ آپ مین نہایت خوبی کے ساتھ
موجود ہے حضور کا قدم کبھی احاطۂ انصاف سے باہر نہین گیا حضور نے کبھی

کسی معاملہ کے طے کرنے مین جلدی اور اضطرابی کو دخل نہین دیا اور
چھوٹے سے چھوٹے معاملہ کو بھی بغیر غور مناسب کے فیصل نہین کیا ہر ایک
وکیل و اہل معاملہ کو اپنے معاملہ کے بیان کرنے کا اور اپنے حالات و مطالب کی
ظاہر کرنے کا پورا پورا موقع دیا جاتا تھا - باوجود پیش آنے اُن موانع کے
جو ہمارے ملک مین ہر ایک حاکم کو کبھی کبھی پیش آتے ہین اپنے عہدے
کے کام کو انصاف اور آزادی کے ساتھ انجام دینا حضور کا ہی کام ہے
حضور کے اجلاس کے دیکھنے سے ہر شخص بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ ایک
حاکم اخلاق و تہذیب کے ساتھ ہر ایک موقع پر آداب عدالت کا پورا پورا خیال
رکھکر اپنے عہدے کے کام کو عمدہ طور سے کیوں کر انجام دے سکتا ہے - آپ
بخوبی جانتے ہین کہ سیاست کا زہر کس بیماری مین دینا اچھا ہوگا اور
رحمدلی کا شربت کس جگہ استعمال کرنا چاہیئے حضور کی بیدار مغزی
نے خواب غفلت کا نام مٹا دیا تھا اور کاہلی اور بے پرواہی کی بیمارون سے
لوگ جاگ اوٹھے تھے - حضور کے وقت مین ہر ایک کام کی ایسی پوری
نگرانی ہوئی کہ ستم اور غلطی کا نام و نشان باقی نہ رہا - گواہون کو گواہی دینے
کا اور وکیلون کو گواہی لینے کا طریقہ بہت اچھی طرح سے آگیا جو آب و تاب
کہ پیشۂ وکالت کے اعزاز کے چمکنے والے موتی کو حضور کے عہد حکومت مین
حاصل ہوئی وہ کبھی پہلے حاصل نہ تھی - پہلے ہم سنا کرتے تھے کہ پیشۂ وکالت کے

سرسبز و شاداب درخت کا ایک نہایت عمدہ پھل آزادی ہی ہے
لیکن اس ضلع کے کسی وکیل نے نہ اوس پھل کی رنگت دیکھی تہی نہ اوس کی
خوشبو سونگھی تہی نہ اوس کا مزہ چکھا تہا اب حضور کے زمانہ حجی مین یہ درخت بہت
اچھی طرح تیار آور ہوا اور اوسکے خوشنما پھل کی رنگت و بو و ذائقہ سے ہر ایک
وکیل بہرہ ور ہوا - ہم اس بات کا اقرار کرتے ہین کہ حضور کی صفات بیان
کرنے سے قاصر ہین اور در اصل حضور کی صفات ہمارے بیان کی محتاج نہین
ہین اون کو تو ایک شخص خود بخود جانتا ہے اور وہ صفات اس سے مستغنی ہین
کہ ہم اون کو بیان کرین یا نکرین - اس سے ظاہر ہے کہ جب ایسا جج اس
عدالت مین سے جدا ہو تو جو لوگ اس عدالت سے تعلق رکھتے ہین اون کو
جس قدر افسوس و قلق ہو وہ بجا ہے -

ایک دن وہ تھا کہ ضلع علیگڈھ والون کو ہماری خوش قسمتی پر رشک تہا
اور آج وہ دن ہے کہ ہم کو اُن کی خوش طالعی پر بے انتہا رشک آتا ہے
جیسا کہ اوس ضلع والون کی دعاؤن نے حضور کو ہم سے لیا ہم امید کرتے
ہین کہ پھر کبھی ہماری دعائین بھی اُسی قسم کا اثر پیدا کرین گی - ہمکو بخوبی معلوم ہے
کہ یہ تبدیلی خود حضور کی خواہش کے موافق ہے اور قوم کی ہمدردی کا ایک بیش بہا
جوہر جو حضور کی ذات میں ہے اوس نے حضور کے دل مین یہ خواہش
پیدا کی ہے - یہ ہمدردی ہمارے اور ہمارے اولاد کے لئے بے انتہا

فائدون کا ایک منبع ہے اور ہم خدا سے دعا کرتے ہین کہ حضور کی تمنائین اور آرزوئین جو درحقیقت ہمارے فائدون کے ساتھہ شامل ہین سب پوری ہون - اب ہم حضور کو نہایت حسرت وافسوس کے ساتھہ رخصت کرتے ہین اور حضور سے درخواست کرتے ہین کہ حضور ہم لوگون کو یاد رکھین اور اگر پھر کبھی کسی وقت حضور کو علی گڑھ کے چھوٹے سے کا اتفاق ہو تو اوسوقت حضور اِس ضلع کو نہ بھول جاوین -

مولوی عبدالرب صاحب کے اسپیچ ختم ہونے پر مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب اوٹھے اور نہایت پر افسوس لہجہ سے اُردو زبان میں جلسہ بار سے یہ تقریر فرمائی - اسوقت کل حاضرین جلسہ نہایت متوجہ تھے -

مولوی عبدالرب صاحب و مالو مادھو داس صاحب و تمام میرے معزز جلسہ بار آج کا دن میری زندگی کے ایام کا ایک خوشی و فخر کا دن ہے جس میں ایک معزز جلسۂ بار نے مجھکو ایسی عزت دی ہے جسکے شکریہ کے واسطے کوئی وسیع الفاظ میرے خیال میں نہین ہین -

میں نے اس ضلع مین کچھہ کم چار برس ایسے عہدے کا کام کیا ہے اور اس تمام مدت مین مجھہ مین اور آپ مین بینچ و بار کا رشتہ رہا ہے جس قدر محنت و لیاقت و ادب سے آپ نے میری مدد کی اوس کا مین دل سے شکرگذار ہوں جون ۱۸۷۷ع مین مین یہاں آیا تھا اُسوقت جو

مقدمات باقیہ کی کثرت اور دفتر کی حالت تہی وہ آپ سے مخفی نہیں ہے آپ نے
اوسوقت مجھکو نہایت جاں فشانیکی ساتھہ مدد دی اُسی کا وہ نتیجہ تھا کہ چند ہی مہینہ مین
عدالت پاک و دفتر بالکل صاف ہوگیا دیوانی عدالت کے پیچیدہ معاملات
و نازک و مشکل ذمہ داریاں ایسی ہیں جس مین بار و بینچ کے باہمی خاص
تعلق کی بڑی ضرورت ہے عدالت کی عمدگی کی شہرت و نیکنامی بینچ
و بار کے اتحاد پر موقوف ہے اسوقت مجھکو اسبات کا فخر و خوشی ہے کہ اس
عدالت میں بینچ و بار مین ان چار برسوں میں اوس اتحاد کو ترقی ہوتی
رہی ہے ۔

میری مستحکم یہ رائے ہے کہ بینچ کو بار کی وقعت اور بار کو بینچ کا
ادب لازمی چیز ہے جو بینچ بار کی وقعت نہیں کرتا ہے وہ درحقیقت
اپنی بینچ کی عزت نہین چاہتا ہے ۔ جو بینچ بار کی عزت نہین کرتا ہی
وہ درحقیقت انصاف کا دشمن ہے ۔ جو بینچ بار کی حالت کو وقعت کی نگاہ
سے نہیں دیکھتا ہے وہ اپنے منصب کے فرائض کے پورا کرنے کا شوق نہیں
نہیں ہے بار کی وقعت نکریا اونکو ادب کے ساتھ مباحثہ مین آزادی ندینا
اونکے دل کو اپنے بیجا غصہ سے شرمندہ کرنا اون کی زبان کو جہاں تک وہ اپنے
اظہار مقاصد مین اوس کو حرکت دے سکین بند کرنا بار پر ظلم ہے اونکو حق سے
اونکو محروم کرنا ہی نہین نہین بار پر بھی ظلم نہیں ہے بلکہ انصاف سے دشمنی ہے

حاکم جس کو عدالت کا تجربہ اور انصاف کا شوق ہے اوسکو بارہا یہ امر پیش آتا ہے کہ وہ ایسی رائے کی غلطی سے وکلار کے اتہا مباحثہ پر واقف ہوجاتا ہے جس حالت میں کہ وہ عدالت افسوس کے الٹی نہیں ہے جبکہ وکلار کو آزادی نہیں دیتی وکلار کی تقریر کے بغیر مقدمہ کو فیصلہ کر دیتی ہے یا فیصلہ کرنیکی خواہش کرتی ہے یا اوکی تقریر کے سننے میں ایسے آثار ظاہر کرتی ہے جس سے وکلار کے ادائے فرائض پر اثر پڑتا ہے اے مغز زممبران بارمین سینچ و بار کے رشتہ سے بخوبی واقف ہوں مجھکو دونوں حالتوں کا تجربہ ہوا ہے اور اوسکی ہر حالت کے امتحان کا عمدہ موقعہ ملا ہے اور اسلئے میں کہتا ہوں وہ معمولی خیال ہوتا ہے جو کچھ تعریف آپ نے میری اور میری عدالت کی اور اوس سرتاج کی جو میرا وکلار سے ہے کی ہے میں اوس کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں مگر اوسی کے ساتھ آپ مجھکو معاف فرمائینگے اس بات کے کہنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ جسقدر تعریف آپ نے کی ہے وہ میرے استحقاق سے بہت زیادہ ہے اور جسقدر وہ واقعی بھی ہے اوس کا بڑا حصہ آپ کے واسطے ہے۔

میں کمال تہ دل سے اقرار کرتا ہوں کہ جو کچھ نیکنامی مجھکو اور عدالت کو حاصل ہوئی اور ہوگی اوسکا بڑا حصہ آپ کی لیاقت آپ کی محنت آپ کی قابلیت اور آپ کی قابلون والی آپ کا ادب ہوا ہے۔

اب میں آپ کو خدا حافظ کہتا ہوں اور میری یہ دعا ہے کہ میں جیسا آپ کو مسرور و سرسبز و کامیاب چھوڑتا ہوں اوس سے زیادہ ہمیشہ دیکھوں و سنوں۔

اس اسپیچ سے کارروائی اس دن کی ختم ہوئی اور مولوی صاحب کی و کلا سے مصافحہ کے بعد اس عدالت کو چھوڑا جہاں بعد تعطل کے اُنکی مانوس چہرے کی افسوس کے ساتھ یاد آوے گی اور جہاں اون کی غیر حاضری کا نہایت قلق ہوگا۔

مولوی صاحب اوسی روز شام کو علیگڈھ کو روانہ ہوئے اسٹیشن پر اون لوگوں کی بھیڑ تھی جو مولوی صاحب کو رخصت کرنے آئے تھے بلاشبہ ہمکو فخر کرنا چاہیئے ایسے افسر کا جسکی جدائی سے اس قدر قلق باشندگان مراد آباد کو ہے۔

جلسہ رخصت مولوی سمیع اللہ خان

صاحب جج ماتحت مراد آباد

۲۲ ستمبر ۱۸۸۱ء کو کمیٹی گھر میں صبح ۸ بجے جناب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر سب جج کی رخصت کا جلسہ صبح کے سات بجے سے دوپہر دو بجے تک ہوا۔ اس جلسہ کے طرح مہتمم جناب حامی حرس السرفیس جناب مولوی سید امداد علی خاں صاحب بہادر سی ایس۔ آئی ڈپٹی کلکٹر درجہ اول مراد آباد تھے حکام ضلع سے جناب صاحب کلکٹر بہادر و جائنٹ مجسٹریٹ و شاہ صاحب مہتمم خزانہ و دیگر معہد و تعالی رو سائے و حکام وامرا سے مولوی امر سنگھ صاحب رئیس غلام شہر و ڈپٹی رتن لال صاحب مصنف حوالی شہر و صاحبزادہ رحمت علی خاں صاحب خود و قایم مقام نواب سید زین الدین احمد خاں صاحب [illegible] مولوی آفضل علی خاں صاحب وجود سی وصاحب [illegible] گانہ و خود رئیس سید [illegible] صاحب و مولوی جعفر علی صاحب ذی اختیار مجسٹریٹ درجہ دوم و مولوی عبدالرزاق صاحب ذی اختیار مجسٹریٹ، درجہ دوم و مولوی سید محب علی صاحب ڈپٹی کلکٹر سابق و مولوی انوار الحق صاحب وکیل و بابو مادھو داس صاحب وکیل و بابو نرد خیر صاحب و بابو جیتا ناتھ صاحب وکیل و مولوی انوار الحق صاحب وکیل و کنور

جوالا پرشاد رئیس و سید حسن متنی صاحب رئیس امروہہ و سید
بشیر اللہ صاحب رئیس امروہہ و سید محمد صاحب رئیس امروہہ
و سید سبط علی صاحب خلف سید نجف علی صاحب مرحوم و منشی محمد
مظہر حسن صاحب رئیس مراد آباد و قاضی ابرار احمد صاحب رئیس مراد آباد
و مسمہ ظہور حسین صاحب وکیل ہائی کورٹ الہ آباد و دیگر صاحبان فریب
ڈیڑھ سو کے شریک جلسہ تھے۔

کمیٹی گھر کے جنوبی میدان مین دو خیمے نصب کیے گئے تھے اور فرش و
کرسیون وغیرہ ضروری سامان سے آراستہ کیے گئے تھے اور خیمون کے
وسط مین ایک مکلف میز بچھائی گئی تھی کرسیون کی ترتیب اس طرح تھی کہ غرب
کی طرف ایک صف مین حکام یورپین معہ مولوی سمیع اللہ خان صاحب
و مولوی امداد علی خان صاحب ڈپٹی کلکٹر تشریف رکھتے تھے باقی تین طرف کی کرسیون
پر تمام رؤسا ہندوستانی وکلا و اہل عملہ تشریف فرما تھے اس جلسہ کی
کارروائی ٹھیک آٹھ بجے شروع ہوئی تھی۔

سب صاحب اس جلسہ مین کشادہ پیشانی اور نہایت خوشی سے
شریک ہوئے تھے اول جناب ڈپٹی صاحب بہادر نے میز کے قریب
ایستادہ ہو کے اسپیچ کی۔

اسپیچ جناب مولوی سید امداد علی خان صاحب بہادر ڈپٹی کلکٹر

یہ جلسہ اس تقریب سے مقرر ہوا تھا کہ مولوی سمیع اللہ خان صاحب یہان سے علی گڈہ جاتے ہین اول جلسہ رخصت مسٹر مول صاحب کی شریف بری کا جو چند مہینہ کے واسطے یہان قایم مقام مجسٹریٹ مقرر ہوئے تھے ہوا تھا دوسرا جلسہ جناب ڈاکٹر وین صاحب کیواسطے مقرر ہوا اس طرح جلسہ ہونے مین جو صاحب کہ سفر کرنے والے ہین اُن کو اپنے اہتمام سفر مین تکلیف نہین ہوتی اور جو لوگ کہ اون سے ملنے والے ہین وہ ایک جگہ بخوشی تمام ملکر رخصت ہوتے ہین یہ طریقہ نہایت پسندیدہ ہے مولوی صاحب سے میری ملاقات بذریعہ سید احمد خان صاحب اوس وقت ہوئی ہے کہ وہ ہائی کورٹ صدر نظامت اکبر آباد مین تھے اور مولوی صاحب وہان وکیل صدر نظامت تھے اوسکو بہت عرصہ ہوا اور بہرحال بیس سال سے زائد ہوے اوس کے بعد چند مہینہ علی گڈہ مین یک جائی رہی اور چند سال سے اس ضلع مراد آباد مین یکجائی رہی مجھکو یقین تہا کہ مولوی صاحب

مجکو خ[illegible] کرین[illegible] اگر اتفاق وقت سے اب مین مولوی صاحب کو رخصت
کرتا ہون اور چونکہ مولوی صاحب نے بخوشی اور مسرت اپنی تبدیلی مٹی کمڈہ
قبول کی[illegible] جانے سے نہایت خوش ہین تو ایسی حالت مین
جس دوست کی جس بات مین خوشی ہو اور مسرت حاصل ہو تو اوس وقت
مین یہ کہنا کہ ہم رنجیدہ ہین اور [illegible] لفظ رنجیدگی کو زبان پر لانا نامناسب معلوم
ہوتا ہے اس جلسہ مین گانڈاری عدالت یا ایڈریس یا صابطہ کا کوئی معاملہ
درپیش نہین ہے مولوی صاحب کا اخلاص سب صاحبون سے تہا مجھ
اون کے میں بہی ہون اور ہندوستانیون کا قاعدہ ہے کہ جسوقت کوئی
افرادون میں سے یا کوئی دوست کہین کا سفر کرتا ہے تو اوس کے ساتہہ
زاد یعنی توشہ کر دیتے ہین توشہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک توشہ دنیوی دوسرا
توشہ اخروی توشہ عاقبت کا آگے بہیجنا ہوتا ہے اور توشہ دنیا کا ساتہہ اور
بعض مین رہتا ہے کہ جہان حاجت ہو وہان اپنی حاجت رفع کرے ضیق وقت
کی وجہہ سے کوئی از قسم دعوت وغیرہ کا ساماں نہو سکا مناسب معلوم ہوا
کہ کوئی توشہ ضرور ساتہہ کیا جاوے مولوی سمیع اللہ خاں صاحب کو شوق
مدرسہ اور مولوی سید احمد خاں صاحب کو بہی شوق حد سے زیادہ ہے
چون کہ میں نے بہی طالب علمی ایک مدرسہ کی کی ہے لہذا مدرسہ کا شوق
مجھکو بہی زیادہ ہے اس شہر مراد آباد مین صنعت کا مدرسہ کئی سال سے جاری ہے

اور اوس مین ایک سو بیس طالب علمون نے تعلیم کامل پائی ہے اور وہ لوگ دس
دس بیس بیس روپیہ تک کے نوکر ہو گئے اور بر طبق استفسار جناب مسٹر بک صاحب
بہادر کے شملہ سے اونہون نے ظاہر کیا گیا کہ اس مدرسہ کے طالب علمون کی بنائی
ہوئی تہالیان وغیرہ فلان فلان نمبر کی بھیجی گئی ہین آپ اور ولایتی اہل حرفہ دیکھین
گے اور ان طالب علمون کے سیکھنے کے سبب اور کامل تعلیم پانے کی
سبب جو غرور کہ کاری گرون کو تہا وہ اب کم ہو گیا اور جس تہالی کی قیمت کہ پہلے
چالیس روپیہ تہی وہ اب بہت عمدہ کام کی پہلے سے بہتر پچیس تیس روپیہ مین آتی
ہے چنانچہ اوسی مکھن لال اسکول کے طالب علم سے تہالی بنوائی گئی اور
اوسکی واسطے کہ اوس مین کیا توشہ رکھہ کر دیا جاوے غور کیا گیا اور
چاہ میری یہ ہوئی چاہ کے کئی معنی ہین چاہ کنوے کو بھی کہتے ہین چاہ
خواہش کو بھی کہتے ہین اور محبت کو بھی کہتے ہین اور یہ رکابی از روی قیمت
بے بہا اور بے قیمت ہے یعنی بے بہا اور بے قیمت دو معنی رکھتے ہین یعنی
بے قیمت ایسی خفیف قیمت ہے جس کا بیان نہین ہو سکتا اور اسوجہ سے
کہ اسکول کے طالب علم کی بنائی ہوئی ہے ایسی بے قیمت ہے جسکی
قیمت بیان نہین ہو سکتی یعنی بے بہا ہے پس میری چاہ کا غلبہ ہوا کہ ایسے ظروف
مین جو بے قیمت ہے توشہ دیا جاوے اپنے دوست کو اور چاہنیون کو بھی کہتے
ہین کہ جس چاہ کے شیون کو تمام اہل یورپ اور تمام عرب اور عجم اور تمام کشمیری بڑی

چاہ سے چاہ لوگ پیتے ہیں ہندو اور مسلمان ہندوستان کے شاید فیصدی پانچ یا دس استعمال نکرتے ہون گے تو اوس چار کے پیون کو اس واسطے اس ظرف بے بہا مین دینا تجویز کیا ہے کہ علیگڈھ مین مولوی سمیع اللہ حال صاحب کے دوست بڑی بڑی دعوتین کرین گے تو اُس ہماری چار کے سبب سے مولوی صاحب کو بھی چاہ ہماری اوس مقام پر رہے گی اور اب بڑی چاہ کے ساتھ ان چار کے پیون کو اس مسرع کے ساتھ مولوی سمیع اللہ خان صاحب کے سامنے پیش کرتا ہون —

برگ سبز است تحفہ درویش

اس کے بعد مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب کھڑے ہوے اور اونہون نے یہ گفتگو شروع کی۔

گفتگو مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

مولوی سید امداد علی صاحب بہادر سی۔ ایس۔ آئی اور دیگر رؤسا مرادآباد۔

آج جس حیثیت مجموعی و جوش سے آپ میری الوداع کے لئے جمع ہوئے ہین اوس کا مین دل سے شکریہ ادا کرتا ہون آج کا دن میری زندگی کے اون ایام مین سے ہے جس کو مین ہمیشہ یاد رکھونگا۔

مجھ کو صرف اسی بات پر فخر و خوشی نہین ہے کہ میری رخصت کے لئے

روسا رهسد دستانی تشریف لائے ہیں بلکہ جب میں اس جلسہ میں اپنے
یورپین دوست حکام ضلع کو بھی جو میرے داہنی طرف (صاحب مجسٹریٹ بہادر
و جنٹلمن مجسٹریٹ بہادر کی طرف اشارہ کیا) رونق افروز میں شریک دیکھتا ہوں
تو میرا فخر اور میری خوشی اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔

اے روسا ضلع مراد آباد میں آپ کے ضلع مراد آباد میں قریب چار
سال کے عدالت دیوانی کا حاکم رہا جو ایک نازک و بڑی ذمہ داری کا کام تھا
اور جس کو پیچیدہ معاملات و مشکلات کی نسبت یہ ضرور تسلیم ہونا چاہیئے کہ اس
میں دقیقہ سنجی درکار ہے لیکن آج کے اس پرجوش جلسہ کے دیکھنے سے
مجھکو اس بات کے کہنے سے خوشی ہے کہ میں نے اپنے فرائض منصبی کی
ادا کرنے میں آپ کے ضلع میں اعتبار حاصل کیا ہے مراد آباد کی آب و ہوا
مارتھہ ولیسٹ پراونیس میں عمدہ مشہور ہے میں اس مدت تخمینی چار
سال میں ہمیشہ تندرست رہا اگر میری تبدیلی ضلع علیگڈھ کو نہ ہوتی جہاں مجھکو
اپنے دلی مقاصد قومی و ملکی ترقی کے اسباب عمدہ دکھائی دیتے ہیں اور
اون کے ذریعہ سے اپنے مقاصد میں کامیابی کی امید ہے تو مجھکو اس
ضلع کے چھوڑنے کا رنج و افسوس ہوتا میں اس نفیس تحفہ کو جو میرے
دوست سید امداد علی خاں صاحب نے مجھکو عنایت فرمایا ہے
بطور نشان محبت اور جلسہ کی یادگار کے شکر گزاری کے ساتھ

اپنے پاس رکھوں گا۔

اب میں اپنی گفتگو کو ختم کرتا ہوں اور احسان مندی
و شکر گزاری کے ساتھ آپ کو خدا حافظ کہتا ہوں۔

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

جلسہ خیر مقدم
مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر

بیسویں نومبر کو شب کے وقت رئیسان ضلع علی گڈھ و بلند شہر نے جناب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر کی خیر مقدم کی تقریب سے علیگڈھ انسٹیٹیوٹ ہال میں دعوت کا ایک جلسہ کیا انسٹیٹیوٹ ہال جھاڑ اور فانوس اور لیمپوں سے جگمگا رہا تھا وسط ہال میں کھانے کی میز سجائی گئی تھی جس پر ایشیائی اور یورپین دونوں طرح کے کھانے تھے اور ہر قسم کے تکلفات کیے گئے تھے گلدستوں اور خوبصورت خوبصورت آرائشوں سے میز کی خوبصورتی اور رونق بہت بڑھ گئی تھی - رؤسا میں سے راجہ سید باقر علی خان صاحب رئیس پنڈرا ول وکنور محمد لطف علی خان صاحب رئیس جہتاری وطالب نگر کنور محمد فیاض علی خان صاحب فرزند ممتاز الدولہ نواب سر محمد فیض علیخاں صاحب بہادر کے سی ایس آئی رئیس پھاسو کنور عبد الغفور خانصاحب رئیس دھرمپور محمد ولایت اللہ خانصاحب

رئیس بہیکم پور حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب رئیس وتالوی حاجی محمد مصطفےٰ
خان صاحب رئیس بوڑہ گاؤن اور دیگر اکثر عمایدضلع جلسہ دعوت
مین شریک تھے ۔

آٹھ بجے شب سے کچھہ پیشتر وہ معزز مہمان جن کے خیر مقدم
کا یہ جلسہ تہا تشریف لائے جن کا تمام لوگون نے بہت گرم جوشی
کے ساتہہ استقبال کیا ۔ کچھہ دیر کے بعد سب لوگ کہانے
کو بیٹہے اور خوب لطف کے ساتہہ کہانا کہایا گیا ۔ جب سب لوگ
کہانے سے فارغ ہوئے تب جناب حاجی محمد اسمعیل خان صاحب
اپنی کرسی پر سے کہڑے ہوئے اور اونہوں نے حسب ذیل گفتگو
شروع کی ۔

تقریر حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب

جنٹلمین ۔ آپکی اجازت سے اس دلچسپ موقع پر مین چند
الفاظ اپنے معزز مہمان مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر
کی نسبت جن کے خیر مقدم کے واسطے ہم آج کی رات یہاں
پر جمع ہوئے ہیں کہنا چاہتا ہون کیون کہ ایسے سوشیل جلسے ضیافت سمجہنے
چاہیین ۔ مجہکو اندیشہ ہے کہ مولوی صاحب اس بات کو پسند ہرگز
نہ کرین گے جو کچھہ مین اون کی نسبت کہنا چاہتا ہون کہ وہ انکی موجودگی

مین کہا جاوے - لیکن جنٹل مین مین اس موقع کو بغیر اظہار اپنے
خیالات کے ہاتھ سے ہی نہیں دے سکتا اور امید ہے کہ اس حالت
مین مولوی صاحب مجھکو معاف فرمائین گے -

کسی قوم کو مال و دولت پر اسوقت تک فخر نہیں ہو سکتا جب تک
کہ وہ اپنے مین کچھ دانشمند اور روشن دماغ اشخاص موجود نہ
رکھتی ہو - ایک قوم کی حوش نصیبی کا سچا پیمانہ اوس قوم کے ہی
علم و دانش لیاقت لوگون کی تعداد ہی سے ہو سکتا ہے -

جنٹلمین آپ اسوقت اپنے خیال مین ایک ایسے جہاز کی تصویر کو
کھینچین جو نہایت سخت اور تاریک طوفان مین پھنس رہا ہے اور جس کے
مستول اور سامان ٹوٹ چکے ہین اور جس کے ہوشیار ناخدا اور ملاح
سب مر چکے ہین - ایسا جہاز ڈوبے گا اور اسکے راکب سب غرقاب
ہون گے لیکن اگر انہین راکبون مین ایسے ہی چند مسافر ہون جو فن جہاز رانی
مین کامل علم رکھتے ہون تو اس جہاز اور مسافرون کی کیسی یہ حوش نصیبی ہے جس سے
اوس جہاز کے بچ جانے کی امید ہو سکتی ہے - مسلمانون کی عزت کا جہاز
حقیقۃً ایسا ہی ہے بلکہ اس سے زیادہ نازک اور خراب حالت مین ہے اگر ہم
جہاز کے راکبون مین یہ چند شخص (جن مین سے ایک یہ معزز میرے دوست
مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بھی ہین) اس جہاز رانی کے فن سے
واقف نہ ہوتے تو مین تو یہ ناطق رائے دیتا کہ یہ جہاز یقینی ضرور تباہ
ہو جاوے گا -

مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب - آپ اپنی خاندانی شرافت کے لحاظ سے واجب التعظیم ہیں اور اپنے علمی مذاق کی وجہ سے اور بھی زیادہ ہمارے افتخار کا باعث ہیں آپکو ابتدا سے علم حاصل کرنے کا دلی شوق تھا آپ نے عربی کا بورا علم حاصل کیا جس کا حاصل کرنا خاص کر مسلمانوں کو ضرور ہے - آپ کی فانوسی لیاقت اور اوس کی تکمیل خوب روشن ہے آپ کی انگلستان کی سیر و سیاحت نے جو اوس روشن ضمیری کے لئے ضروری ہے جس کے کل مسلمان بہت محتاج ہیں آپ کے خیالات کو وسعت بخشی اور آپ کی صدر دلیون کو بہت زیادہ پھیلا دیا ہے -

علیگڈھ کی خوش قسمتی ہے جو خدا نے آپکو ہمارے حصہ میں دے دیا ہے اول آپ اسی ضلع میں منصف رہے اوس کے بعد آپ نے ہای کورٹ مین وکالت کی جس اعلیٰ لیاقت اور سچی نام آوری کے ساتھ آپ نے ہای کورٹ مین کام کیا اسکی بہت کم نظیر مل سکتی ہے - پھر آپ علیگڑھ میں سب جج ہوئے اور شرف لائے اگرچہ اوس کے بعد ایک مرتبہ الہ آباد اور ایک دفعہ مراد آباد میں آپ کا تقرر ہوا اور اس وجہ سے آپ سے اور ہم لوگوں سے افسوس ناک مفارقت ہوی لیکن یہ مفارقت جسمی تھی آپ کی اعلیٰ لیاقت - طرز حکومت - نہایت خوش اخلاقی کے جذبات سنے ہر وقت ہمارے دلون کو آپ کی طرف کھینچا اسی وجہ سے ہم لوگ دور ضلعون میں اپنے کامون کو چھوڑ کر صرف آپ سے ملنے کی

غرض سے حاضر ہوا کرتے تھے۔ لیکن بخت نے ہمارے پھر یاوری
کی اور آج کا یہ باہمی میل جول کا جلسہ بے انتہا خوشی کا باعث ہے۔
میں اس ضلع کے رئیسوں میں سے ایک شخص ہوں جو مدعو
کئے گئے ہیں کہ آپ کی تشریف آوری سے ما خوش ہیں۔ جنٹلمین میں
نہیں جانتا کہ اس اتہام کا مصنف کون ہے شائد وس نے علی گڈھ
کا نام بھولے سے لے دیا ہوگا کیونکہ یہاں تو آپ کے آنے سے ہمارے
گروہ کے دلوں میں سوائے اصلی اور سچی خوشی کے اور کوئی جذبہ
نہیں ہے۔

جنٹلمین۔ میرے نزدیک سب سے زیادہ مشکل کام حکومت
کا ہے ہم ہندوستان کے بے علم لوگ یہ نہیں جانتے کہ حکومت کا فرض
کیا ہے ہم انصاف کو پسند نہیں کرتے ہیں ہم رعایت کو پسند کرتے
ہیں ہمارے معاملہ میں جو انصاف کرے ہم اوس سے ناراض ہوتے ہیں
یہ کیسے افسوس کی بات ہے۔

میں اس جلسۂ خوشی میں یہ وحشت ناک ذکر زیادہ کرنا نہیں چاہتا
ہم لوگوں کو جسقدر علم کی ضرورت ہے ویسی دوسری چیز کی نہیں ہے
پس ہماری خوشی اوسوقت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے جب ہم اپنے
دوست مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب کو تعلیم کا ایک گرم جوش

معاون پاتے ہیں - مدرسۃ العلوم کو صرف روپیہ کی ہی ضرورت نہیں ہے
بلکہ ایسے آدمیوں کی بھی بہت ضرورت ہے جو اس تجویز کے فوائد کی
قدر کرتے ہیں اور مدرسۃ العلوم کی بہبودی کی غرض سے عملی کارروائی
کی محنت بھی اپنے ذمہ لیتے ہیں مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب میں یہ
تمام صفات مجتمع ہیں اور وہ اس گاڑی میں اپنا کندھا لگانے
کے لئے تیار ہیں پس ایسے ایک شخص کے یہاں موجود ہونے سے
بلاشبہ ہم کو خوشی ہے -

بانیان مدرسۃ العلوم نے مسلمان طالب علموں کو مذہبی
تعلیم کا دینا تجویز کیا ہے جو ان کی روحانی تربیت کے لیے ضروری
امر ہے اس کی نگرانی اور امتحان کے واسطے میرے معزز دوست
مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب سے بہتر اور متقی اور پرہیزگار شخص
ملنا دشوار ہے - مولوی صاحب کا اتقا اور زہد سب پر روشن ہے
اُن کے سامان سفر میں وضو کا لوٹا اور جانماز ضرور موجود رہتی ہے (نعرہ
ہائے خوشی) اور میں کہتا ہوں کہ کوئی سچا مسلمان بغیر ان چیزوں
کے نہ ہونا چاہیے (نعرہ ہائے خوشی) -

جناب مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب - ہم علیگڈھ کے ضلع
کے رئیسوں کو جسقدر آپ کے علیگڈھ تشریف لانے سے خوشی

ہوئی ہے ہم اوس کو بیان نہین کر سکتے خداوند تعالے سے ہماری دعا ہے
کہ اب آپ ہمیشہ علیگڈھ مین مع الخیر والعافیت تشریف رکھین اور
مدرسۃ العلوم مسلمانان آپ کی گرم جوشی کوششون کی وجہ سے اور بھی
زیادہ بہتر نتیجہ حاصل کرے اور آپ کی بیدار مغزی سے زیادہ کامیاب
اور سرسبز ہو اور جس طرح آج ہم آپ کے خیر مقدم کے واسطے جمع ہوئے
ہیں اسی طرح آپ کے اظہار شکر گذاری کے واسطے اکثر جمع ہوتے رہین
(نعرہ ہاے خوشی)۔

حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب کے بعد حاجی محمد مصطفےٰ خان
صاحب اپنی کرسی پر سے کھڑے ہوئے اور اونہون نے حسب ذیل تقریر
بیان کرنی شروع کی۔

جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب۔ ابھی جو اسپیچ میرے
معزز دوست اور میرے عزیز حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب نے آپ کے
سامنے کی ہے وہ اپنے مطالب اور اوس لیاقت کے لحاظ سے
جو اوس کے بیان میں برتی گئی ہے اسقدر کافی ہے کہ کوئی بات میرے
بیان کرنے کے لئے باقی نہین ہے لیکن جو جوش آپ کی خوبیون میں
ہے اور آپ کی محبت مین ہے اور میرے دل میں بس رہا ہے وہ مجھ کو ان چند
کلمات کے بیان کرنے پر مجبور کر رہا ہے۔ مولوی صاحب آپ کے
تشریف لانے سے ہم بہت خوش ہوئے اور جو خوشی ہم لوگون کو ہوئی ہے اُسکا
بیان امکان سے خارج ہے جہان تک مجھکو معلوم ہے اور جہان تک

مجھ سے اور اور ھندو مسلمان رؤسا ر اس ضلع سے آپ کی تشریف آوری کے متعلق گفتگو ہوئی ہے وہاں تک مین کا بی بہر حسہ کے ساتھہ یہ بات کہتا ہون کہ تمام رؤسا ر ضلع کیا ہندو اور کیا مسلمان سب آپ کی تشریف آوری سے نہایت خوش ہین -

آپ نے اپنی طرز حکومت ہی سے ہم لوگون کے دلون کو مسخر نہین کیا بلکہ آپ ہماری تعلیم کے بھی بہت بڑے موید ہین آپ ہی کی ذات سے یہان مدرسۃ العلوم کی بنا ہوئی ہے اور اب بھی آپ کی ہی توجہ سے اوس مین بہت کچھہ ترقی کی امید ہے اور ھماری یہ دعا ہے کہ ھمیشہ آپ اسی ضلع مین اسی ہی دلی خوشی اور باہمی مسرت کے ساتھہ تشریف رکھین - (نعرہ ہائے خوشی)

اِن اسپیچون کے ختم ہونے کے بعد مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب اپنی کرسی پر سے کھڑے ہوئے اور حسب ذیل جواب دیا -

تقریر مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب و حاجی محمد مصطفےٰ خان صاحب اور دیگر معزز رئیسان ضلع علیگڈھ و ملبند شہر -

آج جس دلی محبت اور دوستانہ طریقہ سے آپنے میری مدارات فرمائی اور جو عنایت آمیز کلمات میری نسبت ارشاد فرمائے اور عمدہ خیالات آپ کی گفتگو مین میری نسبت ظاہر ہوئے مین اون کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون

جس وقت ۱۸۷۷ء مین مین علیگڈھ سے مرادآباد کو بدیل ہوا تہا اوس
وقت جو رخصت کا جلسہ میرے ہندو مسلمان دوستون کا اِسی
انسٹیٹیوٹ ہال مین منعقد ہوا تہا اوس کو مین نے اوس چار برس
کے عرصہ مین جیکہ مین مرادآباد مین تہا ہمیشہ شکرگذاری کے ساتہہ
یاد رکہا ہے اوس جلسہ مین صدہا آدمی جمع تھے - جس وقت مین اون سے
آخری مصافحہ کرتا تہا اوس وقت جو آثار حزن و ملال کے اُن کی
صورتون سے نمایان تھے اوس سے میرے دل پر بہت بڑا اثر ہوا
تہا - وہ وقت جس کا مین اس وقت ذکر کرتا ہون یعنی جب کہ مین
اس ضلع کو چہوڑتا تہا اوس وقت جس دلی کیفیت کا اُن لوگون کے
چہرون سے ظاہر تہا اوس سے میرا دل صاف تسلیم کرتا تہا کہ یہہ
اون کی سچی محبت کا اثر ہے اور اوس سے میرے دل کو ایک کافی اور
پورا اطمینان اس بات کا حاصل ہوتا تہا کہ اپنے اوس ذمہ داری اور اعتبار
کے عہدے کے فرایض کو جس کی مجھہ کو عزت حاصل ہوئی تھی
ایمان داری کے ساتھہ ادا کرنے مین مین اون لوگون کی رضامندی
حاصل کرنیمین کامیاب ہوا ہون -

اے صاحبو آپ کی اوس سچی محبت اور رضامندی کا صرف اُسیوقت
خاتمہ نہین ہوگیا بلکہ اوس چار برس مین جس مین مین مرادآباد مین تہا

آپ نے ابھی اوس محبت کے خیال کو اور بھی روزانہ ترقی دی
جیسا کہ میرے دوست حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب نے ابھی
بیان فرمایا ہے اُن دوستون نے باہر ضلع مین مجھ سے ایسی
دوستانہ برتاؤ کیئے جس سے اون کی اوس سچی محبت نے
جو پہلے سے بھی میرے دل مین متیقن تھی بھروسہ کے ساتھہ مجھکو
اُن کا کافی یقین دلایا۔

اے صاحبو۔ آپلوگون کی محبت اور خواہشون نے ہمیشہ
میرے دل کو علیگڈھ کے ضلع کی طرف کھینچا اور اسی آپ
کی کوشش اور سچی محبت نے آج یہ اثر پیدا کیا ہے کہ پھر
اُسی ضلع میں اِس وقت مین آپ کے ساتھہ اور آپ
میرے ساتھہ کس خوبی سے ایک جگہ جمع ہیں۔

آپ نے میری نسبت اس بات کا ذکر کیا اور اوس
میں اپنے تئیں بھی شامل کیا ہے کہ آپ کی نسبت اور میری
نسبت ضلع میں لوگون نے کچھہ بُرے خیال ظاہر کیے
لیکن وہ اس قسم کی بیہودہ باتین تھی جنکا اثر کسی کے
دل پر نہیں تھا نہ میرے دل پر نہ آپ کے نہ کسی اور کے۔
مین نے بعض اخبارون مین اون مضمونون کو پڑھا ہے لیکن

ایک منٹ ایک آن کے واسطے بھی کبھی میرے دل مین اس
بات کا یقین نہین ہوا کہ ضلع کے رئیسون مین سے کوئی شخص
بھی ایسا ہے جو میرے اس ضلع مین آنے سے مسرور
نہ ہوگا - اگر کبھی میرے گمان مین بھی شاید ایسا ہوتا جیسا کہ
مشہور کیا گیا تھا تو مین اس بات کی قدرت رکھتا تھا کہ اس
ضلع مین ہرگز نہ آتا اور نہ اوس ضلع کو چھوڑتا جس نے میری
مفارقت بغیر اوس گھر کے افسوس کے برداشت نہین کی
جس کا حال آپ نے متعدد اخبارون مین پڑھا ہوگا -

آپ کا یہ خاص شہر علیگڈھ جس کے نام سے ضلع
علیگڈھ مشہور ہے کوئی بڑا شہر نہین ہے اس شہر مین کوئی
قدرتی یا مصنوعی فضا یا قدیم آثار ایسے نہین ہین جو اس شہر کو نامور
کرتے لیکن اسوقت آپ کا یہ شہر ایسا نامور ہے جیسا
کہ اس ملک مین کوئی اعلیٰ سے اعلیٰ شہر نامور ہو سکتا ہے
کوئی شہر کوئی قصبہ کوئی حصہ ملک کا ایسا نہین ہے جہان کے
لوگ اب اس شہر کے نام سے واقف نہون جس چیز نے آج
علیگڈھ کو ایسا نامی کر دیا وہ کوئی اور چیز نہین ہے بجز یہان
کے رؤسا کے فیض طبایع اور ان کے شایستہ خیالات کی

سین ٹی فنک سوسائیٹی جس کا یہ خوشنما اور وسیع اور مرتفع ہال ہے جس مین ہم اور آپ جمع ہین - یہ ایسی سوسائیٹی ہے کہ سب سے پہلے آزادی کا پہلا سبق سنانیوالی طور سے اس ملک میں اسی سوسائیٹی نے لوگوں کو پڑھایا تھا - یہ سوسائیٹی ایسی مشہور ہوگئی جس کے بلڈنگ کا نقشہ دنیا کے ایک ایسے نامور موقع پر رہے جہان نہایت نامی گرامی عمارتون کی نقشے رکھے گئے ہین یعنی لنڈن کے برٹش میوزیم مین - یہ کیا چیز ہے؟ اور کس نے قایم کیا ہے اوس کو؟ یہ اسی ضلع کے رئیسون کی روشن دماغی کا نمونہ ہے اور جو کچھ ناموری ہوگئی ہے وہ اسی ضلع کے رئیسون کی وجہ سے ہوئی ہے جن کی فیاض طبیعتین جن کی ملکی اور قومی ہمدردیان آج اس حصۂ ملک مین بے نظیر ہین -

سین ٹیفک سوسیٹی جس کا مین نے ذکر کیا اوس بڑے کام کے سامنے اب کوئی چیز نہین ہے جس سے توقع ہے کہ وہ اب ہماری مردہ قوم مین از سر نو جان ڈالیگا یہ آپ کا مدرسۃ العلوم مسلمانان ہے - مین اس بات کی بحث کرنی نہین چاہتا اور نہ یہ موقع ہے کہ مین مدرسۃ العلوم کے

فوائد بیان کرنے میں وقت کو صرف کرون اوس کے نتائج
سے اکثر لوگ اور آپ خوب واقف ہو گئے ہین اوس وقت
مدرسۃ العلوم کا ذکر کرنے سے مجھکو صرف اوس امر کا اظہار
مقصود ہے کہ یہ پودا بھی آپ ہی کی عالی ہمتی اور فیاضی کے بھروسہ
پر اوس ضلع مین لگایا گیا ہے۔ اگرچہ اوس مدرسہ کی امداد
نہایت دور و دراز ملکون کے مسلمانون نے اور نامی اور مشہور
رئیسون اور نوابون نے کی ہے جس کا یہ نتیجہ ہے کہ آج ایسے اعلے
درجہ تک مدرسہ نے ترقی کی ہے لیکن جب یہہ سوال ہو کہ اوسکی
بنیاد کا پتھر کہان کے رئیسون کی عالی ہمتی کی بدولت رکھا گیا تو کوئی شخص
اوس کے سوا اور کچھ نہین کہہ سکتا کہ اوس ضلع و بلند شہر کے دو
رئیسون کنور محمد لطف علی خان صاحب اور راجہ سید باقر علی خان صاحب
کی عالی ہمتی سے۔ اے صاحبو میں نے ایک واقعی لفظ کہا ہے
کہ ضلع علیگڈھ و بلند شہر کے رئیسون کے بھروسہ پر یہہ
مدرسہ یہان قایم کیا گیا ہے جو اوس ضلع کی زمین کے بہت
بڑے حصہ کے زمیندار ہین اور اون سے امید کی جاتی ہے کہ
مدرسۃ العلوم کی بھی وہی لوگ زمینداری کرین گے اور یہ ایک ایسا
امر ہے جس کا پاس و لحاظ اوس ضلع کے رئیسون کو ہمیشہ

رہنا چاہیئے ۔

میرے دوست حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب اور حاجی محمد مصطفیٰ خان صاحب نے مدرسۃ العلوم کے متعلق میرا ذکر کیا ہے بلاشبہ مجھکو مدرسۃ العلوم سے دلی تعلق ہے مدرسۃ العلوم کے تعلق سے ہمیشہ مجھکو خوشی و فخر رہا ہے لیکن میرے دوست مجھکو یہ کہنے سے معاف کرین گے کہ مدرسۃ العلوم کے بانی کے لفظ کے سُننے سے مجھکو نہایت شرم معلوم ہوتی ہے یہ نام میرے واسطے درحقیقت کسی طرح زیبا نہین ہے ایسا خطاب اور جو عزتین اس خطاب کے متعلق ہین وہ سب آنریبل مولوی سید احمد خان صاحب بہادر کے واسطے ہین ۔ مین اُنکو نہ قبول کرونگا مگر واقعات اصلی سے انکار بھی نہین ہوسکتا کہ کہنے والا اس مدرسہ کا مین ہی تہا لیکن سب جانتے ہین کہ ایک چیز جو شروع کی جاوے اگر وہ قایم نہ رہے یا نہ رہ سکتی ہو تو اُسکے بانی کو بانی کہنا اُسکے لیے بجز شرم کے اور کوئی بات نہین ہوسکتی ۔ میرے مدرسہ کہولنے کے بعد اگر سید احمد خان بہادر کی ذات ہوتی تو اوس کا قایم رہنا امکان سے خارج تہا اور جو نتایج اور جو ترقیان آج آپ اس مین دیکھہ رہے ہین اون مین سے کبھی کوئی ایک چیز بھی ہرگز

نہ دکھلائی دیتی۔

جیسا کہ میرے دوست حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب نے ابھی بیان کیا ہے مین اس ضلع کی عدالت مین ایک جج تھا جس کے ہاتھہ مین بہت سے مختلف مزاج اہل معاملات کی کثیر التعداد مالیت کے مقدمات کا انفصال ہوتا ہے اون مقدمات کے انفصال مین مدد دینے کے واسطے بنچ مین اور اہل معاملات مین ایک جماعت متوسط ہوتی ہے جس کو بار کہتے ہین پس ایک ایسے جج کو اُس حالت مین جب کہ ایسی مختلف قومین اپنا اپنا کام کر رہی ہون یہہ امید کہ اُس سے اس کا تمام ضلع اور تمام متخاصمین اور تمام بار کے لوگ جن مین سے ہر ایک اپنی میٹھی مرضی کے مطابق مقدمات کا فیصلہ چاہتا ہو راضی رہینگے نہایت بے عقلی کا خیال ہے۔ تمام لوگون کو جن کے اغراض باہم اسقدر متضاد ہین خوش کرنے کی امید کرنا انسان کی قوت سے باہر ہے اور بے لگاؤ انصاف کے اصول سے تجاوز کر کر اس قسم کی کوشش کا عمل مین لانا جس سے وہ خیالی رضامندی حاصل ہو سکے نہایت قابل اعتراض ہے مین نے ان شیخ چلی کے سے خیالات کو اصلی بنا نیمین کبھی کوشش نہین کی

مین نے اپنے اصول کو نہایت مستحکم رکھا مین نے ہمیشہ اپنی
عدالت مین جج کے عہدہ کی وقعت کو قایم رکھا مین نے کبھی
اس بات کی پروا نہین کی کہ عدالت مین ایسی باتین یا طریقے
اختیار کرون جس سے لوگون کی رضامندی اور سوسیٹی
حالت کی نسبت حاصل کر سکون - ہر شخص کے واسطے
جو کوئی خدمت اور منصب رکھتا ہے دو حالتین ہین ایک لوازم
منصب کے لحاظ سے اور دوسری اوسکی ذات اور نج کے لحاظ
سے ان دونون حالتون کا فرق اسقدر صاف اور روشن ہے اور اس
فرق کا قایم رہنا اسقدر ضروری ہے کہ ہر شخص اوس کو جاننا چاہیے
برخلاف اس کے جو لوگ اپنی عدالت کو اپنا گھر اور اپنے گھر کو اپنی
عدالت بناتے ہین وہ درحقیقت جج نہین ہین وہ خود اپنی دونون حالتون
کے فرق سے ناواقف ہین اور اگر میری رائے مین غلطی نہ ہو تو ایسے لوگ
فی الحقیقت انصاف کے شایق نہین ہین عدالت ہمیشہ اس واسطے
ہے کہ جہان جج کو سمجھنا چاہیے کہ وہ صرف ایک جج ہے وہ اوس
وقت اپنا تعلق صرف اوس معاملہ سے رکھے جو اوس کے سامنے
پیش ہے وہ ہر فریق کو بطور الف اور ب کے خیال کرے وہ
اپنے ان دوستون کی دوستی کو جن کے معاملات پیش ہین

جبتک عدالت مین ہے بھول جاوے اور معاملات کے انفصال مین
اوس کو دخل نہ دینے دے اور جو کچھہ اوسکی حالت کا تعلق اون
لوگون سے سوشیل ہے اوس کا دھیان دل مین نہ آنے دے
ہان اوس کا گھر ہمیشہ اشراف لوگون کی دوستانہ ملاقاتون اور
سوشیل برتاؤ کے واسطے کھلا ہوا ہے۔

بار جسکو زمرہ وکلا کہا جاتا ہے یہہ ایک نہایت معزز فرقہ ہے
اگر کوئی شخص بار کی وقعت اور اون کے آزادانہ حقوق کی رعایت
کر سکتا ہے اور اوسکو معزز انہ طریقہ پر اون کی لیاقت کے اظہار
کا موقع تہذیب کے ساتہہ دے سکتا ہے تو شاید مجھہ سے زیادہ
نہیں کر سکتا لیکن اسی کے ساتہہ مین نہایت افسوس کے
ساتہہ کہتا ہون کہ بار کا باہمی حسد کبھی ایسی نوبت کو پہونچ جاتا
ہے جیسے کہ ایک مرض کسی مین مزمن ہو یا ایک حیث مادہ جو کسی
جسم مین سرایت کر گیا ہو ایسے خبیث مادہ کی سرایت سے جب
کوئی زخم پڑ جاتا ہے تو اوس کا علاج نہایت دشوار ہو جاتا ہے
ایک طرف سے وہ زخم بند ہوتا ہے اور پھر دوسری طرف سے
پھوٹ نکلتا ہے یہان تک کہ آخر کار وہ بیماری جسم کی ہلاکت کا
باعث ہو جاتی ہے۔ خاص علیگڈہ مین اس مہلک بیماری کا

اثر بہت دنون سے چلا آتا ہے علیگڈھ کا بار اس آفت مین
بارہا مبتلا ہوا ہے اور اس کا مین نہایت افسوس کرتا ہون
اور اگر میرے وقت مین کوئی اصلاح اسکی ہوسکی تو کوئی
خوشی اس سے زیادہ مجھکو نہ ہوگی -

اب مین اپنی گفتگو کو ختم کرتا ہون - اور مکرر
آپ کی اس مدارات کی احسان مندی کے اظہار کے
ساتھہ یہ دعا کرتا ہون کہ اب جب تک خدا کی تقدیر ہے مین اور
آپ ایسی ہی باہمی خوشی کے ساتھہ بسر کرین (بہت زور
سے نعرہ ہائے خوشی) -

یہان پر اسپیچ ختم ہوئی اتنا ر اسپیچ مین لوگون نے
متواتر خوشی کے نعرے بلند کیے اور جلسہ ہر ایک حیثیت
مجموعی کے لحاظ سے گیارہ بجے کے قریب بہت کامیابی کے ساتھہ
ختم ہوا -

منقول از انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۹ ڈسمبر ۱۸۸۲ء - صفحہ ۱۳۴۴

روانگی سید احمد خاں بہادر

مین سلی گڈہ سے بارھوین دسمبر روز سہ شنبہ کو مسلمانون مین روانہ کلکتہ ہونگے اور چودھوین دسمبر روز پنجشنبہ کو کلکتہ پہونچکر کامیٹی عہد حاضری کے زمانہ مین جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر مدرسۃ العلوم کا کام بطور سکریٹری کالج فنڈ کمیٹی انجام دینگے - مراجعت کلکتہ ۔۔۔ ہوگا -

نمبر ۱۰ کوڑیا ٹولہ کلکتہ

۸ دسمبر ۱۸۸۲ء

راقم سید احمد

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۱۹ اگست ۱۸۸۱ء صفحہ ۹۰۶

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر
سب جج علیگڈھ

ہم نے سنا ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سب جج علیگڈھ کی خدمتین چند روز کے لیئے گورنمنٹ آف انڈیا کے فارن ڈپارٹمنٹ کے سپرد ہوگئی ہین وہ کسی پولیٹکل خدمت پر مصر جاوینگے اور ریٹ آنریبل ارل نارتھ بروک ۔ کے اسٹاف مین کام کرینگے اور غالباً بمبئی سے ۲ ستمبر کے مسل مین روانہ مصر ہو جاوین گے ۔ ہمکو اس معزز کام پر اُن کے مقرر ہونے کی نہایت خوشی ہے مگر مدرسۃ العلوم کا جو کام وہ کرتے تھے اُسکے انجام کی ہمکو پڑی ہے ہم تو مدرسۃ العلوم ہی کے کام سب سے مقدم سمجھتے ہین مگر اُمید ہے کہ وہ دو تین مہینے مین پھر اپنے اصلی کام پر چلے آوینگے اور بدستور مدرسہ العلوم کی معزز خدمتون کا پھر چارج لے لینگے ۔

منقول از علیگڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۶ اگست ۱۸۸۴ء صفحہ ۹۳۱

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر نے بغرض روانگی مصر اکیسوین اگست سنہ ۱۸۸۴ء کام کا چارج دیدیا آج نین بجے کے وقت انسٹیٹیوٹ ہال مین بہت سے رئیس ہندو و مسلمان و وکلا و عملۂ عدالت اور نیز پروفیسران مدرسۃ العلوم اُن کو اس معزز کام پر مقرر ہونے کی مبارک باد دینے اور خدا حافظ کہنے کو جمع ہوئے - مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب کو اس مجمع مین تشریف لانیکی غرض سے چند صاحب بطور استقبال کے گئے جب وہ تشریف لائے تو سب لوگون نے اُنکو مبارک باد دی اور اُن کے اخلاق اور خوبیون کی جنکو وہ اس زمانہ مے جانتے ہین جبکہ وہ خاص علیگڈھ مین منصف تھے تعریف و توصیف کی اور اپنی خواہش ظاہر کی کہ خدائے تعالےٰ آپکو بخیر و عافیت وہان پہونچادے اور وہان سے کامیابی کے ساتھ بخیر و عافیت پھر یہان لاوے -

مولوی محمد سمیع اللہ خانصاحب نے نہایت خوبی و اخلاق سے اُسکا

جواب دیا اور اُن سب صاحبوں کی مہربانی کا شکریہ ادا کیا۔

آج ہی رات کو جناب مولوی محمد کریم صاحب ڈپٹی کلکٹر کی جانب سے مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر کو ایک الوداعی ڈنر دیا جاوے گا اور ڈنر کے بعد ایوننگ پارٹی ہوگی اور سامعین بارہ بجے کی گاڑی مین مولوی صاحب مع الخیر روانہ بمبئی ہو جائینگے۔

منقول از علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۶ اگست ۱۸۸۳ء صفحہ ۹۳۲

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر

شملہ کے ٹیلیگرام سے معلوم ہوا کہ علی گڈھ کے سب جج مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر جو ایک مشہور و معروف ذی علم و وی ہوش و ذی رتبہ خیر خواہ خلق شخص ہین اس منصب پر مقرر ہوئے ہین کہ لارڈ ناردھ بروک کیساتھ ملک مصر کے انتظام کے لئے جاوین - اس تقرر کے محرک سر آکلینڈ کالون صاحب بہادر ہین اور ہم لوگون کی دانست مین بھی یہ انتخاب بہت ہی خوب ہوا ہے خدا مبارک کرے اور ملک و ملت کو اُن کی ذات سے فائدہ بخشے ۔ اُردو گائیڈ -

منقول از علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۳۰ اگست ۱۸۸۴ء

مولوی سمیع اللہ خان بہادر

جیساکہ ہمنے اپنے پچھلے اخبار میں لکھا تھا کہ چھبیسویں اگست کی شام کو جناب مولوی محمد کریم صاحب ڈپٹی کلکٹر بہادر کی جانب سے مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر کو انسٹیٹیوٹ گزٹ ہال مین الوداعی ڈنر دیا گیا ڈنر نہایت شان و شوکت کا تھا انسٹیٹیوٹ ہال جھاڑ و فانوس دیوار گیری سے نہایت عمدہ طرح پر آراستہ کیا گیا تھا اُسکا شرقی برانڈہ اور بغلی کمرے بھی نہایت خوبی سے سجائے گئے تھے میز بھی بہت خوبصورتی سے آراستہ تھی ڈنر کے بعد ڈپٹی صاحب نے اپنے دوست مولوی سمیع اللہ خان بہادر کی سلامتی کا ٹوسٹ پرپوز کیا اور اسکے پرپوز کرنے وقت نہایت عمدہ دلی جوش و محبت سے گفتگو کی اُسکے بعد ہمارے مخدوم منشی سید اکبر حسین صاحب نے مختصر مگر دلچسپ گفتگو کی اپنی گفتگو کے خاتمہ کو اپنی تصنیف کیے ہوئے چند اشعار آبدار سے ایسی رونق دی کہ سب دلیقین اُسکے آگے متدہم ہو گئیں وہ اشعار یہ ہین ۔

جمع ہین آپ مین صفات کو — آپ کے سب ہین دل سے شیدائی
عالم و عاقل و مبین و غیور — رونق بزم کا رفرمائی
ہے بلاشبہ آپ یہ زیبا — بزم عزت مین مسند آرائی
ہم گورنمنٹ کے ہین شکر گذار — کہ یہ خدمت سپرد فرمائی
ہے نہ صرف آپکے لئے اعزاز — قوم کی ہے یہ عزت افزائی
پائی شہرت جو اس خبر نے تمام — ہر طرف سے یہی صدا آئی

بہ سفر رفتنت مبارک باد
بہ سلامت روی و باز آئی

سید احمد خان نے کہا کہ مین بھی چند لفظ کہنے چاہتا ہون کہ جو مبارک بادی سب دوستون نے میرے عزیز مجھ سے عمر مین چھوٹے مگر قدر و منزلت و علم مین بڑے بھائی کو دی مین بھی اُس مین شریک ہون اور جو دعاء خیر و عافیت اور سفر کی سلامتی کی دی گئی اُس مین بھی مین سب کے ساتھ دل سے آمین کہتا ہون - مگر میرے خیال مین جو عزت مولوی سمیع اللہ خان کو اُن خدمتون کی انجام دہی سے ہی جو وہ مدرسۃ العلوم کی اور بورڈون کی کرتے ہین وہ اس عزت سے بہت زیادہ ہے جو اُن کو اس تقرری سے حاصل ہوتی ہے - اسکے بعد نہایت دلی محبت اور جوش سے اور عربی اشعار کے انشاد کے ساتھ لوٹسٹ پیا گیا -

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب نے بہت عمدہ گفتگو سے اُسکا جواب دیا اور دوستون کی مہربانی کا شکریہ ادا کیا اور یہ اُمید ظاہر کی کہ جسقدر کام مدرسۃ العلوم کا اُنکے متعلق تھا اُس سب کو جناب مولوی محمد کریم صاحب اُنسے بھی زیادہ خوبی اور دلی توجہ سے انجام دینگے۔

اسکے بعد مولوی محمد سمیع اللہ خان نے اپنے دوست میزبان مولوی محمد کریم صاحب کی سلامتی کا ٹوسٹ پروپوز کیا اور تمام حاضرین نے نہایت خوشی اور دلی محبت سے عربی اشعار کے انشاد کے ساتھ نوش کیا۔

دوسرا ٹوسٹ مولوی سمیع اللہ خان نے اپنے تمام حاضرین دوستون کا جن مین ہندو صاحب بھی جو ایوننگ پارٹی مین مدعو ہوئے تھے اور قریب ختم ڈنر کے جلسہ میں شریک ہو گئے تھے شامل تھے پروپوز کیا اور خود بھی نوش فرمایا۔

بابو طارام صاحب نے تمام حاضرین کی طرف سے اس ٹوسٹ کے پروپوز کرنیکا شکریہ ادا کیا گیارہ بجے تک تمام احباب آپس مین ہنسی خوشی کی باتین کرتے رہے اور پھر مجلس ختم ہوئی۔

ستائیسوین تاریخ کو پانچ بجے کی ٹرین مین مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب مع الخیر روانہ ہوئے اسٹیشن پر بھی رخصت کرنیکو بہت کثرت سے ہندو مسلمان اور چند یورپین احباب جمع تھے مسٹر بلک صاحب

کلکٹر و مجسٹریٹ بھی اسٹیشن پر گڈ بائی کرنے کو تشریف لائے تھے
تمام لوگ اُن کی اس بات سے بہت خوش ہوئے اور آپس مین
صاحب ممدوح کی شکر گذاری سے بہت تعریف کی۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۶ ستمبر ۱۸۸۴ء صفحہ ۸ و ۹

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر

کوہ نور لاہور نے اپنے اخبار مطبوعہ ۴ ستمبر ۱۸۸۴ء مین ایک آرٹیکل جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر کی نسبت لکھا ہے ہمکو کسی کی رائے مین خل دینے کا منصب نہین ہے مگر یہ امر جو اُس آرٹیکل مین لکھا ہے کہ " اکثر مسلمان خیال کرتے ہین کہ مولوی سید احمد خان صاحب تجویز ہوئے ہوگے اُنہون نے قومی خدمت کی وجہہ سے انکار کیا ہوگا اور انکو بطور بدل کے تجویز کر دیا " یہ امر محض غلط ہے مولوی سمیع اللہ خان صاحب کو خود گورنمنٹ آف انڈیا اور ریٹ آنریبل ارل نارتھ بروک نے جو بذاتہ اُن سے واقف تھے منتخب کیا ہے اور کچھہ شبہہ نہین کہ بہ نسبت سید احمد خان کے وہ اس کام کے لئے زیادہ لایق تھے بلکہ ہندوستان سے کوئی انتخاب اس سے بہتر نہین ہوسکتا تھا۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۳ ستمبر ۱۸۸۴ء صفحہ ۱۰۵

مولوی محمد سمیع اللہ خان رح

ہم ذیل مین اُس فقرہ کو نقل کرتے ہیں جو بائیسویں اگست ۱۸۸۴ء کے اخبار ٹائمز مین مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر کی نسبت چھپا ہے

"لارڈ نارتھ بروک کا اسٹاف - ایک کارسپانڈنٹ لکھتا ہے - کہ "مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سب جج علیگڈھ جنکو گورنمنٹ ہند نے مصر مین لارڈ نارتھ بروک کے اسٹاف مین کام کرنے کے واسطے منتخب کیا ہے - مولوی محمد عزیز اللہ خان مرحوم کے بیٹے ہین جنھون نے ۱۸۱۸ء مین مُلک محفوظہ کی رزیڈنسی کے اسٹاف مین اور کچھ عرصہ تک پولیٹکل ایجنٹ دربار ناہن کا کام کیا تہا - چونکہ مولوی صاحب ممدوح متوسل حالت مین تھے اس کے بعد بہت جلد کنارہ کش ہو گئے اور دہلی میں اپنے مکان میں انتقال کیا جہان کہ انکا مقبرہ خاندان آباد ہو گیا تھا - مولوی محمد سمیع اللہ خان نے جو ایک بڑے مشرقی عالم اور فاضل مسلمان مولوی ہین قانونی پیشہ اختیار کیا اور صدر دیوانی عدالت آگرہ اور اُس کے بعد عدالت ہائیکورٹ

الہ آباد بار کے ممتاز ممبرون مین سے تھے ۱۸۷۳ء مین مولوی صاحب ممدوح نے اُس عہدہ کو قبول کیا جسپر وہ اس وقت مامور ہین اور جو سب سے بڑا عہدہ ہے جو اُن ہندوستانیون کو دیا جاتا ہے جنہون نے انگلستان مین تحصیل علم نہ کی ہو۔

گورنمنٹ نے اُنکو مختلف موقعون پر ممالک مغربی و شمالی کے مختلف اضلاع مین کام کی اصلاح کے واسطے بھیجا تھا اور اُنکے حکام بالادست نے ہمیشہ اُن کا ذکر عزت کے ساتھ کیا ہے۔ گورنمنٹ اضلاع شمال و مغرب نے اس بات پر اپنا افسوس ظاہر کیا تھا کہ گورنمنٹ موصوف اسوجہ سے کہ مولوی صاحب ممدوح زبان انگریزی سے بخوبی واقف نہ تھے اُنکی ترقی عدالت ہائی کورٹ کی ججی پر نہین کرسکتی تھی وہ اپنے ہموطنون کی حالت معاشرت کے ایک نہایت سرگرم مصلح ہیں اور یہ اُنہی کی بیش بہا مدد کا نتیجہ ہے کہ اُن کے دوست اور رشتہ دار سید احمد خان بہادر سی۔ ایس۔ آئی۔ نے علیگڈھ مین محمڈن اینگلو اورینٹل کالج قایم کیا ہے جو اب ہندوستان مین اس قسم کے مدرسون مین سب سے زیادہ سربرآوردہ نیشنل انسٹیٹیوشن ہے ۱۸۸۰ء مین اُنہون نے یورپ کا سفر کیا اور انگلستان کی سیر کی اور ہز رایل ہائینس پرنس آف ویلز اور صاحب سکرٹری آف اسٹیٹ ہندوستان اور اُس زمانہ کے اور معزز ممتاز شخصون کی خدمت

مین پیش کئے گئے یورپ سے واپس آنے کے بعد وہ
اپنے ہم عصر ہموطنون مین یورپین خیالات اور مغربی تہذیب کے
جاری کرنے مین مصروف رہے ہین ۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۱۵ نومبر ۱۸۸۴ء صفحہ ۱۲۶۳

سب جج علیگڈھ

بخدمت صاحب اڈیٹر بمبئی گزٹ

صاحب من - مولوی سمیع اللہ خانصاحب سب جج علی گڈھ کو گورنمنٹ ہند نے مصر میں لارڈ مارہتہ بروک کے پاس کارحاس پر تعین فرمایا تھا۔ چونکہ مولوی صاحب ممدوح نے اب اپنا کام ختم کرلیا ہے اور ہندوستان کو واپس آگئے ہین، اس لئے یہ امید کیجاتی ہے کہ گورنمنٹ عالیہ اُن خدمات کے صلہ مین جو مولوی صاحب ممدوح نے ایک غیر ملک مین انجام دی ہین اُنکو کوئی مناسب خطاب عطا فرماوے گی۔

(راقم حق پسند)

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۹ نومبر ۱۸۸۴ء صفحہ ۱۳۰۸

خلاصہ صفحہ ۱۳۰۸ و ۱۳۰۹

علی گڈھ ریلوی اسٹیشن پر سرخ بانات کا فرش تھا اور اسٹیشن مین سرخ و سبز جھنڈیان آویزان تہیں اور مناسب مناسب مقام پر پھولون کے گملے لگائے گئے تھے اسٹیشن کی آراستگی ریل کے افسرون کی طرف سے تھی اور خوشنمائی سے آراستہ کیا گیا تھا۔

اٹھارھوین نومبر ۱۸۸۴ء کو بارہ بجے چالیس منٹ پر ہز اکسلنسی (لارڈ ریپن) رونق افروز ہوئے۔ علیگڈھ کے خاص سول افسرون نے استقبال کیا۔ مدرسۃ العلوم کی جانب سے کنور محمد لطف علی خان پریسیڈنٹ اور راجہ سید باقر علی خان ویس پریسیڈنٹ کالج فنڈ کمیٹی۔ مولوی محمد کریم صاحب پریسیڈنٹ اور مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب لیف آنریری سکرٹری مینجنگ کمیٹی اور سید احمد خان سکرٹری کالج فنڈ و مینجنگ کمیٹی نے حضور ممدوح کا استقبال کیا۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۹ نومبر ۱۸۸۴ء

خلاصہ صفحہ ۱۳۱۲

ہز اکسلنسی (لارڈ ریپن) کالج سے سید احمد خان کے گھر تشریف لے گئے اور لنچن نوش فرمایا ہز اکسلنسی کی میز پر علاوہ ہز اکسلنسی کے اسٹاف اور حکام یورپین کے آنریبل جسٹس محمود - مولوی محمد سمیع اللہ خان - حاجی محمد مصطفیٰ خان - مولوی خواجہ محمد یوسف - محمد اکرام اللہ خان - نواب اسحٰق خان اور سید احمد خان شریک تھے -

(منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۹ نومبر ۱۸۸۴ء صفحہ ۱۳۳)

خلاصہ انتخاب از اسپیچ لارڈ رپن

اگر مین اُن تمام سردارون کی اور رئیسون کی فہرست کو بیان کرون جنہون نے اس بڑے کام مین اُن سے کم مدد دی ہے تو اس مین بڑا عرصہ لگے گا مگر مین آپ کے معاونون کی فہرست مین اپنے بعض نہایت معزز ہموطنون کے نام کے دیکھنے پر اپنی بڑی مسرت ظاہر کرنے سے باز نہین رہ سکتا ہون یعنی لارڈ نارتھ بروک ۔ لارڈ لٹن ۔ سر ولیم میور اور سر جان اسٹریچی ۔ اے صاحبو مجھکو معلوم ہوا ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خان نے اس انسٹیٹیوشن کو بہت سے طریقون مین مدد دی ہے (صدائے تحسین و آفرین) اور مجھکو نہایت خوشی ہے کہ مجھکو اپنی طرف سے اُن کا شکریہ ادا کرنے کا یہ موقع حاصل ہوا اور مجھکو کچھہ شبہ نہین ہے کہ مین اُن تمام شخصون کی طرف سے جو اس موقع پر موجود ہین اُن بیش بہا خدمتون کا شکریہ ادا کر سکتا ہون جو اُنہون نے اس کالج کے حق مین کی ہین ۔ (صدائے تحسین و آفرین بآواز بلند) اے صاحبو ۔ آپ سب اس بات سے واقف ہین کہ جسوقت لارڈ

نارتھ بروک حال مین مصر کو بھیجے گئے تھے تو صاحب ممدوح نے یہ تجویز
کی تھی کہ اس ملک سے کوئی شریف مسلمان اُنکے اسٹاف مین مدد
کے واسطے بھیجا جاوے چنانچہ مولوی صاحب ممدوح اس مقصد کے
واسطے منتخب کیے گئے اور مجکو بخوبی یقین ہے کہ جو فرائض اُنھین تفویض کئے
گئے تھے اُن کو اُنھون نے لیاقت کے ساتھ پورا کیا (صدائے تحسین و
آفرین) مگر مین نے اس معاملہ کی جانب آپکی توجہ صرف اُن کا شکریہ ادا
کرنے کی غرض سے مایل نہین کی ہے بلکہ مین آپ سے اس امر پر لحاظ
کرنے کی استدعا کرتا ہون کہ یہ ایک ثبوت اس بات کا ہے کہ گورنمنٹ
انگلشیہ ہندوستان کے باشندون کو اُنکے خاص ملک سے باہر بھی جبکہ
کوئی مناسب موقع ہو متعین کرنے پر آمادہ ہے (صدائے تحسین و آفرین
باآواز بلند) اور مین یہ بھی اُمید کرتا ہون کہ آپ کو معلوم ہوگا کہ لارڈ نارتھ بروک
نے جو اس قسم کی مدد حاصل کرنیکی خواہش کی تھی وہ اُس اعتماد کی ایک نشانی
ہے جو تمہارا پچھلا گورنر جنرل اس ملک کے ہندوستانی جنٹلمینون پر رکھتا
تھا۔ (صدائے تحسین و آفرین)

منقول از علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۳ جنوری ۱۸۸۵ء

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

ہم کو نہایت معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب بہادر کو بصلہ اون کی خدمات مصر کے حضور ملکہ معظمہ امپرس آف انڈیا نے خطاب۔

C. M. G.

عطا فرمایا ہے۔ ہمارے علم مین یہ ایک ایسا خطاب ہے جو آج تک کسی ہندوستانی کو نہین ملا امید ہے کہ جلد اس خطاب کا فرمان اور اوس کا تمغہ جس کو وہ اپنے زیب بدن فرماوین گے حسب ضابطہ اون کے پاس آجاوے گا ہم اس اعزاز پر جو اون کو حاصل ہوا دل سے اون کو مبارکباد دیتے ہین۔

مسقول از علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۱۰ جنوری ۱۸۸۵ء

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

سی۔ ایم۔ جی

ہم کو اور لینڈ مسل اخبار لندن سے ظاہر ہوا ہے کہ مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر کا نام وخطاب لندن گزیٹ مین چھپ گیا۔ جو خطاب ونمغہ اون کو ملا ہے اوس کے استعارہ سے تین حروف "سی۔ ایم۔ جی" جو اون کے نام کیساتھ لکھے جاوینگے جو فقرہ اور یڈ مسل مین اضافیل کالم مین اون کی نسبت چھپا ہے ہم اوس کو بجنسہ اس مقام پر نقل کرتے ہین

ترجمہ اسکا یہ ہے

کونسل نے مولوی محمد سمیع اللہ خان جج ممالک مغربی وشمالی

ہندوستان کو لعوض اُن خدمات کے جو اونہوں نے ارل
ناتھ برو ... کے ساتھہ مصر مین انجام دین تھرڈ کلاس کا
ممبر یا کمپینین آف دی آرڈر آف سینٹ میکل و سینٹ جارج کا
مقرر کیا -

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۴ مارچ ۱۸۸۵ء صفحہ ۳۱

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر

سی۔ ایم۔ جی

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر سی۔ ایم۔ جی سب آرڈینیٹ جج علیگڈھ رائے بریلی کے سول جج آنریبل سید محمود کی جگہ مقرر کیے جاوین گے جو مستر ٹرل کے کام پر واپس آنے کے بعد رخصت فرلو پر تشریف لے جاوین گے مگر یہہ تقرر آخر اپریل تک نفاذ پذیر نہ ہوگا۔ یہہ بات یاد ہوگی کہ مولوی صاحب ممدوح سال گذشتہ مین کار خاص مین مصر کو بھیجے گئے تھے اور لارڈ نارتھبروک کی ضروری فنانشل مشن مین صاحب ممدوح کو کافی مدد دی تھی۔

پایونیر

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ [illegible]

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

سی۔ ایس۔ جی

انڈین یونین نامی ایک بنگالی اخبار میں جو الہ باد سے نکلتا ہے مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب کے تقرر بعہدۂ جج رائے بریلی کی نسبت ایک آرٹیکل چھپا ہے۔ اخبار کی رائے ہے کہ جناب لفٹنٹ گورنر بہادر نے اس تقرر میں بڑی غلطی کی ہے لوگوں کو چاہیے کہ خوب سوچ سمجھکر ایسے کام کیا کریں اور اول اس بیباک اخبار کے اڈیٹر سے رائے لیا کریں شاید یہہ اتنی بات تو جو ہمارے اڈیٹر صاحب نے جتائی ہے کہ شخص

پوری طرح سے انگریزی نہین جانتا اوس کو اس عہدے کا کام
انجام دینے مین دقّت ہوگی جناب ممدوح کو بھی سوجھہ گئی ہوگی۔
مگر میرے نزدیک اس سے بھی زیادہ اور قابل لحاظ امر تھے کہ
جنہون نے ایسے نقیل بدسر کی رائے پر ایسا اتر ڈالا ہے۔ خیر کچھہ بھی
سبب ہون اب مین اوس اخبار کی دلیلین جو کہ محض اوس
اخبار کی ہی ہین اون پر بحث کرتا ہون وہ کہتا ہے کہ "ہم اس
خبر سے خوش نہین ہوئے اور ہمارے ناظرین تعجب کرین گے
کہ ہم کو ایک ہندوستانی کے اعلیٰ عہدے پر ممتاز ہونے سے
کیون نہین خوشی ہوئی" اس بات پر اخبار مذکور کے صرف
اون ناظرین کو تعجب ہوگا جنکی خیال مین الفاظ انڈین یونین کے معنی
یہہ ہون کہ اوس کے اڈیٹر کے خیالات عام ہمدردی سے پُر
ہین۔ اون اغراض کے سمجھنے کے واسطے جنہون نے اڈیٹر صاحب
کو ایسی رائے دینے پر مجبور کیا ہے کچھہ ضرور نہین ہے کہ مولوی صاحب
کی لیاقتون پر بحث کی جاوے۔ اڈیٹر صاحب کی ناراضی کا اصلی
سبب یہہ نہین ہے کہ مولوی صاحب کے انگریزی کم جاننے سے
کسی مقدمہ والے کا کچھہ نقصان ہوگا جس کو اڈیٹر صاحب بوجہ اپنی
حد سے بڑھی ہوئی ہمدردی کے گوارا نہین کر سکتے ہین کیونکہ اودہ

کی عدالت کی کارروائی اردو مین ہوتی ہے جس کو مولوی
صاحب کہیں بہتر جانتے ہیں اول مقابلی وکیلوں کی نسبت
[illegible] نہیں بلکہ یہ سبب ہے
کہ مولوی صاحب مسلمان ہین اون کو باوجود دیوری لباس
انگریزی کے یہ ساتھ شخص اسس عہدہ سے ممتاز ہوا تھا
اوس سے پہلے گورنمنٹ نے اس قسم کے اشخاص کے اپنے لوگون نے اسی
قسم کے اشخاص کیے تھے۔ زمانہ حال کا مہذب طریقہ
حکومت یہ ہے کہ لوگون پر اون کی خواہشون کے بموجب حکمرانی
کی جاوے مگر ہندستان مین اسس طریقہ پر چلنے مین بہت
سی دقتین ہین نہ صرف یہ کہ لوگون کی جدا جدا خواہشین ہین بلکہ یہ کہ
مطبع جو لوگون کی خواہشون کے معلوم کرنے کا ذریعہ ہے اس
سے ایک بہت چھوٹے گروہ کی خواہشین معلوم ہوتی ہین اور
یہ بالکل برعکس ہے اوس گروہ کی خواہشون کے جو تعداد اور
طاقت مین بہت زیادہ ہے مگر اپنی خواہشون کے ظاہر کرنیکا
کوئی ذریعہ نہین رکھتا۔ مطبع صرف تعلیم یافتہ لوگون اور
خصوصاً کلکتہ والون کی خواہشین ظاہر کرتا ہے۔ کلکتہ مین ان
صوبون کی نسبت بہت برس پہلے سے انگریزی تعلیم کا

چرچا ہے پس کلکتہ والوں کو اس لحاظ سے بہت فائدہ حاصل
ہے جو ان صوبے والوں کو نہیں اور بھی ایسے بہت سے سبب
ہیں جن کے باعث وہاں والوں کو آسانی ہوئی انگریزی تہذیب
سے پہلے وہاں کوئی اور تہذیب نہ تھی جو اس نئی تہذیب کا مقابلہ
کرتی مگر ان صوبوں میں انگریزی شائستگی سے پہلے ایک اور
شائستگی تھی اس کا ایک نمونہ تاج محل ہے کیا ہوئی
چیز ہے جس میں اس کا مقابلہ کر سکتی ہے اور کیا کسی قوم
کا لباس خوبصورتی اور شان میں شمال کے توابون اور
اجاؤن کے ڈھیلے ڈھالے لباس سے مقابلہ کر سکتا ہے
ان لوگوں میں خاص قسم کی تعلیم کا رواج تھا اور ان کے خاص
قسم کے خیالات تھے جن پر وہ چلتے تھے جیسا کہ ممالک مغربی
کی اعلےٰ درجہ کی مشرقی شائستگی انگریزی تعلیم کے واسطے ایک
بڑی رکاوٹ ہوئی اب یہ روک ٹوٹتی جاتی ہے اور ہم کو
امید ہے کہ ہماری تعلیم کی تخم مغربی صوبوں کے مردانہ لوگوں کی طبیعتوں
میں اچھے پھل پیدا کریں گے مگر جیسا کہ میں اوپر بیان
کر چکا ہوں فی الحال یہاں انگریزی تعلیم بہت ترقی پر نہیں ہے
اور اسی لئے انڈین یونین کے اس اعتراض سے کہ مولوی

محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر پوری طرح سے انگریزی نہیں
جانتے ہیں درپردہ یہ غرض ہے کہ ایسے بڑے بڑے عہدے
کلکتہ والوں کو ملا کریں مگر یہہ بات نہ تو انصاف کی ہے اور نہ کسی
مصلحت پر مبنی ہے اور انصاف یہہ ہے کہ اگر کوئی گورنمنٹ اپنے مددگاروں
کے ساتھہ کچھہ سلوک بھی کرے تو کوئی اوس کو برا نہیں
کہتا اور اگر تم مدد کا اندازہ اُن سپاہیوں کی تعداد سے جو ہماری حمایت
میں مرے ہیں کروگے تو بھی یہہ صوبے بنگال سے کچھہ کم نہ رہینگے۔
مگر ہندوستانیوں کو اعلیٰ درجہ پر مقرر کرنے سے اصلی غرض رعایا کی
دلجوئی ہے۔ اب انگریزی نہ جاننے سے مولوی محمد سمیع اللہ خاں
صاحب کو کتنی ہی دقتیں کیوں نہ پیش آویں عام لوگ تو جن کو ان
باتوں سے کچھہ بھی تعلق ہے اس امر سے بہت ہی خوش ہوئے
ہیں۔ ممالک مغربی میں زیادہ تو لوگ انگریزی نہ جاننے والے اور
بالکل پرانے فیشن کے ہیں۔ اور بلکہ وہ انگریزی جاننے والوں سے
نفرت کرتے ہیں۔ جب گورنمنٹ کسی انگریزی فشن کے ہندوستانی
کو عہدہ دیتی ہے تو وہ خیال کرتے ہیں کہ گورنمنٹ کا ایسا
کرنا اپنے فائدہ کے واسطے ہے ہمارے فائدے کے واسطے
نہیں۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ گورنمنٹ نے ہم جیسے آدمی کو مقرر کیا ہے

تو سمجھتے ہین کہ گورنمنٹ نے ہم سے ہمدردی کی ہے یہ
بڑی غلطی ہے کہ ہر ایک ہندوستانی کے عہدے
پانے سے لوگ خوش ہوتے ہیں ہندوستان مین صدہا
بلکہ ہزارون تعلیم یافتے ہیں انگریزون اور ہندوستانیون کا
آپس کا فرق جس کا بنگال پریس اکثر ذکر کرتا ہے
اور جس سے سوائے نقصان کے کوئی فائدہ حاصل نہیں
ہوتا یہان اسقدر نہیں پایا جاتا ہے ان اضلاع میں انگریزون
اور ہندوستانیون کے درمیان زیادہ دوستی ہے بہ نسبت اس کے
کہ ہندوستانیون کے بعض فرقون میں آپس میں ہو اور بڑے
بڑے رئیس اور مولوی اپنے میں اور نئے تعلیم یافتہ لوگون
سے اسقدر فرق پاتے ہیں کہ اون کو اس نئی قسم کے
لوگون کی ترقی سے کچھ بھی خوشی نہیں ہوتی ہے - وہ صرف
اوسوقت خوش ہوتے ہیں جب تم کسی ایسے لایق آدمی کو
حواون کا ہم رنگ ہو مقرر کرو یہ سچ ہے کہ نئے تعلیم یافتہ
لوگ بہت اعلی درجہ کے معلوم ہوتے ہیں اور بیشک اس لحاظ
سے کہ وہ نئی ترقی کے نمونہ ہیں اعلی درجہ کے ہیں مگر اپنے قوم کے
لوگون سے وہ طاقت میں زیادہ نہین ہین -

اگر کوئی بڑی ہل چل ہوئی تو یہہ نئی قسم کے لوگ
مقابلہ میں ہرگز نہ ٹھہر سکینگے اور اگر خدانخواستہ روس کا حملہ
ہووے گا تو صرف پرانی ہی قسم کے لوگوں سے گورنمنٹ
کو مدد کی امید ہووے گی۔ مثلاً جاٹوں کی بہادر قوم سے
بنگالہ میں تھوڑی ہے اور جس میں بہت کم لوگ انگریزی خانہ
والے ہیں اور زیادہ مدد مل سکتی ہے بہ نسبت اس کے کہ
بنگال کے کل بابوؤں سے کلکتہ کے رہنے والے کسی طرح
سے یہاں والوں کی حوصلوں کا اظہار نہیں کر سکتے ہیں یہاں
والوں کی خصلت ہی جدا ہے۔ مسلمان جاٹ راجپوت ایک دوسرے
کی باتوں کو سمجھ سکتے ہیں۔ اکبر اعظم نے راجپوتوں کو اس عزت
کے قابل سمجھا کہ اون کے خاندانوں میں رشتے کر لئے اور اون سے
جو اولاد ہوئی اوس کو وارث سلطنت قرار دیا راجپوت راجاؤں
نے بھی اس بہادر شاہنشاہ کیواسطے اپنی ذات کے بعضوں کو
چھوڑ دیا۔ دو ایک اور کا ذکر ہے کہ اودے کا ایک معمولی چھتری میری
سامنے گیت گا رہا تھا۔ مجھکو ایک گیت پر جو بہت پرانا تھا اور جسمیں
واجد علی شاہ کے نکالے جانے کا ذکر تھا اور اون کے ہاتھیوں
اور گھوڑوں کے [illegible] کا ذکر تھا اور کلکتہ کا جانا بہت تعجب ہوا

ہندو اور مسلمان دونوں قوموں کے عام آدمیوں کو اپنے پرانے
راجاؤں اور نوابوں اور قدیم خاندانوں سے بڑی محبت ہے اس
لحاظ سے بھی مولوی محمد سمیع اللہ خاں صاحب جیسے عالی خاندان
آدمی کی تقرر سے لوگوں کو زیادہ خوشی ہوئی ہے بہ نسبت اس کے کہ
کسی کلکٹر والے کے تقرر سے ہوتی جس کے خاندان کا اون کو بتہ تک
نہین معلوم ہے پس میں کہہ سکتا ہوں کہ پولیٹکل مصلحتوں کے
لحاظ سے یہہ تقرر بہت ہی عقلمندی پر مبنی ہے اور اگر ذاتی لیاقتوں کو پوچھتے
ہو تو بھی مولوی صاحب اون لوگوں سے جن کو اڈیٹر صاحب زیادہ مستحق
بتلاتے ہین کہیں بڑھے ہوئے ہیں۔ مولوی صاحب نے بہت سی
ثبوت اپنی لیاقت کے دیئے ہیں انہوں نے اپنے پچھلے عہدہ
کی حالت میں انصاف میں نام پایا ہے۔ اونہوں نے مصر میں بڑی
خدمت کی ہے وہ اپنی بلا غرض قومی خدمت کے واسطے مشہور ہین
اور سب سے بڑی بات یہہ ہے کہ اپنی حکومت کے زمانہ مین
انھون نے ثابت کر دکھایا کہ لوگ اُن کا بہت کہا مانتے ہیں اور ادب
کرتے ہین اس موقع پر بے اختیار جی چاہتا ہے کہ سول سروس
میں ہندوستانیوں کو اجازت ہونے کے بارہ مین کچھہ کہوں یہہ
مسئلہ ایسا مشکل ہے کہ فی الفور اسکی بابت کوئی بات پورے

یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتی ہیں مگر میں سمجھتا ہوں کہ عمر
بڑھانے کے بارہ میں اس قدر شور و غل کرنا محض غلطی ہے اور
امتحان انگریزوں کے سویلین بنانے کا شاید بہتر طریقہ ہو
کیونکہ یہہ مسئلہ خاص قسم کا ہے اور بہت ضرور ہے کہ وہ لوگ
چھوٹی عمر میں کام کریں اور انتظامی لیاقت کی آزمائش سے پہلی اپنے
گھروں کو چھوڑیں - وہ صرور تاً بدون آزمائش کے منتخب کئے جاتے
ہیں مگر یہہ طریقہ حکومت ولایت میں نہیں اختیار کیا جاتا ہے وہاں پر
وہی لوگ حکومت کرتے ہیں جنہوں نے کسی نہ کسیطرح سے اپنی قابلیت
لوگوں کے دلوں پر نقش کر دی ہے اور جنہوں نے اپنے آپ کو
اوس عہدے کے لایق ثابت کیا ہے - پس اسی طرح
ہندوستانیوں کو بھی جو صرف اپنے ملک میں حکومت کرینگے
آزمائش سے منتخب کرنا ضروری نہیں ہے - ایسا طریقہ کیوں نہ
اختیار کیا جائے جس سے اعلی عہدے اونہیں لوگوں کو ملیں
جنہوں نے اپنی قابلیت ثابت کر دی ہے جیسا کہ مولوی محمد
سمیع اللہ خاں صاحب کے بارہ میں ہوا ہے اور یہہ بات صرف اتفاق
پر کیوں چھوڑ دی جاتی ہے کہ جوان آدمی حکومت کی قابلیت رکھتا ہے
شاید حکومت کرنے کی قابلیت پیدا کر لے - انگلینڈ میں دونوں

قسم کی قابلیت درامتحان پاس کرنے اور انتظام کی قوت ساتھ
ساتھ ہوتی ہیں مگر ہندوستان میں اکثر علیحدہ علیحدہ ملتی ہیں سبب اس کا
انتظامی مادہ ہوتا ہے وہ اکثر تعلیم کی وجہ سے اور بعض اوقات طبعاً انسان
کی آزمایش سے بالکل ناقابل ہوتا ہے ایک اور وقت اس
موجودہ طریقۂ امتحان میں یہہ ہے کہ اس کے ذریعہ سے یا تو بہت ہی کم
یا بہت ہی زیادہ ہندوستانی سول سروس میں آ جاتے ہیں
اور کسی طرح سے وہ مناسب تعداد جو ہم چاہتے ہیں نہیں آتی ہے
اور نہ اس بات کا کوئی انتظام ہو سکتا ہے کہ ہندوستانی سوسائٹی مناسب
نسبت سے ہندوستان کی ہر ایک قوم میں سے ہوں بلکہ یہہ بہت غالب
ہے کہ جو شخص اس قسم کا قومی فخر پورا کرنے کے واسطے
مقرر کیا جاوے اوس صوبہ میں جہاں کہ وہ مقرر ہوا ہے اسی جنس
ہو جنس کہ وہ انگریز جس کی جگہ یہہ مقرر ہوا ہے اور شاید انگریز کی نسبت
اوس پر بھی لوگوں کو کچھ کم اعتراض نہ ہوں ۔ ہم نہیں چاہتے ہیں
کہ اس بڑے طریقۂ امتحان کے ذریعہ سے لفٹنٹ گورنر اور دیسرے
کے عہدے دینے کے اختیارات اس قدر محدود کر دیے جاویں
میری ان رایوں کو ہندوستانی برٹش غالباً پسند نہیں کرے گا
کیونکہ وہ اُن لوگوں کے ہاتھ میں ہے جن کا طریقۂ امتحان سے ذاتی فائدہ

مگر یہ ایک عجیب بات ہے کہ وہ ہی اقرارات جن سے گورنمنٹ کی آزادی ثابت ہوتی ہو کہ قومیت کا کچھ لحاظ نہ ہوگا - ہر شخص جو اپنے آپ کو لائق ثابت کرے گا اوس کو پورا موقع ترقی کا ملے گا - انگریزی تعلیم کے کہین کم اور کہین زیادہ پھیلنے سے ایک خاص گروہ کی فائدہ کا اچھا طریقہ بنگیا ہے -

تھیوڈور بک

منقول از علی گڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۵ اپریل ۱۸۸۵ء

صفحہ ۴۴۲

مولوی محمد سمیع اللہ خان

بہادر

سی۔ ایم۔ جی

اٹھارویں ماہ حال کو مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر سی ایم جی سب آرڈینیٹ جج علیگڈھ نے اپنے عہدہ کا چارج رائے اکشری پرشاد بہادر کو حوالہ کیا۔ دوسرے دن علیگڈھ بار کے ہندو و مسلمان ممبروں نے متفق ہو کر ایک الوداعی ڈنر مولوی صاحب ممدوح کو دیا اس ڈنر میں تندرستی سے ٹوسٹ پیئے گئے اور بار کے ممتاز ممبروں نے اسپیچیں کیں جن کا جواب مولوی صاحب ممدوح نے ارشاد فرمایا۔

اکیسوین ماہ حال روز سہ شنبہ کو بوقت شب مسلع علیگڈھ
اور بلند شہر کے رئیسون نے مولوی سمیع اللہ خانصاحب بہادر
سی - ایم - جی کو جو اودہ مین ڈسٹرکٹ جج مقرر کیے گئے ہین ایک
الوداعی ڈنر دیا - یہہ ڈنر انسٹیٹیوٹ ہال مین ہوا تھا اور کل
تیس ضٹلین یورپین اور ہندوستانی ڈنر کے واسطے بیٹھے تھے
حصولکہ معظمہ قیصر ہند کی سلامتی کے ٹوسٹ نوش کیے
جانے کے بعد حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب نے جو جلسہ کے
پریزیڈنٹ تھے - مولوی صاحب ممدوح کی تندرستی
کے ٹوسٹ کی تحریک کی اور مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب نے
اوس کی تائید کی - مولوی صاحب ممدوح نے اوس کا ایک مختصر
اسپیچ مین جواب دیا - اسپیچون مین اس غرض سے اختصار کیا
گیا کہ لوگ رقص و سرود کے اوس جلسہ مین شریک ہوسکین
جو اوسی شب کو ریلوے اسٹیٹیوٹ مین ہوا تھا - مولوی صاحب
ممدوح چہارشنبہ کی شام کو میل ٹرین مین سوار ہوئے اور جانب
لکھنو روانہ فرما ہوئے اور اسٹیشن پر ایک بڑا مجمع لوگون کا اون سے
رخصت ہونے کیواسطے موجود تھا -

منقول از علی گڑھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۸ اپریل ۱۸۸۵ء

صفحہ ۴۵۶

علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر

سی - ایم - جی

لکھنؤ مین

شنبہ گذشتہ کی صبح کو لکھنؤ مین جناب نواب لفٹنٹ گورنر و چیف کمشنر بہادر نے مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر کو جو حال مین صدر جج رائے بریلی کے مقرر کئے گئے ہین کمپینین طبقہ سینٹ مائیکل و سینٹ جارج کا تمغہ عطا فرمایا جو بعوض ان خدمات کے مولوی صاحب ممدوح کو دیا گیا ہے جو مصر مین

بہ ماتحتی لارڈ ناتھ بروک اون سے طہورین آئی نہین - دونون جوائنٹ کمشنر اور صاحب کمشنر اور خاص خاص انگریزی اور ہندوستانی سرکاری عہدے دار جو لکھنؤ مین رہتے ہین معہ چند وکلاء اور تعلقہ دار کے اس جلسہ مین شریک تھے - مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر نے ایک مختصر اور نہایت فصیح اسپیچ مین ہز آنر کا شکریہ ادا کیا -

اوسی روز شام کو بارہ دری واقع فیض باغ مین اودھ کمیشن کے ہندوستانی عہدے دارون اور وکیلون اور ہندو اور مسلمان رئیسون نے مولوی صاحب ممدوح کی دعوت کی جسمین یورپین اور ہندوستانی دونون مدعو کیے گئے تھے - شاہزادہ مرزا سلیمان قدر بہادر جو اودھ کے بادشاہ سابق کے بھائی ہین اس جلسہ مین صدر انجمن تھے - نواب مرزا مہدی علی خان بہادر - نواب مغفور مرزا بہادر - نواب باقر علی خان بہادر اور دیگر ہندوستانی رئیس ڈنر مین شریک تھے اور کل پچاس آدمی ڈنر کے واسطے بیٹھے تھے جن مین سے گیارہ یورپین عہدے دار تھے -

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر پریزیڈنٹ کے ایک

طرف اور ڈاکٹر ڈیوٹہاٹ جوڈیشل کمشنر دوسری طرف اور مسٹر
ٹریسی اکسٹرا جوڈیشل کمشنر اور مسٹر کوئین کمشنر لکھنو صاحب
پریزیڈنٹ کے مقابلہ مین بیٹھے ہوئے تھے بارہ دری نہایت
خوبصورتی کے ساتھہ آراستہ اور نہایت عمدگی کے ساتھہ روشن
کی گئی تھی ڈنر کے خاتمہ پر ہندو صاحبان بھی شریک ہوگئے تھے
صاحب پریزیڈنٹ نے حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی سلامتی کے ٹوسٹ
کی تحریک فرمائی اور وہ نہایت گرم جوشی کے ساتھہ نوش کیا گیا۔ اس
کے بعد منشی صفدر حسین صاحب تعلقہ دار و سب جج ہردوئی نے
ایک دلچسپ اسپیچ مین مہمان کی تندرستی کے ٹوسٹ کی تحریک کی
اور مولوی سید فریدالدین احمد خان بہادر سب جج کانپور نے ایک
لمبی اسپیچ میں اوس کی تائید کی - دونون گفتگو کرنے والون نے
خاص کر مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر کی لیاقتون کا اور اوس
عہدے کے واسطے جسپر اون کی ترقی کی گئی اون کی قابلیت کا ذکر کیا
اور گورنمنٹ کا شکریہ اس لحاظ سے ادا کیا کہ اوس نے ایک عمدہ
انتخاب کر کے مولوی صاحب موصوف کو اس عہدے پر مقرر فرمایا
انہون نے اس بات پر بھی اپنی خوشی ظاہر کی کہ ایک سب
اسسٹنٹ عہدے دار کی ترقی عہدہ ڈسٹرکٹ جج پر کی گئی

جو ایک ثبوت اس امر کا ہے کہ سب آر. دینیٹ صیغہ مین ہی ایسے
شخص موجود ہین جو اس قسم کے اعلے عہدے کے قابل ہین -
مولوی محمد سمیع اللہ خان بہادر نے ایک نہایت فصیح اور دلچسپ
اسپیچ مین اس ٹوسٹ کا جواب دیا - اس اسپیچ کے ضمن
مین مولوی صاحب ممدوح نے گورنمنٹ کا شکریہ ادا کیا اور اس
بات کا اعتراف کیا کہ خاص اون کی لیاقتین اور خدمات اس قدر عزت
کی مستحق نہین ہین جیسی کہ گورنمنٹ نے ازراہ مہربانی اُنکو بخشی ہین
اور گورنمنٹ نے اون کی ایسی عزت کی ہے جس کا اپنے تئین
وہ بالکل پورا پورا مستحق نہین خیال کرتے ہین خاتمہ پر مولوی
صاحب ممدوح نے اپنی خوشی اس بات پر ظاہر فرمائی کہ یورپین
اور مسلمان دونون نے ایک ہی میز پر کھانا کھایا لکھنو مین یہہ بات اول
ہی مرتبہ ہوئی ہے اور اسی وجہہ سے اس سے ثابت ہوتا ہے
کہ لکھنو مین پہلے چند روز سے اہل یورپ اور مسلمانون کے
درمیان باہمی میل جول اور اتحاد کو نہایت ترقی ہوئی ہے اور اونہون
نے یہ امید ظاہر فرمائی کہ اس اتحاد کو روز بروز ترقی زیادہ تر ہووے
گی -

دعوت کے خاتمہ پر نہایت عمدہ آتشبازی چھوڑی گئی اور

اور مہمان قریب آدھی رات کے رخصت ہوئے۔

نقل فرمان عطائے خطاب وکٹوریا

بفضل خدا ملکہ سلطنت اعظم برطانیہ و آیرلینڈ حامی دین قیصرہ ہند تاج دار و سردار نہایت معزز طبقہ سینٹ مائیکل و سینٹ جارج ہمارا عطا کیا ہوا درجہ مصاحبت نہایت معزز طبقہ سینٹ مائیکل و سینٹ جارج کا مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب کو۔ معتمد اور نہایت عزیز مولوی محمد سمیع اللہ خان ہمارے ہندوستانی شاہنشاہی کے اضلاع شمال و مغربی کے جج کو سلام۔

چونکہ ہم نے مناسب خیال کیا ہے کہ آپ کو اپنے نہایت معزز طبقہ سینٹ مائیکل اور سینٹ جارج کے تیسرے درجہ کا ممبر یا مصاحب مقرر کریں اس لئے ہم آپ کو اس فرمان کی رو سے اپنے نہایت معزز طبقہ مذکور کا درجہ مصاحبت عطا کرتے ہیں اور ہم اس فرمان کی رو سے آپ کو اختیار دیتے ہیں کہ آپ درجہ مذکور بجنیبن ممبر درجہ سوم یا مصاحب ہمارے نہایت معزز طبقہ

مذکور کے حاصل کریں اور اُسے اپنے قبضہ مین رکھین اور اس سے
عزت پاوین معہ ہر ایک اور جمیع حقوق کے جو طبقہ مذکور سے
متعلق ہین -

ہمارے ایوان ونڈسر سے ہمارے دستخط خاص اور
طبقہ مذکور کی مہر ثبت ہو کر عطا کیا گیا - واقع تاریخ ۱۳ دسمبر ۱۸۸۴ء
ہمارے جلوس کے اڑتالیسوین سال مین -

بحکم بادشاہ

دستخط

گرینڈ ماسٹر و چینسلر

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۱۶ مئی سنہ ۱۸۸۵ء

صفحہ ۵۲۰

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

سی۔ ایم۔ جی

ہم نے اپنے ایک پرچہ مین مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر سی۔ ایم۔ جی کی دعوت کا حال جو کہ خاص شہر لکھنؤ مین ہوئی تھی لکھا تھا اُس موقع پر جو وہان اسپیچین ہوئی تھین وہ اودہ اخبار مین چھپی ہین چنانچہ انکو ہم اپنے اخبار مین بھی نقل کرتے ہین۔

اسپیچ منشی صفدر حسین خان صاحب بہادر سب جج

اُس جلسہ کے انعقاد کی وجہ آپ لوگوں کو یقیناً معلوم
ہے یہ جلسہ صرف دو غرض سے منعقد ہوا ہے ایک یہہ کہ
جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر کی ترقی کی
مسرت کا اظہار علانیہ کیا جائے دوسرے یہہ کہ ہم لوگ
ایکدل ہوکر گورنمنٹ کا شکریہ اون کی ترقی کی بابت ادا کریں
جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر کی اعلےٰ لیاقتین
علوم مشرقیہ مین مسلم الثبوت ہین اور مغربیہ تہذیب مین بھی
اونہون نے کامل روشن ضمیری حاصل کی ہے وہ ہم لوگون
کی سوسائیٹی مین اعلےٰ درجہ کی ایک سمجھے جاتے ہین کہ ہم
سب لوگون کو اُن پر نہایت فخر و ناز ہے گورنمنٹ نے
جو ترقی اون کی حال ہین کی ہی کمال جوش دلی سے اُس پر
اظہار مسرت کرنا کچھہ تعجب خیز امر نہین ہے گورنمنٹ نے
اِس پیرایہ مین فی الحقیقت اِس کا ثبوت دیا ہے کہ
وہ طبقہ تربیت یافتہ شخصون کی مدد دینے کو بالکل مستعد ہے
اور جو لوگ اپنے آپ کو لایق ثابت کرین اون کی پوری
ترقی دینے کے لئے ہمہ تن آمادہ ہے اور ہر طرح سے موجود ہے
اون لوگون پر جو فی الحقیقت لایق ہین اور اپنے آپ کو لیاقت

ودیانت دار ثابت کیا ہے امیدون کا دروازہ کھول دیا ہے
مین اپنی اس تقریر کو ختم کرنے سے پہلے اس امر کو
نظر انداز نہین کر سکتا کہ ہمارے یورپین معزز دوست اس
ہماری خوشی مین کس مسرت کے ساتھہ شریک ہین
یہہ ایک مبارک نشان ہے اس امر کا کہ ہماری برٹش
گورنمنٹ کی حکومت اثر پذیر ہے بلکہ وہ اپنا سکہ دلون پر
بھی جماتی جاتی ہے ۔

صاحبو ہم دل سے اس امر کی تصدیق کرتے ہین
کہ مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر کی ترقی سے عامۂ خلایق
صرف رضامند ہی نہین ہوئی ہے بلکہ اون سب لوگون نے
اس کو بڑی برکت اور نعمت غیر مترقبہ خیال کیا
ہے ۔

صاحبو گورنمنٹ نے ایک ایسے لایق و ممتاز شخص
کو یہ عزت دی ہے کہ ہم سب لوگ اوس کو اپنی عزت
سبب سمجھتے ہین ۔

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب مین آپ کو اپنا
مخاطب صحیح قرار دے کر آپ کو اپنی طرف سے اور آپ کی

جملہ احباب کی طرف سے مبارکباد دیتا ہون اور دعا کرتا ہون
کہ آپ اس جوڈیشل لین مین ایسی ناموری پیدا کرینگے
کہ جیسے ہمارے معزز دوست سید محمود نے پیدا کی اور
ہم لوگون کے سرمایۂ عزت وافتخار بن گئے فقط اب مین پھر
جوش آرزو کے ساتھہ اس امر کی تحریک کرتا ہون کہ
میرے معزز مہمان کی زندگی کا ٹوسٹ گرم جوشی کے
ساتھہ نوش کیا جائے۔

اسپیچ مولوی سید فرید الدین صاحب

جج شہر کانپور

مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر سی۔ایم۔جی و دیگر
معززین یورپین و صدوستانی عاید و شرفا۔ مین اسوقت
اس لیے کھڑا نہین ہوا ہون کہ اپنے دوست سی۔ایم۔جی
کو اون مسلسل کامیابیون پر کہ جو اون کو ان دنون حاصل

ہوئی ہین مبارکباد دون یا کسی خاص مضمون پر کوئی اسپیچ
کرون - مین صرف اس لیے گھبڑا ہوا ہون کہ اس وقت
جو اس جلسہ کی ہیئت خوشنمائی سے میرے دل پر اثر پڑا
ہے اوس کی بابت بھی چند الفاظ کہون -
میرے پرانے معزز دوست مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب
بہادر امین آپ کو اس امر پر مبارکباد دیتا ہون کہ آپ کی کامیابی
کے ذریعہ سے آج کی رات وہ جلسہ ہے کہ جو لکھنؤ کی تاریخ
مین سنہرے حرفون سے اس لیے لکھا جائے گا کہ یہہ اول
جلسہ ایسی قسم کا ہے کہ جس کے نتایج اب بھی اور آیندہ
بھی نہایت عمدہ و مفید ہون گے - اب تک جو ایک کشش
اور پیچیدگی انڈین نیورپین کے میل جول مین ہے اوس کا
سبب نہایت قوی یہہ ہے کہ ان دونون قومون مین باہمی
میل جول سے تکلفانہ اور خورد و نوش باہمی نہین ہے
دونون قومین بالکل ایک دوسرے سے نہین ملتی ہین اور
اوس کے نتایج نہایت مضرت انگیز ہین - ہمیشہ ایک قوم
کو دوسری قوم سے بدگمانی پیدا ہوتی ہے اون کے
خیالات مین اتحاد پیدا نہین ہوتا - آج آپ کی کامیابی کے جلسے نے

ایسے سخت و نامناسب امر کو بالکل دور کر دیا۔ اس جلسہ مین
ہر درجہ اور ہر قسم کے خیال کے لوگ جمع ہین ادنا علی
درجہ کے عہدہ داران یورپین شاہزادی عالیشان نواب
زادے عہدہ داران سرکاری وکلاء عالی رتبہ سب
موجود ہین باہم گفتگو کر رہے ہین۔ ایک دوسرے سے
بلا تکلف باہم مل رہے ہین کسی قسم کا امتیاز ملاقات مین
نہین ہے جو لوگ اپنے خیالات کے لحاظ سے باہم
کھا پی سکتے ہین وہ بلا تکلف ایک جگہہ میز پر بیٹھے کھا پی رہے
ہین۔ جیسے کہ آپ اس نئی ترقی پانیکی نظیر ہین ویسے ہی ایسے
نادر اور عمدہ جلسہ کے لیے آپ اس شہر مین موجود ہین اگر
ایسا ہی برتاؤ ہمیشہ یورپین و انڈین مین ہوتا ہے اور تفرقہ
نامناسب ان دونون مین قائم نہ رہے تو مین یقین کرتا ہون
کہ برٹش حکومت کو ایسا استحکام کامل اس مملکت مین
ہو جائیگا کہ جس کو کسی قسم کا اندیشہ بیرونی حملون کا باقی
نہ رہے گا۔ ایک گورنمنٹ روس نہین دس ایسی گورنمنٹ
اگر چاہین کہ ہندوستان پر حملہ کر کے کامیاب ہون تو نہین
ہو سکتین۔ ہندوستان کی حکومت کی ٹرین ہمیشہ تب ہی عمدہ

چلے گی کہ جب اُس کے گارڈا ور ڈریور انڈین اور یورپین
دونون ہون اور اُن مین باہمی کامل اختلاط و محبت ہو خدا
دونون قومون کو ایسے ہی روز کی ہدایت کرے۔ مجھہ کو آپ سے
ایک زمانۂ دراز سے راہ و رسم و ملاقات ہے اور باہم ہر قسم
کی صحبت و اختلاط ہے مین آپ کی سب باتون اور لیاقتون سے
بخوبی واقف ہون اور بلحاظ اُس کے مجھہ کو اِس کہنے مین
مطلق محل تامل نہین ہے کہ آپ ہمارے ملک کے ایک اعلیٰ
اور اول درجہ کے انسان ہین اگر میری اس رائے سے کوئی
متفق نہ ہو تو اس امر مین مجھہ سے کوئی اختلاف نکرے گا کہ
آپ منجملہ اعلیٰ درجہ کے گروہ معزز کے ایک عمدہ اور لایق
ممبر ہین آپ کی تعلیم زمانہ گزشتہ کے مطابق ہوئی ہے آپنے
زبان عربی و علوم فلسفۂ قدیم اور علوم مذہبی اہل اسلام سے تعلیم
پائی ہے اور اُنھین علوم کے ذریعہ سے آپ نے یہ ثابت
کر دیا ہے کہ ہندوستان کے اعلیٰ درجہ کے تعلیم یافتہ
ایسے ہوتے ہین کہ جو بار و پیچ و امور انتظامی مین کسی طرح
کسی یورپین بیرسٹر و جج و منتظم سے کم نہین ہوتے وہ ہندوستان
ہی مین اپنی قابلیت و لیاقت ثابت نہین کر سکتے بلکہ دوسرے

ممالک مین نہایت بڑے سے بڑے منتظم و مدبرون کے
اسٹاف مین اپنی قابلیت ثابت کرکے مستحق خطاب و تمغہ
کے ہوتے ہین۔ یہہ بھی آپ ہی کو شرف حاصل ہے
کہ آپ کی اس ترقی نے اُس نہایت نامناسب قید کو
توڑ دیا کہ بلا تعلیم انگریزی کے کوئی شخص ڈسٹرکٹ جج
کا کام نہین کرسکتا آپ ایک نامی گرامی شہر دارالخلافت
ہندوستان کے باشندے ہین آپ کا خاندان اُس
شہر مین نہایت معزز و لائق خیال کیا جاتا ہے آپ
ہی پر یہہ صادق آتا ہے کہ اچھون کے اچھے ہی ہوتے
ہین۔ مین اپنی واقفیت ذاتی سے اس کہنے کو کچھہ مبالغہ
خیال نہین کرتا ہون کہ ہمیشہ حکام صدر دیوانی و ہائیکورٹ
اور دوسرے لائق یورپین آپ کو ایسا ہی ہونے والا
جانتے تھے۔ جیسا کہ اب آپ ہوئے۔ مجھ کو جو خبر ملی ہے
وہ اگر صحیح ہے تو یہہ عہدہ ڈسٹرکٹ ججی اُس سے
زائد نہین ہے اور وہ یہہ خبر ہے کہ آپ کو ہائیکورٹ
نے اپنی کسی رپورٹ مین لائق عہدہ ججی ہائی کورٹ
کے قرار دیا ہے۔ مین اب آپ کو رخصت کرتا ہون اور خدا سے

دعا کرتا ہون کہ آپ ہمیشہ اپنے کامون مین کامیاب رہین۔

اسپیچ مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب بہادر

جو عزت آج مجھکو اودھ کمیشن کے ممبرون اور بار اور معزز رؤسائے اودھ نے دی اور جس خوشی سے میرا ٹوسٹ پیا گیا ہے اُسکا مین تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہون یہ فخر جو آج مجھکو حاصل ہوا ہے اس سے پہلے کبھی مجھکو نصیب نہین ہوا میری زندگی کے دنون مین سے آج کا دن قابل افتخار رہے میرے دوستون نے جو کچھ اس وقت میری نسبت کہا وہ محض جوش محبت کی بات ہے میری لیاقت بہت محدود ہے اور بلحاظ اُس کے مین اُن الفاظ کا مستحق نہین ہون جو میرے دوستون نے اس وقت میری نسبت استعمال کیے غیٹلین جس وقت جدید عہدے کی تقرری کی خبر پایونیر نے چھاپی اُس وقت تک باضابطہ طریق پر گورنمنٹ سے اُس کا اعلان نہین ہوا تھا لیکن اُسی وقت سے ملک مین عجیب وغریب قسم کا جوش پیدا ہو گیا تھا سوائے اُن لوگونکے جو میرے دوست ہین ایسے لوگون نے بھی جن سے مین واقف نہین تھا اس قدر میرے پاس کثرت سے خطوط بھیجے

کہ گو مین نے یہ التزام کرنا چاہا کہ مین اُن کے جواب مشعر شکریہ کے
بھیجون لیکن مین بمجبوری یہ التزام نہ کرسکا خطوط کے لکھنے والے
کچھہ میری ترقی پر مسرت کے اظہار کرنے والے نہ تھے بلکہ ملکی
حالات کے لحاظ سے وہ زیادہ تر گورنمنٹ کی اُس پالیسی کے
مداح تھے جس کا برتاؤ میرے ساتھہ ہوا اُنھون نے گورنمنٹ کی
پالیسی کی نسبت اپنے خیالات کی پسندیدگی ظاہر کرتے ہوئے مجھکو
اِس بنا پر مبارکباد دی کہ مین اول وہ شخص ہون کہ جس کیساتھہ
اِس عمدہ پالیسی کا برتاؤ ہوا ہے لہذا اُنھون نے اپنا یقین
ظاہر کیا کہ بلاشبہ یہہ پالیسی گورنمنٹ کی کہ اعلیٰ خدمات مخصوص
اشخاص کے لیے بلحاظ قوم و مذہب کے مخصوص نہ ہون گی
اور صرف خیالی اور کہنے ہی کی بات نہین ہے بلکہ گورنمنٹ کو
جب موقع ہوا اور اُس کو لائق اور معتمد اشخاص ہم پہنچین تو
فیاضانہ طریقہ پر اُس کے دینے پر تیار ہے جن خدمتون کا
ذکر میرے دوست مولوی فریدالدین صاحب نے فرمایا ہے
اور بلحاظ اُسکے مجھکو اُس صلہ کا مستحق قرار دیا ہے جو مجھکو ملا ہے
مین بالیقین کہتا ہون کہ جو صلہ مجھکو دیا گیا وہ میری ناچیز خدمتون کے
مقابلہ مین بہت زیادہ ہے۔ جنٹلمین۔ برٹش گورنمنٹ ہمارے ملک کے

واسطے برکت ہے لیکن اُس برکت کے آثار اُس وقت مین
پیدا ہو سکتے ہین جب حکام اور رعایا کے دلون مین اتحاد پیدا ہو
ایک گروہ نے جو ملک اور اپنی قوم کا دل سے خیر خواہ ہے
اس مسئلہ پر غور کیا ہے اور اُنھون نے اپنی تمام تر کوشش
اس بات پر صرف کی ہے کہ باہم دونون فرقون کے دلون مین
اتفاق و محبت کے ذریعے پہنچائین اُنھون نے اس کوشش
کی حالت مین بہت سے اعتراضات اُٹھائے لیکن تاہم وہ اُس
کوشش مین سرگرم رہے اور مین خیال کرتا ہون کہ وہ اس کوشش
مین کامیاب ہوئے ہین گو پوری کامیابی کی حالت ابھی نہین پہنچی
اگر میرے حافظہ مین کچھ قصور نہین ہے تو مجھے خوب یاد ہے کہ جس وقت
مدرسۃ العلوم علیگڈھ کے فونڈیشن کا وہ جلسہ ہوا جس وقت لارڈ
لٹن نے بنیاد کا پتھر رکھا تھا اُس دن شاید پچاس سے زیادہ یورپین
تھے اور صرف تین چار مسلمان تھے آج کا جلسہ جس مین ہم سب شریک
ہین ایسا جلسہ ہے جس مین یورپین سے چہار چند کے قریب مسلمان
ایک منبر پر موجود ہین اے صاحبو ادنی سے اعلی تک مسلمان اس
بات سے واقف ہین کہ اُن کے مذہب نے عیسائیون کے ساتھ

دوستی کی تعلیم کی ہے اونکے ساتھ کھانا پینا معاشرت ومحبت کا کرنا
اُن کے مذہبی اصول کے کچھ برخلاف نہین ہے ہندوستان کے
مسلمانون کے سوائے اور ملکون کی جو شخص سیر کرے گا وہ اس میل
جول باہمی کی تصدیق کرسکتا ہے ایک زمانہ سے مسلمانون کو اس ملک
مین ایک دوسرے فرقہ کے ساتھ معاشرت کا اتفاق ہوا اور اسوجہ
سے اس فرقہ کی رسم وعادات کے پابند ہوگئے تھے لیکن خدا کا شکر
ہے کہ اب وہ رسم ٹوٹتی جاتی ہے میل جول باہم حاکم اور محکوم کے عمدہ
ذریعہ ایک کو دوسرے کے خیالات سے واقفیت کا ہے اور اس
وجہ سے ہر ایک اُن مین سے دوسرے پر بھروسہ کرسکتا ہے
اور اسکے سبب سے عمدہ فوائد رعایا کو ترقی کے اور گورنمنٹ کے
استحکام کے حاصل ہوسکتے ہین میری دعا ہے کہ خدا تعالی اس میل
وجول کو رعایا اور حکام مین ترقی دے۔ اب مین اپنے معزز پریسیڈنٹ
اور تمام حاضرین جلسہ کا جو آج میری عزت کے باعث ہوئے شکریہ
ادا کرتا ہون۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۸۸۶ء
صفحہ ۱۲۲۶

دعوت محمد حمید اللہ خان بی اے بیرسٹر ایٹ لا

خواجہ ابو الحسن صاحب کا جو ہم سب کے عزیز اور محمد حمید اللہ خان کے
ماموں ہین حیدر آباد سے ہمارے پاس خط آیا ہے اُنھون نے
محمد حمید اللہ خان کی دعوت کے لیے جو لندن سے آتے ہین
پانچ سو روپیہ دیا ہے اور ہم سے درخواست کی ہے کہ یہہ روپیہ
مدرسۃ العلوم مین اس طرح پر صرف کیا جاوے جس سے اُن کے
آنے کی خوشی کی یادگار ہمیشہ رہے۔

ہم خواجہ ابو الحسن صاحب کی اس عمدہ تجویز کے لیے حد سے
زیادہ تعریف کرتے ہین حمید اللہ خان جو مدرسۃ العلوم کے پہلے
طالب علم ہین اور اب لندن سے بی اے اور بیرسٹر ایٹ لا ہو کر
آتے ہین اُن کی دعوت کا طریقہ اس سے بہتر اور نہین ہو سکتا ہی کہ اُنکی
مراجعت کی خوشی کی دائمی یادگار مدرسۃ العلوم مین قائم کی جاوے۔

ہمنے یہہ تجویز کی ہے کہ مدرسۃ العلوم کے کالج کلاسون کے کمرون
مین سے ایک کمرہ اُنکی دعوت کا روپیہ جمع کرکے بنایا جاوے اور ایک
کتبہ جس مین یہہ سب حال مندرج ہو اُن کے نام پر لگایا جاوے۔
کالج کلاسون کا کمرہ چھہ ہزار روپیہ کی لاگت مین تیار ہوتا ہے جو ہمارے
نزدیک فی الفور اُن لوگون کے چندہ سے جو محمد حمید اللہ خان کی
دعوت کیلئے روپیہ دین تیار ہو سکتا ہے۔
مین خود غریبی خواجہ ابو الحسن کی تقلید کرتا ہون پانچ سو روپیہ محمد حمید اللہ خان
کی دعوت مین دیتا ہون اور پانچ سو روپیہ از طرف مولوی سید مہدی علیخان
نواب منیر نواز جنگ اور پانچ سو روپیہ از طرف سید محمد محمود صاحب
اس چندہ مین شامل ہوئے ہین ہم کو امید ہے کہ قبل تاریخ وجلسہ جو مولوی
محمد سمیع اللہ خان کی طرف سے ۳۰ اکتوبر ۱۸۸۶ء کو ہونیوالا ہے سب
دوست تعداد مطلوب کو پورا کر دین گے اور اُسی جلسہ مین محمد حمید اللہ خان
اس دوامی دعوت سے اطلاع دینگے۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۳۰ اکتوبر ۱۸۸۶ء
صفحہ ۱۲۴۰

محمد حمید اللہ خان علی گڈھ مین

جیسا کہ ہمنے اپنے پچھلے پرچہ مین لکھا تھا اٹھائیسوین اکتوبر ۱۸۸۶ء روز پنجشنبہ کو محمد حمید اللہ خان پانچ بجے کی ٹرین مین علیگڈھ پہنچے اس ضلع اور ضلع بلند شہر کے اکثر ہندو اور مسلمان رئیس اسٹیشن پر ویلکم کو موجود تھے اور ایک طرف جم غفیر کالج کے طالب علمون کا جمع تھا جسوقت ٹرین پہنچی نہایت جوش سے چیرز دیے گئے۔

حمید اللہ خان جب ٹرین پر سے اُترے تو سب سے اول کالج کے طالب علمون کے پاس آئے اور ہر ایک سے ملے اور مصافحہ کیا پھر اور تمام دوستون سے جو اسٹیشن پر موجود تھے نہایت اخلاق اور محبت سے ملاقات کی جس اخلاق و محبت اور انکسار سے وہ لوگون سے ملے اُس کو دیکھکر بعض لوگ کہتے تھے کہ جو لوگ یہہ کہتے ہین کہ انگلستان جانے سے ہندوستانی نوجوانون کے اخلاق بدل جاتے ہین اور مغرور و متکبر ہو جاتے ہین افسوس کہ وہ اسوقت موجود نہین

تھے اگر موجود ہوتے تو ضرور وہ اقرار کرتے کہ اُن کے خیال میں غلطی ہے جس کی طبیعت صالح اور مزاج عمدہ ہے وہ ہندوستان میں بھی ویسا ہی ہے اور انگلستان جاکر بھی ویسا ہی ہے اور جسکی طبیعت ایسی نہیں ہے وہ ہندوستان میں رہکر بھی ویسا ہی اور انگلستان جاکر بھی ویسا ہی ہے پاکی طبیعت بلاشبہ خوبیوں کی اصل ہے۔

دعوت محمد حمید اللہ خاں بی اے بیرسٹرایٹ لا

آج شام کو مولوی محمد سمیع اللہ خاں کی طرف سے محمد حمید اللہ خاں کے ولایت سے آنے کی خوشی میں بڑا جلسہ ڈنر کا ہونے والا ہے۔ ہم نے جو یہ خواہش کی تھی کہ اگر مولوی سمیع اللہ خاں صاحب کے کسی اور دوست کا ارادہ اُن کے فرزند محمد حمید اللہ خاں کو ڈنر دینے کا ہو تو بہتر ہوگا کہ بعوض اُسکے نقد روپیہ دے اور اس روپیہ سے مدرسۃ العلوم میں ایک مکان اس خوشی کی یادگار میں تعمیر کیا جائے۔ گو کہ بعض دوستوں نے ہماری رائے سے مخالفت کی اور بعض نے ہمارا ساتھ نہیں دیا مگر ہم خوش ہیں کہ بعض عقلمند اور دوراندیش احباب نے ہمارا ساتھ دیا ہے اور دعوت کے عوض نقد روپیہ دینا قبول کیا ہے جس سے ایک مکان مجوزہ تعمیر کیا جاوے گا۔

اس مکان کی تعمیر میں چھ ہزار روپیہ خرچ ہوگا اسوقت تک بغرض دعوت
چند احباب نے حسب تفصیل ذیل روپیہ دینا قرار دیا ہے اور
ہمکو اُمید ہے کہ بہت جلد بقیہ روپیہ بھی پورا ہو جاوے گا۔

مولوی سید مہدی علیخاں منیر نواز جنگ بہادر ... ... الف
خواجہ ابوالحسن صاحب ... ... صمار
سید محمد محمود صاحب ... ... صمار
سید احمد خاں صاحب ... ... صمار
حامد علی خاں اسکوئر بیرسٹرایٹ لا
فرزند جناب امجد علیخان صاحب ... ... صمار
منشی محمد ذکار اللہ صاحب ... ... مالصہ
منشی محمد صفدر حسین خاں بہادر ... ... مالر

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۳ نومبر ۱۸۸۶ء صفحہ ۱۲۵

جلسہ ولیم محمد حمید اللہ خاں

نویں اکتوبر ۱۸۸۶ء کو جلسہ قرار پایا تھا محمد حمید اللہ خاں کے جانے کی مبارکباد کا مولوی محمد سمیع اللہ خاں سی۔ ایم۔ جی۔ کیطرف سے جلسہ ہوا تمام مہمان ہندو مسلمان جو اس جلسہ میں تشریف لائے تھے تین سو سے کچھ زیادہ تھے ہندوؤں کے کھانا کھلانے کا انتظام راجہ جیکشن داس بہادر سی۔ ایس۔ آئی کے سپرد تھا۔ راجہ صاحب نے نہایت خوبی اور عمدگی اور سلیقہ سے ان کو کھانا کھلایا کھانے جو ہندوؤں کے لئے پکائے گئے تھے نہایت عمدہ تھے ہمکو بھی راجہ صاحب نے ایک حصہ بھیجا تھا جس کی بنا پر اُن کے عمدہ ہونیکی شہادت دیتے ہیں۔

مسلمانوں میں دو فریق تھے ایک وہ جنہوں نے ہندوستانی طریق پر کھانا کھایا تھا اُن مہمانوں کے لئے نہایت عمدہ اقسام کے ابشیائی کھانے تیار ہوئے تھے اور مولوی محمد کریم صاحب

اور مولوی خواجہ محمد یوسف صاحب اس کے مہتمم تھے دونوں صاحبوں نے نہایت خوبی سے اپنے کار مفوضہ کو انجام دیا۔

دوسرا فرقہ مسلمانوں کا وہ تھا جو یورپین دوستوں کے ساتھ کھانے میں شریک تھا ہم نہایت خوش ہیں کہ اُن کی تعداد بھی کچھ کم نہ تھی انسٹیٹیوٹ ہال جھاڑ فانوس سے سجا دیا گیا تھا اُس کے باغ میں نہایت کثرت سے اور خوش نمائی اور قرینہ سے روشنی کی گئی تھی کھانے کی میز بھی نہایت خوبصورتی سے آراستہ کی گئی تھی میز پر پچاس دوستوں نے کھانا کھایا جن میں دس یورپین دوست تھے اور چالیس مسلمان مسٹر کیڈل صدر انجمن تھے۔ کھانے کے بعد مولوی محمد سمیع اللہ خان نے حضور ملکہ معظمہ قیصرہند کا ٹوسٹ پر پوز کیا جو نہایت خوشی سے نوش کیا گیا اُس کے بعد مسٹر کیڈل نے ایک نہایت دلچسپ اسپیچ کی اور حمید اللہ خان کا ٹوسٹ پر پوز کیا جو دلی محبت سے نوش ہوا۔ اس کے بعد مسٹر بک صاحب پرنسپل محمڈن کالج نے اور پھر مولوی خواجہ محمد یوسف نے اور پھر حامد علی خان بیرسٹرایٹ لا نے عمدہ اسپیچیں کیں۔

اس کے بعد محمد حمید اللہ خان نے ایک نہایت عمدہ اسپیچ میں تمام احباب کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے نہایت محبت کے ساتھ اُن کی سلامتی کا ٹوسٹ پیا تھا اخیر کو سید احمد خان نے مسٹر کیڈل کا صدر

انجمن ہونے پر شکریہ ادا کیا اور اشعار مین محمد حمید اللہ خان کی
سلامتی کی دعا کی اور ڈنر کی کارروائی چند فارسی اشعار کے پڑھے
جانے پر ختم ہوئی ۔ اُس کے بعد آتشبازی نہایت دھوم دھام سے
چھوڑی گئی ہم کو اُمید ہے کہ ہم آیندہ اخبار مین اُن اسپیچون کو بھی جو اس
موقع پر ہوئی تہین چھاپینگے ۔

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۲۴ نومبر ۱۸۸۷ء صفحہ ۱۲۵

محمد حمید اللہ خان کا ڈنر

جب کھانے کا دور ختم ہوگیا اور چرٹ اور سگرٹ پینے کا وقت قریب ہوا مولوی محمد سمیع اللہ خاں اُٹھے اور نہایت شاندار لفظوں میں اُس سلطنت کے تاجدار کا جسکی مملکت میں کبھی آفتاب غروب نہیں ہوتا یعنی ملکہ معظمہ کوئین وکٹوریہ امپریس آف انڈیا کی سلامتی کا جام پیا جانا تجویز کیا جو نہایت خوشی و وفاداری سے پیا گیا۔

اُس کے بعد مسٹر کیڈل صدر انجمن اُٹھے اور محمد حمید اللہ خاں کا نام تجویز کیا جو نہایت خوشی اور محبت سے پیا گیا۔ جام تندرستی تجویز کرتے وقت اُنہوں نے کہا۔ کہ جو کام میرے سپرد آج ہوا ہے وہ ایک لحاظ سے نہایت دل پذیر ہے۔ کیونکہ یہ ایک ایسا ٹوسٹ ہے جسکو تمام لوگ جو آج یہاں موجود ہیں دلی خوشی سے پینگے۔ جو لوگ حمید اللہ خان کے پرانے دوست ہیں انکو اس امر سے نہایت خوشی ہونی چاہیئے کہ آج کے دن وہ پھر اس جلسہ میں شریک ہیں اور نیز جو لوگ اُن کے والد کے دوست ہیں اُن کو اسبات سے خوشی ہونی چاہیئے کہ آج کے دن اُنکی

امیدیں پوری ہوئیں اگر کوئی شخص یہاں بطور تماشائی کے موجود ہو
اس کو بھی ایک ایسے جلسہ کی دعوت میں ہمدردی ظاہر کرنی چاہیئے جو اس
سے کیا گیا۔ سنا ہے کہ ایک نوجوان شخص بعد ایک عرصۂ دراز
کے اپنے ملک کو واپس آیا ہے اور اپنے رشتہ داروں سے ملا
ہے اور جس کے والدین نے ہر ایک طرح سے اپنا نقصان گوارا
کیا ہے تاکہ اسکو ایسی کامل تعلیم دیں جیسا کہ ممکن ہے۔
اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جو شخص ایک زمانۂ دراز کے بعد اپنے
گھر کو واپس آتا ہے اسکی خوشی سے زیادہ اسکو رنج اس وجہ سے پہونچتا ہے
کہ جب وہ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کی طرف دیکھتا ہے جنکو وہ
چھوڑ کر گیا تھا تو اُن میں جا بجا جگہیں خالی بھی پاتا ہے۔
لیکن مسٹر عبداللہ خاں گو وہ ہر طرح پر کامیاب ہوئے ہیں
لیکن خاص اس امر میں اُن کو زیادہ مبارکباد دینی چاہیئے کہ اس
قدر عرصہ دراز کے بعد واپس آکر وہ اپنے تمام عزیزوں اور اقارب کو
صحیح اور تندرست اور اپنے اُنکے مبارک جلسہ میں شریک پاتے
ہیں۔ اور اگر کسی نے ولایت میں رہنے کے زمانہ کا اندازہ اس سے زیادہ
کچھ اور نہیں ہو سکتا جتنا کہ اس ترقی کے دیکھنے سے ہوتا ہے جو کہ اُن کی
قدیم کالج نے کی ہے۔ مجھکو معلوم ہوا ہے کہ جب وہ یہاں سے گئے تھے

اُسوقت کی پختہ عمارتین اُن بنیادون کے اوپر جو آیندہ کے بہروسہ پر ڈالی گئی تھین بنی بھی نہین شروع ہوئی تھین - اور جس جگہ پر کہ آج کل لے کے کلاسون کے اور بورڈرون کے رہنے کے کمرے ہین وہان بجز بنیادون کے اور کچھہ نہ تھا اور اس عرصہ مین نہ متعدد عمارتین تیار ہوگئین بلکہ اور نئی شروع ہوگئین ہین بلکہ اور باتون مین بھی بہت زیادہ ترقی ہوگئی کالج اسٹاف اب بہت مستحکم ہوگیا ہے اور طالب علمون کی تعداد مین بہت کچھہ اضافہ ہوگیا ہے اور نیز تعلیم کا درجہ بھی بڑھہ گیا ہے اور ہر سال زیادہ طالب علم ڈگریان حاصل کرتے ہین -

مجکو بعض اوقات اس امر کا خیال ہوا ہے کہ جو طالب علم یہان سے اپنی تعلیم پوری کرکے چلتے ہین اُنکو کالج سے کوئی اور تعلق نہین رہتا ہے لیکن آج کے جلسہ مین مجھے اس امر کے سُننے سے نہایت خوشی ہوئی کہ مسٹر حمید اللہ خان کو اُس کمیٹی کا ممبر مقرر کیا ہے جسکے سپرد کالج کی تعلیم کا انتظام ہے - اور مجھکو اس مین کچھہ شک نہین کہ وہ اسکو اپنی عزت اور ایک قسم کی خوشی کا باعث سمجھین گے کہ جس کمیٹی کے ممبرون نے ابتدا سے کالج کے ہر ایک کام مین محنت کی ہے اور جنھون نے اُنکے کالج مین داخلہ کے وقت اپنی خوشنودی ظاہر کی تھی اور نیز جو اُنکے انگلینڈ سے واپس آنیکی اور اُنکی تعلیم مین کامیابی حاصل کرنیکی خوشی مین شریک ہین

اُن کے ساتھہ وہ اس کمیٹی مین شامل ہون ۔

مجکو یقین ہے کہ تمام لوگ جو یہان اس وقت موجود ہین وہ مسٹر حمید اللہ خان کو ولایت سے واپس آنے پر مبارکباد دینے مین میرے شریک ہونگے ۔ اور نیز اس امید کے اظہار مین کہ خدا کرے وہ اپنے ملک کی بہتری اور اُسکو نفع پہونچانے مین ہمیشہ کامیاب رہین ۔

اس کے بعد مسٹر بک محمدن کالج کے پرنسپل اپنی کرسی پر سے اُٹھے اور اسطرح پر گفتگو کی ۔

صاحبو —

مین نہایت خوش ہون کہ سب لوگون نے نہایت جوش کے ساتھہ مسٹر حمید اللہ خان کا جام تندرستی پیا ۔ مجکو انگلستان مین اُن کی ملاقات کی خوشی حاصل ہوئی تھی اُن سے میری ملاقات ایک دوست کے ذریعہ سے ہوئی تھی جن کے اس وقت موجود نہونے سے ہم سب کو افسوس ہے یعنی سید محمود صاحب نے جبکہ مین ہندوستان کا آنا منظور کر چکا تھا میری اُن سے ملاقات کرائی بعد ازآں وہ میرے گھر مین اکثر مہمان ہوئے ۔ اُن سے مجھکو یہ بھی تعلق ہے کہ وہ اُسی یونیورسٹی کے گریجویٹ ہین جسکا مین ہون ۔ یہ ایک عجیب بات ہے کہ ایسی قومون کے آدمی جو ایک یا دو صدیان پیشتر ایک دوسرے سے

بالکل جدا تھے اور جن کے درمیان کی حد فاصل سمندر سے دور
ہونے نظر نہ آتی تھی ایک دوسرے سے ایسے واقف ہوں جیسے دو
حمید اللہ خاں سے ہوں۔ یہ اس نئے رابطہ کی جو مغربی سمندر کے
ایک چھوٹے جزیرہ اور ہندوستان کے وسیع ملک میں پیدا ہو
ہے ایک بدیہی مثال ہے۔ یہ مجمع بھی اسی قسم کی چیزوں میں سے
ہے جن سے تعلق بڑا یا نوا اور نتائج پیدا ہوئے ہیں آج آپ
کے باغ میں آیا جس میں ہمدردی ہے اور کو سلام ہو اگر یہ
درحقیقت شاندار مشرقی ملک میں ہوں ہم سب کو
کا بہت ممنون ہونا چاہیئے کہ انہوں نے یہ جلسہ کیا اور ہماری بڑی
دعوت کی۔ میں اس دعوت کو جس میں ہندوستانی اور انگریز دونوں
شریک ہیں زیادہ ضروری اور ملک کے واسطے مفید سمجھتا ہوں بہ نسبت
اس کے کہ سینکڑوں آرٹیکل اخباروں میں لکھے جائیں۔ وہ لوگ جو
مسلمانوں کے اندرونی طریقہ زندگی سے واقف ہیں یقین کے ساتھ
کہہ سکتے ہیں کہ ایک بہت بڑی تبدیلی اس قوم کے خیالات میں ہوئی
ہے جو کسی طرح سے اپنی روش کو بدلنا نہیں چاہتی تھی اور اس
تبدیلی سے خود ان کا فائدہ اور گورنمنٹ کا استحکام ہے۔ صاحبو میں
اس کو اپنی بڑی خوش قسمتی سمجھتا ہوں کہ میں ایسی جگہ پر ہوں جہاں مجھکو

امکان کے موافق اپنے ہموطنوں اور اس مُلک کے باشندوں میں دوستی
اور اتحاد بڑھانے کی کوشش کا موقع ملا ہے اور صاحبو مجکو تمہاری مہربانی
کا بہی مشکور ہونا چاہیئے کیونکہ تمہارا اسطرح سے جمع ہونا ہمارا آیندہ کوشتوں
کے لئے دل بڑہانا ہے ۔ اے علیگڈہ کے صاحبان انگریز مجکو تمہارا
بھی ممنون ہونا چاہیئے کیونکہ تم ہمارے مدرسے کے طلبا پر بہت مہربانی کرتے
ہو اور مجکو اپنے ہندوستانی دوستونکا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیئے کیونکہ وہ
نہایت اخلاق سے انگریزوں کو اپنے جلسوں میں شریک کرتے ہیں ۔

مسٹر حمید اللہ خاں اُن پانچ طالب علموں میں جو اوّل مرتبہ بھیجے
گئے تہے سب کے بعد تشریف لائے ہیں یہ موقع نہایت اچھا ہے اور
بہت سے خوش کرنے والے خیالات میرے دل میں آتے ہیں نوجوانوں
کو انگلستان بھیجنے کی پالیسی کے ہر فرقہ اور ملت میں سے بہت سے لوگ
مخالف تہے مگر ہمارے سید صاحب کو اُس کی عمدگی کا پورا یقین تہا اور وہ
ایسے شخص نہ تہے جو مخالفت سے ڈر جاتے لوگ اکثر کہتے ہیں کہ ایک
نوجوان کو بالکل یکہ و تنہا ایک ایسے دور دراز ملک میں بھیجنا جہاں کہ
بہت سی گمراہ کرنے والی چیزیں بھی ہیں گویا اُسکو للچانے والی چیزوں کے
درمیان بٹہاکر اُس کا سخت امتحان لینا ہے اور نتیجہ غالباً بُرا ہوگا مگر یہ
نہایت خوشی کا مقام ہے کہ اس کالج کے پانچوں طالب علموں نے اپنے

مخالفین کے قول کو بالکل غلط ثابت کر دیا اور یہ ہی طمانیت سخت بات ہے کہ اُن کی خاصی وکالت چل رہی ہے اس سے ہمارے سید صاحب کی نہایت دانائی ثابت ہوتی ہے کہ اُنہون نے اُن لوگون کے واسطے ایسا پیشہ تجویز کیا۔ کیونکہ جو کچھ مین نے دیکھا ہے اُس سے مین کہہ سکتا ہون کہ ہندوستان مین وکالت کے پیشہ مین ابھی گنجایش ہے۔ یہاں انگلستان کی سی کیفیت نہیں ہے۔ مین خیال کرتا ہون کہ لایق آدمی بہت تھوڑے ہین۔ اور چونکہ ہمارے کل ولایت سے آئے ہوئے طالب علم اچھی طرح سے اپنے پیشہ سے فایدہ اُٹھا رہے ہین جو انگلستان مین نہایت لایق سے لایق سنے بیرسٹر کر نہین ہو سکتا اور یہ میرے بیان کا کافی ثبوت ہے۔

مسلمان طالب علمون کے لیے جو انگلستان جاتے ہین یہ بڑا فایدہ ہے (جو اور ہندوستانی طالب علم کو نہیں) کہ اُن کے ہم قوم لوگ بلا تکلف اُن کو اپنے ساتھ شریک کر لیتے ہین پس اُن کو اپنے قومی بھایون کی ترقی مین کوشش کرنے کا زیادہ موقع مل سکتا ہے ہمارا کام مسلمانون کی سوشل حالت درست کرنا ہے ہم مسلمانون مین بھی وہی تہذیب اور شایستگی دیکھنا چاہتے ہین جو آج انگلستان کو حاصل ہے۔ اس مین کچھ شک نہین کہ اگر ایسا ہو جائے تو پھر ہندوستان بہت پسندیدہ جگہ رہنے کی اپنے باشندون اور نیز انگریزون کے لیئے بنجائے۔ مجھکو ڈر ہے

کہ کہیں اُن ہندوستانیوں کا بھی جو انگلستان کے دل لبھانے والی
سوداگری اور علمی ہنروں کو چکھ چکے ہیں اس ملک میں دل نہ لگتا ہو جیسی کہ
انگریزوں کی طبیعت ہے۔ مگر امید ہے کہ اُن کی اس سے کسیقدر تلافی
ہو گئی ہو گی کہ وہ اپنے ہم وطنوں کی ترقی میں کوشش کرنے اور قوت خیالی
کے ذریعہ سے ان تدبیروں سے محظوظ ہوں جو اُن کی آیندہ نسلوں کو
حاصل ہونیوالی ہیں۔ انگلستان نے ہندوستان کو اُس کی سابق حالت
سے جس میں کہ وہ اب تک نہایت ترقی دے چکا اور یورپ کی ترقی یافتہ قوموں
کے برابر کر دینے کا بیڑا اُٹھایا ہے لیکن اس کام میں کامیابی صرف اُس
وقت حاصل ہو سکتی ہے کہ جب خود ہندوستانی بھی اُسکی مدد کریں اور اگر
انگریز اور ہندوستانی دونوں اس عمدہ کام کے لیئے ایک دل ہوں تو
آیندہ مورخوں کو ضرور کہنا پڑے گا کہ انگریزوں کی ہندوستان کی سلطنت
نہ ایک صرف حرص انگیز سلطنت ہوئی بلکہ وہ دنیا کی تاریخ میں ایک
نہایت مفید واقعہ ہے۔

مسٹر بک کی اسپیچ ختم ہونے پر مولوی محمد یوسف صاحب اُٹھے اور
اُردو میں بڑی فصاحت سے اسطرح گفتگو کی۔

صاحبان اس خوشی کے عظیم الشان جلسہ میں ایک مختصر اسپیچ کرنے
کی اجازت حاصل ہونے سے جو عزت اور افتخار مجکو حاصل ہوا اُس کا میں

سکریہ ادا کرتا ہوں۔

میرے پیارے محمد حمید اللہ خاں صاحب اجو دلی تعلق اور محبت مجھے آپ کے ساتھ ہے اور اسوقت جو خوشی مجکو ہی اس کا اظہار مشکل ہے۔ مجکو یہ تیسرا موقع خوشی حاصل ہونے کا ہے۔ پہلا وہ دن تھا جس روز آپ آگرہ میں پیدا ہوئے۔ دوسرا وہ دن تھا جس روز آپ تحصیل علوم مغربی کے واسطے لندن کو جانے لگے اور میں نے نہایت وہوم سے ایک الوداعی دعوت کی تھی اور سب سے بڑا دن آج ہے کہ بفضلہ تعالےٰ آپ چھ برس چھ مہینے کے بعد فارغ التحصیل ہوکر کیمبرج یونیورسٹی کی بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرکے اور بیرسٹرایٹ لا کی سند لیاقت پاکر ہندوستان میں واپس آئے اور اپنے والدین اور دوستوں کے دلکو مسرور کیا۔

آپ کے والد نے یہ جلسہ نہ صرف باظہار اُس دلی مسرت کے کیا ہے جو آپ کے ہمدوسال میں واپس آنے سے ہوئی بلکہ یہ جلسہ درحقیقت اُس خوشی کا ہے جو آپ کی وجہ سے آپ کی قوم اور محمڈن کالج کے طالبعلموں کو فخر حاصل ہوا۔ آپنے ولایت میں جاکر صرف تعلیم علم میں ہی کوشش نہیں کی بلکہ آپ نے وہاں سوشیل طریقوں اور عمدہ اخلاق کے سیکھنے میں کوشش کی ہے جس کی آپ کی قوم کو بہت ضرورت ہے یورپ اور ہندوستان کی تہذیب اور تعلیم کا آپس میں مل جانے کا طریقہ

نہایت خوشنما ہے جو لوگ ولایت جاتے ہیں اور وہاں سے کیسے
ہی عالم فاضل ہو کر تشریف لاویں - میں سچ کہتا ہوں اور آپ کو یقین
دلاتا ہوں کہ اگر وہ ہندوستان کی تہذیب اور اپنے بزرگوں اور دوستوں
کی تکریم اور ادب کا خیال نہ رکھینگے تو اُنکو کوئی پسند نکرے گا اور
وہ ہرگز مقبول نہونگے اور اُنکو ہرگز اپنے پیشہ میں کامیابی نہوگی
مگر خدا کا شکر ہے کہ جہانتک میں نے اس قلیل عرصہ میں اقوال اور افعال
اور طریقۂ ملنساری اور سمجھ بوجھ پر خیال کیا ہے آپ کو بہت مودب
اور مہذب اور لایق پایا ہے مجھے خدا کی ذات سے اُمید ہے کہ آپ
بہت جلد اپنے مقاصد میں کامیاب ہوسگے اور ایک نامور بیرسٹر
ہوجاوینگے -

محمد حمید اللہ خانصاحب میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ یا
اور جو کوئی لندن جاوے اور وہاں کے علوم اور فنون اور تہذیب
میں کمال حاصل کرکے اعلےٰ سے اعلےٰ عہدے ہندوستان میں پاوے
اور وہ اپنے یورپین بھائیوں اور عیسائی دوستوں میں ایسا گھل مل
جاوے کہ کسی طرح کی تمیز باقی نہ رہے کچھ خوف کی بات نہیں ہے
لیکن وہ کیسی حالت ہو کسی جلسہ میں ہو خواہ ایسے جلسہ میں جیساکہ آجکا
جلسہ ہے جس میں عیسائی اور مسلمان اور پارسی ایک میز پر جمع ہیں لیکن اُنکو

اپنے پاک مذہب اور مقدس اسلام کا ضرور پابند اور عقیدت مند
ہونا چاہیئے وہ کیسی حالت مین محو ہو مگر جب نعرۂ اللہ اکبر اُسکے کان
مین پہنچے تو فوراً اُسکا دل بجائے اور نماز کو اُٹھ کھڑا ہوے عیسائی اور
مسلمان کی تمیز صرف اللہ اکبر کی آواز اور گرجا کے گھنٹہ کی صدا کے
سوا کچھ نہو لیکن اگر یہ نہین تو کچھ خوشی کا مقام نہین بلکہ افسوس کی بات ہے
اب مین خدا سے دعا مانگتا ہون کہ وہ ہمارے کالج کے مربی آنریبل سید احمد
خان صاحب اور کالج کے معین مولوی محمد سمیع اللہ خان کی عمر مین برکت
دے اور ہمارا کالج پھلے پھولے جس سے ایسے نونہال پرورش
پا دین اور ایک عمدہ اور وفادار رعیت ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند دام اقبالہا
بنجاوے جس سے ہمیشہ کو سلطنت کا استحکام ہوے اب مین اس
اسپیچ کو ختم کرتا ہون اور جناب مولوی محمد سمیع اللہ خان صاحب اور
آنریبل سید احمد خان صاحب کو محمد حمید اللہ خانصاحب کے واپس
آنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

[illegible] علیخان اسکوئر سٹرایٹ لاجو حمید اللہ خان خان
کے کالج فیلو اور انگلستان مین اُن کے ہم سفر تھے کھڑے ہوئے
اور کہا۔

مسٹر پریسیڈنٹ و دیگر احباب۔

مین جانتا ہون کہ آپ سب لوگ اس بات پر متفق ہونگے کہ کھانے کے بعد اسپیچ کرنا بڑی مشکل شے ہے (قہقہہ) خاص کر اُس حالت مین جبکہ ایسا باعزا عمدہ ڈنر ہو جیساکہ آج ہم سب نے کھایا ہے۔ مین یہ تو نہین بتا سکتا کہ اُن صاحبون کی جنہون نے مجھسے پہلے اسپیچین کی ہین کیا کیفیت ہے لیکن میرا تو حال مثل کاسۂ پُرشدہ کے ہے (قہقہہ) اور اسی سبب سے آواز بھی مجھسے بیوفائی کر رہی ہے (قہقہہ) اور اگر آپ مجھے ایک راز کی بات کے بتانے کی اجازت دین تو مین آپ سے کہتا ہون کہ مین نے خوب ہی دل بھر کر کھایا ہے (قہقہہ) لیکن جب مین آپ سے اس کے ساتھہ یہ بھی کہہ دون کہ بارہ گھنٹے سے مین نے کچھہ منہ مین نہین ڈالا تھا تو آپ کو اس سے کچھہ تعجب نہین ہوگا۔ (قہقہہ)

اے صاحبو مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ مین جب داخل ہوا تھا تو میرا ارادہ اسپیچ دینے کا نہین تھا لیکن یہ جلسہ ایسا مفرح القلب ہے کہ اگر نہ بولون تو اپنے حق میں بڑی بے انصافی کرون اور انکا کہ مین مسٹر حمید اللہ خان کو جنکی دعوت سے یہ جلسہ ہے ایسی اچھی طرح جانتا ہون اور جن سے مجھے دلی محبت ہے اور جن کے ساتھہ مین انگلستان گیا تھا اور چھ سال تک اُس ملک دور دراز مین ساتھہ رہا۔

جب مین اپنے ارگرد دیکھتا ہون تو ہر فرقہ کے نہایت

معزز صاحبوں کو پاتا ہوں اور اسمیں صاحبان انگریز ہندوستانی دونوں شامل ہیں بڑے بڑے بورڈیشن کے انگریز و نواب و رؤسا و دیگر معزز عہدہ داران سرکار و معزز برہمن پارسی و عالم مولوی جنکو کہ میں آگے بڑھنے والوں کو پیچھے کھینچنے والے کا لقب دیتا ہوں سب ایک مبزیر کھانے کو جمع ہیں ۔ (قہقہہ) یہ بہت خوشی کی بات ہے اور ہماری قوم کی کم عقلی و سوشل ترقی کا نیا زمانہ شروع ہونے کی نشانی ہے ۔ یہ بات ہماری قوم کی آیندہ کی بہودی و بہتری کی بڑھانے والی ہے (چیئرز) ۔

میں اس بات کے خیال کو ہرگز اپنے دل میں نہیں لاسکتا کہ آپ سب لوگ اس خوشی کے جلسہ میں صرف کھانیکے واسطے دور دور مقاموں سے تشریف لائے ہیں میں آپ کے دلونکے حال کو دیکھ سکتا ہوں اور وہ قومی ہمدردی و محبت برادرانہ و ملک کی بھلائی کا خیال جو آپ کے دل میں ہے سب کو جانچ سکتا ہوں ۔

وہ اتفاق کا بیج جو آپ کے دلوں میں بویا گیا تھا اب بارآور ہوگیا ہے اور سرسبز درخت بڑی بڑی شاخوں دار اُس میں سے پیدا ہوگئے ہیں اور وہ درخت کا ہے کے ہیں محبت برادرانہ و حمیت ملک کے ۔ اس سے ہماری قوم کو نیا وجود حاصل

ہوگا جو کہ بسبب فساد دشمنی کی گرم گرم ہواؤں سے پژمردہ ہو گئے تھے۔
اور صاحبان انگریز جو کہ یہاں موجود ہیں اُن سے میری یہ عرض ہے کہ
ایسی مجلس جس مین کہ مین اس شب کو موجود ہون پولیٹیکل باتوں کے لیئے
بڑی مفید ہے۔ ع فائدہ اُس سے ہوتا ہے میری زبان اُس کے بیان
سے ہے قاصر ہے۔ یقین کیجئے کہ گورنمنٹ کیسی ہی قوی کیوں نہ ہو ہرگز کسی
مدت تک قایم نہیں رہ سکتی اگر حاکم و محکوم کی رضامندی نہ ہو۔ ایک
طریقہ سب سے عمدہ اس بات کے حاصل کرنے کے واسطے سوشل
مجمعون کا ہوتا ہے۔ اسبات کو خوب سمجھنا چاہیئے کہ ہم لوگون کو سرکار صرف
شمشیر برہنہ و ہتیارون کے زور سے نہیں دبا سکتی بلکہ اس کا صرف
یہ طریقہ ہے کہ ہندوستانی اشرافون سے اچھی طرح اُن کے حاکم میل جول
رکھین۔ انگلستان و ہندوستان متفق ہو کر روس کے ریچہ کو بہت آسانی
کے ساتھ روک سکتے ہیں۔ (چیرز) میں اسبات کے دیکھنے سے
خوش ہون کہ آپ صاحبان ضلع علیگڈھ ہندوستانیون سے میل جول
اچھی طرح کرتے ہیں اور یہ ایسا کام ہے کہ میں اسکی حد سے زیادہ تعریف
کرتا ہون۔ (چیرز) اب مین مجمع کی توجہ خاطر کر چکا۔ (قہقہہ) ایک دو لفظ
اپنے دوست حمید اللہ خاں کی بابت کہتا ہوں (چیرز) اُن کی خوش مزاجی
و خوش اخلاقی و عدم غروری آپ سب صاحبون کو معلوم ہے (چیرز) اور
مین اُن کو صحیح و تندرست انگلستان سے آنے کی مبارکباد دیتا ہون
اور نہ صرف اُنکو بلکہ اُن کے والد ماجد کو اور نہ صرف اپنی طرف سے بلکہ

اُن سب صاحبون کی طرف سے جو کہ یہان جمع ہین اور اُنکی طرف سے بھی جو کہ یہان کسی سبب سے نہین آسکے - مجھے یاد ہے کہ چھہ مہینے پہلے اس سے جبکہ مجھے اس ہال مین اسپیچ دینے کا اتفاق ہوا تہا تو میرے دوست بڑے سلیقہ دان مسٹر رفیق نے میری نسبت کہا تہا کہ اُنکو خدا نے خیالات کا ایک خزانہ قارون کا عطا کیا ہے اور ایک چینی مثل ہے کہ عقل پیٹ مین رہتی ہے اور عقل و خیال قریب قریب ہین -

اور مین آپ سے کہتا ہون کہ جب آدمی کا پیٹ بہرا ہوتا ہے تو خیال سب خارج ہوجاتا ہے (قہقہہ) اس لیے مین سمجہتا ہون کہ اب مجھے بات ختم کرنی چاہیئے لیکن اس کے قبل مین دوبارہ اپنے عالی قدر میزبان کو مبارکباد دیتا ہون -

حامد علیخان کی اسپیچ ختم ہونے پر محمد حمید اللہ خان اُٹھے اور مندرجۂ ذیل لفظون مین دوستون کا شکریہ ادا کیا -

جناب صدر انجمن و دیگر صاحبان -

مین امید کرتا ہون کہ آپ سب صاحب مجھکو اجازت دینگے کہ مین اُس مہربانی کا شکریہ ادا کرون جو آپ نے میرا جام تندرستی پینا تجویز کرنے سے مجھپر کی ہے اور نیز اُس دلی گرم جوشی کا جس سے کہ سب لوگون نے جو آج رات کو یہان جمع ہوئے ہین اُس جام کو پیا ہے

اس ہال مین مین اپنے گرد اپنے بچپن کے بہت سے دوستون کو دیکھتا ہون اُن مین سے بعض دوستون سے مجھے یہان آنے سے پہلے ملنے کی خوشی حاصل ہو چکی ہے اور مجھے اُمید ہے کہ باقی صاحبون سے بھی جن سے ابھی تک بات چیت کرنے کا موقع نہین ملا ہے بہت جلد دوستی کو تازہ کرلون گا آج کے جلسہ کا فخر زیادہ تر میرے والد کو یا سید احمد خانصاحب کو جو بجائے باپ کے ہین ہے۔ جب میرے والد کی علیگڈھ سے تبدیلی ہو گئی تھی تو مین اپنے پیارے نانا (سید احمد خان) ہی کی نگرانی مین رہا اور انہین کے مکان میں میرا بہت سا بچپن کا زمانہ جو نہایت خوشی کا زمانہ ہوتا ہے بسر ہوا اور انہین کی تحریک سے تکمیل تعلیم کے لیے مین انگلستان کو بھیجا گیا۔ اُنھون نے ہمیشہ میری رہنمائی کی اور مجھے عمدہ صلاحین بتلائین۔

اس موقع پر مجکو اپنے مامون سید محمود کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیئے جو بعض اسباب سے اسوقت موجود نہین ہین اُنھون نے میری مدد کی ہے اور تعلیم کا راستہ جس سے کہ وہ انگلستان مین رہنے کے سبب سے بخوبی واقف تھے بتلایا ہے۔ اب اگر مین اپنے والد کا اُن اخراجات اور تکلیفون کی عوض مین جو اُنھون نے میرے لیے برداشت کی ہون شکریہ ادا کرون تو یہ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا ہے۔

ہاں صرف یہ ہو سکتا ہے کہ ہمیشہ محبت اور احسان مندی کے ساتھ اُنکا
فرمانبردار رہوں۔ جیساکہ اب تک ہوا ہے آیندہ بھی میری یہی کوشش
ہوگی کہ اُن کی خوشنودی مزاج کا بہت خیال رکھوں اور کوئی بات اُنکی مرضی
کے خلاف نہ کروں۔ مجھکو خواجہ محمد یوسف صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیئے
جیساکہ اُنہون نے ابھی بیان کیا ہے کہ جب سے میں پیدا ہوا ہون اُنہون
نے مجھسے محبت کی ہے اور نیز مجکو اُس شخص کا بھی مشکور ہونا چاہیئے جو
میرے مقابل بیٹھا ہوا ہے (مسٹر تھیوڈور بک) اور اس عظیم الشان
مدرسہ کا افسر ہے جسکا ہم سب کو فخر ہے۔ اور فخر بھی کچھ بیجا نہیں ہے
سب کے بعد مگر کسی سے کم نہیں مجھکو اپنے ہم پیشہ بھائی حامد علی خاں کا
شکریہ ادا کرنا چاہیئے جنہوں نے نہایت مہربانی کے لفظون مین میرا ذکر
کیا ہے۔ مجکو معلوم ہوا ہے کہ میرے اکثر دوست جو اس وقت موجود ہیں اور
دور دراز فاصلہ سے تکلیف اٹھاکر تشریف لائے ہین چاہتے ہیں کہ میری
نسار ہے چھ برس کی دلپسند غریب الوطنی کے حالات سُنیں۔ اسوقت
مجکو سخت مشکل درپیش ہے کیونکہ یہ ممکن ہے کہ میرے ان تمام حالات کے
بیان کرنے سے یہ خیال پیدا ہو کہ میں اپنی تعلیم کی تعریف کرنی چاہتا ہون لیکن
چونکہ ہم سب یہان دوست ہیں اور دوستوں کی خواہش کا پورا نکرنا بھی
ایک نوعمر آدمی کے شرم وحیا کے خلاف ہوگا۔ مختصر یہ ہے کہ جیسا ہمارے
اکثر دوست جانتے ہیں مجکو میرے والد نے اوائل عمر مین سول سروس
میں داخل ہونے کے لئے کوشش کرنے کو بھیجا۔ اگرچہ مین جانتا تھا

کہ میں بہت کمزور ہوں اور امتحان بہت سخت ہوتا ہے مگر میں نے
یہ بھاری کام اپنے ذمہ لیا لیکن آخری امتحان سے چند مہینے پیشتر
سخت بیمار ہو جانے کے سبب سے میں امتحان میں ناکامیاب رہا
بعد ازآں میں نے وہ رستہ اختیار کیا جو سید محمود صاحب نے مجکو بتلایا
اور میں خیال کرتا ہوں کہ اس میں مجکو بہت کچھ کامیابی حاصل ہوئی۔
میرے والد نے پیشہ کا پسند کرنا میری مرضی پر چھوڑا مگر یہ خواہش
ظاہر کی کہ بیرسٹری کے واسطے کوشش کروں تو اچھا ہی انھیں نون
میں ایک نہایت شریف ارل کی مہربانی سے جسکا نام ہندوستان کا
بچہ بچہ جانتا ہے اور جنکو ہندوستان سے نہایت محبت ہے یعنی
لارڈ نارتھ بروک کی توجہ سے مجکو مصر کے مشن میں اٹاچی کا عہدہ ملا۔
اگرچہ مجکو خود اس قسم کی ڈپلومٹک خدمات بہت مرغوب ہیں مگر یہ رغبت
انگریز دوستوں اور خصوصاً مسٹر جی ایس۔ دی منٹس جیرلڈ کی نصیحتوں
سے جو میرے نگراں حال تھے اور بھی بڑھ گئی۔ ان صاحب کی مہربانیوں کا
میں اس موقع پر ضرور شکریہ ادا کروں گا۔ اپنے مربیوں کی خواہش کے
بموجب میرا ارادہ ہے کہ چند روز وکالت میں قسمت آزمائی کروں۔
ہاں مجکو یہاں یہ بھی بیان کرنا چاہیئے کہ میں نے اپنے انگلستان کے
قیام میں بھی افشل طور پر فارن آفس انڈیا آفس میں اکثر کام کیا ہے
اور ہندوستان اور آبادی کی نمائش میں جس میں حال کے اور سابق
کے سکرٹری آف اسٹیٹ نے اور ہندوستان کے دیسراؤں نے

ایک بہت بڑا جلسہ کیا تھا اس مین شریک ہونے کے واسطے جو
خطوط یہ بھیجے گئے اُن مین مدد کرنے کے لیئے بھی مین منتخب ہوا اور
مجکو اپنی تجویز کو شتون کا کافی صلہ مل گیا جیسا کہ شاہزادۂ والا تبار
پرنس آف ویلز اور ساری دنیا نے کہا کہ جلسے نہایت خوش اسلوبی
کے ساتھ ہوئے - مجکو ہمیشہ اس بات کا فخر رہے گا کہ جو ہندوستانی
انگلستان مین تھے اُن مین سے مین ہی منتخب ہوا - بعد از آن مجکو ایک
اور یہ عزت حاصل ہوئی کہ وائنا مین جو مشرقی زبان جاننے والون
کی کانگرس ہوئی اُس مین انڈیا آفس کی طرف سے مین بھیجا گیا وہان
سے مجھکو گھر کی محبت و تعلقات دوستی نے کھینچا اور مین جلد ہندوستان
کو واپس آیا اگرچہ بہتر تو یہ ہوتا کہ مین انگلستان کو جاتا - اب مین چند باتین
اپنے علیگڈھ کالج کی بابت بیان کرتا ہون کہ اُسکی نسبت انگلستان
مین لوگون کے کیا خیالات ہین - ہر شخص پر وہان جانے سے یہ
ظاہر ہو جاوے گا کہ وہان کے انگریز مدرسۃ العلوم کے طالبعلمون
کو نہایت ہونہار نمونے ہندوستان کے نوجوانون کے خیال کرتے ہین
اور انھین ہندوستان کے اور طالب علمون سے جو انگلستان کو جاتے
ہین انگریزی رسم و رواج سے بہت زیادہ واقف جانتے ہین۔
اس مین کوئی شک نہین کہ یہ اُس عمدہ طریقہ کا جو ہمارے کالج مین

جاری ہے اور اس توجہ کا جو حیدہ اسٹاف پروفیسرون کا طالبعلمون کی بہبودی کی طرف ہی نتیجہ ہی۔ میرے انگلستان سے روانہ ہونے سے پیشتر کل مدرسۃ العلوم کے طالب علم جو ان دنون مین لندن مین تھے اور جن کی تعداد بارہ تھی میرے بلانے سے ایک گروپ مین اپنی تصویرین کھنچوانے آئے اور مجھکو امید ہے کہ اس گروپ کی نیگیٹو جلد میرے پاس آجائیگی اور مدرسہ کے نفع کے لئے فروخت ہونگی۔ اس وقت تقریر کرنے والون میں سے بعض نے کچھ ملکی معاملات کا بھی ذکر کیا ہی۔ اگرچہ زیادہ تر مین سوشیل اسپیچ کہنی چاہتا تھا مگر مقتضائے اخلاق یہ ہے کہ مین بھی ملکی معاملات کی نسبت کچھ کہون۔ مجکو پورا یقین ہے کہ اس قسم کے جلسے انگریزون اور ہندوستانیون کے درمیان ارتباط کو بہت بڑہاتے ہین۔ ہم علیگڈھ والون کو جو آنریبل سید احمد خان صاحب کی رہنمائی مین ہین اس بات کے جاننے سے بڑی خوشی ہوتی ہے کہ اس قسم کے سوشیل جلسے اول ہمارے ہان سے جاری ہوئے ہین اور اب وہ ہندوستان بھر مین پھیلتے جاتے ہین۔ روز بروز ہندوستان اور اسکی تاریخ سے اور اس کے باشندون کے حالات سے یورپ والے زیادہ واقف ہوتے جاتے ہین۔ یورپ کو واقفیت کی بہت پیاس ہے اور اب جہان تک ہوسکتا ہے اس کی پیاس بجھانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ کچھ عرصہ گذرا کہ میری ایک لیڈی سے ملاقات ہوئی جس نے صرف ہندوستان کا ایک سرسری طور پر ذکر سنا تھا

اُس نے مجھ سے سوال کیا کہ تم ہندوستان سے آئے ہو یا بمبئی
سے مجکو اس سوال سے سخت تکلیف ہوئی - مگر اس سال کی
نمایش سے ہندوستان کی تاریخ اور فنون کی واقفیت انگلستان
والوں کو تو بہت ہو گئی اور مجکو امید ہے کہ ہمارے ملک کے بچوں
کو اب پھر یہ وقت پیش نہ آوے گی کہ ایک خوبصورت لیڈی کے
سامنے بیان کریں کہ بمبئی اُس عظیم الشان ہندوستان کا ایک
شہر ہے - روس کے حملہ کی بابت میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مجکو بالکل
اس کی لڑائی کا خوف نہیں ہے - میں ایک دفعہ والنیٹر رہ چکا ہوں
اور اگر کبھی ایسا وقت پڑ گیا تو گو مجھ پر انے کیمبرج کے طالب علم
کا بازو اسقدر قوی نہ ہو جیسا کہ ایک ہندوستانی سپاہی کا مگر میں
اپنے تئیں گورنمنٹ کے حوالہ کرون گا کہ جو کام چاہے مجھ سے لے
مگر دیکھئے اُس شخص کی ناچیز امداد جس میں صرف یہ نقص ہے
کہ اس ملک کی پیدایش ہے قبول ہوتی ہے یا نہیں - آخر میں
[illegible] جو میں اپنے والد کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہون
کہ آپنے خرچ اور تکلیف اُٹھا کر آج رات کو یہاں جمع ہونے سے
مجکو سربلندی بخشی ہے - میں اس جلسہ کو اپنی زندگی کا ایک بڑا
واقعہ خیال کرون گا اور یاد رکھون گا مگر اس کا مجکو بار بار خیال آنا ہے

کہ مین نے ابھی کوئی ایسا کام نہین کیا ہے جو اس عزت کا مستحق ہون - آپ کی مجھ پر ساری مہربانی میرے نانا اور والد کے لحاظ اور محبت کے سبب سے ہے جو آپ کو اُن کے عمدہ کامون کے سبب سے ہو گئی ہے - آیندہ میری کوشش یہ ہو گی کہ اپنے تئین آپ کی محبت کا مستحق بناؤن اور مجکو اُمید ہے کہ آیندہ ہمکو ایک دوسرے کی خدمت کرنے کا زیادہ موقع ملے گا بہ نسبت اس کے کہ اب تک تھا -

مین ہمیشہ آپ کے حکم کی تعمیل کرون گا - اگر آپ کو اپنی اولاد کے انگلستان مین تعلیم دینے یا خود یورپ مین سفر کرنے کی نسبت کچھ دریافت کرنا ہو گا مین بغیر شیخی کے کہتا ہون کہ اس بارہ مین آپ کا کچھ بڑا صلاح کار نہ ہونگا کیونکہ مدت تک انگلستان کے مختلف مدرسون مین مینے پڑھا ہے اور خوشنما یورپ کے اکثر حصون مین سفر کیا ہے -

جب حمید اللہ خان اپنی کرسی پر بیٹھے سید احمد خان اُٹھے اور کہا

محمد حمید اللہ خان -

مدرسۃ العلوم کی کمیٹی ڈائرکٹرانسٹرکشن کے ممبرون نے آپ کو اپنی کمیٹی کا ممبر مقرر کیا ہے اور مین بحیثیت سکریٹری کمیٹی آپ کے تقرری کی سند آپ کے سامنے پیش کرتا ہون اور مدرسۃ العلوم کو

اس بات کی مبارک باد دیتا ہوں کہ ایک ایسے شخص نے جو اس مدرسۃ العلوم کا پہلا طالب علم تھا اپنی تعلیم میں ایسی ترقی کی ہے کہ رکن مدرسہ ہونے کی حیثیت سے اعلیٰ درجہ پر پہونچا ہے اور ممبران کمیٹی ڈائرکٹر انسٹرکشن نے اُس کو اپنی کمیٹی کا ممبر منتخب کیا ہے۔

محمد حمید اللہ خاں ایک اور بات بھی ہے جس کی اطلاع میں تم کو دینا چاہتا ہوں۔ اگرچہ آج کا جلسہ تمہارے والد مولوی محمد سمیع اللہ خاں کی طرف سے ہوا ہے لیکن تمہارے اور بہت سے دوست بھی تمہارے آنے کی خوشی میں تمہارے لیے دعوت کے جلسے کرنے چاہتے ہیں مگر تمہارے دوستوں میں رائے کا اختلاف ہوگیا ہے۔ بعض کی تو یہ رائے ہے کہ اسی قسم کے جلسے جیسا کہ آج کا جلسہ ہے پے در پے کیے جاویں اور نہایت عمدہ لذیذ کھانے لگاتار تمکو کھلاتے رہیں کیونکہ تم تو اُس کھانے میں سے تھوڑا سا کھاؤ گے اور بہت سا کھانے کا خود اُن ہی کو موقع ملیگا۔

بعض کی یہ رائے ہے کہ جسقدر روپیہ تمہاری دعوت میں تمہارے دوست خرچ کرنا چاہتے ہیں وہ جمع کیا جاوے اور اُس سے مدرسۃ العلوم میں ایک مکان جو لکچر روم ہو اُس خوشی کی یادگاری میں بنایا جاوے اور اُس پر کتبہ لگایا جاوے تاکہ ہمیشہ کو اس خوشی کی یادگاری قایم رہے

اور ہماری قوم کے بچوں کی روحانی دعوت ہمیشہ اُس کے ذریعہ سے ہوتی رہے۔ جو تمہارے دست اس پچھلی دانشمندانہ رائے پر مستقل ہیں اور جسقدر روپیہ اُنہوں نے تمہاری دعوت کی بابت دیا ہے اُن کے نام یہ ہیں۔

مولوی سید مہدیعلیخاں مینیجر جنگ بہادر .. .. .. الف

سید محمد محمود .. .. صمار

خواجہ ابوالحسن از مقام حیدرآباد دکن .. .. صمار

خان علیخاں اسکوئر بار ایٹ لا .. .. صمار

کنور محمد عبدالغفور خاں صاحب رئیس دھرم پور .. .. صمار

سید احمد .. .. صمار

منشی محمد ذکاء اللہ پروفیسر میور سنٹرل کالج الہ آباد .. .. .. ماہ

منشی صفدر حسین خاں بہادر .. .. ماہ

افسوس ہے کہ ان میں سے سوائے میرے اور کنور عبدالغفور خاں کے اور کوئی اس جلسہ میں موجود نہیں ہے مگر مولوی مہدیعلی نے جو پیغام تار برقی تمکو اور تمہارے والد کو مبارک بادی دینے کو میرے نام بھیجا ہے وہ تمکو اور تمہارے والد کو سنایا جاتا ہے۔

از مقام حیدرآباد دکن از طرف مہدیعلی

بنام مولوی سید احمد خان بہادر سی - ایس آئی -

حمید اللہ خان کے عرصۂ دراز کے بعد واپس آنے کی خبر سُننے سے مجکو بے انتہا خوشی حاصل ہوئی - وہ اسقدر کامیابی کے ساتھ واپس آئے ہین کہ جس سے نہ صرف اُنہین کی عزت بلکہ تمام مسلمان قوم کی عزت ہے - مجکو افسوس ہے کہ مین خود اُن کے واپس آنے کی خوشی کے جلسہ مین شریک نہین ہوسکتا لیکن آپ کی فہرست چندہ مین ایک ہزار روپیہ دیتا ہون - میری طرف سے اُن کے والد کو مبارکباد دیدیجئے -

حمید اللہ خان نے نہایت ادب کے ساتھ سند تقرری ممبری کو لیا اور کہا -

میرے پیارے نانا سید احمد خان -

مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ جو عزت آپ نے مجھ کو اپنے صیغہ تعلیم کی کمیٹی کی ممبری سے بخشی ہے اُسکا مجھ کو بہت فخر ہے - یہ ایک ایسا درجہ ہے جس کی مجکو اس مدرسہ کا پہلا طالب علم ہونے کی وجہ سے واجبی تمنا ہوتی مگر افسوس ہے مین نے ابھی تک اس مدرسہ کے واسطے کچھ نہین کیا اور اس لحاظ سے شاید یہ کہا جاسکتا ہے کہ مین اس عزت کا مستحق نہین - میرا ارادہ تھا کہ جرمنی کے شمالی حصہ مین سفر

کرون اور وہان کے طریقہ تعلیم کو دیکھکر آپ کے مدرسہ کو فائدہ پہونچا سکون مگر بعض وجوہ سے ایسا نہو سکا۔ مگر انگلنڈ اور آیرلینڈ مین مجکو چند باتین معلوم کرنیکے موقع ملے ہین جو مدرسۃ العلوم کے طریقۂ تعلیم کی درستی مین مفید ہونگے اور جو یادداشت میں نے لکھی ہے وہ کسی آیندہ موقع پر مین کمیٹی مین پیش کرونگا۔ لیکن ابھی جرمنی کے طریقہ تعلیم دیکھنے کا ارادہ میرے دل سے بالکل نہین گیا ہے اور اُمید ہے کہ وہ دن بہت دور نہین ہے کہ جب مین نہ صرف جرمنی بلکہ سوئیٹزرلینڈ اور فرانس مین اس غرض سے سفر کرون گا کہ وہان کی تعلیم کے مختلف طریقون کا مقابلہ کرون اور اُسوقت غالباً مین زیادہ اچھی رپورٹ لکھہ سکون گا بہ نسبت اس کے جو مین اب لکھہ سکتا کیونکہ اسوقت مین بہت جلدی مین تھا۔

جناب مین دوبارہ اس عزت کا شکریہ ادا کرتا ہون جو کمیٹی نے مجکو بخشی ہے جسکے آپ لایق سکرٹری ہین اور قوی امید ہے کہ آپ مجکو ایک اچھا ساتھی پائینگے اسکے بعد مسٹر حمید اللہ خان بیٹھ گئے مگر پھر اُٹھے اور کہا

جناب جو عزتین کہ مجکو عطا ہوئین اُن سب مین مین اتنی کسی کی قدر نہین کرتا ہون جتنی کہ اُس کی جو آپ نے اور ابا جان نے اور مین فخر کے ساتھہ کہتا ہون کہ میرے دوستون نے کی ہے۔ جنکے نام آپنے ابھی

لیے ہیں اور جنہوں نے اپنی مہربانی اور فیاضی سے ایک بڑی رقم چندہ
کی میرے واپس آنے کی یادگار میں مدرسۃ العلوم میں ایک کمرہ بنانے
کی غرض سے عطا فرمائی ہے۔ اس سے زیادہ مجھکو اور کس چیز سے
خوشی ہوگی کہ اس کالج کی عمارتوں میں، جہاں میں نے تعلیم پائی اور میری
عمر کا بہترین حصہ بسر ہوا ہے ترقی ہو جناب آنریبل صاحب
کی طرف اشارہ کرکے) اور نیز جنکو میں الحقیقت اپنے سب
افسوس کرتا ہوں کہ مختلف وجوہات سے ہماری اور آپ کی دوست
موجودہ میں جبکہ آپ سے ہم کو کمال خوشی ہوتی آپ لوگوں نے بطور
اظہار اپنی محبت کے اس غرض کے لیے چندہ دیا ہے جبکا
آپ نے فصیح بلیغ تقریر میں ذکر کیا۔ اگر مجھکو اپنے ضروری کاموں سے ملنے
اور خصوصاً آپ کی دیکھنے کی خواہش کھینچ نہ لاتی تو میں ضرور اپنے معزز
دوست مولوی مہدیعلی خاں صاحب دبیر ماموں (خواجہ ابوالحسن) سے
حیدرآباد میں ملاقات کرتا مگر مجھکو جلد امید ہے کہ بہت جلد اُن سے اور نیز
اُن دوستوں سے جو اسوقت موجود نہیں ہیں مجھکو ملنے کا موقع ملے گا۔
سید محمود صاحب پیشتر ہی سے مجھکو لکھ چکے ہیں کہ میں اُن سے ملنے کو بائیکل
اور جتنے دن تک چاہوں اُن کے پاس رہوں اور اب ہماری اور
اُنکی ملاقات میں صرف دنوں کی دیر ہے۔ اب سپیچ کے اس حصہ کی

کی نسبت جس میں کہ آپ نے دعوت کا ذکر کیا ہے۔ جو کچھ آپ نے فرمایا
اُس سے زیادہ اور کیا کہہ سکتا ہوں لیکن صرف اسقدر عرض کروں گا کہ
جس بات سے آپکی رضامندی ہوگی اُس سے میں بھی ضرور خوش ہوں گا
اور وہ بات جس سے آپ کی رضامندی ہوگی ان صاحبوں کے فیصلہ پر
منحصر ہے جنھوں نے آپکی اسپیچ کو سنا ہے چونکہ رات بہت نکل گئی ہے
اس لیئے میں زیادہ گفتگو نہیں کروں گا اور جن باتوں کو کہ زبان ظاہر
نہ کرے گی انکو دل خود معلوم کرینگے۔ اور پھر میں سب دوستوں کا شکریہ
ایک شاعر کے لفظوں میں ادا کرتا ہوں جسکا مضمون یہ ہے کہ۔ اپنے دوست
کو اپنی جان کے مضبوط بند سے باندھو۔

اختتام مجلس پر سید احمد خاں کھڑے ہوئے اور صدر انجمن کا شکریہ ادا
کیا اور کہا۔

مسٹر کیڈل

میں ان تمام لوگوں کی طرف سے جو اسوقت اس بڑے ہال میں
موجود ہیں اور اُن لوگوں کی طرف سے جو ہمارے کالج سے علاقہ رکھتے
ہیں اور اسوقت موجود نہیں ہیں آپ کی اس مہربانی کا جو آپ نے آج
رات کو اس جلسہ کے صدر انجمن ہونے سے فرمائی ہے شکریہ ادا کرتا ہوں
ہمیشہ آپنے ہمارے کالج کے ساتھ مہربانی کی ہے اور ہر ایک جلسہ میں

صدر انجمن ہونے سے ہماری خوشی اور ہمارے کالج کی عزت کو بڑہایا ہے۔
مسٹر کیڈل - بلاشبہ آپ اس ضلع کے حاکم ہین مگر مین آپ کو یقین دلاتا ہون کہ آپ کے صدر انجمن ہونے سے جو ہمکو خوشی اور عزت ہوئی ہے اُس کو آپ کے منصب سے کچھ علاقہ نہین ہے بلکہ آپ کی ذات خاص سے تعلق ہے - آپکا اخلاق اور ہندوستانیون کے ساتھ آپ کی محبت و ہمدردی نے آپ کو ہر دل عزیز کر دیا ہے اور بالتخصیص جو دلی مہربانی آپ کی ہمارے کالج اور ہمارے کالج کے طالب علمون کے ساتھ ہے اُس نے ہمارے دلون مین آپ کی ایسی جگہ کر دی ہے کہ ہم آپ کو اپنی ہی قوم کا سا ایک مربی سمجھتے ہین - ہماری کمیٹی کا جو سب سے بڑا مقصد ہے کہ اپس مین انگریزون اور مسلمانون کی سچی دوستی اور محبت پیدا ہو اُس مین مدد دینے کو آپ ہمیشہ فیاضی سے موجود ہین - یہی سبب ہے کہ ہم آپ کو ہمیشہ تکلیف دیتے ہیں اور اس بات کے ظاہر کرنیکیلئے کہ آپ کے صدر انجمن ہونے سے ہمارے دلون کو کسقدر خوشی ہوئی ہے ہمارے پاس کافی لفظ موجود نہین ہین اس کے بعد حمید اللہ خان کے لیئے دعائیہ چند اشعار عربی و فارسی کے گائے جانیکے بعد جلسہ برخاست ہوا اور آتشبازی چھوڑی گئی -

صفحہ ۱۳۱۲

منقول از علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ مورخہ ۱۶ نومبر ۱۸۸۶ء

محمڈن اینگلو اورینٹیل کالج علیگڈھ

مولوی محمد سمیع اللہ خاں بہادر سی۔ایم۔جی نے جسطرح کہ بہت بڑا جلسہ اپنے دوستوں کی دعوت کا محمد حمید اللہ خاں بی اے بارسٹرایٹ لا کے ولایت سے واپس آنے کا کیا تھا اُسی طرح ۷ ماہ حال روز یکشنبہ کو مدرسۃ العلوم کے تمام بورڈروں کی دعوت کا جلسہ سالار منزل (ڈیننگ ھال) میں کیا۔ اس جلسہ میں کالج اسٹاف کے چند پروفیسر ہندوستانی اور یورپین اور کمیٹی ممبر بھی موجود تھے۔ مسلمان بورڈروں کے اور سب لوگوں کے لئے سالار منزل میں اور ہندو بورڈروں کے واسطے ایک علیحدہ کمرے میں دعوت کا سامان کیا گیا تھا۔ لیکن جس وقت کہ کھانا تمام ہو گیا تو ہندو بورڈر بھی اپنے مسلمان بورڈروں کے

ساتھ آکر شریک ہو گئے۔

مسٹر بک پرنسپل کالج اس جلسہ کے پریسیڈنٹ تھے کہا ختم ہونے کے بعد وہ اپنی کرسی پر سے اُٹھے اور ایک مختصر اوپننگ اسپیچ کی اور کہا کہ مین طالب علمون مین سے بعض سے درخواست کرون گا کہ وہ اسوقت اسپیچین کرین۔

چنانچہ نو طالبعلمون نے اسپیچین کین جنمین مولوی محمد سمیع اللہ خان کا شکریہ ادا کیا گیا اور انکو اور اُن کے فرزند مسٹر حمید اللہ خان کو اُن کے بحیریت اور بہ کامیابی واپس آنے پر مبارکباد دی گئی محمد عزیز مرزا اور بھگوان داس برہمن اور مصطفی خان کی اسپیچین بہت فصیح تھین اور اُن پر بہت سی چیرزدی گیئن ان لوگون نے اپنی اسپیچون مین اس جلسہ کی خوبیون کا اور اُس کے اثر کا ذکر کیا۔

مصطفے خاں نے اپنی اسپیچ مین کہا کہ ہندوستانیون کے لئے سفر انگلستان ایک قسم کا قومی سفر ہے کیونکہ جو ہندوستانی نوجوان انگلستان سے تعلیم پاکر واپس آئینگے اُن سے قوی اُمید ہے کہ وہ اپنی قوم کو بہت کچھ نفع پہنچا ئینگے اور اس کی موجودہ حالت کی بہتری کے لئے کوشش کرین گے۔

اس کے بعد مسٹر ریلی پروفیسر انگلش لٹریچر اور مسٹر محمد رفیق

بارسٹرایٹ لا نے اسٹیجین کین - مسٹر ریلی نے محمد حمید اللہ خان کے واپس آنے پر اپنی خوشی ظاہر کی اور کہا کہ مین اپنے دوست کی قدر نہ صرف اُنکی علمی لیاقت کی وجہ سے کرتا ہون بلکہ زیادہ تر اُن کی ذاتی خوبیون کی وجہ سے کرتا ہون - اُنہون نے یہ بھی کہا کہ صرف انگریزی تعلیم ہی سے آدمی کچھ نہین ہوجاتا اور چند لوگون کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ یہ لوگ انگلستان کبھی نہین گئے لیکن باوجود اس کے وہ بہت اچھے آدمی ہین -

مسٹر رفیق نے اپنے دوست مسٹر حمید اللہ خان کی ذاتی خوبیون کا ذکر کیا اور کہا کہ اُنہون نے انگلستان مین اپنا بہت اچھا اثر چھوڑا ہے اور بہت عرصہ تک اُن کو لوگ یاد رکھینگے -

اس کے بعد مسٹر بک نے محمد حمید اللہ خان کا ٹوسٹ ایک بڑی اور دلچسپ اسپیچ مین پروپوز کیا - اُن کی اسپیچ کے بعد مسٹر حمید اللہ خان کا جام تندرستی نہایت جوش کے ساتھ پیا گیا اور مسٹر حمید اللہ خان نے مندرجۂ ذیل اسپیچ مین جواب دیا

اے صاحبو -

مین اس عزت سے جو آپ نے مجھے آج شب کو میری صحت کا جام پینے سے بخشی ہے - نہایت ممنون و خوش ہون -

ممنون تو اس سبب سے ہوں کہ میرے دل میں آپ کے جوش طبعی کا پورا پورا اثر ہو گیا ہے اور میں خوش اس سبب سے ہوں کہ میں اپنے دوستوں اور کالج فیلو کی صحبت میں اپنے تئیں پاتا ہوں۔

بڑی بڑی اسپیچیں ایسے موقعوں پر حاضرین جلسہ کو تھکانے والی ہوتی ہیں اور اس لئے میرا یہ ارادہ ہے کہ صرف جو باتیں آپ صاحبوں نے اپنی اسپیچوں میں بیان کیں ہیں اُن ہی کے جواب پر کفایت کروں۔

میرے شفیق بھگوان داس صاحب نے بہت درست بیان کیا کہ ہمارے کالج کا ایک یہ مقصد ہے کہ ہندو مسلمان دونوں قوموں میں اتفاق باہمی پیدا کرے۔ مجھے اُمید ہے کہ یہ بات صرف اُن لوگوں کے ہی سُننے کے واسطے نہ رہیگی جو کہ آج شب کو اس کمرہ میں موجود ہیں بلکہ دنیا میں سب کے گوش زد ہو گی۔ آپ صاحبوں کو بلاشک معلوم ہو گا کہ اس کالج کا نام جو مدرسۃ العلوم مسلمانان رکھا گیا ہے وہ صرف اس سبب سے رکھا گیا تھا کہ ہمارے ہم قوم مسلمان جو کہ تعلیم میں بہت پیچھے تھے اس کی طرف رجوع ہوں اور بانیان مدرسہ کے خیال و گمان میں بھی یہ بات نہیں گزری تھی کہ اہل ہنود کو اس میں شامل نکریں۔

جناب من صرف یہی بات نہیں ہے بلکہ بہت سے ہندو صاحب

اس کالج کے بڑے مددگار و معاون تھے اور ہیں منجملہ اُن کے
مجھے نہایت خوشی ہے کہ اسوقت میں اپنے نانا کے پاس ایک کو
بیٹھا دیکھتا ہوں - (جناب راجہ جیکشن داس صاحب بہادر کی
طرف اشارہ کیا) اُنہوں نے ابتدا سے مدرسہ کو اپنے مال اور
وقت سے مدد دی اور دیتے ہیں - ان کے علاوہ اور بھی بڑے
بڑے معزز ہندو ہمارے مدرسہ کے مددگار ہیں - میرے عالم
دوست نے جو کہ برہمن ہیں وقت دعا کرنے کے ہم لوگوں سے
خواہش کی تھی کہ ہم اُن لوگوں کے فرقہ میں سے ہیں جو کہ ہر چیز کو
ہنسی میں اُڑاتے ہیں میں ہرگز ہرگز ان لوگوں میں سے نہیں ہونا
چاہتا جو اس بات کو باور نہیں کرتے کہ برہمنوں کی دعا اور ہندوؤں
کی دعا سے جلد قبول نہیں ہوتی لیکن چونکہ میں خود برہمن نہیں ہوں
اسواسطے میں صرف ایک خواہش ظاہر کرتا ہوں اور وہ یہ ہے
کہ ہندو و مسلمان کے بیچ میں دوستی زیادہ ہو - اے صاحب
آپ خوب جانتے ہیں کہ ہندو مسلمان دونوں قومیں ایک بڑی مدت
سے ساتھ رہتی ہوئی چلی آئی ہیں اور مجھے اس بات کی کوئی وجہ
نہیں معلوم ہوتی کہ ہم میں دوستی کیوں کم ہو بلکہ مجھے قوی اُمید ہے
کہ جوں جوں تعلیم بڑھتی جاوے گی ہم سب کی دوستی بھی زیادہ

ہوتی جاوے گی۔ آپ کو یاد ہوگا کہ ماسی شاعر شیکسپیر میں ایک یہودی نے ایک عیسائی سے کہا تھا۔

"میں تیرے ساتھ خرید و فروخت کرونگا لیکن نماز نہیں پڑھونگا"

مجھے اُمید ہے کہ اسی طرح ہندو و مسلمان بھی آپس میں متفق ہوکر رہینگے اور ایک دوسرے کی مدد کرینگے اور صرف فرق اُن میں رہیگا کہ مذہب دونوں کے مختلف ہونگے۔

میرے دوست عزیز مرزا جسوقت کہ میں علیگڈھ چھوڑ کر گیا تھا ایک اسکول کی جماعت میں تھے اور جو ترقی کہ انہوں نے چند سال میں کی ہے اس سے مجھے تعجب ہے۔ اُن کی اسپیچ کے چند فقرے رکک اور شیرٹن کے فقروں کا لطف رکھتے تھے۔ اوّل اوّل تو مجھے یہ ہی گمان ہوا تھا کہ وہ کسی کتاب سے کوٹ کرتے ہیں لیکن پھر معلوم ہوا کہ انہوں نے اپنے خیالات کو دوسروں کے لباس سے آراستہ کیا تھا۔

جو صاحب کہ بولنے والوں میں چوتھے تھے اُنہوں نے مدرسہ کی عمارت کا ذکر کیا تھا۔ درحقیقت مجھے بڑا ہی تعجب ہوا تھا جب کہ میں نے پہلے روز آکر مدرسہ کو دیکھا تھا۔ جب میں گیا تھا تو صرف بنیادیں ہی مدرسہ کی پڑی تھیں اور جب

میں واپس آیا تو ایک بڑا خوش نما مکان بنا پایا جس میں کہ لکچر کے
کمرے اور رہنے کے مکان دونوں نہایت عمدہ عمدہ ہیں اور
انگلستان کے مدرسہ کی کیفیت پر سبقت لیجاتے ہیں - یہ ہی
ایک ایسا مدرسہ ہے جہاں یورپین طرز پر بود و باش کا طریقہ اختیار
کیا گیا ہے اور اگر وہ والدین جو اپنے لڑکون کو یہان تعلیم کے لئے
بھیجتے ہین زیادتی خرچ کے شاکی ہوں تو اُنکی قدرے بے انصافی
ہے - وہ احباب جو یہان موجود ہین جب انگلستان جاوین گے
تو اُنکو معلوم ہوگا کہ یہان کے خرچ سے دوگنا دینے کے بعد اُنکو
اس قدر عمدہ جگہ نہین ملنے کی اور جو فائدے بود و باش اور میل
جول کے اس کالج مین ہیں اُسکا جواب کہیں نہیں -

جب مین نے اپنے اُن دوست کی اسپیچ سُنی جو کہ میرے سامنے
بیٹھے ہین (مصطفی خان) تو مجکو حد سے زیادہ تعجب ہوا - وہ ایسی
اچھی طرح بولے کہ جس مجلس مین وہ بولتے اُس مین اُنکے
بولنے کے طریقہ کی تعریف ہوتی اور مجھے پہلے کسی نوعمر ہندوستانی
کی ایسی تقریر سننی یاد نہین - اُنہون نے بحر ہند کی خوفناک
راہ کا ذکر کیا لیکن مجھے اُمید ہے کہ وہ خوفناک راستہ اُن کے
انگلستان جانے کا مانع نہ ہوگا - میرے عالم دوست مسٹر ریلی جنکا

میں شکریہ ادا کرتا ہوں اس لئے کہ وہ میرے گھر صحیح وسلامت
واپس آنے سے خوش ہوئے جیسا کہ انہوں نے اپنی اسپیچ میں کہا
کیمبرج میں وہ میرے ہمعصر تھے اور وہ وہاں کے یونین کے صدر انجمن
تھے اور اس سبب سے میں جب کبھی وہاں اسپیچ دینا چاہتا تھا تو اس بات کا
خواہاں رہا کرتا تھا کہ انکی نظر میری طرف پڑے مجھے اُمید ہے کہ
میرے دوست مصطفےٰ خاں بھی اسی طرح کسی نہ کسی روز کیمبرج یا
اکسفورڈ کی یونین میں صدر انجمن کی التفات کے مستحق رہینگے اور اپنے
اسپیکر ہونے کی شہرت حاصل کریں گے۔

انہوں نے ولایت والوں کو یہ صلاح بھی دی کہ وہ ایک پاکٹ بک
اپنی جیب میں رکھا کریں اور اُس کے پہلے صفحے پر عمدہ خط میں یہ
الفاظ لکھیں۔ "قومی چج" اے صاحب میں کوئی پاکٹ بک اپنے
ساتھ نہیں لے گیا تھا لیکن ایک لوح لے گیا تھا اور وہ میری لوح میرا
دل تھا اور اس ہی پر بطور یادداشت میں نے یہ بات کندہ کر لی تھی
چاہے کیسا ہی خوش خط کوئی پاکٹ کی صفحہ پر لکھے اُس کے مٹ جانیکا
ڈر ہے لیکن جو قلب پر لکھا ہے اُسکو موسمی تبدیلیاں بھی نہیں بگاڑ
سکتیں۔

پالیٹکس کی نسبت اسقدر کہونگا کہ ہندوستان کے نوجوان طالبعلم

انگلستان پہنچ کر پالٹکس میں بہت دل لگاتے ہیں اور یہ بات قیاس کے مطابق ہے کیونکہ وہ ایسی ہوا میں رہتے ہیں جو پالیٹکس سے بھری ہوئی ہے۔ اوّل اوّل تو وہ ریڈیکل خیالات پر عاشق ہو جاتے ہیں لیکن جب تجربہ ہوتا جاتا ہے تو لبرل اور نیز کنزرویٹو بھی ہو جاتے ہیں اور اگر کوئی بہت روز انگلستان میں ٹھہرا جیسے کہ میں خوش قسمتی سے ٹھہرا تھا تو بالکل پالیٹکس سے نفرت ہو جاتی ہے۔ آپ بھی خیال کیجئے کہ اُس شخص کو سوا نفرت کے اور کیا ہو سکتا ہے جسنے کہ جنرل الکشن اور کئی وزارت کی تبدیلیاں دیکھی ہوں۔ لیکن جب نفرت کا اثر کم ہو جاتا ہے تو میں خیال کرتا ہوں کہ حوالہ قضیت انگلستان کی حکومت کے طریقہ کے معلوم کرنے سے ہوتی ہے وہ بڑی کارآمد ہو جاتی ہے خاصکر ہندوستان میں۔

انگلستان میں ہر نوجوان پالیٹیشن اور اپنے تئیں وزیر اعظم کے برابر عاقل سمجھتا ہے اور پارلیمنٹ کی ممبری کا امیدوار اپنے الکٹرز کو ہر قسم کے وعدے دینے پر موجود ہوتے ہیں۔ مثلاً فری ایجوکیشن زیادتی مزدوری۔ ازدیاد تجارت۔ اور مشہور و معروف اقرار تین ایکڑ اور ایک گائے کا" لیکن جب اُنمیں سے کوئی وزارت کی عہدہ پر مامور ہو جاتا ہے تو اُسکو وہ مشکلیں پیش آتی ہیں جسکا کبھی خواب میں بھی اُسکو خیال نہ ہوا ہوگا۔

اس سب کا حاصل یہ ہے کہ ترقی ہمیشہ رفتہ رفتہ ہوتی ہے اور جب ہی وہ مستحکم ہوتی ہے اور ہندوستان میں اُسکی ہمکو سب سے زیادہ ضرورت ہے۔

اصول حکومت انگلستان میں خوب اچھی طرح سیکھے جا سکتے ہیں کیونکہ وہاں آزادی کے اصول کو لوگ سب سے بہتر سمجھتے ہیں۔

اہل جرمنی اور فرانس جہان کی تعلیم نے بڑی ترقی کی ہے جو کریں انکو سزاوار ہے چاہے وہ سوشلسٹ بنیں چاہے ریپلین رہیں لیکن ہندوستان میں ہمکو اپنی آزادی سے زیادہ اپنی حفاظت اور اپنے مُلک کی امن وامان کو سمجھنا چاہیے - اسلیئے مجھے اس سے کوئی بہتر بات نہیں معلوم ہوتی کہ ہم سلطنت انگلشیہ کے خیرخواہ رہیں تاوقتیکہ وہ ہماری پشت پناہی کرے اور اپنے اقرارات ہمارے ساتھ پورے - کچھ شبہ نہیں کہ ایک وقت وہ ہوگا کہ ہم لوگ اپنے مُلک کے کُل انتظامات کرنیکے قابل ہوجاوینگے اور میں یقین سے کہتا ہوں کہ عالی دماغ انگلش اسبات کی مخالف نہیں ہیں - اے صاحبو میرا اس سے یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم حکومت انگلشیہ سے جدا ہوجاوینگے ہندوستان کی قومیں بڑی احسان مند ہیں اور وہ کبھی اس امن وامان کو اور ان احسانات کو جو کہ ہماری قیصرۂ ہند کی حکومت میں ہوئے ہیں نہیں بھولیں گے - کالونیز میں بھی لوگ بڑے خیرخواہ سرکار ہیں لیکن وہاں وہ آپ ہی اپنے اُمور مُلکی کا انتظام کرتے ہیں اسیطرح مجھے یہ عجیب بات معلوم ہوگی اگر بعد ترقی تعلیم دباہمی اتفاق کے بڑھنیکے سبب ہم اپنے کاموں پر مسلط ہوجاویں اب میں چند الفاظ اپنے خورد سال دوستوں کی نسبت عرض کرنے چاہتا ہوں - مجھے معلوم ہوا ہے کہ یہ صاحب سول سروس کے امتحان کے واسطے جانیکے خواہاں ہیں - امتحان سول سروس ہندوستانی طالب علم کے حق میں ایک سنگ راہ ہے اور میرے حق میں تو وہ ایسا ہی تھا لیکن مجھے اُمید ہے کہ طریقہ تعلیم کی زیادہ واقفیت حاصل ہوجانیکے سبب سے میرے یہ دونوں دوست میری حالت سے زیادہ اچھی حالت رکھینگے - شاید آپکو معلوم ہوگا کہ دو برس کے قریب ہوئے پہلا مسلمان طالب علم داخلہ امتحان سول سروس میں کامیاب ہوا اور مجھے توقع ہے

کہ یہ دونوں صاحب اس سروس میں دوم و سوم ہونگے۔

جناب من میرے دوست محمد رفیق صاحب نے میری نسبت ایسی محبت آمیز باتیں کہیں کہ میں کچھ بیان نہیں کر سکتا اگرچہ کیمبرج اور لندن میں میں نے اپنی اچھی یادگار چھوڑی ہو لیکن بموجب مثل مشہور کے سگ حضور بہ از برادر دور مجھے تھوڑی ہی زمانہ میں سب بھول بھلا جاوینگے جیسے کہ زمانہ نے اوروں کو بھلا دیا۔ لیکن اگرچہ وہ مجھے بھول جاویں میں اُن مقامات کو جہاں کہ میری زندگی کا نہایت خوش حصہ صرف ہوا ہرگز نہیں بھول سکتا میری دلی خواہش ہے کہ جب خدا تعالیٰ مجھے توفیق بخشے تو میں چند روز پھر کیمبرج میں جاکر رہوں اور اگرچہ وہ میرے نوجوان دوست وہاں نہوں گے اور جن پر وفیسر اور فیلو زدوستوں سے جو کہ میرے ساتھ نہایت مہربانی و مہمان نوازی کے ساتھ پیش آتے ہیں ملکر خوشی حاصل کروں میں اُن مولوی صاحب کی (مولوی شبلی) جنہوں نے آج فارسی کے چند اشعار پڑھے اور اس سے قبل بھی ایک بار مہربانی فرماکر پڑھے تھے شکر گذاری کرنی بھولنا نہیں چاہتا۔ افسوس ہے کہ پہلی مرتبہ میں اتفاقاً اُس بات کو بھول گیا تھا اور اُمید ہے کہ مولوی صاحب آج دونوں روز کی شکر گذاری کو میری قبول فرماویں گے۔

اس مدرسہ میں ایک یہ بات خاص ہے کہ اکثر اس قسم کے جلسے ہوتے رہتے ہیں جیسے کہ اس شب کو ہے۔ مینے سنا ہے کہ جب کوئی طالب علم اس مدرسہ کا انگلستان جاتا ہے اور واپس آتا ہے اُسکے واسطے ایک جلسہ منعقد کیا جاتا ہے مجھے امید ہے کہ یہ جلسہ چند روز میں سالانہ ہوجاوے گا اس کالج کے اُنیس طالبعلم اسوقت تک انگلستان میں تکمیل علم کے واسطے گئے ہیں اور اُن

میں سے ۱۴ ابھی تک وہاں باقی ہیں مجھے اُمید ہے کہ ہر سال یہاں سے طالبعلم انگلستان جاوینگے اور واپس آوینگے۔ کہتے ہیں کہ ایک وقت جبکہ تعطیل کا زمانہ ہوتا ہے ایک ریل کی گاڑی پر علیگڈھ اسٹیشن سے ایک تختہ جسپر "مدرسۃ العلوم مسلمانان" لکھا ہوا ہوتا ہے لگتا ہے اور وہ دن بھی خدا دیکھا دیگا جبکہ اسی قسم کا ایک تختہ اینڈا و کمپنی کے جہاز کے کمروں پر لگے گا۔

جنٹلمن میں ایک خاص بات سب طالبعلموں سے کہنی چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے۔ اے میرے بھائیو جب تم انگلستان جانیکا قصد مصمم کرلو تو تمکو چاہیئے کہ ایک ایسے دوست کے پاس جاؤ جو کہ تمکو ٹھیک اصلاح تعلیم کی طریقے کی دے اور وہاں رہنے کے انتظام کو اچھی طرح سمجھتا ہو اور تمکو چاہیئے کہ اپنے سب انتظام کی ایک اسکیم یہاں ہی سے بنالو۔ یہ خیال نہیں کرنا چاہیئے کہ جوہیں تم زمین انگلستان پر قدم رکھوگے سب تمہارے آپ ہی آپ دوست ہوجاوینگے میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہر شخص کا بارسٹری کا امتحان دینا کچھ ٹھیک بات نہیں ہے۔ تمہارے واسطے اور بھی پیشے موجود ہیں ڈاکٹری انجنری زراعت اور تجارت۔ اگر سب لوگ بارسٹر ہوجاوینگے تو میں اسبات سے ڈرتا ہوں کہ ہم سب کو معاش پیدا کرنی مشکل ہوگی۔

بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہم لوگوں میں تجارت کے شایق لوگ نہیں ہیں۔ انگلستان میں تجار لوگ بڑی ہی قدر و منزلت رکھتے ہیں۔ بڑے مہاجن راسچایلڈ کی برابری کون کرسکتا ہے اور میں نہیں جانتا کہ بغیر ایسے مہاجنوں کے یورپ کا کام کیونکر چلیگا۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ ہمارے ہندو دوست جن کو مقدور اور عقل دونوں ہیں انگلستان جاکر تجارت کے کاروبار میں ماہر ہوکر اپنے ملک کی بھلائی کے واسطے آوینگے۔ گورنمنٹ

سب کو نوکریاں نہیں دے سکتی اور اسلیئے ہمکو لازم ہے کہ اور اَور میدان اپنی عقل کی جولانی کے واسطے ڈھونڈیں اور وہ ایسے میدان ہیں کہ اُن میں نفع کی بڑی بڑی اُمیدیں ہیں بعد آپکے شکرادا کرنیکے اور اپنے طالبعلم بھائیوں کو صلاح دینے کی میں اپنا ایک اور فرض کو ادا کرتا ہوں - اور میں اس بات سے بہت اپنا فخر سمجھتا ہوں کہ مدرسۃ العلوم کی ترقی اور بہتری کے جام پینے کی تحریک کرنا میرے سپرد کیا گیا ہے -

میں ایک ایسی بات کی تحریک میں جو کہ سب حاضرین جلسہ کو بدل وجان منظور ہو گی بڑی اسپیچ کرنیکا کچھ فائدہ نہیں سمجھتا اور اس سبب سے بلا طوالت تقریر کے آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ مدرسۃ العلوم کی ترقی کا جام نوش فرمایئے -

بعد اس کے یہ جام نہایت خوشی سے پیا گیا محمد حمید اللہ خاں نے حاضرین سے تین چیئرز آنریبل سید احمد خاں صاحب بہادر کے واسطے دینے کی خواہش کی اور وہ سب نے بہت جوش کے ساتھ دیں -

اور بعد اس کے جلسہ برخاست ہوا -

صفحہ ۱۳۶۸

منقول از انسٹیٹیوٹ گزٹ علیگڈھ مورخہ ۳۰ نومبر ۱۸۸۶ء

جلسہ دعوت محمد حمید اللہ خاں

منجانب

بورڈرز سکنڈ کلاس

جمعہ کے دن بارہویں نومبر کو ایک بالکل نئی قسم کا جلسہ مدرسۃ العلوم میں ہوا۔ سکنڈ کلاس بورڈروں نے محمد حمید اللہ خاں کی ولایت سے واپس آنیکی مبارکباد میں ایک جلسہ دعوت کیا تہا۔ تمام اخراجات اور کل کاموں کے انصرام کے کفیل خود بورڈران سکنڈ کلاس ہی تہے انہوں نے تمام کاموں کو نہایت خوبی اور حسن لیاقت کے ساتہہ انجام دیا اور اُن کو اسبات کی مبارکباد دی جاسکتی ہے کہ اگر انکی دعوت مدرسۃ العلوم کے اندر جتنی دعوتیں کہ ہوئیں اُن سب سے اچھی نہ تہی تو بھی اُسکے ایک نہایت ہی پر لطف اور کامیاب دعوت ہونے میں شبہہ نہیں۔ ایکسو بیاسی آدمی جنمیں مسٹر حمید اللہ خاں مہمان خاص۔ مولوی سمیع اللہ خاں۔ آنریبل سید احمد خاں۔ مولوی محمد کریم۔ کالج کے یورپین اور مسلمان پروفیسر اور مولوی۔ تمام طالبعلمان موجودہ اور مسٹر بنی اللہ اور مسٹر سید حسن طالبعلمان سابق شامل تہے کہانا کہانیکے لئے میزوں پر بیٹہے مسٹر تھیوڈور بک پرنسپل کالج ذرا زراہ مہربانی جلسہ کا صدر انجمن ہونا قبول فرمایا تہا۔ دروازہ نو تعمیر کی پاڑوں کو لالٹینوں سے روشن کیا تہا اور دروازہ سے برآمدہ تک چھوٹے چھوٹے چراغوں کی قطاریں لگی ہوئی تہیں۔ برآمدہ میں ہانڈیوں اور

لیمپوں کی روشنی تھی اور ایک فقرہ مبارکباد فارسی میں مولوی محمد اسحٰق کا لکھا اور ایک انگریزی کا جیسے رضا علی نے جو اسکول کے کسی کلاس میں پڑھتا ہے نہایت عمدگی کے ساتھ بنایا تھا لگے ہوئے تھے۔ سالار منزل تو خوب ہی روشن کی گئی تھی اور بورڈنگ ہوس کی ایک کمرہ میں کرسیاں اور کوچیں مہمانوں کے کھانے سے پہلے بیٹھنے کیلئے بچھی ہوئی تھیں۔ کھانا تین لمبی لمبی میزوں پر چنا گیا تھا اور صرف پلاؤ قنبجن اور دوسرے اسلامی کھانے تھے جو نہایت عمدہ پکے ہوئے تھے۔ قنبجن پر چاندی کے ورق لگے ہوئے اس سے سیاست مدن کے پروفیسر کی بہت دل جمعی ہوئی کیونکہ اُنکے خیال میں ایسی باتوں سے روپیہ کی قیمت بڑھنی متصور ہے۔ پہلے آدھ گھنٹہ کی خاموشی سے ظاہر ہوتا تھا کہ نوجوان اشتہاؤں کو غیر معمولی اور لذیذ کھانے جنسے میزیں لدی ہوئی تھیں کچھ ایسے کم مرغوب نہ تھے۔ کھانے کے بعد کشمیری چاء پلائی گئی۔ ہندو بورڈروں کو بھی سکنڈ کلاس کے بورڈرن کی طرف سے کھانا کھلایا گیا۔ کھانے کے بعد وہ بھی سالار منزل میں آگئے اور اُنکی رسوم کا عقلی حصہ شروع ہوا۔ پہلے مسٹر بیک صدر انجمن اُٹھے اور اُنہوں نے متعدد میزبانوں کا شکریہ ادا کرنیکے بعد محمد عزیز مرزا سے اسپیچ کہنے کی درخواست کی۔ محمد عزیز مرزا نے کھڑے ہوکر محمد حمید اللہ خاں کا جام صحت تجویز کیا۔ اُنہوں نے بتلایا کہ ایک عجیب و غریب اتفاق سے سکنڈ کلاس بورڈروں کی تعداد جو چھیاسی تھی بالکل آئرش پارٹی کے برابر ہے اور اُنہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ گو وہ اُنکے طرز عمل کو اختیار نہ کریں تو بھی حب ملکی میں اُن سے کم ثابت نہ ہونگے۔ اُنکے بعد عبد المجید نے ایک نہایت طویل اور پرجوش اسپیچ مسلمانوں کی نسبت جو آثار کہ کالج کے قایم ہونے سے اُنکی ذلیل اور گری ہوئی حالت کی تبدیل ہونیکے نمایاں

ہوئے تھے اُنکی نسبت دی۔ حاضرین نے نہایت جوش کے ساتھہ انکی اسپیچ کی تعریف کی۔
انکے بعد سید محمد حسن شمس الحسن اور ظفر علی نے اسپیچیں دیں۔ تب محمد امین نے انگریزی
کے چند شعر جو اس جلسہ کی خوشی میں انہوں نے لکھے تھے پڑھے۔ عبد المجید نے ایک اُردو
کا قصیدہ پڑھا۔ سید حسن نے فارسی کا اور عبد العلی نے عربی کا قصیدہ جو مولوی خلیل احمد نے
لکھا تھا پڑھا۔ رضا علی نے اسکے بعد چند رامائن کے سنسکرت کے شعر پڑھے۔ اسپر سب لوگوں نے
تعریف کی اور ہر طرف سے نعرۂ تحسین بلند ہوا۔ سردار حسین نے جو مدرسۃ العلوم میں سب سے زیادہ
خوش الحان ہیں ایک فارسی کا قطعہ جو مولوی اسحاق نے لکھا تھا پڑھا۔ اسکے بعد مسٹر حمید اللہ خاں
نے اپنے جام صحت کا جواب دیا اور طالبعلموں کا شکریہ دعوت کے لحاظ سے اور اُس
گرمجوشی کی وجہ سے جس سے کہ وہ اُن سے پیش آئے تھے ادا کیا اور کالج کی نسبت نہایت
وفاداری کے خیالات ظاہر کئے اور اسبات کی خواہش ظاہر کی کہ وہ اپنی آیندہ زندگی
میں ہمیشہ کالج اور اپنے ہموطنوں کے معاون رہینگے۔ محمد یٰسین مرزا نے تب صدر انجمن کا
شکریہ ادا کیا اور اُنہوں نے اس کے جواب میں مہمان عزیز کی خاطر سے طالبعلموں کو
ایک دن کی چھٹی دی۔ اس میں تو کلام نہیں کہ اُس روز فصیح ترین اسپیچ اور فصیح ترین فقرہ
پر بھی اتنی تعریف نہیں ہوئی جتنی کہ اس آخیر جلسہ پر ہوئی اس کے بعد جلسہ ختم ہوا اور
ہر شخص کو نہایت خوش و خرم چھوڑا۔

صحت نامہ اغلاط جلد دوم سوانح عمری مولوی حاجی محمد سمیع اللہ خاں بہادر مرحوم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۶	۱	تساداب	شاداب
〃	۹	عدالت مین سے	عدالت سے
۸	۱۶	ظلم ہے	ظلم کرنا اور
۱۱۰	۵	جناب مولوی	مولوی
〃	۶	وڈپٹی	ڈپٹی
〃	۸	پٹنڈت	پنڈت
۱۳	۹	پسندیدہ	پسندیدہ
〃	۱۱	ٹظامت	نظامت
۱۴	۲	مسبرت	مسرت
〃	۶	کاگزاری	کارگزاری
〃	۱۲	حنیق	ضنیق
۱۶	۷	سنامنے	سامنے
۲۰	۴	آھ	آٹھ
۲۱	۱۰	ماراں	ملاح
۲۱	۱۴	بیچ	بچ
۲۳	۱	ہمارے	ہماری
۳۷	۷	وکٹوریا تریس	وکٹوریا ٹیرس
۳۹	۱۲	آپکو	اُنکو
۴۴	۱۷	مسٹر بلک	بُلک
۴۷	۱	۱۸۸۲ء	۱۸۸۴ء
۵۳	۶	ٹیری	ٹبری
۵۵	۱۱	مباد	مبارکباد
۶۱	۱	ہونی ہے	ہوتی ہے
۶۶	۱۷	مسئلہ	مسئلہ
۶۷	۲	قبدر	قدر
۷۱	۸	پرنیر ٹنڈنٹ	پریزیڈنٹ
〃	۱۲	مین شریک	مین بھی شریک
۷۳	۱	نہین	تھین

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۵	۱	اوڈیت	آرڈینیٹ
۷۶	۱	اورجہان	مہمان
۸۲	۶	مباکباد	مبارکباد
۹۶	۶	کھانے۔کی	کھانے کی
۹۷	۳	آتشازی	آتشبازی
۱۰۰	۱۰	چلتے	جاتے
۱۰۱	۶	محمدن	محمڈن
۱۰۲	۵	اک	ایک
۱۰۴	۴	کیونکہ	کیونکہ
۱۰۵	۷	دپنے	دینے
″	۱۳	واقعہ ہی	واقعہ ہوا ہی
۱۰۶	۵	علموم	علوم
″	۸	بعا	بعد
۱۰۷	۵	مقصول	مقبول
″	۱۶	حالت ہو	حالت مین ہو
۱۰۸	۳	ہجاے	ہل جائے
۱۰۸	۱۴	خان خان	خان
۱۱۱	۵	ہسے	سے
۱۱۵	۷	تون	دنون
″	۱۰	نوجہ	توجہ
۱۱۷	۷	معاملات	معاملات
۱۱۹	۱۰	ہوگا	ہوگا تو
۱۲۱	۵	نیر نواز جنگ	منیر نواز جنگ
۱۲۳	۷	سوئیٹرز	سوئیٹیرز
۱۲۴	۱	ایک	ایک
″	۱۵	محکو	مجکو
″	۱۷	سپیچ	اسپیچ
۱۲۵	۱	کی نسبت	نسبت
۱۲۶	۱۰	ایس	آپس
۱۲۸	۶	طالبعلمون	طالبعلمون
۱۲۹	۱۶	اپ	آپ
۱۳۰	۳	فیلو	فیلوز

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۳۰	۴	حاضرین	حاضرین
۱۳۱	۱۱	دعاسے جلد	دعا جلد
〃	۱۴	مسلمان	مسلمانوں
۱۳۵	۳	ٹوری	ٹوری
〃	۷	حو	جو
۱۳۶	۲	ریپلین	ریپلکن
〃	۹	بھولین گے	بھولین گی
〃	۱۵	آمّید	اُمید
۱۳۷	۶	ہی"	ہی
۱۳۷	۱۴	[illegible]	جیسا
۱۳۸	۴	اینڈاو	پلی اینڈاو
〃	۵	مرے	میرے
〃	۶	چاہے	چاہیئے
۱۳۹	۳	شکراوا	شکریہ ادا
۱۴۰	۱۱	بباسی	بیاسی
۱۴۱	۱	لکھااور	لکھا ہوا اور
〃	۱۰	بورڈرن	بورڈرون